۸۳

رجسٹر شدہ ٹپہ سرکار عالی نمبر ۴۷
شہریور ۱۳۳۹ ف م جولائی ۱۹۳۰ء

جلد (۵) شمارہ (۱)

زیر سرپرستی جناب خان فضل محمد خان صاحب ناظم تعلیمات ممالک محروسہ سرکار عالی

حیدرآباد ٹیچر

انجمن اساتذہ حیدرآباد دکن کا سہ ماہی رسالہ

دائرہ ادارت:-

سید علی اکبر ایم۔ اے (کنٹب) مدیر مسئول
سید فخر الحسن ملا بی۔ اے۔ بی۔ ٹی (علیگ) مدیر
محمد عبدالغفور صدیقی بی۔ اے۔ بی۔ ٹی (علیگ) شریک مدیر

اعظم اسٹیم پریس چار مینار حیدرآباد دکن میں طبع ہو کر دفتر انجمن اساتذہ واقع صدر مہتمی تعلیمات بلدہ سے شائع ہوا

غایات

(۱) طبقۂ اساتذہ کے احساس معلمی کو پیدا کرنا۔

(۲) طبقۂ اساتذہ کے مخصوص انفرادی تجربات معلمی کو شائع کرنا۔

(۳) فن معلمی پر نفسیاتی حیثیت سے نقد و نظر۔

(۴) انجمن اساتذہ کے مفید مضامین کی اشاعت۔

(۵) انجمن اساتذہ کے مقاصد و اغراض کو ملک کے طول و عرض میں مکمل طور پر پھیلانا۔

اصول

(۱) رسالہ کا نام حیدرآباد ٹیچر ہوگا اور ہر سہ ماہی پر صدر دفتر انجمن اساتذہ بلدہ سے شائع ہوگا۔

(ب) رسالہ کی سالانہ قیمت بہ تفصیل ذیل ہوگی۔

۱۔ اندرون و بیرون ممالک محروسۂ سرکار عالی تین روپیہ مع محصول ڈاک سالانہ (سکہ رائج)

صرف اردو حصہ (عہ) فی پرچہ اردو انگریزی (۱۲ار) صرف اردو (۸ر)

(ج) رسالہ نصف انگریزی و نصف اردو ہوگا جس میں حسب صوابدید تغیر بھی ہو سکے گا۔

(د) صرف وہی مضامین درج ہوسکیں گے جو تعلیم سے متعلق ہوں۔

(س) جملہ مضامین و مراسلت دفتر کے پتہ سے ہونی چاہیے۔

(ص) اشتہارات کا نرخ حسب تفصیل اشاعت ہذا رہے گا۔

نرخ اشتہارات حیدرآباد ٹیچر حسب ذیل ہے

مقدار	سال بھر	۶ ماہ	فی اشاعت
پورا صفحہ	عـــہ	صہ ۸ر	ـــے
نصف صفحہ	صہ	عال ۱۲ار	عـــہ۸ر
ربع صفحہ	عال ۸ر	عہ ۶ر	۱۵ار
فی سطر	۱۰ر	۸ر	۶ر

حیدرآباد ٹیچر

بابتہ شہریور ۱۳۳۹ف م جولائی سنہ ۱۹۳۰ء

فہرست مضامین

مولوی عبدالسلام صاحب مرحوم

ہمیں یہ معلوم کر کے جان کاہ صدمہ ہوا کہ ــــــ مولوی عبدالسّلام صاحب ذہنی فاضل، ناظر تعلیمات ضلع بیدر نے چند روز ہیضہ میں مبتلا رہکر بتاریخ ۲۴ مہر ۱۳۳۹ف انتقال فرمایا۔ انا للّٰہ وانا الیہ راجعون۔

مرحوم سررشتہ تعلیمات کے ایک سرگرم ملازم تھے، ابتدا ہی سے آپ کو تعلیم و تعلّم سے خاص شغف رہا اور پبلک کے کاموں میں ہمیشہ غیر معمولی دلچسپی لی۔ اپنے نظارت گلبرگہ شریف کے زمانہ میں مرحوم کئی سال تک انجمن اساتذہ صوبہ گلبرگہ کی معتمدی کے فرائض انتہائی دلچسپی و انہماک سے انجام دیتے رہے۔ انجمن اساتذہ بلدہ کے بھی آپ سرگرم رُکن تھے اور انجمن کے سالانہ جلسوں میں دلآویز تقاریر اور مفید تنقیدوں سے اراکین کو مستفید اور محظوظ فرماتے رہے۔ اور ہمیشہ رسالۂ ہذا کی قلمی امداد فرماتے رہے۔

مولوی مرتضےٰ صاحب کے انتقال کے بعد مرحوم کا وجود مغتنمات سے تھا۔ کاش کہ ملک و مالک کی خدمت کے لئے مرحوم اور جیتے۔ اس ناقابل تلافی صدمہ پر ہم مرحوم کے پسماندگان بالخصوص اُن کے ضعیف والد سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔ اور دست بدعا ہیں کہ خداوند کریم ان کے متعلقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

انجمن اساتذہ مستقر بلدہ حیدرآباد دکن

کی چوتھی کانفرنس منعقدہ پنجشنبہ و جمعہ ۲۸ و ۲۹ امرداد ۱۳۳۹ف

کی روئیداد

الحمد اللہ کہ انجمن کی چوتھی سالانہ کانفرنس حسب پروگرام شائع شدہ سٹی کالج کے ہال میں منعقد ہوئی۔

پہلا اجلاس

صدر کانفرنس عالیجناب نواب اکبر یار جنگ بہادر معتمد سرکار عالی نے پہلے نمائش تعلیمی کا افتتاح فرمایا۔ اشیاء نمائش جناب مولوی نظیر حسین شریف صاحب معتمد نمائش کمیٹی و مسٹر وسیر صاحب و عبدالمجید خاں صاحب و دیگر حضرات کی سلیقہ شعاری سے دو کمروں میں عمدگی سے سجائی گئی تھیں۔ عالی جناب صدر نشین صاحب کانفرنس بمعیت جناب ناظم صاحب تعلیمات و دیگر معزز حضرات اشیاء نمائش کا ملاحظہ فرمانے کے بعد کانفرنس ہال میں تشریف فرما ہوئے۔

قرأت اور یہ آرکھتا کے بعد جناب مولوی سید ظہور علی صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی صدر مدرس مدرسہ فوقانیہ دار العلوم و صدر استقبالیہ کمیٹی نے انگریزی میں اپنا نہایت دلچسپ و معنی خیز خطبۂ استقبالیہ پڑھا۔ ازاں بعد کمترین نے بحیثیت معتمد عمومی گذشتہ سال تمام کی رپورٹ پڑھی اور اس کے بعد عالی جناب صدر نشین صاحب کانفرنس نے جناب کے۔ جی شاستری صاحب بی۔ اے۔ یل۔ ٹی۔ صدر مدرس مدرسہ مفید الانام و جناب مولوی احمد الدین صاحب یم۔ اے۔ بی ٹی یل یل۔ بی۔ صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ کاچی گوڑہ کے بے وقت انتقال پر اظہار افسوس کی تحریک پیش کی اور حاضرین نے خاموش کھڑے ہو کر اس کو منظور کیا۔ اس تحریک کی منظوری کے بعد جب سب حاضرین اپنی اپنی جگہ پر متمکن ہو گئے تو عالی جناب صدر کانفرنس نے اپنا پُر مغز خطبہ صدارت اردو میں پڑھا۔ خطبہ صدارت کے بعد جناب ڈاکٹر محمد عبد اللطیف سعید صاحب یم۔ بی۔

سی۔ ایچ۔ پی۔ (اڈنبرا) نے انگریزی میں "شخصی حفظان صحت" پر ایک عمدہ اور سبق آموز تقریر فرمائی جس میں وقتاً فوقتاً اظہار پسندیدگی کے لئے حاضرین نے خوب زور زور سے تالیاں بجائیں۔ ڈاکٹر صاحب موصوف کے بعد جناب ہیوزڈن صاحب مدرس گرامر اسکول نے بطور تمہید انگریزی میں فوایدِ سائنس پر مختصر سی تقریر کرنے کے بعد حسب ذیل تحریک پیش کی:۔

"کانفرنس ہذا سفارش کرتی ہے کہ سائنس کو بشمول حفظان صحت طبقۂ وسطانیہ کی تعلیم کے لئے لازمی مضمون قرار دیا جائے۔ اور ہر مدرسہ وسطانیہ میں ایک مستند سائنس ٹیچر کے تقرر کے علاوہ ایک مکمل معمل مہیا کرنے کا فوری انتظام فرمایا جائے۔"

اس تحریک کی تائید جناب مولوی سردار خاں صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی مددگار مدرسہ فوقانیہ دار العلوم نے اردو میں فرمائی۔ اس کے بعد ہماری انجمن کے پرجوش رکن جناب مولوی عبد السلام صاحب ناظر مدارس ضلع بیدر شریف کھڑے ہوئے اور انہوں نے تحریک میں الفاظ "لازمی مضمون قرار دیا جائے" کے عوض "کسی دوسرے مضمون کے بجائے لازمی قرار دیا جائے" رکھنے کی ترمیم پیش فرمائی۔ مگر اس ترمیم کی کسی نے تائید نہ کی۔ اس لئے ترمیم نامنظور ہوئی۔

اس کے بعد مولوی شیخ ابو الحسن صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی مہتمم تعلیمات ضلع نلگنڈہ نے فرمایا کہ باوجود آلات سائنس و معلم سائنس کی فراہمی کے سائنس سیکھنے والے طلباء کی تعداد بہت کم ہوتی ہے۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ طبقۂ وسطانیہ میں سائنس لازمی نہیں ہے۔ مزید براں عوام کو بھی دلچسپی نہیں ہے۔ بہتر ہوگا کہ عوام الناس کو سائنس کے فوائد سے بذریعہ اشاعت کنندگان آگاہ کیا جائے۔ ورنہ سائنس کی تعلیم سے بھی جو فائدہ متصور ہے وہ حاصل نہ ہوگا۔ شیخ صاحب کی تقریر کے بعد اصل تحریک بجنسہٖ بلا کسی اختلاف کے منظور ہو گئی۔

اجلاس دوم

اس اجلاس میں سب سے پہلے تعلیم جغرافیہ کے متعلق سب کمیٹی کی رپورٹ انگریزی میں جناب ریورنڈ۔ ایف۔ سی فلپ صاحب۔ ایم۔ اے۔ وارڈن گرامر اسکول و نائب میر مجلس انجمن ہذا نے پڑھی جو بلا کسی رد و قدح کے منظور کی گئی۔ رپورٹ مذکور کا

خلاصہ اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں پہلے سے تقسیم کر دیا گیا تھا۔

اس کے بعد میم ہنمنت راؤ صاحب ایم۔ اے۔ پروفیسر تاریخ نظام کالج نے جو سب کمیٹی متعلقہ تعلیم تاریخ کے صدر تھے کمیٹی مذکور کی رپورٹ انگریزی میں پڑھی۔ اس رپورٹ کا خلاصہ بھی دونوں زبانوں میں قبل از وقت حاضرین میں تقسیم ہو چکا تھا۔ بالآخر یہ رپورٹ بھی بلا کسی اختلاف کے منظور کی گئی۔

دونوں رپورٹوں کے ختم ہونے پر جناب مولوی سید فخرالحسن صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی نے حسب ذیل تحریک پیش کی:۔

"کانفرنس ہذا سفارش کرتی ہے کہ السنہ مشرقیہ کی تعلیم کو بہتر اور مفید بنانے کے لئے علوم مشرقیہ کے اسناد رکھنے والے ان مدرسین کی تعلیم کے لئے جو اس وقت سررشتہ میں ملازم ہیں۔ عثمانیہ ٹریننگ کالج میں تعلیم کا انتظام فرمایا جائے۔"

اس تحریک پیش کرنے سے پہلے بطور تمہید سید صاحب موصوف نے عام طور پر علوم مشرقیہ کے اسناد رکھنے والے مدرسین کی نسبت لوگوں کے جو خیالات ہیں ظاہر فرمایا جو علوم مشرقیہ کے مدرسین کے ناگوار خاطر ہوا۔ چنانچہ جب جناب مولوی عبدالمجید صاحب مددگار دارالعلوم اس تحریک کی تائید فرما چکے تو جناب مولوی حسام الدین صاحب فاضل نے اپنے خاص طرز میں محرک صاحب کی تقریر پر اعتراض کیا اور یہ بتایا کہ علوم مشرقیہ کے اسناد رکھنے والے حضرات اکثر و بیشتر ان عیوب سے بری ہیں جو بعض حضرات ان سے منسوب کرتے ہیں۔ اس کے بعد جناب صدر نشین صاحب کانفرنس کی ہدایت کے مطابق مولوی سید فخرالحسن صاحب جواب دینے کے لئے کھڑے ہوئے اور کہا مجھے افسوس ہے کہ مولوی صاحبان کو غلط فہمی ہو گئی ہے۔ میں نے بڑی کد و کاوش سے یہ تحریک یہاں تک پہونچائی ہے اور باوجودیکہ میں معترض نہیں ہوں میں نے اس کو آپ کے سامنے پیش کرنے کی جرأت کی۔ میرا مقصد صرف یہ تھا کہ علوم مشرقیہ والے مدرسین کو فائدہ پہونچے۔ اگر آپ حضرات کو میرے الفاظ سے رنج پہونچا ہے تو میں بڑی خوشی سے معافی مانگنے کے لئے تیار ہوں۔"

اس کے بعد اصل تحریک منظور ہو گئی اور دوسرا اجلاس ختم ہو گیا۔

اجلاس سوم

اس اجلاس کی کارروائی حسب پروگرام دوسرے روز سوا نو بجے شروع ہوئی۔ اس اجلاس میں حاضرین کی تعداد قریباً دوسرے اجلاس کے مساوی تھی۔ سب سے پہلے جناب وی۔ ڈی ہارڈیکر صاحب صدر مدرس دیویک وردھنی پاٹھ شالا نے انگریزی میں ناقص القویٰ اطفال کی ضرورت کا اظہار کیا اور مختصراً اس کے طریقہ کا ذکر کرتے ہوئے حسب ذیل تحریک پیش کی :-

"اس کانفرنس کی رائے میں اب وقت آگیا ہے کہ ناقص القویٰ اطفال کی تعلیم کے لئے مستقرِ بلدہ میں ایک مدرسہ معہ دارالاقامہ قائم کیا جائے۔" اس تحریک کی تائید اردو میں جناب مولوی غلام دستگیر صاحب بی۔ اے مددگار مدرسہ وسطانیہ چنچلگوڑہ نے فرمائی اور مختلف ممالک کے اعداد شمار اور ان ناقص القویٰ کی تعلیم کی ابتدا کہاں سے ہوئی۔ اور کس نے کی اور دوسرے جن ممالک نے یکے بعد دیگرے اس تعلیم کو اپنے ہاں رائج کیا ان کا اور ان افراد کا جنہوں نے اس کام میں اپنے اپنے ملکوں میں خاص طور سے دلچسپی لی۔ شرح و بسط کے ساتھ تذکرہ فرمایا۔ چنانچہ تحریک بالاتفاق آرا منظور ہوگئی۔ اور اس کے بعد جناب مولوی فخرالحسن صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ چنچلگوڑہ نے اردو میں ایک پُرمغز اور سبق آموز تقریر "مدرسہ کی جماعت میں حکومت خود اختیاری" کے عنوان پر پڑھی جو نہایت دلچسپی سے سنی گئی یہ تقریر مقرر صاحب کے ذاتی تجربوں پر مبنی تھی۔ اس تقریر کے بعد جناب مولوی سید ظہور علی صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی صدر مدرس مدرسہ فوقانیہ دارالعلوم نے انگریزی میں ایک جامع تقریر کے بعد جس میں بذریعہ اعداد و شمار تعلیم بالغان کی ضرورت کو ثابت کیا۔ حسب ذیل تحریک پیش کی :-

"ملک سرکار عالی میں ناخواندہ اشخاص کی کثیر تعداد کے لحاظ سے کانفرنس ہذا تحریک کرتی ہے کہ مستقر بلدہ اور اضلاع میں بھی تعلیم بالغان کی ترویج و توسیع کے لئے پر زور تدابیر اختیار کی جائیں۔" اس کی تائید جناب مولوی سید معین الدین صاحب قریشی ایم۔ اے صدر مدرس مدرسہ فوقانیہ آصفیہ امدادی سرکار عالی موقوعہ ملک پیٹ نے کی۔

جب یہ تحریک بالاتفاق آرا منظور ہوگئی تو جناب ریورنڈ ایل سنن صاحب پرنسپل ویسلین مشن ہائی اسکول سکندرآباد نے بحیثیت صدر مجلس سب کمیٹی متعلقہ تعلیم علمی ریاضی اپنی کمیٹی کی رپورٹ پڑھی جس کا خلاصہ اردو انگریزی دونوں زبانوں میں پہلے سے حاضرین میں تقسیم کر دیا گیا تھا۔ بالاتفاق رپورٹ مذکور قبول کرلی گئی۔

اس کے بعد جناب مولوی باقر محی الدین صاحب لکچرار تجارت سٹی کالج نے انگریزی میں تعلیم تجارت کی ضرورت پر تحریک پیش کی دوران تقریر میں صاحب موصوف نے سیاسیات قومی میں تجارت کی اہمیت ظاہر کرنے کی غرض سے لارڈ راتھ میر کی ایک حالیہ تقریر کا اقتباس پڑھنا شروع کیا جناب ناظم صاحب تعلیمات نے مقرر صاحب کو توجہ دلائی کہ یہ اقتباس سیاسی امور سے متعلق ہے۔ اپنی تقریر کے ختم پر مولوی باقر محی الدین صاحب نے حسب ذیل تحریک پیش کی:۔

"یہ کانفرنس سفارش کرتی ہے کہ تعلیم تجارت (کامرس) کو امتحان ہائی اسکول لیونگ سرٹیفکیٹ کی طرح عثمانیہ میٹرک کے امتحان میں بھی بطور اختیاری مضمون شریک فرمایا جائے"

اس تحریک کی تائید اردو میں ایک مختصر سی تقریر کے ساتھ جناب مولوی سید غلام محمود صاحب نے فرمائی۔

چوتھا اجلاس

چوتھا اجلاس بعد دوپہر ٹھیک ڈھائی بجے حسب پروگرام شروع ہوا۔ حاضرین کی تعداد دوسرے اور تیسرے اجلاس کے مقابلہ میں بہت زیادہ تھی۔ اس اجلاس میں سب سے پہلے مولوی سید مجتبیٰ حسین صاحب نقوی بی۔اے بی۔ٹی۔ صدر مدرس مدرسہ فوقانیہ عثمانیہ نامپلی نے حسب ذیل تحریک پیش کی:۔

"جملہ مدارس میں پیشوں کی تعلیم جاری کرنے کے خیال سے یہ کانفرنس سفارش کرتی ہے کہ تاوقتیکہ پیشوں کی تعلیم دینے والے مدرسین کی تعلیم کا انتظام اندرون ممالک محروسہ نہ ہو۔ ان مدرسین کے لئے جو اس مضمون سے خاص دلچسپی رکھتے ہوں برٹش انڈیا میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے وظائف کی کافی تعداد منظور فرمائی جائے"۔ صاحب موصوف نے اس تحریک کے پیش کرنے سے پہلے انگریزی میں ایک بسیط تقریر فرمائی جس کی تائید مولوی نظیر حسین شریف صاحب ناظم مدارس بلدہ نے کی۔

• حسب پروگرام عالی جناب مولوی سید علی اکبر صاحب ایم۔اے کنٹب۔ میر مجلس انجمن نے سابقہ کانفرنسوں کی منظورہ تحریکات پر جو کارروائی ہوئی۔ اس کو بغرض تصدیق پیش کیا۔ تحریک کے متعلق جو کارروائی ہوئی ہے اس کا تذکرہ بالتفصیل اردو و انگریزی دونوں زبانوں میں ساتھ فرمایا۔ اس کے بعد جناب میر مجلس صاحب انجمن نے اعلان کیا کہ آئندہ کانفرنس میں رپورٹ پیش کرنے کے لئے تعلیم سائنس اخلاقی تربیت اور ڈرائنگ کے لئے تین سب کمیٹیاں مقرر کرنے کا تصفیہ مرکزی انتظامی کمیٹی نے کیا ہے۔ کانفرنس نے اس کی توثیق کرتے ہوئے کمیٹیوں کے اراکین کا انتخاب کرنے کا مرکزی انتظامی

کمیٹی کو مجاز گردانا

حسب پروگرام جناب ڈبلیو ٹرنر صاحب ایم ۔ اے پرنسپل نظام کالج نے انگریزی میں تعلیم اور شہریت پر ایک عمدہ اور سبق آموز تقریر فرمائی ۔ تقریر مذکور کے اختتام پر جناب صدر نشین صاحب نے انعامات نمائش تقسیم فرمائے جس کے بعد عالی جناب نواب اکبر یار جنگ بہادر صدر نشین کانفرنس نے اپنی آخری تقریر میں مذہبی نقطۂ نظر سے تعلیم کا مقصد بیان فرمانے کے بعد ڈاکٹر لطیف سعید صاحب اور سید فخر الحسن صاحب اور ٹرنر صاحب کی تقریروں کی تعریف فرمائی اور تحریکات کے متعلق فرمایا کہ ان میں سے اکثر امور سرکار عالی کے زیر غور ہیں ۔

اس کے بعد جناب مولوی سید علی اکبر صاحب ایم ۔ اے (کینٹب) میر مجلس انجمن نے عالی جناب صدر نشین صاحب اور دیگر معزز مہمانوں کے علاوہ جناب مولوی سید محمد اعظم صاحب ایم ۔ اے ۔ پرنسپل سٹی کالج اور دوسرے حضرات کا جنہوں نے کانفرنس کو کامیاب بنانے میں خاص دلچسپی کا اظہار فرمایا ۔ نام بنام شکریہ ادا کیا ۔

اس کے بعد شام تک لوگ نمائش دیکھتے رہے ۔ قبل برخاست عالی جناب ناظم صاحب تعلیمات کی طرف سے عالی جناب صدر نشین صاحب نے دوسرے دن کی تعطیل کا اعلان فرمایا تاکہ مدارس کے طلبہ نمائش دیکھ سکیں ۔ چنانچہ دوسرے روز سارا دن طلباء مدارس نمائش دیکھتے رہے ۔

انجمن اساتذہ حیدرآباد کی

چوتھی سالانہ کانفرنس کا استقبالیہ خطبہ

از جناب مولوی سید ظہور علی صاحب بی۔اے۔بی ٹی صدر مدرسہ دارالعلوم و صدر استقبالیہ کمیٹی

جناب صدر و معزز خواتین و مکرم حاضرین۔

انجمن اساتذہ حیدرآباد نے مجھے مجلس استقبالیہ کا صدر منتخب کرکے میری نمایاں عزت افزائی کی ہے۔ بدیں حیثیت یہ میرا خوش آیند فریضہ ہے کہ انجمن اساتذہ کی طرف سے عالی جناب نواب اکبر یار جنگ بہادر معتمد محکمۂ تعلیمات و امور عامہ کی ذات ستودہ صفات اور معزز مہمانوں اور محترم اساتذہ کی خدمت میں اس چوتھی سالانہ کانفرنس کی تقریب پر ہدیۂ خوش آمدید پیش کروں۔

پچھلی تین کانفرنسوں کے مواقع پر نواب سر حیدر نواز جنگ بہادر۔ نواب مہدی یار جنگ بہادر اور جناب خان فضل محمد خاں صاحب جیسی ممتاز ہستیوں نے جو کہ حیدرآباد کے طبقۂ عہدہ داراں میں قابل فخر و مباہات ہیں کرسئی صدارت کو مزین کیا ہے۔ اور اس روایت کو قایم و برقرار رکھتے ہوئے اس وقت ہم میں علم قانون کے زبردست ماہر و سابق رکن عدالت العالیہ اور معتمد عدالت جیسی ہستی رونق افروز ہے منجملہ ان اوصاف کے موصوف کے ہاتھ میں تعلیم کا قلمدان بھی ہے ہم اراکین انجمن اساتذہ نہ صرف ایک بلکہ متعدد وجوہ کی بنا پر خاص طور سے خوش قسمت ہیں کہ اس سال نواب اکبر یار جنگ بہادر جیسی ذی مرتبت و ذی اقتدار ہستی ہماری صدر ہے۔ سب سے پہلے ہماری ادبی ضیافت ایک عالمانہ دانش آموز خطبے کی صورت میں کی جائے گی اور پھر ہم ایک ایسے قابل ماہر قانون کے خیالات سے مستفید ہوں گے جو کہ کامل علمیت پختہ تجربہ عملی قابلیت و لیاقت اور مسلمہ فراست کا مالک ہے۔ آخر میں ہم کو مطمئن رہنا چاہیئے کہ وہ تمام تحریکات جو اس سال ہم منظور کرنے والے ہیں اور نیز سال گزشتہ کی وہ قراردادیں جو توثیق کے لئے پیش ہو چکی ہیں۔ یہ سب کی سب جناب صدر کے وجود باجود کی بدولت ہر ضروری و دفتری توجہ سے متمتع ہوتی رہینگی۔ اگرچہ انجمن اساتذہ حیدرآباد جس کے

طفیل میں اس وقت ہم ایک دوسرے سے ملے ہیں ابھی اپنے عہد طفولیت کی منزلیں طے کر رہی ہے۔ لیکن خاموشی اور استقلال کے ساتھ گزشتہ پانچ سال کے عرصے میں نتیجہ خیز اور مفید کام انجام دئے ہیں جو لائق تحسین ہیں۔ آپ مجھ سے یقیناً سوال کریں گے کہ جب اس انجمن کو وجود میں آئے ہوئے پانچ سال ہو چکے ہیں تو آج ہم چوتھی سالانہ کانفرنس کا جشن کیوں منا رہے ہیں جواباً میں یہ عرض کروں گا کہ ایک سال وبائے طاعون کی وجہ سے کانفرنس منعقد نہ ہو سکی۔ آپ ابھی معتمد عمومی کی رپورٹ سے انجمن کی مصروفیتوں کا اندازہ کر سکیں گے۔ اس انجمن نے بلدے کے مختلف معلمین مدارس کے باہمی ارتباط اور برادرانہ تعلقات کے بڑھانے اور تعلیمی ضروریات اور اُن کی مختلف مشکلات کے مطالبہ کرنے اور عوام کو اپنے سرکاری آرگن یعنی حیدرآباد ٹیچر کے ذریعہ سے تعلیم دینے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھا ہے۔ اس انجمن نے ایک اعتبار سے حیدرآباد کے اساتذہ میں اپنے پیشہ کی ذمہ داریوں کا صحیح احساس پیدا کر دیا ہے اور مجھے اُمید ہے کہ وہ دن دُور نہیں جبکہ یہ انجمن ریاست کے اُن خیالات کو جو تعلیم سے متعلق ہیں عملی جامہ پہنائے گی۔ اور تعلیم کے اُن پیچیدہ مسائل کو سُلجھا دے گی جو ابھی تک اُلجھے ہوئے ہیں۔ میں اپنے فریضہ کو کما حقہ ادا کرنے سے قاصر رہوں گا اگر میں اپنے ہر دل عزیز ناظم تعلیمات جناب خان فضل محمد خاں صاحب کا شکریہ ادا نہ کروں۔ جنہوں نے نہ صرف انجمن کو بلکہ اس کے آرگن حیدرآباد ٹیچر کو بھی اپنی سرپرستی اور ادارہ نمائی سے فائدہ اُٹھانے کا موقع دیا ہے۔ اور جن گرم جوشیوں سے ہماری جملہ کارروائیوں میں دلچسپی اور ہمدردی کا اظہار فرمایا ہے اُس کے ہم بدل ممنون ہیں۔ انہیں کے مساعیٔ جمیلہ کا نتیجہ ہے کہ آج ہم ترقی کی اس اعلیٰ منزل پر گام زن ہیں۔ ہم اراکین انجمن اساتذہ اپنی خوش قسمتی پر نازاں ہیں کہ جناب مولوی سید علی اکبر صاحب صدر مہتمم تعلیمات مدارس بلدہ جیسی ذی شان اور جامع کمالات ذات ہماری صدر ہے۔ ممدوح انجمن مذکور کی روح رواں ہیں اُن کی مستقل مستعدی غیر محدود سرگرمی اور مسلسل محنت نے انجمن اور اُس کے سہ ماہی آرگن کو کہاں سے کہاں پہونچا دیا ہے۔ انجمن اساتذۂ حیدرآباد چونکہ آل انڈیا فیڈریشن آف ٹیچرس اسوسی ایشن سے متعلق ہے اس لئے ہماری ریاست کے باہر بھی تسلیم کی جا چکی ہے۔ ہر سال انجمن کی طرف سے دو نمایندے

فیڈریشن کے اجلاس میں حصہ لینے کے لئے بھیجے جاتے ہیں یہ فیڈریشن ہر سال اپنا مقام بدلتی رہتی ہے اور اس کا اجلاس کسی مشہور شہر یا قصبہ میں بڑے دن کی تعطیلات میں ہوا کرتا ہے۔ چنانچہ سال گزشتہ مسٹر جیدا اور کر صدر مدرس رزیڈنسی مڈل اسکول اور خاکسار نے اس فیڈریشن میں اس انجمن کی نمایندگی کی تھی۔ میں یہاں ایک مفید مشورہ دینے کی جرأت بھی کرتا ہوں کہ یہ انجمن اپنی سرگرمیوں کے دائرہ کو تمام ممالک محروسہ میں وسیع کیوں نہیں کرتی۔ وہ کون سا امر ہے جو اس کو ممالک محروسہ کی مرکزی انجمن بنانے میں مانع ہے۔ اضلاع و تعلقات کی دوسری انجمنیں اس میں ضم کیوں نہ کر دی جائیں۔ اگر جناب ناظم صاحب تعلیمات اس کی طرف توجہ فرمائیں تو تحتانیہ وسطانیہ اور فوقانیہ مدارس میں جہاں اب تک کوئی انجمن نہیں ہے۔ ایسی انجمنوں کے قیام کے لئے گشتی جاری فرما سکتے ہیں۔ اور ہمارے جناب صدران انجمنوں کے انضمام اور دیگر امور میں دلچسپی لے سکتے ہیں۔

دی حیدر آباد ٹیچر جو انجمن کا آرگن ہے تمام ہندوستان میں عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ محکمۂ تعلیمات پنجاب صوبہ جات متحدہ و بہار و اوڑیسہ اور صوبہ جات متوسط و برار اور ریاست ہائے بڑودہ و میسور نے اس کو اور اس کے مضامین کو مستحسن قرار دیا ہے۔ چنانچہ اس کے مضامین نگار ممالک غیر کے اہل قلم اور انشا پرداز بھی ہیں۔

یہاں میرا ایک اور خیال بھی ہے یعنی اس میگزین کے اردو حصہ کو اور مستحکم بنانے کی خاطر کیوں نہ "المعلم" ماہانہ رسالے کو "حیدر آباد ٹیچر" میں اس طرح ضم کر دیا جائے کہ "حیدر آباد ٹیچر" کے اردو حصہ کی زمام ادارت جناب مولوی سجاد مرزا صاحب کے ہاتھوں میں ہو۔ یہ بھی سننے میں آیا ہے کہ گورنمنٹ ٹریننگ کالج کا اسٹاف بھی ایک اپنا ماہانہ رسالہ اجرا کرنے کے مسئلہ پر غور کر رہا ہے۔ لیکن میری رائے میں بجائے اس کے کہ اپنی محنت اور وقت کو تین مختلف رسائل کے کامیاب بنانے میں صرف کیا جائے اور وہ بھی ایسے رسائل جن کے حجم میں بھی وقتاً فوقتاً کمی بیشی ہوتی رہتی ہے اکثر تو دو دو ماہ کے نمبر اکٹھے نکالے جاتے ہیں۔ اور وقت معینہ سے ایک عرصہ کے بعد ان کا اجرا ہوتا ہے یہ نقائص ہمارے ہندوستانی رسائل کی نمایاں خصوصیات سے ہیں۔ ایسی صورت میں ایسا کیوں نہ کیا جائے

کہ اپنی قوتوں کو ایک ہی جگہ مرتکز کر کے ایک علمی ممتاز رسالہ جاری کریں۔ جس کا حلقۂ ادارت لائق افراد پر مشتمل ہو اور جس کے بیش بہا مضامین ایک مستقل اور غیر متبدل علمی معیار کے حامل ہوں۔ اس بات کا بھی لحاظ رکھا جائے کہ اُس کا ہر نمبر اپنے ماسبق نمبر سے بہر حیثیت زیادہ ممتاز و شان دار ہو۔ بالفعل ہماری موجودہ تعلیمی رفتار اتنی تیز نہیں ہے کہ بہ یک وقت تین تین علمی رسائل کے اِجرا کی ضرورت محسوس ہو۔

اب میں اپنے محترم مہمانوں کی طرف مخاطب ہوتا ہوں اور اُن کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ہماری انجمن کے مسائل کے غور و پرداخت میں حِصّہ لیا ہے لیکن میں یہ ضرور درخواست کروں گا کہ وہ تعلیمی معاملات میں اور زیادہ دِل چسپی لے کر ہمارے مشکل اور اہم کام کو آسان اور خوش گوار بنانے میں ہمارے اساتذہ صاحبان کی اعانت فرمائیں۔ اس قسم کی دِل چسپی کے اظہار کا بہترین موقع یہ ہو سکتا ہے کہ آپ حضرات ہمارا ہاتھ بٹانے کے لئے اپنے بچّوں کے خانگی اوقات میں اُن کے تعلیمی مشاغل کی نگہہ داشت کریں اور اُن کے چال چلن کو اخلاق کے سانچے میں ڈھالنے کی کوشش فرمائیں۔ اور اُن میں ورزش جسمانی کا شوق اور گیمس کا صحیح ذوق پیدا کریں اس طرح ہم نونہالاں ملک کی سہ گونہ نشو و نما کر سکتے ہیں جس سے اُن کی علمی جسمانی اور اخلاقی تربیت مقصود ہے۔ ذرا آپ لوگ اپنے اپنے گریبانوں میں منہہ ڈال کر دیکھیں کہ آیا ہم میں سے کتنے ایسے ہیں جو فی الحقیقت اپنے بچّوں کو علمی ترقی اور ذہنی نشو و نما میں عملی دل چسپی لیتے ہیں۔ ہم لوگ اپنے ملاقاتیوں کے ساتھ سلوک کرنے اور اُن کو اپنا قیمتی وقت دینے میں دریغ نہیں کرتے۔ ہم اپنا بہت سا وقت تفریحی مشاغل میں صرف کرتے ہیں ہماری زندگی کا ایک بڑا حصہ تمباکو نوشی میں صرف ہوتا ہے خاص کر وہ لوگ تو جو حُقّے کے شوقین ہیں تمباکو نوشی کا پورا پورا حظ اُٹھانے کے لئے کم و بیش ایک گھنٹہ اس غیر مفید بلکہ بے جا شغل میں ضایع کر دیتے ہیں۔ کیا یہ افسوس کا مقام نہیں ہے کہ ہم اپنے ننّھے ننّھے معصوم بچّوں کے لئے تھوڑا سا وقت وقف کرنے سے جی چُراتے ہیں۔ ہم کبھی بھولے سے بھی نہیں پوچھتے کہ اُن کی حالت جماعت میں کیسی ہے۔ اور اُن کی رفتارِ ترقی تعلیم کی رپورٹ مدرسہ کی جانب سے بھیجی بھی جاتی ہے۔ آیا وہ اپنا

ہوم ورک باقاعدہ کرتے ہیں یا نہیں۔ آیا وہ کس مضمون میں کمزور ہیں۔ اور اگر کمزور ہیں تو اس کمزوری کے دفع کرنے کے لئے کیا کوشش کی جارہی ہے۔ آیا اُنہوں نے ایسے مضامین کا انتخاب تو نہیں کیا ہے جو اُن کے فطری مذاق کے خلاف ہیں۔ آیا وہ بالطبع غبی واقع ہوئے ہیں یا انہوں نے ایسی عادتیں اختیار کرلی ہیں جو اُن کی سُستی اور کاہلی کا موجب ہیں آیا اُن کے ہم نشیں اور رفقا پسندیدہ اوضاع و اطوار کے ہیں اور اگر اُن کی صحبتیں بُری ہیں تو اُن کو۔ ان صحبتوں سے دور کرنے کی کیا کیا تدبیریں اختیار کی گئی ہیں آیا وہ اپنے شام کے اوقات کھیل کے میدان میں صرف کرتے ہیں یا گھر پر گزارتے ہیں یا اپنے خانگی معلم کے ساتھ۔ آیا خانگی معلم اپنے فرائض کو کماحقہ ادا کرتا ہے یا مقررہ وقت کو یوں ہی گزار دیتا ہے اس طرح ہم سب کو بے وقوف بنا کر مہینہ ختم ہوتے ہی اپنی محنت کے (جو دراصل عدم محنت ہے) دام کھرے کر لیتا ہے آیا ہمارے بچے اپنے جمعوں اتواروں قلیل المدۃ تعطیلات اور طویل تعطیل کو کیوں کر گزارتے ہیں۔

عمداً طویل کے ساتھ تعطیل بصیغۂ واحد استعمال کیا گیا ہے کیونکہ موسم سرما کی تعطیل بڑھ گھٹ گھٹا کر ہفتہ سے بھی کم رہ گئی ہے طویل کے لفظ کا اطلاق نہیں ہوسکتا۔

— آیا ہم نے کبھی اپنے بچوں کے ایام تعطیلات کے گزارنے کا کوئی لائحۂ عمل بھی تیار کیا ہے یا نہیں۔ میں آپ سے سوال کرتا ہوں کہ ہم میں سے کتنے ایسے ہیں جو اپنے بچوں کا گہرا مطالعہ کرتے ہیں۔ ان کی تدریجی ارتقا کی نمو کو اس امر کا لحاظ کرتے ہوئے سمجھتے ہیں کہ اُن کی مرضیات اور غیر مرضیات کیا ہیں کن چیزوں سے ان کو فطری لگاؤ اور کن چیزوں سے طبعی تنفر ہے اور پھر ان سب امور کے مدنظر ہم میں سے کتنے ایسے ہیں جو ان کے لئے ان کی موجودہ اور مستقبل کی زندگی کا ایک نظام اکمل مرتب کرتے ہیں بہت سے مدور بچے مربع سوراخوں میں ٹھونس دئے جاتے ہیں اور اسی طرح بہتیرے مربع نما بچے گول سوراخوں میں ڈالے جاتے ہیں اس ناموافق فضا سے نکل کر وہ زندگی کے میدان میں بے سروسامانی کے ساتھ داخل ہوتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ ایسے لوگ انسانی زندگی کے بدنما اور بھدے نمونے کے سوا اور کیا پیش کرسکتے ہیں بچوں کی طرف سے اس مجرمانہ غفلت کے

ذمہ دار ہم والدین ہی ٹھیرائے جائیں گے اپنے بچوں کے لئے ہمارے سامنے نہ تو کوئی مقررہ مطمح نظر ہے نہ کوئی معین نظام العمل ہے اور نہ ان کے لئے ہمارے دلوں میں اُمنگیں موجود ہیں ہم نے ان کو تن بہ تقدیر چھوڑ رکھا ہے۔ اگر ہم اپنی ذمہ داریوں کا پورا احساس کر لیتے تو یہ ممکن نہ تھا کہ یہ موجودہ بے توجہی بے حسی اور بے دردی جاری رہ سکتی۔ ہرگز میرا یہ مقصد نہیں کہ اپنی نکتہ چینیوں سے کسی کی دل آزاری کروں بلکہ اس تمام سمع خراشی سے صرف یہ مُدعا ہے کہ حالات کی موجودہ ابتری کو آپ کی نگاہیں بے نقاب دیکھ لیں اس بے مقصد راہ روی کی روک تھام ہو اور ہم بچوں کے ماں باپ اور سرپرست کی حیثیت سے ان کی بالیدگی نشو و نما اور ان کی تکمیل تربیت کی جانب گہری اور استوار دلچسپی لیں اگر ایسا نہ ہوا تو ہم سخت ترین خیانت مجرمانہ کے مرتکب متصور ہوں گے۔

اب میں برادران اساتذہ یعنی میدان تعلیم کے متحد العمل کارکنوں کی طرف متوجہ ہوتا ہوں یہ لوگ ایک ایسے پیشہ سے تعلق رکھتے ہیں جس کو دنیا عزت سے کم اور حقارت سے بہت زیادہ دیکھتی ہے میں آپ حضرات کو خوش آمدید کہتے ہوئے چند ضروری امور بیان کروں گا اور کچھ نصیحت بھی:۔

آپ کا تعلق ایک ایسے پیشہ سے ہے جس کو دنیا کا اگر شریف ترین پیشہ نہ کہا جائے تو کم از کم یہ تو ماننا ہی پڑے گا کہ معلمی بھی اعلیٰ پیشوں میں سے ایک پیشہ ضرور ہے بمصداق "جن کے رتبے ہیں سوا ان کو سوا مشکل ہے"۔ آپ کے سر چند اہم ذمہ داریاں ہیں یعنی آج کے بچے جو کل بڑے ہونے والے ہیں ان کی نگہداشت آپ کے ذمہ ہے مدرسہ میں ان کی تعلیم کے اور بازی گاہوں میں ان کے کھیلوں کے آپ نگران ہیں اس خصوص میں آپ کے فرایض روز بروز بڑھ رہے ہیں۔ آپ نہ صرف ان کی تعلیمی ترقی ہی کے جواب دہ ٹھیریں گے بلکہ ان کے کیریکٹر کو صحیح سانچے میں ڈھالنے کا اہم کام بھی آپ ہی کے ذمہ ہے مدرسہ کے اندر اور باہر ان کی تمام سرگرمیوں پر آپ کو نظر رکھنی ہوگی اور ان کو زندگی کے لئے تیار کرنے میں نہ صرف خالی خولی ہدایت بلکہ زیادہ تر اپنے عملی نمونہ سے ان کی رہنمائی کرنی پڑے گی کہا یہ جاتا ہے کہ بمصداق الولد سر لابیہ یعنی قانون وراثت کے مطابق بچے ماں باپ کے قدم بہ قدم ہوتے ہیں۔ لیکن

بچوں کی تربیت میں ان کے ماحول یعنی گرد و نواح کے اثرات کا بھی بہت بڑا حصّہ ہے اور چونکہ بچّے اپنے اوقات کا ایک بڑا حصہ آپ اساتذہ کے زیر اثر گزارتے ہیں اس لئے ماحول اثر کے قانون کے تحت وہ ہو بہو آپ ہی کی تمثال ہوتے ہیں آپ اچھے ہیں تو وہ بھی اچھے ہوں گے آپ بُرے ہیں تو وہ بھی بُرے ہوں گے اس لئے آپ جماعت میں ہوں یا جماعت کے باہر کھیل کے میدان میں ہوں یا کسی تفریحی سیاحت میں کسی محفل میں ہوں یا گھر پر جہاں آپ کے شاگرد آپ سے ملنے آئیں ان سب حالتوں میں موقع و محل کے مُطابق اپنے طرز عمل میں نہایت حزم و احتیاط برتیں تاکہ آپ کے شاگرد آپ کی مثال سے اچھا سبق حاصل کریں۔ آپ کا ہر فعل ان کے دلوں پر اپنا نقش بٹھائے بغیر نہ رہے گا۔ فطرتاً بچے بڑے نقّال ہوتے ہیں آپ کی آواز چال ڈھال حرکات و سکنات کا چربہ اُتارنا ان کا فطری خاصہ ہے میں نے جب کبھی چھپ کر کسی لڑکے کو اپنے ہم رنگ ساتھیوں کے سامنے کسی ایسے اُستاد کی نقل اُتارتے دیکھا ہے جو ہو اسے لڑتا اور ذرا سی بات پر غیظ و غضب میں آجاتا ہو یا جماعت میں بیٹھ کر اونگھنے کا کہنہ مشق ہو یا بار بار ناس لینے کا عادی ہو تو میں ہمیشہ اس نقالی کے نظاروں سے غیر معمولی طور پر محظوظ ہوا ہوں۔ میری رائے میں اساتذہ صاحبان تین طبقوں میں منقسم ہو سکتے ہیں۔

اولاً وہ جنہیں کاہل بلکہ احدی کہنا چاہیئے ان لوگوں سے کام لینے کے لئے ہمیشہ سختی اور دباؤ کی ضرورت پڑتی ہے یہ خُدا کے بندے جماعت کے اندر اکثر عزیزوں اور دوستوں کو خط لکھا کرتے ہیں اور اگر موقع ہاتھ آئے تو دوپہر کے کھانے کے بعد قیلولہ کرنے سے بھی نہیں چوکتے۔ اخبار بینی یا افسانہ خوانی کرنا تو ان کے نزدیک مُباح مُباح اور جائز فعل ہے فی الحقیقت ہمارے محکمہ کے "بدنام کنندہ نکو نامے چند" یہی بزرگ وار ہیں۔

ثانیاً۔ فرض شناس اساتذہ جو اپنا کام چپ چاپ صدر مدرس کی جانب سے کسی حاکمانہ تحریک کے بغیر انجام دیتے ہیں۔ اور نصاب مقررہ کو ہمیشہ وقت معینہ کے قبل ہی ختم کرتے ہیں۔ اسکاؤٹس کی اصلاح میں یہ لوگ سدا تیار رہتے ہیں۔ اور اچانک معائنوں کے وقت کبھی غافل نہیں پائے جاتے۔

ثالثاً! سررشتہ کے وہ مایۂ ناز اساتذہ جو نہ صرف اُن فرائض کو جو مدرسہ کے اوقات میں ان پر عائد ہوتے ہیں باحسن وجوہ انجام دیتے ہیں بلکہ اپنے نجی اوقات میں بھی طلبار کی امداد سے دریغ نہیں کرتے۔ طلبا کے شکوک رفع کرنا کاپیوں کی اصلاح خاص خاص طلبا کو انفرادی طور پر مسائل کے حل کرنے میں مدد دینا بلکہ تکمیل نصاب کے لئے اگر ضرورت ہو تو اوقات مدرسہ کے پہلے یا بعد پرائیوٹ کلاسنر میں تعلیم دینا ان کی دلی خوشی کا باعث ہوتا ہے۔ وہ تعطیل کے دن اور کام کے روز میں کوئی امتیاز نہیں کرتے۔ اُن کی ذات وہ بحرِ فیض ہے جس سے تشنگانِ علم بلا تفریق و امتیاز سیراب ہوتے رہتے ہیں بڑی سے بڑی تعداد کو بڑے سے بڑا فائدہ پہونچانا اِن کا نصب العین ہے۔ وہ اپنی ترقی کے لئے کبھی دوڑ دھوپ نہیں کرتے۔ دفتروں میں جاکر اپنے کسی معاملہ کی پیروی کرنا اُن کو نہیں آتا۔

کُلُّ اَمْرٍ مَرْهُونٌ بِاَوْقَاتِهَا کے اصول پر کاربند ہیں اُن کے جملہ کام وقت کی مساعدت پر موقوف ہیں۔ ان کا یہ ایمان ہے کہ وہ کام جو خلوص نیت اور دیانت داری سے کیا جائے اس کا صلہ یا انعام ممکن نہیں کہ بہت دنوں تک معرض التوا میں پڑا رہے اس قسم کے بے نفس مدرسین کا وجود ہمارے سررشتہ کی زیب و زینت کا باعث ہے یہی وہ لوگ ہیں جن کے ناموں کے پاکیزہ نقوش دلوں سے عرصہ دراز تک محو نہیں ہو سکتے ہیں اپنے بچوں کی تعلیم کے لئے ایسے ہی آدمی درکار ہیں۔ اب میں ممالک محروسہ کے مدرسین کی حالت پر تبصرہ کروں گا۔

ہماری ریاست حیدرآباد دو لحاظ سے برٹش انڈیا پر سبقت رکھتی ہے۔ اولاً ہمارے یہاں کے معلمین کو معقول مشاہرہ دیا جاتا ہے اور ان کے لئے ترقی کے بہتر مواقع موجود ہیں، ثانیاً یہ کہ ہم نے اُردو کو ذریعہ تعلیم قرار دیا ہے جس کے فوائد پر بحث کرنا محض تحصیل حاصل ہے۔ دولت آصفیہ سرکار عالی کی فیاضی کی بدولت ہمارے ہاں مشاہرات اور گریڈس کی ایسی عمدہ تنظیم ہے جو برٹش انڈیا کے امدادی اور ڈسٹرکٹ بورڈ کے متعلقہ مدارس کے لئے باعث رشک ہے اگرچہ ٹائم اسکیل کے نفاذ سے اُن معلمین پر جو سند یافتہ

نہ تھے یا معمولی اسناد رکھتے تھے بُرا اثر پڑا ہے کیونکہ جنگ عظیم سے قبل ایسے لوگوں کا اپنی محنت شاقہ اور عمدہ نتائج کی بدولت سررشتہ تعلیمات کے اعلیٰ مدارج پر بھی پہونچ جانا ناممکن نہ تھا تاہم بحیثیت مجموعی ٹائم اسکیل اُن مدرسوں کے لئے باعث رحمت ہے جو حصول ملازمت اور ترقی کے لئے پیروی کے فن لطیفہ سے بے بہرہ ہیں۔ بجز اُن چند افراد کے جو حال حال میں دائرہ ملازمت میں آئے ہوں ٹائم اسکیل کے قواعد کی رُو سے ہر شخص اپنا اپنا گریڈ پا رہا ہے ذرا نواب عماد الملک مرحوم کے زمانہ کو لیجئے اور المالطیفی کے دور پر بھی نظر ڈالتے جن میں بہت سے نئے انتظامات کی داغ بیل ڈالی گئی تھی آپ دیکھیں گے کہ آج کل کے مدرسین اپنے پیش رؤں سے کہیں بالاتر ہیں پھر برٹش انڈیا کے ہم عصر ہمسروں کے مقابلہ میں ان کے لئے کہیں زیادہ تعداد میں ترقی کے ذرایع کھلے ہوئے ہیں۔ بایں ہمہ اساتذہ کی ایک بڑی جماعت غیر مطمئن نظر آتی ہے فی زمانہ ہمارے محکمہ میں بے چینی اور پریشانی کی تلاطم خیز لہر جاری و ساری ہے جس کی زد سے ایسے اساتذہ بھی محفوظ نہ رہ سکے جو اب تک اپنی حالت پر قانع تھے اس میں شک نہیں کہ ہر گریڈ کے تدریجی اضافے مقرر ہیں اور گزٹیڈ گریڈ تک بھی درجہ بدرجہ پہونچنے کی امیدیں موجود ہیں پھر بھی ہم میں سے ہر ایک فوری ترقی کے لئے ہاتھ پاؤں مارتا نظر آتا ہے اور چاہتا ہے کہ ایک دم بلند تر گریڈ حاصل کرلے ٹائم اسکیل کی وجہ سے بالعموم ہر شخص بجائے اس کے کہ اپنے منصبی فرائض بطریق احسن ادا کرنے کی فکر کرے اعلیٰ تر امتحانات کامیاب کرنے کی دُھن میں لگا ہوا ہے تاکہ اپنے آپ کو بہ لحاظ اسناد اعلیٰ گریڈ کا مستحق بنالے جب سے جامعہ عثمانیہ کے گراجویٹ اور انڈر گراجویٹ محکمۂ ہذا میں داخل ہو رہے ہیں تب سے ٹائم اسکیل کے قواعد کا پورا پورا نفاذ ذرا مشکل سا ہو گیا ہے معاشیات کے مشہور اصول طلب و رسد کے مُطابق اسناد اور ڈپلوموں کی قیمت اب وہ باقی نہیں رہی جو پہلے تھی۔ نئے تقررات میں اصولی اختلافات اور پیچیدگیاں پیدا ہو رہی ہیں۔ بعض اُمیدوار کمتر گریڈ پر کام کرنے کے لئے آمادہ ہو جاتے ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ یہ بھی ہوتا ہے کہ بعض تقررات معیار قابلیت کے مساوی گریڈ پر بھی کئے جاتے ہیں اور یہ امر ان لوگوں کے لئے جو پہلے سے اپنی قابلیت کے

اعتبار سے کمتر گریڈ پر کارگزار ہیں یا ان لوگوں کے لئے جنہوں نے کمتر گریڈ کو قبول کر لیا ہے ناگوار خاطر ہوتا ہے۔ اس پر مستزاد یہ ہے کہ بعض اوقات گوٹیڈ لائن میں راست تقررات عمل میں آتے ہیں یہ طرز عمل سابق الخدمات بی ٹی کامیاب اصحاب کی دل شکنی اور تکدر کا باعث ہوتا ہے۔ ہمارے تدریجی اضافوں کی سست رفتاری بے حد صبر آزما اور ہمت شکن ہے جس سے سررشتہ میں بد دلی اور بے چینی پھیلی ہوئی ہے۔ غیر سند دار ندہ مدرسین ٹائم اسکیل کو کوس رہے ہیں جس کے نفاذ نے ان کی ترقی کی راہ میں سد سکندر حایل کر دی ہے۔ وہ معلمین جن کے پاس کمتر درجہ کی اسناد ہیں اعلیٰ امتحانات کی کامیابی کی اُدھیڑ بن میں منہمک ہیں ان کا یہ انہماک بصورت اعشاریہ متوالی لامحدود و لامتناہی ہے تاآنکہ یہ سلسلہ گرجیڈ گریڈ کی حد و ذتک نہ پہونچ جارہے۔ شکریہ ٹایم اسکیل کا جس کی بدولت کتنے میٹرک کامیاب آج ٹرینڈ گریجویٹ بن چکے ہیں ان کا مستقبل روشن اور کامیاب بن گیا ہے۔ پھر بھی اطمینان خاطر ان کو نصیب نہیں اب گزیٹڈ گریڈ کا دلفریب تصور ورغلاتا ہے اور انہیں چین سے بیٹھنے نہیں دیتا۔ اس باب خاص میں میرا یہ خیال ہے کہ جہاں ایک طرف ٹایم اسکیل کے نفاذ نے ہمارے مدرس صاحبین کے معیار لیاقت کو بڑھایا ہے اور مدارس کو گریجویٹس اور ٹرینڈ گریجویٹس سے پر کر دیا ہے جہاں پیشتر ان کا شمار انگلیوں پر کیا جا سکتا تھا وہاں اضطراب و پریشانی میں بھی کافی اضافہ کر دیا ہے۔ اس میں کلام نہیں کہ ٹایم اسکیل کا وجود ہمارے سررشتہ کے لئے سبب رحمت ضرور ہوا لیکن یہ رحمت زحمت سے خالی بھی نہیں کیونکہ وہ تمام بے چینیاں اور پریشانیاں جن کی طرف اوپر اشارہ کیا جا چکا ہے اسی کی بدولت ہیں جن کا اثر ہمارے مدارس کے نظم ونسق اور ضبط پر بہت برا پڑ رہا ہے کیا ہم ذمہ دار افسران متعلقہ سے یہ امید کر سکتے ہیں کہ وہ اس گتھی کو سلجھانے اور موجودہ پریشانی کو رفع کرنے میں سعی فرمائیں گے ؟

آپ سے رخصت ہونے سے پیشتر چند کلمات نصیحت اور گوش گزار کرنا ضروری خیال کرتا ہوں۔ اس دور ترقی میں چونکہ مدارس بھی دن بدن وسیع اور عسیر الانتظام ہوتے جا رہے ہیں میری دلی تمنا ہے کہ آپ لوگ باہمی ہمدردی اور اشتراک عمل کو اپنا نصب العمل

بنائیں۔ اپنی ہستیاں ذہنی انہماک کے لئے وقف کردیں اور اپنے انہماک سے اپنی درس گاہوں کو موقر و مفتخر بنائیں۔ نیز چونکہ ابھی تک ہمارے یہاں ریفرشیر کورسز کا انتظام عمل میں نہیں آیا اس لئے معلمین کو لازم ہے کہ اپنے اپنے متعلقہ مضامین کی تیاری میں انتہائی سعی کریں اور پوری پوری دلچسپی لیں اس سے بھی زیادہ اہم نصیحت یہ ہے کہ تمام عمر ایک سچے طالب علم کی طرح علم کے خواہاں اور جویاں رہیں فقط

رپورٹ انجمن اساتذہ مستقر بلدہ

صدر محترم معزز حاضرین و خواتین ۔

خدا کا شکر ہے کہ انجمن نے اپنی عمر کے ساڑھے پانچ سال پورے کرلئے اور اب ہم اس انجمن کی چوتھی سالانہ کانفرنس میں بعض اہم تعلیمی امور پر بحث کرنے کے لئے جمع ہوئے ہیں

حضرات ۔ اس مرتبہ بھی کانفرنس کی کارروائی اُس طریقہ پر انجام دی جارہی ہے جو سال گزشتہ اختیار کیا گیا تھا یعنی مضامین زیر بحث میں سے تین اہم مضامین اوائل اسفندار ۳۹ ف سے ہی ایک ایک سب کمیٹی کے تفویض کئے گئے ہیں ہر ایک سب کمیٹی کے اراکین اکثر و بیشتر وہی حضرات ہیں جو مضمون متعلقہ میں خاص مہارت اور دلچسپی رکھتے ہیں اور اس طرح ہر سہ مضامین میں سے ہر ایک پر سب کمیٹی متعلقہ کو کافی غور و خوض اور بحث کرکے عمدہ اور کارآمد نتائج اخذ کرنے کا سال گزشتہ سے بھی زیادہ موقع ملا ہے ہر ایک سب کمیٹی کی رپورٹ آپ کے سامنے حسب پروگرام اس کانفرنس میں پیش ہوگی۔

حضرات ۔ سال گزشتہ کی کانفرنس میں آپ نے جو تعلیم ریاضی۔ تعلیم ورزش جسمانی پیشوں کی تعلیم تعلیم اُردو اور تعلیم انگریزی کی سب کمیٹیوں کی رپورٹیں منظور کی تھیں۔ بتوسط عالی جناب صدر مہتمم صاحب تعلیمات مستقر بلدہ ان کو محکمہ صدر دفتر نظامت تعلیمات میں مناسب و ضروری کارروائی کے لئے ارسال کیا گیا تھا اور دفتر مذکور میں ان پر غور کے بعد گزشتہ ماہ اسفندار میں رپورٹ سب کمیٹی ریاضی کی اشاعت جملہ مدارس میں کرنے کے لئے احکام

صادر فرمائے گئے۔ اور حال ہی میں مطلع فرمایا گیا ہے کہ تعلیم ورزش جسمانی کی سب کمیٹی
کی رپورٹ اور جناب صدر مہتمم صاحب ورزش جسمانی کی تجاویز کی بنا پر ممالک محروسہ
سرکار عالی کے مدارس کے لئے تعلیم ورزش جسمانی کا ایک اسکیم تیار کرنے کے لئے جناب
مولوی سید علی اکبر صاحب۔ جناب مولوی سید محمد ہادی صاحب۔ جناب مولوی سجاد مرزا
صاحب۔ ایف ۔ دیبر صاحب۔ جناب ڈبلیو ٹرنر صاحب کی ایک کمیٹی مقرر کی گئی ہے
جس کے صدر جناب مولوی سید محمد اعظم صاحب ہیں۔ چنانچہ جناب مولوی سید محمد ہادی صاحب
جو کمیٹی کے معتمد ہیں ان کی مرسلہ ایک جلسہ کی روئداد سے ظاہر ہے کہ کمیٹی مذکور نے جلسہ
مذکور میں اپنا لائحہ عمل تیار کر لیا ہے جس میں تعلیم ورزش جسمانی کے موجودہ نظام اور معلمین
ورزش ان کے معیار لیاقت تنخواہوں۔ ان کی تعلیم کے انتظام کے علاوہ۔ کھیلوں آلات
ورزش میدان ہائے ورزش اور تعلیم ورزش وغیرہ اہم امور کو شریک کیا ہے۔ نیز پیشوں
کی تعلیم کے متعلق بھی منجانب سرکار عالی کافی توجہ فرمائی جا رہی ہے۔

بہرحال خوشی کی بات ہے کہ انجمن ہذا کی پیش کردہ پانچ رپورٹوں میں سے دو پر سررشتہ
نے خاص طور سے توجہ فرمائی ہے اور امید ہے کہ پیشوں کی تعلیم انگریزی اور تعلیم اردو کی
رپورٹوں پر بھی آیندہ مناسب کارروائی ہوگی۔

شاخ ہائے انجمن | سال زیر رپورٹ میں انجمن کی شاخیں حسب سابق (۱۴) ہی رہیں۔

اراکین انجمن | انجمن ہذا کی رکنیت چونکہ حسب قواعد منظورہ سرکار دفعہ (۴) ضمن الف
جملہ مدرسین مدارس تحت دفتر صدر مہتمی تعلیمات مستقر بلدہ پر لازمی ہے اس لئے تعداد اراکین
میں کوئی کمی واقع نہیں ہوئی مگر ساتھ ہی حسب دفعہ (۴) ضمن (ب) دوسرے اراکین کی تعداد
سال زیر رپورٹ میں (۴۳) کی بجائے (۳۰) ہوگئی ہے۔

مرکزی انتظامی کمیٹی کے جلسے | سال زیر رپورٹ میں مرکزی انتظامی کمیٹی کے جلسے حسب
ضرورت (۲) ہوئے جس میں حسب قواعد انجمن ہر سہ ماہی کے لئے قبل از وقت ماہانہ جلسوں کا
پروگرام مرتب کرنے کے علاوہ ترتیب موازنہ و انتخاب عہدہ داران سنہ رواں و تقرر تنقیح
کنندگان حسابات انجمن و تقرر کمیٹی ہائے متعلقہ انتظام کانفرنس ہذا انجام دئے گئے۔ مرکزی

انتظامی کمیٹی کی مقرر کردہ کانفرنس کمیٹی نے اس سال بھی پروگرام کمیٹی نمایش سب کمیٹی اور استقبالیہ کمیٹی مقرر کی جس کی وجہ سے اس کانفرنس کا کام باقاعدہ طور سے چل رہا ہے۔

معمولی ماہانہ جلسے | سال زیر رپورٹ میں ہر مرکز میں (۷) ماہانہ جلسے منعقد ہوئے اور ہر ایک مرکز میں حسب ذیل مسائل پر بحث ہوئی۔

(۱) مدرس کی کارگزاری خارج از اوقات مدرسہ۔

(۲) موجودہ نصاب کو کیسے کارآمد بنایا جاسکتا ہے۔

(۳) تعلیم جغرافیہ مع سبق نمونہ۔

(۴) تعلیم تاریخ مع سبق نمونہ۔

(۵) تعلیم جغرافیہ انسانی نقطۂ نظر سے۔

(۶) تمدنی حالات کا مطالعہ تعلیم تاریخ کا جزو۔

(۷) تاریخ اور جغرافیہ کا باہمی تعلق۔

یہ سب مسائل سوائے پہلے ایک کے ان تینوں مضامین سے تعلق رکھتے ہیں جن کے لئے سب کمیٹیاں مقرر کی گئی ہیں یعنی تاریخ جغرافیہ اور علم ریاضی۔ ان ماہانہ جلسوں کی کارروائی کی روئداد متعلقہ سب کمیٹیوں کو دے دی گئی ہے۔ اس طرح گویا ابتدائے سال سے ہی اس کانفرنس کا کام ہو رہا ہے۔

عام جلسہ | سال زیر رپورٹ میں ماہ بہمن میں ایک عام جلسہ کرنے کا تصفیہ مرکزی انتظامی کمیٹی نے کیا تھا مگر مرض طاعون کی پریشانی کی وجہ سے وہ ارادہ پورا نہ ہو سکا۔

انجمن اتحادی | حضرات:- انجمن ہذا کی تحریک سال ماسبق کی بنا پر دفتر صدر مہتمم تعلیمات بلدہ میں انجمن اتحادی قائم ہو گئی ہے۔ اور اس میں اب تک (۴۲) اراکین شریک ہو چکے ہیں۔

دیگر | اس سال جناب مولوی سید ظہور علی صاحب بی۔اے۔بی۔ٹی۔ پرنسپل صاحب دارالعلوم اور جناب چند اوارکر صاحب ایم۔اے صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ رزیڈنسی بزمانہ کرسمس بمقام مدراس آل انڈیا فیڈریشن آف ٹیچرز ایسوسی ایشن کی پانچویں سالانہ کانفرنس میں انجمن ہذا کی جانب سے شریک ہوئے۔ اور کانفرنس مذکور کے متعلق جو ضروری رپورٹ

ہر دو حضرات نے تیار کی تھی وہ رسالہ حیدرآباد ٹیچر میں شائع ہو چکی ہے۔

حضرات :۔ انجمن کی لائبریری جس کے قیام کا ذکر گزشتہ رپورٹ میں کیا گیا تھا اراکین انجمن کے لئے کھول دی گئی ہے۔ فہرست کتب حیدرآباد ٹیچر میں شائع ہوئی ہے اور اراکین کتب خانہ سے استفادہ کر رہے ہیں نیز سرکار عالی سے اس کی امداد کے لئے درخواست بھی کی گئی ہے جس کی منظوری کے بعد اُمید ہے کہ اس میں مزید تازہ ترین کتب مہیا کرنے کا انتظام ہو سکے گا کیوں کہ ابھی تعداد کتب اس قدر قلیل ہے کہ جیسا کہ سال گزشتہ سب کمیٹیوں کو ضروری کتب موجود نہ ہونے سے اس سال بھی بہت مشکل ہوئی اس لئے اس لائبریری کی ضرورت امداد سرکاری سے ہی پوری ہو سکتی ہے۔

(۳) ممالک محروسہ سرکار عالی کے لئے ایک صدر انجمن اساتذہ کے قیام کی تحریک پر صدر دفتر نظامت تعلیمات سے جو مسودہ قواعد طلب کیا گیا تھا۔ عالی جناب صدر المہام صاحب تعلیمات مستقر بلدہ روانہ فرما چکے ہیں۔ امید کہ اس صدر انجمن کے قیام کے بعد کُل ممالک محروسہ سرکار عالی کے مدرسین کی سالانہ کانفرنس ہوا کرے گی اور اس میں مدرسین کو باہم تبادلہ خیالات کا زرین موقع مل سکے گا۔

(۴) انجمن ہذا کی امداد کے لئے جو درخواست سرکار سے کی گئی ہے وہ ابھی بارآور نہیں ہوئی

(۵) انجمن ہذا کی گزشتہ کانفرنسوں میں جو تحریکات منظور ہوئی تھیں ان پر ارباب سررشتہ جات متعلقہ کافی توجہ کے ساتھ غور فرما رہے ہیں۔ اور اب تک جو کچھ کارروائی ہو چکی ہے اس کا مفصل تذکرہ تجدید تحریکات مذکورہ کے ضمن میں پیش کیا جائے گا۔

<u>انجمن کی مالی حالت</u> سال رواں میں بھی انجمن کے حسابات کی تنقیح مولوی محمد یوسف صاحب بی۔اے۔بی۔ٹی۔ مددگار مدرسہ دارالعلوم اور مولوی سید غلام محمود صاحب صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ شاہ گنج نے فرمائی ہے چنانچہ جملہ آمدنی بابتہ ۱۳۳۸ف میں سے امداد رسالہ بابتہ ۱۳۳۸ف پر (سما) کے علاوہ الونس وصادر پر (ما طعہ) مصارف کانفرنس و نمایش پر (ما للعہ ۱۲/۶) صرف کرنے کے بعد ختم آبان ۱۳۳۸ف پر مبلغ (الـ ماعہ) خزانہ انجمن میں موجود تھے۔

حضرات:۔ رسالہ انجمن چار سال سے جس عمدہ معیار پر چل رہا ہے وہ درحقیقت مدیران رسالہ جناب مولوی سید علی اکبر صاحب ایم۔اے صدر مہتمم تعلیمات مستقر بلدہ و جناب۔ ایف سی۔ فلپ صاحب ایم۔اے وارڈن گرامر اسکول و جناب مولوی احمد حسین خان صاحب بی۔اے مدیران شاخ انگریزی و جناب مولوی فخرالحسن صاحب ملا۔بی۔اے۔بی۔ٹی۔ و جناب مولوی عبدالنور صاحب صدیقی بی۔اے۔بی۔ٹی۔ مدیران شاخ اردو کی سرگرم قابل قدر اور عدیم النظیر محنت اور مساعی جمیلہ کا نتیجہ ہے کہ یہ محترم حضرات باوجود کثرت مشاغل اور اہم ذمہ داریوں کے اس فرض کو بلامعاوضہ۔ بے غرضانہ طور پر نہایت دل چسپی اور ایثار و دلسوزی سے انجام دے رہے ہیں۔ جناب مولوی احمد حسین خان صاحب بی۔اے کے تبادلہ کی وجہ سے جو کمی اور دشواری محسوس ہو رہی تھی الحمدللہ اس کو ہمارے قابل قدر اور محترم رکن جناب بی سیاشین صاحب مددگار سٹی کالج کی ذات نے پورا کر دیا صاحب موصوف بھی نہایت دل چسپی اور توجہ سے اس کام کو انجام دے رہے ہیں

حضرات:۔ جیسا کہ سال گذشتہ عرض کیا گیا تھا اس رسالہ کی مالی حالت ابھی تک ایسی نہیں جو انجمن کی سالانہ امداد سے مستغنی ہو سکے۔ اس لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ اراکین انجمن ذاتی طور سے خود اس رسالہ کی خریداری کی طرف توجہ فرمائیں اور تعلیم سے دل چسپی رکھنے والے دوسرے حضرات کو بھی اس مفید رسالے کی خریداری کے لئے آمادہ کریں صوبہ اورنگ آباد و گلبرگہ شریف اور دوسرے چند اضلاع کے مدارس تحتانیہ کے لئے جو خریداری فرمائی گئی ہے اگرچہ اس کی وجہ سے رسالہ کی مالی حالت کچھ سنبھل گئی ہے مگر پھر بھی اب تک رسالہ نقصان سے محض مدرسین کے مفاد کے لئے جاری ہے ہاں اگر دوسرے اضلاع کے مقتدر عہدہ دار پھر اس طرف توجہ فرمائیں اور جو حضرات ایک مرتبہ خریداری سے سرفراز فرما چکے ہیں آئندہ بھی خریدار رہیں تو اس مفید تعلیمی رسالہ کی بہت کچھ مدد ہو سکتی ہے۔

حضرات:۔ میں اس امر کا افسوس کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ ہماری انجمن کے نہایت پرجوش رکن کے۔ پی شاستری صاحب بی۔اے۔ال۔ٹی صدر مدرس مدرسہ مفیدالانام جو ابتدائے قیام انجمن سے مرکزی انتظامی کمیٹی کے سرگرم رکن رہے اور سال حال کی

کانفرنس کے لئے جغرافیہ کی تعلیم کی سب کمیٹی کے معتمد بھی تھے۔ چند روزہ علالت کے بعد ہمیشہ کے لئے ہم سے جُدا ہوگئے نیز مولوی احمد الدین صاحب بی۔اے۔بی۔ٹی صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ کاچی گوڑہ جیسے لایق رکن کا صرف مختصر سی علالت کے بعد فوت ہوجانا نہ صرف مدرسہ مذکور کے لئے بلکہ سررشتہ تعلیمات کے لئے ایک سخت نقصان ہے۔

حضرات:۔ جناب مولوی احمد حسین خاں صاحب بی۔اے۔ بہ حیثیت شریک مُدیر رسالہ اور نائب میر مجلس انجمن ہذا کی قابل قدر امداد فرماتے رہے۔ اور جناب کے۔آر چاری صاحب بی۔اے۔بی۔ٹی۔ نے قیام لائبریری کا کام نہایت عمدگی سے انجام دیا۔ اور مجوزہ انجمن اتحادی کی معتمدی کے متعلق ابتدائی کام بھی نہایت مستعدی سے ادا کیا تھا۔ گو ان ہر دو حضرات کا تبادلہ بلدہ سے ہوگیا ہے مگر ان ہر دو حضرات نے اپنا تعلق انجمن ہذا سے بہ حیثیت رکن انجمن دفعہ (۴) ضمن (ب) قائم رکھا ہے جس کا شکریہ ادا کرنا ضروری ہے۔

معزز حضرات:۔ اب میں آخر میں عالی جناب نواب اکبر یار جنگ بہادر کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جناب والا نے صدارت کانفرنس قبول فرما کر مدرسین بلدہ کی عزت افزائی فرمائی اور اس دعائے دلی کے ساتھ اس رپورٹ کو ختم کرتا ہوں کہ ''یہ انجمن اساتذہ ہمیشہ ملک کی مفید تعلیمی خدمات انجام دیتی رہے۔ اور جوش عمل کے ساتھ اہل ملک میں علم و ہنر کی روح پھونک کر ملک کو علمی ترقی کے اوج کمال تک پہنچانے کا ذریعہ بنے اور خدائے قادر و برتر ہمارے آقائے ولی نعمت تاجدار دکن حضرت سلطان العلوم حضور پر نور بندگان عالی متعالی مدظلہ العالی کا سایہ عاطفت ہمارے سر پر مدت مدید تک قائم رکھے۔ آمین۔

سید محمد شریف مشہدی
معتمد عمومی انجمن اساتذہ بلدہ

خطبۂ صدارت

از عالیجناب نواب اکبر یار جنگ بہادر معتمد تعلیمات و عدالت و امور عامہ

خواتین و حضرات ۔

تمہید و شکریہ | انجمن اساتذہ کا یہ چوتھا سالانہ جلسہ ہے جس کی صدارت کی عزت مجھے عطا کی گئی ہے۔ ایک ایسے قابل عزت گروہ کے جلسہ کی صدارت جیسا کہ اساتذہ کی جماعت ہے ایک حقیقی عزت ہے جس کی میں تہ دل سے قدر کرتا ہوں۔ اگرچہ اظہار تشکر کے ساتھ ہی ساتھ اپنی درماندگی کا اعتراف ایک محض رسم کی حیثیت رکھتا ہے لیکن واقعہ یہ ہے کہ میرا اعتراف ایک اظہار حقیقت ہے اس لئے اس عزت کے لئے اظہار تشکر جس کا مجھ جیسا افتادہ شخص کسی طرح مستحق نہیں ہے ایک حقیقت اور ایک واقعی جذباتی کیفیت اپنے ساتھ رکھتا ہے!

اساتذہ کا مقام اور حیثیت | دنیا میں ہر چیز کی قدر و قیمت کا اندازہ اس کی واقعی ضرورت اور ان فواید سے لگایا جا سکتا ہے جو اس سے حاصل ہو سکتے ہیں۔ یہ فوائد جس قدر اہم۔ وورس اعلیٰ اور مستقل ہوں گے اسی قدر اس چیز کی قیمت یا عزت بڑھ جائے گی۔ اگر یہ اصول کسی چیز کی قیمت لگانے کے لئے صحیح ہے اور مجھے یقین ہے کہ آپ کو اس اصول کی صحت سے قبول کرنے میں کوی تامل نہ ہوگا تو اے حضرات مجھے یہ کہنے کی اجازت دی جائے کہ اس ترازو میں تولنے۔ اس پیمانے سے ناپنے کے بعد دنیا کا کوی وجود استاد سے زیادہ قیمتی زیادہ باعزت اور زیادہ قابل قدر نظر نہیں آسکتا ہے۔ اور بالآخر یہ کہنا پڑتا ہے کہ بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر۔

استاد کی عظمت کی تمثیل | جس طرح ایک چھوٹا سا بیج جو زمین میں رل مل جاتا ہے ہنرمندانہ محنت اور واقف کارانہ تردد سے ایک بہترین میوہ دار درخت بن جا سکتا ہے بعینہٖ اُسی طرح وہ قوتیں جو فطرت کی جانب سے انسان کے دل میں ودیعت کی گئی ہیں عالمانہ ترتیب اور تعلیمی فیوض سے نشو نما پاکر انسان ایسی عظیم الشان ہستی بنا سکتی ہیں جو اس کائنات عالم میں خدا کے بعد دوسرا درجہ رکھنے اور حقیقی معنوں میں خلیفۃ اللہ علی الارض کی مصداق ہوں جس طرح ایک تجربہ کار فلاح ضروری اوزار۔ مناسب آلات۔ اور تقویت بخش کھاد کے برمحل

استعمال سے عمدہ فصل حاصل کر سکتا ہے اُسی طرح ایک فریس اُستاد جو اصول نفسیات سے واقفیت رکھتا ہو مناسب ترین طریقہ تعلیم سے کام لے کر انسانی عقل و جذبات کی پرورش کر کے فائدہ رساں اور کار آمد انسان بنا سکتا ہے۔

سلسلہ بیان میں موجودہ نظام تعلیم پر ایک نظر

ایک صحیح الدماغ انسان کے افعال کی صحیح اور فطری ترتیب یہ ہے کہ کسی فعل سے پہلے اس کے دل میں ارادہ پیدا ہوتا ہے اور ارادہ سے پہلے کوئی خاص مقصد پیش نظر ہوتا ہے جس کو وہ حاصل کرنا چاہتا ہے اس کے بعد وہ اعمال و افعال ظہور میں آتے ہیں جو اس مقصد کے حاصل کرنے کے لئے عقل و تجربہ کی رو سے ضروری معلوم ہوتے ہیں۔ اس ترتیب کو مد نظر رکھ کر تعلیم حاصل کرنے سے پہلے کوئی مقصد ہمارے پیش نظر اور کوئی منزل یا مطمح نظر معین ہونا چاہیئے اور جب تک یہ نتیجہ نہ کر لیا جائے کہ ہم دنیا میں کیا بننا چاہتے ہیں اس وقت تک نہ تو صحیح طریقہ تعلیم اختیار کیا جا سکتا ہے اور نہ وہ اصلی فواید تعلیم سے حاصل ہو سکتے ہیں جو حاصل ہونا چاہئیں۔ پروگرام اس شخص کے لئے ضروری ہے جو فی الواقع سفر پر آمادہ ہو اور منزل مقصود میں ہو ورنہ ایک کولہو کے بیل کے لئے پروگرام مرتب کرنا مضحکہ خیز ہوگا۔ ہمارا مطمح نظر یا منزل مقصود کیا ہونا چاہیئے اور آیا ہمارا موجودہ نظام تعلیم ہم کو منزل مقصود تک پہنچانے کے لئے کافی ہے یا نہیں ایسے سوالات ہیں جن پر بڑی سرگرم بحث کی ضرورت ہے لیکن میرا ارادہ نہیں ہے کہ میں اس موقعہ پر ان مسائل پر کوئی بحث چھیڑ دوں اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک بے وقت کی راگنی ہوگی اس لئے میں صرف اپنے بیان کے نتیجہ پر پہونچنے کے لئے موجودہ نظام تعلیم کی جانب اشارہ کر کے گزر جاؤں گا۔ اگر میں پورے نظام تعلیم پر بحث ضروری سمجھتا تو میں اس سے زیادہ عورتوں کی مناسب و معقول تعلیم اور ورزش جسمانی کی تعلیم پر شاید زیادہ زور دیتا اس کے ساتھ میں بالغان کی تعلیم کی بھی موجودہ زمانہ میں سب سے زیادہ ضرورت سمجھتا ہوں مگر یہ مناسب موقعہ نہیں کہ میں آپ کو ان مسائل میں الجھادوں میں نے جس بیان کو شروع کیا ہے صرف اس کو ختم کرنا کافی سمجھتا ہوں اور بقدر ضرورت نظام تعلیم موجودہ کے عام اثرات کی جانب حسب موقعہ اشارہ کرتا جاؤں گا۔

اگر درخت اپنے پھلوں سے شناخت کیا جا سکتا ہے تو موجودہ کالجوں اور یونیورسٹیوں کی پیداوار پر ایک سرسری نظر ڈالنے کے بعد ہم اپنے نظام ونصاب تعلیم کے حسن وقبح کو بخوبی سمجھ سکتے ہیں۔ ہماری تعلیم نے ملک میں دو قسم کے اشخاص پیدا کر دئے ہیں ایک وہ جن کی ہمتیں صرف ادنیٰ یا اعلیٰ ملازمتوں کے حصول تک محدود و قاصر ہیں دوسرے وہ جو اچھے مفکر اور فلسفی تو بن گئے ہیں لیکن عملی قوتوں کے صحیح استعمال سے محروم ہیں یعنی ان کے عقل کو تو تعلیم نے جلا دے دی ہے لیکن جذبات یا تو فنا ہی ہو گئے ہیں یا اس درجہ مضمحل کہ ان سے کسی عمل کی امید ہی نہیں کی جا سکتی ہے ظاہر ہے کہ کوئی ارادہ یا کوئی عمل جذبات کے بغیر ظہور میں آ ہی نہیں سکتا ہے عقل صرف روشنی کا تو کام دے سکتی ہے لیکن خود بذاتہا کوئی عمل نہیں کر سکتی ہے پس ایک ایسے مکان میں جس میں ذی حیاۃ و ذی ارادہ مخلوق موجود نہ ہو روشنی محض بے کار ہوگی ایک روشنی میں نیکی اور بھلائی کے بہترین کام بھی انجام پا سکتے ہیں اور سنگین تر جرائم اور نفرت انگیز ذمایم بھی عقل اگر ایک قابل ترین پولیس مین اور زیرک سراغ رساں کو مخلوق کی حفاظت اور خدمت کے جذبات کے ساتھ ساحل مراد تک پہونچاتی ہے تو ایک کامیاب ٹھگ۔ مشہور ڈاکو۔ غارت گر سارق بدترین جعل ساز بھی اس کی روشنی سے فایدہ اُٹھاتا ہے۔ پس محض عقل کی روشنی کوئی خوبی اور فلاح نہیں ہے جب تک کہ جذبات پر قابو اور ان کے صحیح استعمال پر قدرت حاصل نہ ہو ایسے مفکرین کی مثال جن کی عقل کو تعلیم نے جلا دے کر جذبات کو فنا کر دیا ہے اس لیمپ کی سی ہے جو ویرانہ میں روشن کر دیا گیا ہو جس سے کوئی فایدہ نہ اٹھا سکے۔ پس ایک طرف تو ہماری تعلیم نے غلاموں کا ایک گروہ پیدا کر دیا ہے جو ملازمت ہی کو منشاء حیات اور سرمایۂ افتخار سمجھتا ہے اور جو کسی طرح آزادی اور حریت کی فضاء میں سانس نہیں لے سکتا ہے۔ اور یہی گروہ سب سے زیادہ ہے۔ دوسری طرف گو کم تعداد ہی میں سہی لیکن ایسے لوگ بھی پیدا ہو گئے ہیں اور ہو رہے ہیں جو عقل وفکر کے لحاظ سے تو آسمان میں تھگلی لگاتے ہیں لیکن عمل کے لحاظ سے محض اپاہج ہیں۔ ان دونوں گروہوں میں باوجود اس بعد وفرق کے ایک خصوصیت مشترکہ یہ ہے کہ کسی ایک گروہ کو بھی حقیقی معنوں میں قوم اور قومیت کا کوئی احساس ہے

نہ اس سے تعلق۔ ہر ایک شخص بحیثیت ایک فرد اپنی ذاتی اور علیحدہ رونق بازار کا خواہاں ہے یہ دوسرا گروہ انسانیت کی تکمیل کے قریب ضرور ہو گیا ہے گویا وہ انسانیت کا ایک کچا مواد ہے جس سے اچھے انسان پیدا کئے جا سکتے ہیں اس گروہ کی مثال ایک ہیولیٰ کی سی ہے جس میں روح پھونکنا باقی ہے گویا وہ اذا سویتہ کا مصداق تو ہو گیا ہے لیکن ابھی نفخ روح کا منتظر ہے تاکہ حیات کے آثار ظاہر ہو جائیں اگر آپ کی یونیورسٹیوں اور کالجوں کی اعلیٰ سے اعلیٰ پیداوار یہی ہے تو سمجھنا چاہئے کہ آپ کا موجودہ نظام تعلیم ایسی مریض ماں کی حیثیت رکھتا ہے جو حرکت کرتے ہوئے زندہ بچے پیدا کرنے کی قابلیت نہیں رکھتی ہے۔ نظام تعلیمی کے اس نقص کی ذمہ داری بڑی حد تک میری رائے میں ملک کی اس ذہنیت پر بھی عاید ہوتی ہے جو موجودہ زمانہ میں پیدا ہو گئی ہے۔ ہمارا پورا ماحول کچھ اس طرح تبدیل ہو گیا ہے کہ اس نے ہمارے ذوق اور وجدان کو کچھ سے کچھ کر دیا ہے اور زندگی کے کسی شعبہ میں ہمارے سامنے کوئی اعلیٰ مطمح نظر باقی نہیں رہا ہے تعلیم کے معاملہ میں ہمارا قبلہ مقصود صرف یہ ہے کہ ہمارا بچہ تعلیم پا کر ملک کی اعلیٰ سے اعلیٰ خدمت حاصل کر سکے اور بس۔ تعلیم سے ہمارا منشاء فی نفسہ تعلیم نہیں ہے۔ یعنے ہم علم کو علم کی غرض سے حاصل نہیں کرتے ہیں بلکہ بادل ناخواستہ صرف ان شرائط کو پورا کر دینا چاہتے ہیں جو گورنمنٹ نے حصول ملازمت کے لئے عاید کر دی ہیں تاکہ ہم جلد سے جلد کوئی اعلیٰ عہدہ گورنمنٹ میں حاصل کر سکیں۔ جب تک ہماری یہ ذہنیت تبدیل نہ ہو گی ہمارا تعلیمی مطمح نظر پست رہے گا اور ظاہر ہے کہ ہمارا تعلیمی پروگرام کلیتہً ہماری خواہشات وضروریات اور ہماری مطمح نظر کے مطابق ہی ہو گا۔ اس ذہنیت اور اس تعلیم کا نتیجہ یہ ہے کہ ملک میں ایک بہت بڑا گروہ ایسے غیر مطمئن اشخاص کا پیدا ہو گیا ہے جو معاش کی تنگی سے مضطر و مضطرب ہو کر عقل کو بجا نہیں رکھ سکتا ہے یہی وہ گروہ ہے جو ملک میں آئے دن کی شورشوں کا موجب ہوتا رہتا ہے اس لئے سب سے پہلے اس پیٹ کی آگ کا علاج ضروری ہے جس میں عقل و ایمان دونوں بھسم ہو رہے ہیں۔ یہ اطلاع غالباً آپ کے لئے قابل اطمینان ہو گی کہ سرکار عالی اس مسئلہ پر غور کر رہی ہے اس غرض کے لئے ایک کمیٹی مقرر کی گئی تھی جس نے اس مسئلہ پر غور کر کے اپنی تجاویز سرکار میں پیش کر دی ہیں مشورہ یہ ہے کہ مدارس

و کالجوں میں صنعت و حرفت اور پیشوں کی تعلیم کا بھی انتظام کیا جائے۔ ممکن ہے کہ اس انجمن کے آیندہ سالانہ اجلاس تک اس کے متعلق کوئی احکام صادر ہو جائیں۔ مگر باوجود اس کے میں یہ خیال کرتا ہوں کہ جب تک وہ اصل ذہنیت تبدیل نہ ہو گی جس کی بدولت ایک تعلیم یافتہ سرکاری ملازمت کے سوا کسی دوسری طرف رُخ نہیں کرتا ہے اس وقت تک صنعت و حرفت اور پیشوں کی تعلیم سے بھی شاید کوئی معتدبہ فایدہ کی توقع نہیں کی جا سکتی ہے اب بھی وکالت ڈاکٹری اور انجنیری کے اسناد رکھنے والے سوائے ملازمت کے اپنے پیر پر کھڑے ہونے کی کوشش نہیں کرتے ہیں۔ اس لئے ضرورت ہے کہ پہلے یہ ذہنیت تبدیل کی جائے ملک کے عام حالات کے لحاظ سے میری رائے میں شاید اس غرض کے لئے زراعت و تجارت کی جانب رغبت پیدا کرنا زیادہ مفید ہو سکتا ہے دوسرے پیشے زراعت و تجارت کے ساتھ خود بخود چلنے لگتے ہیں۔

تعلیم اور حیات قومی | اگر کسی طرح یہ موجودہ ذہنیت تبدیل اور مطمح نظر بلند ہو جائے اور علم محض علم کی خاطر سے حاصل کئے جانے کی رغبت پیدا ہو جائے تو ہم کو ضرورت ہو گی کہ ہم ایک مرتبہ پھر اپنے پورے نظام تعلیم خصوصاً نصاب کی نظرثانی کریں۔ مطمح نظر کے بلند و متعین ہو جانے کے بعد خود بخود آپ کو ایک مکمل تعلیمی پروگرام از سرنو مرتب کرنا پڑے گا آپ کے موجودہ نظام تعلیمی یا نصاب میں سب سے بڑا نقص یہ ہے کہ اس میں قومیت کے خیالات کو پیدا یا پرورش کرنے کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے۔

قومیت کا خواہ کوئی مفہوم لیا جائے یعنے خواہ بلحاظ ملک کے انسانی گروہ کو قوم کہا جائے یا بلحاظ کسی نسل و مذہب کے ہر حال میں کچھ قومی خصوصیات ہوا کرتی ہیں جن کا قائم رکھنا ہر مناسب حال تعلیم کا فرض ہے اگر دنیا میں بہ حیثیت قوم کے زندگی منظور ہے تو ضروری ہے کہ ان خصوصیات کو قائم رکھا جائے جو دوسری قوموں سے وجہ امتیاز قائم کرتی ہیں۔ قوموں کے خصائل و شمایل ان کے حیات کا اصلی راز ہوتے ہیں جن کی وجہ سے دنیا میں ان کو اعتماد و اعتبار اور ایک خاص درجہ حاصل ہوتا ہے اگر وہ جز آن سے الگ کر لیا جائے تو ان کی موت و حیات میں کوئی فرق باقی نہ رہے گا۔ بلاشبہ یہ خیال کہ قومیت کو مٹا کر انسانوں سے صرف انسانیت کے

ذریعہ سے تعلق اور واسطہ رکھا جائے ایک نہایت ہی خوشنما اور اعلیٰ درجہ کا خیالی فلسفہ ہے مگر جس قدر اس سے اعلیٰ خیالی کا اظہار ہوتا ہے اسی قدر وہ موجودہ زمانہ کے انسانی گروہوں کے افتاد طبیعت کے خلاف اور ناقابل عمل ہے اور اگر دنیا میں اس فلسفہ نے عملی حیثیت سے کہیں غلبہ پالیا تو وہ انسانی ترتیب و اصلاح کا آخری زینہ ہوگا اور اگر سچ مچ ایسا وقت دنیا میں آجائے تو وہ دنیا کے لئے انتہائی امن و آسایش کا زمانہ ہوگا لیکن محض اس خیال سے دل کو خوش و مطئن رکھنے سے کوئی نتیجہ نہیں نکل سکتا ہے۔ جب تک واقعی طور پر دنیا اس خیال پر عمل نہ کرنے لگے اس وقت تک خصوصیات قومی کو مٹا دینے کے معنے خود قوم کے فنا کر دینے کے ہیں اور یہ عمل کون و فساد اس عالم میں قوموں کے درمیان بڑے زور و شور سے جاری ہے۔ تعجب ہوگا اگر آپ کی آنکھیں اس نکتہ سے غافل رہیں۔

جب آپ اپنی قومی ضروریات اور خصوصیات کو ملحوظ رکھ کر خود اپنا تعلیمی پروگرام اور نصاب تعلیمی مقرر کریں گے تب آپ کو حقیقی طور پر جامعہ عثمانیہ کی عظمت کا اندازہ ہو سکے گا اور اس وقت آپ کی جامعہ میں وہ روح اعظم جلوہ گر ہوگی جو اکسفورڈ کیمبرج لیپزگ ولیڈن و ٹوکیو کی یونیورسٹیوں میں کار فرما اور زندہ ہستیاں پیدا کرنے میں مصروف ہے جب تک آپ میں یہ حس پیدا نہ ہوگی کہ قوم کیا ہوتی ہے اور قومی خصوصیات و ضروریات کیا ہوا کرتی ہیں اس وقت تک آپ کی جامعہ عثمانیہ ایک مشین یا فیکٹری رہے گی جس سے زندہ اور جاندار مخلوق کے بجائے غیر ذی حس و غیر ذی ارادہ ڈھلے ہوئے مادی پتلے پیدا ہو سکیں گے اور ممکن ہے کہ وہ ہندوستان کی دوسری یونیورسٹیوں کے بہ نسبت زیادہ سڈول اور زیادہ خوبصورت بھی ہوں لیکن بہر حال وہ بجائے اس کے کہ خود ملک کو آباد کریں ملک کے آباد کرنے والوں کے آفس ڈرائنگ رومس بچنس کی ضروریات و سجاوٹ کا کام دیں گے کیا آپ اپنے اس انتہا اور اس انجام پر قانع ہیں۔

تمدن و تعلیم کا تعلق | اقوام عالم کی تمدن کی تاریخ پر ایک سرسری نظر ڈالنے والا اس امر کو محسوس کئے بغیر نہیں رہ سکتا ہے کہ تمدن اور تعلیم اور تمدن و زبان کا باہمی تعلق کتنا قریبی ہے اگر ہم ایک کو استر سے مثال دیں تو دوسرے کو بلا تامل ابرا کہنا پڑے جس تمدن کو

آپ اپنی معاشرت کے لئے قبول کریں تعلیم اس کے دیا اثر رہے گی وہی تمدن اس تعلیمی دائرہ کا مرکز رہے گا جو آپ پر حاوی ہے اس طرح جس نظام تعلیم یا زبان کو آپ اپنی علمی زبان کے طور پر قبول کریں گے اس کے متعلقہ تمدن سے اثر لئے بغیر آپ اس علمی آسمان کے روشن ستارے نہیں بن سکتے جس کے زیر سایہ آپ زندگی بسر کرنا چاہتے ہیں یہ وہ نکتے ہیں جو ان اقوام کی تاریخ سے اخذ کئے جا سکتے ہیں جو دنیا میں بن بن کر بگڑیں یا بگاڑی گئیں۔

تلقین درس اہل نظر یک اشارتیست
کردم اشارتے و مکرر نمی کنم

مختصر یہ ہے کہ اگر ہم میں علم کو علم کی خاطر حاصل کرنے کا مذاق پیدا ہو جائے اور ہمارا مطمح نظر بلند و معین ہو جائے تو ہم کو اپنا نصاب تعلیمی اس طرح مرتب کرنا پڑے گا جو انفرادی اصلاح و تعلیم کے ساتھ ہی ساتھ قومیت کی تعمیر کر سکے۔

منشاء و نتیجہ بیان لیکن جس طرح محض کھاد اور عمدہ اوزار بغیر تجربہ کار اور محنتی کاشتکار کے بے کار ہوتے ہیں اسی طرح ایک بہتر سے بہتر نظام تعلیمی بھی بغیر استاد کامل کے متوقع نتائج پیدا کرنے میں ناکام رہتا ہے بس انسان کو انسان بنانے اور قوم کی تعمیر کے لئے ایک کامل الفن استاد کی ضرورت مکمل نظام تعلیم اور بہترین نصاب سے مقدم اور اہم ہے اور یہی تقدم و اہمیت استادوں کی عظمت و رفعت شان کی دلیل ہے۔ اس طویل تقریر سے صرف یہ واضح کرنا منظور تھا کہ استاد کا مرتبہ اس دنیا میں کس قدر اعلیٰ و ارفع ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ استادوں کے اوصاف کی نسبت کس خاص بیان کی ضرورت نہیں ہے جب استاد کو میں اتنی بڑی عظمت و عزت کا مستحق سمجھتا ہوں تو اس کے اوصاف اور فرائض کی نسبت میرا کیا خیال ہوگا جو شخصیت جس قدر اعلیٰ و ارفع ہوتی ہے اسی قدر اس کی ذمہ داریاں اہم اور نازک ہوتی ہیں تعلیم ایک سانچہ ہے جس میں انسانی خصائل ڈھالے جا سکتے ہیں وہ ایک بھٹی ہے جس کے ذریعہ رذائل فنا کئے جا سکتے ہیں اور اس طرح ایک بہترین شمائل کا انسان تیار کیا جا سکتا ہے جس کے ہاتھ میں یہ سانچہ اور بھٹی دی جاتی ہے اس کی ذمہ داری کی اہمیت کے لئے کسی مزید وضاحت کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی ہے۔ جس طرح ایک بچہ اپنے ماں باپ کے اوصاف کا وارث

ہوتا ہے اس طرح ایک شاگرد اپنے اُستاد کے فضائل سے بھی حصہ پاتا ہے پس استاد کے انتخاب میں نہ صرف علمی ڈگری کو بلکہ استاد کے ذاتی فضائل اور اضافی اوصاف کو بھی ملحوظ رکھنا ضروری ہے۔

اچھے استادوں کے انتخاب میں جو مشکل سدراہ ہے وہ یہ ہے کہ مدرسی و معلمی ایک پیشہ اور ذریعہ معاش بن گیا ہے اور ایک شخص جو یونیورسٹی کی ڈگری رکھتا ہے اپنے آپ کو مستحق سمجھتا ہے کہ اگر کسی اور طرف اس کو ملازمت نہ مل سکے تو وہ مدرس بنا دیا جائے حالانکہ حقیقت حال یہ ہے کہ:-

ہزار نکتہ باریک تر زمُو ایں جا است
نہ ہر کہ سر بتراشد قلندری داند

معاش کی تنگی کی وجہ سے ایک عام اضطراری کیفیت ایسی طاری کوئی شخص ملازمت کے معاملہ میں اس پر توجہ ہی نہیں کرتا ہے کہ آیا امیدوار اس خدمت کو کماحقہٗ انجام بھی دے سکے گا یا نہیں ہماری ضروریات زندگی حد سے بڑھ گئی ہیں معیار معاشرہ بلند و گران تر ہو گیا ہے اور ذرایع آمدنی تنگ و محدود ہیں اس لئے ایک اضطراری کیفیت کا پیدا ہونا لازمی ہے اور ظاہر ہے کہ اضطرار میں جائز و ناجائز و نیک و بد کا امتیاز باقی نہیں رہتا ہے اس لئے نتیجہ یہ ہے کہ صرف ڈگری مدرس کے لئے کافی سمجھی جانے لگی۔ ان حالات میں یہ توقع کرنا کہ ہر ایک شخص جو اُستاد کا پیشہ کرتا ہے حقیقی اور اصلی معنوں میں اُستاد ہوگا ایک خیال خام ہے۔

انجمن اساتذہ کا کام اور اثر ان خرابیوں کی اصلاح اور ایک استاد کو استاد بنانے کے لئے جو بہترین کوششیں ہو سکتی ہیں ان میں سے ایک ٹریننگ اسکول و کالج کا قیام ہے اور دوسرے خود اس انجمن کا وجود۔ اس انجمن نے استادوں کو فی الواقع اُستاد بنانے کے لئے جو جد و جہد کی ہے اس کا اندازہ ان مختلف کمیٹیوں کی رودادوں سے ہو سکتا ہے جو گزشتہ سنین میں تعلیم کے مختلف مضامین کے طریقہ تعلیم اور اس کے نقایص کی اصلاح کے لئے قائم ہوئی تھیں یہ رودادیں نہایت قیمتی مشوروں سے پُر ہیں جو طریقہ تعلیمی کے بہترین تجربوں کا نچوڑ ہیں۔ اگر

اِن مشورون پر استاد اپنی جگہ پر اور سر رشتہ تعلیم اپنی جگہ پر عمل کرنے کی کوشش کرے تو مجھے یقین ہے کہ ہمارا نظام تعلیم نہایت بارآور اور نتیجہ خیز ہو جائے گا۔

انجمن کی کارگزاری کی سالانہ رپورٹ آپ نے سماعت فرمائی ہے یہ امر قابل اطمینان ہے کہ انجمن اس سرگرمی اور جوش سے اپنا کام انجام دے رہی ہے جو انجمن کی بنیاد ڈالتے وقت ظاہر کی گئی تھی اگر چند سال تک سعی و کوشش میں یہی سرگرمی اور ترقی کی یہی رفتار رہی تو مجھے وہ دن دور نہیں معلوم ہوتا ہے کہ جب یہ انجمن بجائے خود ایک ایسا علمی ادارہ بن جائے گی جس کے فیض سے ملک میں بہترین و کامل العیار استاد پیدا ہو سکیں گے ۔

دعا و خاتمہ | آخر میں میں معتمد صاحب انجمن کی ہم نوائی کرتے ہوئے دعا کرتا ہوں کہ یہ انجمن اساتذہ ہمیشہ ملک کی مفید تعلیمی خدمات انجام دیتی رہے اور جوش عمل کے ساتھ اہل ملک میں علم و ہنر کی روح پھونک کر ملک کو علمی ترقی کے اوج کمال تک پہنچانے کا ذریعہ بنے اور خدائے قادر و برتر ہمارے آقائے ولی نعمت تاجدار دکن حضرت سلطان العلوم حضور پر نور بندگان عالی متعالی مدظلہ العالی کا سایہ عاطفت ہمارے سروں پر مدت مدید تک قائم رکھے آمین ۔

رپورٹ ذیلی کمیٹی متعلق تعلیم تاریخ در مدارس

مترجمہ جناب گنیش چند صاحب بی۔ اے۔ بی ٹی مددگار مدرسہ فوقانیہ دار العلوم

یہ بات عام طور پر محسوس کی جارہی ہے کہ ہمارے مدارس میں تاریخ کی تعلیم کچھ تشفی بخش نہیں ہوتی۔ ہمارے طریقۂ تعلیم میں سب سے بڑا نقص پایا جاتا ہے کہ اس مضمون کی تعلیم دیتے وقت کوئی خاص مقصد پیش نظر نہیں ہوتا۔ ہم سیاسی اور فوجی واقعات پر زور دے کر سماجی و معاشرتی پہلو کو نظرانداز کر دیتے ہیں۔ بادشاہ اور شاہنشاہوں کے نام لڑائیوں کی تفصیل، ممالک کے الحاق، اور صلح کے شرائط بلا غور و خوص رٹا دیے جاتے ہیں۔ زیادہ توجہ صرف الفاظ ہی پر دی جاتی ہے اور ان میں جو مضمر تصورات ہیں ان کے بیان کرنے کی کوشش نہیں کی جاتی۔ نصابی کتب ہمارے ماحول کے موزوں نہیں ہیں۔ دوسرے مضامین کے ساتھ اس مضمون کو متعلق کرنے کا بہت کم خیال ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ اکثر تاریخ کے مدرس اس مضمون کے طریقۂ تعلیم سے واقف نہیں ہوتے اور جیسے چاہئے ویسے قابل نہیں ہوتے۔ اس رپورٹ میں چند اہم مشورے دے کر متذکرہ بالا خرابیوں کے انسداد کی کوشش کی گئی ہے۔

تعلیم تاریخ کا مقصد | تعلیم تاریخ کا یہ ابتدائی مقصد ہونا چاہیے کہ طلبہ کو مدنیت کی تعلیم دی جائے۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ مدنیت کیا شے ہے؟ وہ اس معاشرتی تعلق کا ترقی پذیر احساس ہے جو تمدن کی ترقی کے ساتھ ساتھ انسان اور اس کے ہمسایہ کے درمیان باہمی تعلقات کو تقویت پہونچاتا ہے۔ ایک اچھے باشندہ کی ابتدائی زمانہ میں یہ تعریف ہوسکتی تھی کہ آیا اُس نے اپنے خاندان اور قبیلہ سے متعلقہ فرائض کو خوش اسلوبی سے انجام دیا کہ نہیں۔ ازمنۂ وسطیٰ میں اچھے باشندے کا اطلاق اُس شخص پر ہوسکتا تھا جو فرائض مذہب سے روشناس ہو۔ زمانۂ حال میں ایک اچھا باشندہ اس شخص کو کہا جائیگا جو اپنے ملک کے خاطر ہر قسم کے ایثار کے لئے آمادہ ہو۔ جنگ عظیم کے بعد کی دنیا نے مدنیت کا اعلیٰ ترین تصور یعنی بنی نوع انسان کے ساتھ ہمدردی ہمارے پیش نظر کر دیا ہے۔ زمانۂ حال کے طلبہ کو یہ احساس ہونا چاہئے کہ ہماری موجودہ تہذیب ایک مشترکہ مِلک ہے جس کا حصہ دار ہر انسان ہوسکتا ہے

لیکن بہ نیتِ عالم کا یہ تصور تمدنِ عالم میں ہمارے نمایاں کارناموں کو ہی ہم سے نابلد مملوک نہ کر دے اور وہ اس کی قدر کرنا سیکھیں اور اس پر فخر کریں۔ وہ یہ سمجھ لیں کہ وہ ان قدیم روایات کے وارث ہیں جو ان کے بعد آئندہ نسلوں کو اسی طرح ملتی رہیں گی اُنہیں ان کارناموں کو پڑھ کر جنہیں خواہ ہندو یا مسلمانوں یا انگریزوں نے اپنے اپنے دور میں رائج کیا مساوی طور پر ناز ہو سر اکبر حیدر نواز جنگ بہادر کے الفاظ میں؎ اس بات سے ہندوستانی قومیت کی ترقی کے بجائے اس کے ناپید ہونے کا احتمال ہے اگر ہندوستان کے مسلمان اشوک اور چندر گپت کی عظمت سے متاثر نہ ہوں یا غار ہائے ایجنٹا و ایلورہ کے لافانی فن مصوری کے نمونوں اور عدیم النظیر سنگ تراشی کو دیکھ کر ان کا دل غرور و مسرت سے نہ بھر جائے۔ یا جیدیو اور تکارام کی پر کیف نظموں سے وہ بلند تخیل سے متاثر نہ ہوں یا سری کرشن اور گوتم بدھ کے پر معنی اقوال سے گہری جستجو میں منہمک نہ ہوں۔ اور اس صورت میں بھی ہندوستانی قومیت کو عروج کی جگہ زوال ہوگا۔ اگر ہندوؤں پر تغلقوں اور عادل شاہوں کے لاجواب تعمیری نمونوں کو دیکھ کر ناز نہ ہو یا شیر شاہ اور اکبر جیسے حکمرانوں کی سیاسی تدابیر یا چاند سلطانہ اور نور جہاں کی سی بہادر بیگموں کی مردانہ شجاعت، یا محمود گاواں اور ابوالفضل کے سے آزاد رائے اور وفا شعار وزرا کا تدبر، یا البیرونی و فیضی جیسے علماء کا علمی تبحر، یا امیر خسرو اور غالب جیسے شعرا کی بلند خیالی دیکھ کر ان کے قلوب بجا غرور و تمکنت سے مسرور نہ ہو جائیں۔ یہ سب بھی قابل صد افسوس ہوگا اگر ہندو اور مسلمان دونوں کے دل سیوا اور رپن جیسے پاک اور اعلیٰ مقاصد والے ویسرائے یا منرو اور انفسٹن جیسے قابل منتظم، یا ناکٹ اور برائٹ جیسے ہمدردانِ ہند اور ہیئر اور مِلر جیسے مبلغین کو دیکھ کر متاثر نہ ہوں

لیکن اس قسم کے جذبہ حب وطن کو اندھی قومیت پسندی کے رتبہ تک نہ پہونچایا جائے بلکہ طلبہ کی توجہ موجودہ زمانہ کی ترقی پذیر حالات کی طرف منعطف کرائی جائے۔ بجائے اس خیال کو تقویت دینے کے کہ "میرا ملک خواہ غلطی پر ہو یا راستی پر میرا ملک ہے"۔ ان کو یہ سکھلایا جائے کہ جب وہ اپنے ملک کو راستی پر پائیں تو اس کی تعریف کریں اور اگر وہ غلطی پر ہے تو اظہار تاسف کریں۔ ان میں یہ احساس پیدا ہونا چاہیئے کہ حب الوطنی سے کہیں زیادہ بلند ایک اور جذبہ ہے جس کو ہمدردی بنی آدم کہتے ہیں۔

اگر اس طرح تاریخ پڑھائی جائے تو حقیقت میں بھی لدنی تعلیم ہے۔ اس سے طالب علم اپنے

اطراف واکناف کی دنیا کو بخوبی جان لیتا ہے۔ اور عہد ماضیہ کی روشنی میں زمانۂ حال کو اچھی طرح سمجھنے لگتا ہے۔ اس کی نصفت پسندی ترقی کر جاتی ہے اور آئندہ زندگی میں وہ زیادہ اہم سیاسی مسایل پر تحقیقانہ نظر ڈال سکتا ہے۔ زمانۂ سلف کے بڑے سیاسی اور روحانی مصلحین کی قائم کردہ ایثار و وفاداری کی مثالیں طالب علم کے تخیل کو متحرک کرتی ہیں۔ وہ یہ سمجھنے لگتا ہے کہ زندگی ایک مہم ہے اور فرض اس کا زبردست قانون اور یہ کہ وسعتِ حقوق اور حصولِ اختیارات سے ذمہ داریوں میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

نصاب | ہمارے مقاصد کی کامیابی کا انحصار نصاب اور طریقۂ تعلیم پر ہے۔ آج کل تاریخ ہند کی تعلیم مدرسہ کی اکثر جماعتوں میں ہوتی ہے اور تاریخ انگلستان کی تعلیم طبقۂ فوقانیہ کے آخری دو سال کے لئے مخصوص ہے اول الذکر کو جماعت چہارم سے فوقانیہ کی جماعتوں تک لازم گردانا گیا ہے اور آخر الذکر کو صرف وہی طلبہ پڑھتے ہیں جن کا خاص مضمون تاریخ ہو۔ پس ہمارے مدرسوں میں کوئی باقاعدگی نہیں ہے۔ یہاں دو قسم کے مدارس ہیں۔ ایک وہ جہاں ذریعۂ تعلیم اردو ہے اور دوسرے وہ جہاں انگریزی میں تعلیم دی جاتی ہے۔ مدارس عثمانیہ میں جماعت ہائے فوقانیہ کے لئے دو سال کا نصاب متعین کیا گیا ہے اور انگریزی مدارس میں تین سال تک تعلیم دی جاتی ہے۔ ہم کو معلوم ہوا ہے کہ جماعت ہائے فوقانیہ کے نصاب میں ایک اور سال کی توسیع کی جارہی ہے۔ اور ہمارا یہ خیال ہے کہ راہ راست کے جانب ہمارا یہ پہلا قدم ہے۔ اور قوی اُمید ہے کہ اس طریق پر ہمارے طرز تعلیم میں یکسانیت پیدا ہو جائے گی۔ بلالحاظ اس زبان کے جس میں تعلیم دی جارہی ہے ہم خیال کرتے ہیں کہ کسی مضمون میں ذریعۂ تعلیم کا مسئلہ اس قدر اہم نہیں جتنا تاریخ میں ہے۔ تجربہ اس امر کا شاہد ہے کہ جماعت ہائے فوقانیہ کے طلبہ نہ مضامین کو انگریزی میں سمجھ سکتے اور نہ وہ اس زبان میں اپنے خیالات کا ٹھیک طور سے اظہار کر سکتے ہیں اس لئے ہماری یہ رائے ہے کہ نہ صرف جماعت ہائے تحتانیہ میں بلکہ فوقانیہ جماعتوں میں بھی تاریخ طالب علموں کی مادری زبان میں پڑھائی جائے۔

متعلق جماعتوں میں نصاب کا تعین | ہم حسب ذیل نصاب کی سفارش کرتے ہیں۔

جماعت سوم :- تاریخ ہند کے قصص جو تاریخ دکن پر مشتمل ہوں۔

جماعت چہارم:۔ دکن کی تاریخ سے مختلف کہانیاں۔
طلبہ کے ماحول پر زیادہ زور دیا جائے۔ تاکہ طلبہ اپنے ہموطن بہادروں پر ناز کرنے لگیں۔ ان کا تقلیدی جذبہ متاثر ہو اور ان کا تخیل اور ہمدردی تقویت پائے۔

فرسٹ فارم:۔ تاریخ دکن اور متعلقہ تاریخ ہند۔
سکنڈ فارم:۔ تاریخ ہند۔ قرون ابتدائی د وسطیٰ۔
تھرڈ فارم:۔ ،، زمانہ موجودہ اور پچھلے حصوں کا اعادہ۔

اس تین سالوں میں مدرس کا مقصد یہ ہے کہ تاریخ دکن کو زیادہ اہمیت دی جائے۔ لیکن ساتھ ساتھ تاریخ ہند سے اس کے قریبی تعلق کو نظر انداز نہ کر دیا جائے۔ مسلمان طلبہ کو ہندو معاشرت اور فنون کی قدر کرنی سکھلائی جائے اور ہندو طلبہ کو مسلمانوں کی تہذیب و علوم کے عزت کرنے کی تعلیم ہو۔

امتحان وسطانیہ کو موقوف کر کے ہم راہ راست پر گامزن ہوئے ہیں۔ اس سے اساتذہ کو مضامین کے انتخاب میں ایک حد تک آزادی برتنے کا موقعہ ملتا ہے اور امتحانوں سے ان کو مجبور ہونا نہیں پڑتا۔ طالب علم کے آگے مسلمہ واقعات پیش کرنا چاہے اور ایسے عنوان جس سے کسی قسم کی منافرت مذہبی ہو یا ملکی قطعاً نظر انداز کر دینی چاہیئے۔

فورتھ فارم۔ تاریخ ہند۔ عہد ہنود و اسلام۔
ففتھ فارم۔ ،، خاندان مغلیہ و انگریز۔
سکستھ فارم:۔ زیادہ تفصیل اور وضاحت سے جس کے ساتھ مدنیت، حالیہ انقلابات و تحریکات، اور حالاتِ حاضرۂ دنیا سے خصوصیت کے ساتھ واقفیت چاہے۔

اعلیٰ جماعتوں میں اُس سے زیادہ تفصیلی مطالعہ کی کوشش کرنی چاہے۔ پس پردہ ایشیائی امور کا لحاظ رہے۔ بیرونی ممالک جاوا و جزائر شرق الہند میں ہندو دھرم کی اشاعت تمام ایشیا میں بدھ مت کا پھیلنا، ہندوستان میں اشاعتِ اسلام، اور عرب و فارس کے ساتھ ہند کے قریبی تعلق کا بلحاظ جنگ و فتوحات مقابلہ کیا جائے، تو سبق نہایت دلچسپ ہوگا مدرسے سے نکلتے وقت طالب علم کے دماغ میں یہ خیال ہونا چاہے کہ ایشیائی تہذیب بھی کوئی

شئے ہے جو ایک زبردست یادگار ہے۔

قدیم ہندوستان میں یونان اور روما کے مابین جو گہرا تعلق تھا اس کو تبلا کر یہ زور دیا جائے کہ ان کے باہمی تعلقات کیسے تھے۔

زیادہ اہمیت ان سماجی معاشی اور سیاسی انقلابات پر دینی چاہیے جو گزشتہ سو سال میں ظہور پذیر ہوئیں۔ مرکزی حکومت کے متعلق تفصیلی تشریح ہو جس کے لئے ہم حسب ذیل نصاب کی سفارش کرتے ہیں:۔ ویسرائے اور اس کی کونسلیں، گورنر اور اس کی کونسلیں، وزرا اور ذمہ داران حکومت، مقامی حکومت کے اصول، لوکل بورڈ اور محابس صفائی کے فرائض دیسی ریاستوں اور برطانوی ہند کی طرزِ حکومت میں اختلاف اور حقوق۔ بدرسین وہ اہم تبدیلیاں جو جنگ عظیم کے سلسلے میں رونما ہوئیں اور اُن کے اثرات برطانوی دستوری حکومت پر۔ مجلس بین الاقوام اور اس کے سماجی معاشرتی اور اخلاقی کارنامے۔ اور اس کے فواید ہندوستان اور مغرب کے لئے۔

ہم نے تقریباً آٹھ سالہ تعلیم تاریخ کا خاکہ تیار کیا ہے۔ جس پر اگر اسی طرح عمل ہو جیسا کہ اوپر واضح کیا گیا ہے۔ تو یقین ہے کہ ہر لڑکا سولہ سترہ سال کی عمر میں نہ صرف دکن پر فخر کر سکے گا بلکہ ہندوستان سے دکن کا تعلق، ایشیا سے ہندوستان کا، و نیز برطانوی جمہوریہ اور دنیا سے تعلق سمجھ جائے گا۔

تاریخ ہند تمام طلبہ کے لئے لازمی ہے۔ اور تاریخ برطانیہ ان دو اعلیٰ جماعتوں کے لئے جو تاریخ کو اپنا خاص مضمون بنانا چاہتے ہیں۔ ہائی اسکول لیونگ کے امتحان میں تاریخ برطانیہ کا نصاب ابتدا سے موجودہ عہد تک رکھا گیا ہے۔ اس کے علاوہ تاریخ کے کسی عہد کا تفصیلی مطالعہ کرایا جاتا ہے۔ لیکن چونکہ ہمارے مدارس فوقانیہ میں تاریخ برطانیہ کی صرف دو سال تک تعلیم دی جاتی ہے۔ اس لئے ہماری یہ رائے ہے کہ اس کو پڑھاتے وقت ہم کو صرف اس قدر خیال رہنا چاہیے کہ لڑکے تاریخ برطانیہ کے اہم واقعات اور اصول سے جن پر انگریزی ادارہ جات کی ترقی مبنی ہے واقف ہو جائیں۔ ہم اس لئے اس امر کی سفارش کرتے ہیں کہ عہد مخصوص کو نصاب سے بالکل علیحدہ کر دیا جائے۔ اس کے بجائے جملہ عہدوں کا ایک تفصیلی مطالعہ ہو اور

نصاب حسب ذیل ہو۔

ففتھ فارم۔ تاریخ برطانیہ ۱۶۰۲ء تک

سکستھ فارم۔ ۱۶۰۳ء کے بعد۔

لڑائیوں کی تفصیل نظرانداز کر دینی چاہیئے۔ اہم تحریکات اور انقلابات پر زور دیا جائے۔ نظام جاگیری۔ شخصی حکومت۔ پارلیمنٹ۔ اصلاح مذہبی پر زور دیا جائے اور مماثل ہندوستان کے واقعات سے اس کا مقابلہ کیا جائے۔ تاریخ انگلستان میں جدید تحریکات مثلاً رائے زنی کی اہمیت۔ قوانین متعلق فیاکٹری، و مسایل بے روزگاری غربا، پر اس وجہ اہمیت دی جائے کہ اپنے ملک کی مماثل اصلاحات کے جانب ہمدردی پیدا ہو۔ یہ ہماری پختہ رائے ہے کہ ایسے ملک کو جو کسی فوری سیاسی تبدیلی کا اضطراب کے ساتھ منتظر ہے انگریزی ادارے اور ان کے اصول کے متعلق وسیع معلومات کی ضرورت ہے۔ کیونکہ یہ سب جانتے ہیں کہ دنیا کے ہر ملک نے خواہ وہ اینگلو سیکسن ہو یا غیر اینگلو سیکسن اپنی سیاسی بیداری انگلستان کے ادارہ جات سے ہی حاصل کی ہے۔

طریق تعلیم تاریخ | آج کل عام طور پر مدارس میں تاریخ نصابی کتب سے پڑھائی جاتی ہے۔ کالج کے تازہ دم نکلے گراجویٹ لکچر دینے کے اس قدر عادی ہوتے ہیں کہ وہ طلبہ کو ساکت و صامت بیٹھے ہوئے اپنی تقریر سنانا چاہتے ہیں لیکن یہ طریق تعلیم مدارس کے لئے موزوں نہیں۔ نوٹس دئے جائیں یا دوسری کتابوں سے انتخاب کیا جائے تو طلبہ کو رٹنے کی عادت ہو جاتی ہے اس لئے مدرس کو ایک موزوں نصابی کتاب سے عمدہ طرز بیان کے ساتھ طلبہ سے سوالات کرتے ہوئے تختہ سیاہ اور دوسرے لوازم کی امداد سے تعلیم دینا چاہیئے۔ مگر ہمارے یہاں نہ تو کسی ملکی زبان میں یا انگریزی میں ہی کوئی عمدہ نصابی کتاب موجود ہے۔ کتاب کا مصنف نہ صرف اس زبان پر حادی ہو جس میں وہ لکھی جارہی ہے۔ بلکہ اس کو اس ملک کے چھوٹے حالات کا تفصیلی علم ہونا چاہیئے جس کے متعلق وہ لکھ رہا ہے۔ اور اس کو وہ تمام مقاصد مدنظر رکھنے چاہئیں جن کا ہم نے مقاصد کے تحت ذکر کیا ہے۔ اگر ایک اطالوی لڑکا جو پامپیائی کی تباہی اور اس کے اسباب سے قطعاً ناواقف ہے۔ اپنی نصابی کتاب سے چینی دیوتاؤں کے متعلق معلوم

کرلے تو یہ ایک صریح ناقابل قیاس اصل ہے۔ لیکن ہاں ہم ہمارے مدارس کے ہزاروں لڑکے ایسے موجود ہیں جنہوں نے اپنی زندگی میں کبھی قلعہ گول کنڈہ، ورنگل یا غارہائے الیورہ واجنتا دیکھا اور نہ ان کی تاریخی اہمیت پر دس سطر لکھ سکتے ہیں یہ کمیٹی پرزور سفارش کرتی ہے کہ جماعت ہائے تحتانیہ کے لئے جو تواریخ تصنیف ہوں وہ تاریخ دکن کے نقطۂ نظر سے ترتیب دی جائیں۔ ایسی کتابیں جن سے کسی قسم کے پروپاگنڈا کا اندیشہ ہو مسدود کردی جائیں۔ اس لئے نصاب پر داخل ہونے سے پیشتر ایک بورڈ اس کتاب کی اہمیت پر غور کرے۔ ہم سفارش کرتے ہیں کہ انگریزی اور مقامی مادری زبانوں میں مثلاً تلنگی مرہٹی، کنڑی وغیرہ میں نصابی کتب طریقۂ ذیل ذیل پر مترتب ہوں۔

جماعت سوم۔ تاریخ دکن اور تاریخ ہند کی مختلف کہانیاں۔

〃 چہارم۔ تاریخ دکن سے مختلف قصص۔

فرسٹ فارم۔ دکن کی مختصر تاریخ اور اس سے متعلقہ تاریخ ہند

سکنڈ فارم }
تھرڈ فارم } تاریخ ہند معہ مفصل تاریخ دکن۔

فورتھ ففتھ وسکستھ فارم۔ تاریخ ہند۔

دوسرے مضامین کے ساتھ تاریخ کا تعلق | جب تک کسی مقام کے جغرافی حالات سے واقفیت نہ ہو اُس وقت تک وہاں کی تاریخ عمدگی سے سمجھ میں نہیں آتی ملک کی عام ساخت، دریا اور پہاڑوں کے محل وقوع، معدنی دولت اور اس کی تقسیم، قربتِ سمندر، وغیرہ نے ہر ملک کی تاریخ پر گہرا اثر ڈالا ہے۔ لڑائی کے میدانوں کا تعین اور خانہ بدوش اقوام کے حمل ونقل میں جغرافیہ کا بہت دخل ہے۔ طبقۂ تحتانیہ میں مدرس تاریخ، جغرافیہ کی بھی تعلیم دے۔ ادب کے اساتذہ سے بھی تاریخ میں دلچسپی پیدا کرنے کی بہت مدد مل سکتی ہے۔ کیونکہ ملک کی تاریخ اس کے ادب میں مضمر ہوتی ہے۔ ہندوستان کی قدیم تاریخ پر سنسکرت کی تھوڑی سی واقفیت کے بغیر دلچسپی نہیں ہوسکتی۔ اسی طرح قرون وسطیٰ کی ہندوستان کی تاریخ جاننے کے لئے فارسی [illegible] یا تامل زبانوں پر حاوی ہونا ضروری [illegible]

دستگاہ کی ضرورت ہے۔ ہماری تہذیبی یکسانیت کے حصول مدعا کے لئے ترقی کی ایک منزل طے ہوگی اگر ہر مسلمان لڑکا کم از کم کسی ایک ہندو ملکی زبان پر حاوی ہو جائے۔ اور ملک کا ہر ایک ہندو لڑکا حسب عملدر آمد قدیم تحصیل فارسی سے گریز نہ کرے۔

مدنیت | تاریخ سے متعلق ایک دوسرا اہم مضمون مدنیت ہے۔ امریکہ کے اکثر مدارس میں اس کی تعلیم بجود ایک علٰحدہ مضمون کی طرح ہوتی ہے لیکن ہمیں فی الوقت المانیہ اور برطانیہ کے نقش قدم پر چلنا مناسب ہے

اسباق تاریخ کے ہمراہ مدنیت کی تعلیم دی جائے۔ ابتدائی جماعتوں سے خاندان دیہہ مذہب اور دوسرے ہشکل اجتماعوں کے متعلق افراد کے جو فرائض ہیں ان کو ذہن نشین کرایا جائے۔ طبقۂ وسطانیہ میں اقتدار اعلیٰ، حکومت اور حکمران وقت کے ساتھ وفاشعاری کا تصور، و نیز تعلیم حفظان صحت اور محکمۂ صفائی کے متعلق ابتدائی تصورات کا بھی علم ہونا چاہیئے اجتماعی کام کی اہمیت پر زور دیا جائے۔ اور مشاغل مدارس میں اس کے لئے عملی کام کا موقعہ عطا ہو۔ طبقۂ فوقانیہ میں مدنیت، اقتدار اعلیٰ، و نیز مرکزی و مقامی حکومت کے فرائض، حقوق اور اس کی تنظیم کے متعلق تصورات کی تفہیم کرائی جائے۔ فی الحال حیدرآباد کی مدنیت کے متعلق ہمارے ذرائع معلومات بیشتر رپورٹ ہائے نظم و نسق سرکار عالی ہیں جو مدرس کو بسہولت دستیاب ہو سکتی ہیں۔ اُن سے ہمیں مرکزی و مقامی حکومت کی ترتیب و تنظیم، زمانۂ حال میں ہماری ملکی مدنی ترقی اور سرکار عظمت مدار اور ہماری ریاست ابدمدت کے درمیان تعلقات کا پتہ چلتا ہے۔

تعلیم تاریخ میں دارالتجربہ کی اہمیت اور ضرورت | زمانۂ حال میں سائنس کی تعلیم میں غیر معمولی تبدیلیاں ہوئی ہیں سائنس کے لئے ایک علٰحدہ کمرہ ہوتا ہے اور اس میں دارالتجربہ کی تمام ضروریات مہیا کی جاتی ہیں۔ لیکن معلم تاریخ کے لئے کوئی علٰحدہ کمرہ نہیں ہوتا۔ اور اس کو محض تختہ سیاہ پر اکتفا کرنا پڑتا ہے۔ اس عنوان کے تحت مدرسین کی توجہ ان مضامین کی طرف منعطف کرائی جاتی ہے جو بسلسلۂ ٹائمز ایجوکیشنل سپلیمنٹ کے اشاعت جنوری و فبروری ۱۹۳۲ء میں طبع ہوئے ہیں۔ پس تاریخ کے لئے ایک علٰحدہ کمرہ جس میں جملہ متعلقہ تاریخی ساز و سامان ہو

متعین ہونا چاہیئے۔

تصاویر | چند تصاویر جن سے ہندوستانیوں کو دل چسپی ہو نمونتاً کمروں کی دیوار پر آویزاں رہیں۔ ہندوستانی صنعت و دستکاری کے متعلق میکملن کمپنی نے چند تصاویر نہایت کم قیمت پر طبع کی ہیں۔ ممالک محروسہ کے تمام مدارس میں محکمۂ آثار قدیمہ کے پوسٹ کارڈ سایز کی تصاویر موجود رہنی چاہیئے۔ ان کو فریم کرکے کمرۂ تاریخ کی دیواروں پر آویزاں کیا جاسکتا ہے۔ کمرۂ تاریخی میں طبقۂ فوقانیہ کے لئے ایجنٹا کی صنعت و پچہ کاری کا عکسی فوٹو زیب دیگا۔ طبقۂ تحتانیہ کے لئے تصاویر کی کافی تعداد چاہیے۔ طالب علموں میں انڈین پکٹوریل ایجوکیشن اور دوسرے مصور رسالوں سے تصاویر کاٹ کر نوٹ بک اورالبموں میں چسپاں کرنے کا شوق پیدا کیا جائے۔

نقشہ جات | تعلیم تاریخ کے لئے تاریخی نقشہ ناگزیر ہے۔ دکن کے چھوٹے نقشے جن میں تیسری صدی عیسوی کا سیاسی نقشہ عہد اندہرا، ساتویں صدی کے عہد چالوکیہ، نویں صدی میں عہد راشٹر کوٹ، تیرہویں صدی میں جادونبی، کاکتیہ اور ہوسالا خاندان، سلطنت بہمنی اور اس کے انتشار پر پانچوں سلاطین کی حکومت کے نقشے، اور عہد جدید کا ایک نقشہ، انگریزی اور ممالک محروسہ کی جملہ مادری زبانوں میں طبع ہونا چاہیئے۔ ہندوستان اور انگلستان کے تاریخی نقشوں کی سفارش کی جاتی ہے۔ جو میکملن کمپنی سے سستے داموں مل سکتے ہیں۔ جنگ عظیم کے قبل کے مطبوعہ نقشوں کے بجائے حالیہ نقشوں کا استعمال ضروری ہے۔ لانگمین گرین کمپنی کا مطبوعہ نقشہ بین الاقوامی مدرس تاریخ کے لئے بیحد مفید ہے۔ نقشہ کی علیحدہ کاپیوں میں طلبہ سے نقشہ نکالنے کی مشق کرائی جائے۔ اور ان پر توضیحی نوٹ تحریر کرائے جائیں۔

نمایش گاہ مدرسہ | اعلیٰ قسم کی تحقیق وتفحص کلیہ سے متعلق ہے۔ لیکن مدارس میں تجسس کا شوق اور آثار قدیمہ سے دل چسپی اور انہماک کا ذوق پیدا کیا جاسکتا ہے۔ ممالک محروسہ میں آثار قدیمہ کے بہترین مقامات ہیں تقریباً ہر مدرسہ کے قرب وجوار میں سنگ پر نقش کتبات پائے جاتے ہیں۔ مختلف شہروں میں تاجروں سے قدیم اوردل چسپ سکہ دستیاب ہوسکتے ہیں۔ بعض دیہات میں خوبصورت دستکاری کے شکستہ نمونے پائے جاتے ہیں۔ اگر مدرسہ میں ایک مختصر تاریخی نمایش گاہ ہو تو مدرس کو ان کے اجتماع کا شوق پیدا ہوگا طالب علموں کو اس میں اضافہ کرنے میں فخر ہوگا۔

طرز قدیم کی مصوری، ازمنہ وسطیٰ کے لباس اور اسلحہ، اور پتوں پر کی قدیم تحریرات کماحقہ تھوڑی قیمت پر حاصل ہوسکتی ہیں کتبات کی تحریر کو پڑھنا بھی طلبہ کے لئے ایک اچھا مشغلہ ہے۔ مدرس یہ بھی دیکھ لے کہ طالب علموں نے اس ذخیرہ کی تاریخی اہمیت سمجھ لی ہے یا نہیں۔

تعلیمی تفریح | تعلیمی تفریح سے تفحص و تجسس کا ذوق ترقی پاتا ہے۔ بائز اسکوٹ کی تحریک تعلیمی تفریح کی ممد ہے لیکن ہر دو کے مقاصد مختلف النوع ہیں۔ بائے اسکوٹ کا مقصد ورزش جسمانی ہوتا ہے اور اسکوٹنگ کی مختلف آزمائشوں کی کھلی ہوا میں مشق بعض لوگ محض لطف و تفنن کی غرض سے تفریح کے لئے جاتے ہیں لیکن تاریخی تعلیمی تفریح کا ایک معینہ مقصد ہوتا ہے۔ اگر مدرس اس مقام سے ناواقف ہو جہاں وہ بچوں کو تعلیمی تفریح کے لئے لے جانے والا ہے تو ایسی تفریح سے تو کوئی مفاد ہی نہیں۔ مدرس کو تعلیمی تفریح کا ایک نظام العمل بنالینا چاہیئے اس کو قبل از قبل تمام مقامی رہنما کتب دیکھ لینی چاہیئے۔ تفریح سے پہلے ہی طلبہ تمام متعلقہ تاریخی واقعات سے واقف ہو جائیں کسی مدرس کے ساتھ پندرہ سے زیادہ تعداد طلبہ نہ ہو۔ اگر طلبہ کی تعداد میں اضافہ ہو تو مدرسین کی تعداد میں بھی تناسباً اضافہ چاہیئے۔ طلبہ کو مختلف فریق میں تقسیم کردیا جائے تفریح سے واپسی پر طلبہ کو اپنے تجارب تحریر کرنا چاہیئے تاکہ مدرس کو یہ اطمینان ہوسکے کہ انہوں نے کوئی نئی بات سیکھی ہے یا نہیں۔ موازنۂ مدارس کے مصارف معمولی میں چند مقامات مثلاً الیورہ، ایجنٹا ورنگل، گلبرگہ اور گولکنڈہ کی تعلیمی تفریح کے لئے ایک قلیل رقم منظور ہونی چاہیئے جو ہر سال ایصال ہو سکے۔

تاریخی کتب خانے | سر فلپ ہارٹگ نے اپنی حالیہ رپورٹ میں اس امر کے جانب توجہ منعطف کرائی ہے کہ طلبہ کے پاس کتب کی تعداد کم ہوتی ہے۔ شاذ ہی مدرس طلبہ کو شوق مطالعہ کی ہدایت دیتے ہیں اور بیشتر خود ہی کم عالم ہوتے ہیں امتحان میں کامیابی حاصل کرنے کی خواہش طلبہ اور ان کے والدین پر غالب رہتی ہے۔ ہر مدرسہ کے لئے ایک مہذب لائبریری کی ضرورت ہے اور کتب خانہ کے لئے مستعینہ رقم کے منجملہ سالانہ تاریخ کے لئے تناسباً ایک تعداد میں ہونی چاہیئے مدرس کے مطالعہ کے لئے تاریخ ہند و انگلستان کی حالیہ کتب، دنیا کے حالات حاضرہ پر چند کتب اور نیز طریقۂ تدریس کی کتب، مدرسہ میں مہیا ہونی چاہیئے۔ مدرسہ کے طلبہ کے لئے چند موزوں کتب اور

ہر کتاب کے متعدد نسخے فراہم کئے جائے۔ ایسے مدارس میں جہاں موزوں کتب خانہ ہے طلبہ اس کا صحیح استعمال نہیں جانتے۔ مدرسین طلبہ کو یہ بتلائیں کہ کون سے کتب میں ان کے مطلوبہ معلومات کا کافی ذخیرہ ہے اور ان کتب کے کن حصوں کا مطالعہ مناسب ہے۔ وقتاً فوقتاً تعلیم تاریخ کے ساعات سے ایک ساعت لائبریری کے لئے علیحدہ کردی جائے۔ تاکہ ان کو کتب خانہ کے استعمال کا صحیح طریقہ معلوم ہو اور نیز یہ کہ کتب کی آخری فہرست کے مطالعہ سے کیا فوائد ہیں۔

تاریخی ذوق کے نشو و نما اور طالب علم کے تخیل کو ازمنۂ ماضیہ تک منتقل کرنے میں ماخذی کتب خاص اہمیت رکھتے ہیں۔ تاریخ انگلستان کے لئے متعدد ماخذی کتب ہیں تاریخ دکن و ہند کے ماخذی کتب کی تعداد نہایت قلیل ہے۔ مناسب ہوگا اگر تاریخ دکن پر جدید ماخذی کتب تالیف کی جائیں۔

ایسی تاریخی کتب کی ایک انگریزی فہرست جو ہمارے مدارس کے لئے موزوں ہوسکتی ہیں۔ منسلکہ ہٰذا ہیں۔

تاریخی ناٹکیں کرنی، عہد ہائے ماضیہ کے لباس کا مظاہرہ، طلسمی فانوس اور (Stereo scope) اسٹراسکوپ کا استعمال تعلیم و تدریس میں تفہیم کے مناسب اور مفید ذرایع ہیں لیکن ان کی کامیابی کا انحصار بیشتر مدرس پر ہے۔ اگر مدرس بے ساز و سامانی کے ساتھ یہ کام شروع کردے تو بجز مضحکہ کوئی مفاد نہیں۔

امتحانات نصاب اور طریقۂ تعلیم کے متعلق ہماری تحریکات کی کامیابی کا انحصار بیشتر امتحانات پر ہے اگر سررشتۂ تعلیمات ہماری اسکیم کی تائید کرے تو اختتام تعلیم مدرسہ پر صرف ایک سرکاری امتحان ہوگا جس میں بزبان انگریزی و اردو مشترکہ پرچہ جات ہوں گے۔ تمام دنیا میں مرض امتحان پھیلا ہوا ہے اور آزمائش کے دوسرے بہتر طریقوں کا فی الحال عدم وجود، امتحان کو لاحق اور ناگزیر بنادیتا ہے۔ لیکن ہمارے ملک میں ممتحن اور امتحانات تعلیم کو ایک بے لطف مشغلہ بنادیتے ہیں۔ اگر تاریخ ہند کے سوالات اس طرح منقسم ہوں کہ طالب علم تین سو سال کی تاریخ کے مطالعہ سے مقررہ تعداد سوالات کا جواب ادا کرسکے۔ تو مدرس دوسرے عہود کو نظر انداز کرنے پر مجبور ہوجاتا ہے

ممتحنین کی ایک مجلس کا قیام ضروری ہے جو یہ دیکھ لیں کہ آیا پرچہ مقاصد تعلیم تاریخ کو پورا کرتا ہے یا نہیں۔

معلم تاریخ ہمارا مقصد تعلیم، نصاب، طریقۂ تعلیم اور امتحانات کا طریقہ نظری طور پر کتنا ہی مکمل کیوں نہ ہو اگر معلم جیسا چاہیئے ویسا نہ ہو تو نتائج لازماً غیر تشفی بخش ہوں گے۔

بعض حلقوں میں یہ خیال جاگزیں ہے کہ دو دن کی تیاری کا موقعہ دیا جائے تو ہر کس و ناکس تاریخ کی تعلیم دے سکتا ہے۔ طالب علم اور مدرس میں صرف یہی فرق ہوتا ہے کہ اول الذکر کا موخر الذکر کی نسبت نصابی کتاب کا مطالعہ چند صفحوں تک زیادہ ہوتا ہے۔ حتی الامکان اعلیٰ جماعتوں میں تاریخ کا مدرس ٹرینڈ گراجویٹ ہو جہاں اس مشاہرہ پر ٹرینڈ ایم۔ اے یا ٹرینڈ آنرز گراجویٹ دستیاب ہو سکیں تو لازماً ان کو ترجیح دی جائے۔ اگر ٹرینڈ گراجویٹ کمتر مشاہروں میں ملازمت کے لئے آمادہ ہوں تو طبقۂ وسطانیہ میں بھی ان کا تقرر کیا جائے۔

مدرس کو اپنا سبق نہایت احتیاط سے تیار کرنا چاہیئے۔ اس کی نوٹ بک سے یہ بھی پتہ چل سکے کہ نوٹس کے لکھنے سے پیشتر اس نے کن کتب کا مطالعہ کیا ہے۔ نیز نوٹس سے یہ بھی مترشح ہو کہ اوائل سبق میں وہ تفہیم کے لئے کیا ذرائع کام میں لائے گا اور طلباء سے کون سے سوالات کرے گا۔ سال بسال تازہ مطالعہ اور تجربات سے نوٹس میں اس نے کیا تبدیلیاں اور اضافہ کیا ہے اس کا بھی اندراج ہونا چاہیے۔ نوٹس صرف امداد کے لئے ہیں تاکہ مدرس کے پاس خاکہ ہو اور وہ نفس مضمون سے کہیں بھٹک نہ جائے۔ طالب علموں کو وہ نوٹس تحریر نہ کر دئے جائیں اور نہ ان کو یہ معلوم ہو کہ مدرس نوٹس دیکھ کر کہتا جا رہا ہے۔

لکچر دینے کی ترغیب پائی جاتی ہے۔ مدرسہ کے لئے لکچر دینے کا طریقہ مناسب نہیں ہے اکثر یہ لکچر طلبہ کی تفہیم اور استعداد سے بڑھ جاتے ہیں۔

معلم کے لئے میرا اندیشہ ہے کہ وہ کہیں قدیم طریقۂ تعلیم کا زیادہ پابند نہ ہو جائے۔ مدرسہ میں روزانہ پانچ ایک ساعت کا کام، کھیل اور اسکوٹنگ کی ذیلی ذمہ داریاں اور خانگی ٹیوشنوں کی بہتات جس کی روک تھام محکمہ کے جانب سے ہونی چاہیے مدرس کو معلومات جدیدہ سے پرے رکھتی ہیں۔ اساتذہ کو ان کے مضامین کی حد تک جدید انکشافات کے علم کے لئے وقتاً فوقتاً تازہ

یا د اسباق کے انعقاد کی ضرورت ہے ترتیب لائبریری جغرافیہ و مدنیت کے متعلق تعطیلاتی مدارس کا قیام عثمانیہ ٹرینگ کالج میں ضروری ہے محکمہ کے جانب سے مدرسین کو ایسی سہولتیں بہم پہنچائی جائیں کہ وہ ان جماعتوں میں شریک ہوسکیں۔ اساتذہ کو ہندوستان کے دوسرے حصوں میں سفر کرانے اور ان مدارس کی تعلیمی حالت کے معائنہ کا موقعہ عطا کیا جائے۔ جہاں تازہ ترین طریقۂ تعلیم کامیابی کے ساتھ رواج پایا ہے۔

اساتذہ کی سالانہ کانفرنس کے اختتام پر مدرسین تاریخ کی ممالک محروسہ کے دلچسپ مقامات کی تعلیمی تفریح کا انتظام ہو۔

نوجوانوں کی تربیت میں معلم کی شخصیت نہایت موثر ہوتی ہے۔ اگر مدرس میں مستعدی اور کارکردگی کا شعلہ نور افگن ہو۔ تو اس کی تجلی سے طلبہ کا دماغ بھی روشن ہوگا۔ لیکن مدرس کے مسن ہونے پر اس برقی قوت کے زائل ہونے کا امکان ہے۔ مناسب ہوگا اگر مدرس اپنا محاسبۂ نفس کرے اور یہ تحقیق کرلے کہ کہیں جوان عمری کے نصب العین کا تموج زندگی کی ناکام مساعی اور حرص میں طوفاں شکن نہ ہوا ہو۔

اراکین ذیلی کمیٹی | پروفیسر ہنمنت راؤ صاحب ایم۔اے۔ ایل۔ٹی (صدرنشین)
جی۔اے چنداورکر صاحب۔ ایم۔اے (معتمد) مولوی سید مجتبیٰ حسین صاحب نقوی۔ مولوی سید فخرالحسن صاحب بی۔اے۔بی۔ٹی۔ گنیش چند صاحب بی۔اے۔بی۔ٹی۔ ایم ہنمنت راؤ ایم۔اے۔ ایل۔ٹی۔ مولوی محمد یوسف صاحب بی۔اے۔بی۔ٹی۔ مولوی شیخ علی حسین صاحب بی۔اے۔بی۔ٹی۔ دیوسکر صاحب بی۔اے۔بی۔ٹی۔ ڈنگر نارایں صاحب بی۔اے۔بی۔ٹی۔

رپورٹ سب کمیٹی ریاضی

مترجمہ عبداللطیف حسنابی۔ اے۔ بی۔ ٹی مددگار مدرسہ فوقانیہ دارالعلوم بلدہ

علم حساب پر سب میں پہلی قابل لحاظ کتاب تقریباً چار سو برس پہلے انگریزی زبان میں لکھی گئی معلوم ہوتا ہے کہ مصنف کو ضروری معلوم ہوا کہ اس کا سبب تصنیف بتایا جائے۔ چنانچہ اُس نے اس مضمون کو ذیل کے مکالمے کی شکل میں پیش کیا۔

اُستاد:۔ "اگر عدد ایسی ہی نجس چیز ہے جیسی کہ تم سمجھتے ہو تو ہم کو اپنی روزمرہ کی گفتگو میں اس کا اتنا استعمال پیش کرنا چاہیئے۔ اچھا اب تم عدد کا نام نہ لو اور میرے اس سوال کا جواب دو کہ تمہاری عمر کیا ہے؟"

طالب علم۔ گم سُم۔

اُستاد:۔ "ہفتے میں کتنے دن ہوتے ہیں؟۔ تمہارے باپ کے پاس کتنی زمین ہے؟۔ اور اس کے پاس کتنے آدمی ہیں؟"

طالب علم۔ گم سُم۔

اُستاد:۔ "تو معلوم ہوا کہ جب کبھی عدد کی ضرورت ہوگی تم کو جواب میں گم سُم رہنا ہوگا۔"

لیکن آج اس مضمون پر بحث کرنے کے واسطے اتنی وکالت کی ضرورت نہیں۔ اس کی اہمیت ہر جگہ مسلم ہے اور مدرسہ کے نصاب کے کسی اور مضمون کی طرف زمانہ حال میں شاید ہی اتنی توجہ کی گئی ہو۔ ۱۹۰۰ء میں امریکہ میں علم حساب پر مطبوعہ علمی کتابیں صرف ۳۰ تھیں اور ۱۹۲۹ء میں ان کی تعداد ۵۰۰ ہوگئی۔ اس تمام تحقیق اور تدقیق کے نتائج کیا ہیں؟ اس کا جواب مختصر یہ ہے کہ اس سے اس مضمون کی طرف ہمارے ذہن کا ایک نیا طرز عمل پیدا ہوگیا ہے۔ اب ریاضی کا مفہوم یہ نہیں کہ خالی خولی اعداد سے کھیلنا آجائے بلکہ ریاضی ایک ہتھیار ہے جس کی مدد سے زندگی میں واقع ہونے والے تمام مقداری تعلقات پر قابو حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اب مقصود یہ نہیں کہ ریاضی داں پیدا کئے جائیں بلکہ مقصود یہ ہے کہ ایسے آدمی پیدا کئے جائیں جو موجودہ زمانے کی ضروریات کے حریف ہو سکیں۔

اب مضمون کے سماجی افادے کو روز بروز زیادہ اہمیت دی جانے لگی ہے۔

"استعمالی ریاضی" کا نام لیتے وقت ایک بات یاد رکھنی چاہیئے۔ اندیشہ ہے کہ اس سے مراد ریاضی کا وہ استعمال سمجھا جائے گا۔ جو عام آدمی اپنے روزمرہ کے کاروبار میں کرتے ہیں۔ یہ کہا جائیگا کہ "عام آدمی اپنی روزانہ زندگی میں حساب کے چند آسان قاعدے استعمال کرتا ہے اور بس۔ اس طرح اس سے زیادہ علم حاصل کرنے کی کیا ضرورت ہے"۔ یہ خیال گمراہ کن ہے اور اس سے جو لازمی نتیجہ پیدا ہوتا ہے اگر اُس پر عمل کیا جائے تو اس سے تعلیم کی ساری عمارت منہدم ہو کر رہ جائیگی۔

ماہر تعلیم کو صرف یہی نہیں سوچنا چاہیئے کہ ایک اوسط آدمی کیا جانتا ہے بلکہ یہ بھی کہ اُسے کیا جاننا چاہیئے۔ مثلاً یہ کہا جاسکتا ہے کہ ایک آدمی کو اُس کے ذاتی معاملات میں فی صدی کے حسابات کی ضرورت نہیں لیکن یہ ماننا پڑے گا کہ اس کا علم اُسے روپیہ کو ضائع کرنے سے بچائیگا مثلاً اگر لوگوں کو فی صدی کے مطلب کا زیادہ صحیح علم ہو جائے تو وہ چیزیں اقساط پر ہرگز نہ خریدیں۔ اقساط پر بیچنے والوں کو یہ حساب معلوم رہتا ہے خریداروں کو نہیں رہتا"۔

اسی طرح اگر لوگوں کو لین دین کا علم اچھی طرح ہو جائے تو وہ چھوٹے موٹے ساہوکاروں سے کبھی معاملہ نہ کریں جن کی شرح سود تباہ کرنے والی رہتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ بات بھی ہے کہ کافی ریاضی جانے بغیر آدمی آج کل کی دنیا میں کافی باخبری اور دلچسپی کا اظہار نہیں کرسکتا۔ کوئی اخبار اُٹھاؤ اُس میں سرکاری قرضہ جات، جنگ کے قرضے، محاصل، اعداد و شمار وغیرہ کا ذکر ہوگا اور کوئی آدمی سوسائٹی کا ایک کارآمد فرد نہیں بن سکتا جب تک کہ ان امور کی اصلیت اور غایت کو نہ سمجھے اور ان پر اپنی رائے قائم نہ کرسکے۔ اور اس کے لئے اُسے حساب اوسط، سود فیصدی اور دیگر حسابات کی ضرورت ہوگی جنہیں ایک "علمی" آدمی (یعنی وہ آدمی جو ہر چیز کے عملی مفاد پر زور دیتا ہے) بے کار کہہ کر نصاب سے خارج کردینا چاہے گا۔ نصاب کے مسئلے سے بحث کرتے وقت اس وسیع استعمال کو ملحوظ رکھنا چاہیئے۔

ریاضی کے مطالعے سے ایک اور عملی فائدہ بھی ہے۔ یہ ایسا مضمون ہے جس میں طالب علم کے سامنے ہر دم ایک نیا مسئلہ آتا ہے اور ہر وقت ایک ایسا سوال جس کو وہ محض آنکھ بند کرکے اپنی گذشتہ معلومات کو استعمال کرکے حل نہیں کرسکتا بلکہ نئے سرے سے سوچنا اور صحیح قاعدے

صحیح استعمال کرنا ہوگا. نصاب کی کتاب میں جو سوالات ہوتے ہیں اُن کا حقیقی فائدہ اُن کے ظاہری حل سے بہت زیادہ ہوتا ہے۔ مثلاً کسی شخص کو اس سے کیا کہ ایک فرضی ریل گاڑی ایک فرضی مسافت کتنی دیر میں طے کرے گی لیکن اگر اس سوال کے حل کرنے میں طالب علم زندگی کے ضروری مسائل کو جو اُس کو پیش آئیں گے حل کرنے کے لئے تیار ہو رہا ہے تو سمجھیئے کہ ریاضی کا پورا پورا سماجی افادہ حاصل ہوگیا۔ ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ تعلیم کا عام طور پر اور ریاضی کا خاص طور پر امتیازی کام یہ ہے کہ زندگی کے مسائل میں صحیح استدلال کرنے کی قوت پیدا کرے۔ اور اگر یہ صحیح ہے تو پھر طالب علم کے سامنے ریاضی کے مسائل اور اُن کے حل کرنے کے مختلف طریقے بھی اسی ضرورت کے لحاظ سے پیش کرنے ہوں گے۔ اور ہم کو یہ بھی نظر آئے گا کہ علمی ریاضی سے ہر اُس مسئلے کو نہیں خارج کر دینا چاہیئے جس کا ہمارے روزمرہ کے کاروبار سے راست تعلق نہ ہو۔

طریقے کمیٹی حیدرآباد ٹیچر کے مدیر کی شکر گزار ہے کہ انہوں نے جاریہ نمبر میں اس مضمون پر دو مقالے شائع کئے ہیں۔ طوالت کے خوف سے اُن کو ہم یہاں نقل نہیں کر سکتے لیکن وہ کمیٹی کی درخواست پر ہی لکھے گئے تھے اور اُن کو اس رپورٹ کے سلسلے میں پڑھنا چاہیئے۔ ان میں بہت سا قیمتی مواد اور بہت سے مفید مشورے درج ہیں۔ یہاں اتنا کافی ہے کہ ان میں "طریقے" کے متعلق جن بڑے نکات سے بحث کی گئی ہے اُن کو مختصر طور پر بیان کر دیا جائے۔

۱۔ حساب کے عملوں کو ہمیشہ مادی اور حقیقی صورتوں سے استخراج کرنا چاہیئے۔ اس کی بہت بڑی اہمیت ہے اور اس پر جتنا زور دیا جائے کم ہے۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ بچے کو صرف قاعدہ بتا دیا جاتا ہے جس کو وہ مشین کی طرح استعمال کرتا رہتا ہے۔ اس طرح طالب علم حقیقی دنیا سے بالکل دور جا پڑتا ہے اور عملی میدان زندگی سے ناآشنا رہتا ہے۔ ایک مدرسے میں بچے تعزیت کے مشکل سے مشکل حساب کر سکتے تھے لیکن جب سوال کیا گیا کہ ۵۰ بکریوں کے ایک گلے میں سے ۷ کو علیحدہ کر لیا جائے تو کتنے باقی رہیں گے تو وہ جواب نہیں دے سکے۔ اس سے بالکل صاف ظاہر ہے کہ خالی قاعدوں کا سکھا دینا کتنا بے کار ہے۔ اگر قاعدے کو اشیا کے ذریعے باقاعدہ اخذ کیا جائے تو قاعدہ بچے کے ہاتھ میں ایک آلہ بن جاتا ہے۔ گنتی اس طرح سکھائی جا سکتی ہے کہ اس کی آغاز انگلیوں سے، جماعت کے بچوں اور کمرے کے (ڈیسکوں) (

کو گن کر کیا جائے۔ باغ اطفال میں بچوں کو بیجوں کی جو ڈھیریاں لگانی پڑیں گی اُن سے خود ضرب اور تقسیم کے عمل کا مفہوم سمجھ میں آسکتا ہے۔ اوپر کی جماعتوں میں بہت سے قاعدے اس طرح حاصل ہو سکتے ہیں کہ چیزوں کو دراصل ناپا جائے اور یہ معلوم کیا جائے کہ اسی طرح کا ربط ایسی بہت سی صورتوں میں پایا جاتا ہے۔ مساحت کے بعض سبقوں کو مکان سے باہر میدان میں دینا مفید ہوگا۔ طالب علم خود قدم سے فاصلے ناپ سکتے ہیں مثلاً مربع میں وتر اور ضلع کی نسبت اس طرح معلوم ہو سکتی ہے اور زمین پر ایک بڑا ذو اربعۃ الاضلاع کھینچ کر اُس کا رقبہ ناپا جا سکتا ہے۔ بلندیاں معلوم کرنے کے لئے ایک سادہ ڈھال نما استعمال کیا جا سکتا ہے۔ زمین پر ایک آئینہ رکھ کر اُس سے یہ کام لیا جا سکتا ہے۔ اس طرح کہ ایک لڑکا آگے پیچھے ہٹ کر ایسی جگہ کھڑا ہو کہ آئینے میں ڈنڈے کے سرے کا عکس دیکھ سکے۔ اس کے بعد مثلث کھینچ کر ڈنڈے کی بلندی محسوب ہو سکتی ہے اور بعد میں ناپ کر اس کی تصدیق کر سکتے ہیں۔ ــــ (حیت) کے مطلب اور اس کی قیمت کو یعنی دائرے کے محیط اور قطر کے تعلق کو اس طرح قائم کر سکتے ہیں کہ چھوٹے بڑے مختلف دائروں کی فی الواقع پیمائش کی جائے۔

ایسا کرنے سے ہر عمل کا طالب علم کو ایک مطلب نظر آئے گا جو قاعدے وہ سیکھے گا وہ سب تجربے اور مشاہدے کا نتیجہ ہوں گے نہ کہ چند ایسی چیزیں جو طالب علم کے دماغ میں ٹھونس دی گئی ہوں بجائے اس کے کہ استاد یہ کہے "اس کو اس طرح کرو"، اُس کو چاہیئے کہ طلبہ ہی سے مشورہ لے کہ "اس کو کس طرح کریں"۔ بے شک ہر منزل پر اُس کو طلبہ کی رہبری کرنی ہوگی لیکن ہر نئی بات کو وہ اُن کی سمجھی ہوئی باتوں سے اس طرح آہستگی اور ہوشیاری سے اخذ کرے کہ یہ نئی نامعلوم بات بھی اُن کی اپنی ملک ہو جائے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ یاد رکھنے کے قاعدے بہت تھوڑے ہیں۔ چار سادہ قاعدوں (جمع تفریق ضرب تقسیم) کسروں اور تناسب میں سب کچھ آجاتا ہے۔ نفع نقصان، فی صدی، سود مفرد وغیرہ کو بتانا چاہیئے کہ تناسب ہی کی خاص صورتیں ہیں۔ ان سوالوں کے جو مختصر اور مخصوص طریقے ہیں وہ اُس وقت اختیار کئے جائیں جب کہ عمل کو طالب علم خود ایسے استدلال سے حاصل کرے۔ طالب علم کو ہر وقت اس بات کا احساس دلانا چاہیئے کہ ریاضی کچھ نہیں صرف عقل سلیم ہے جسے اعداد پر لگایا گیا ہے۔ اگر یہ طرز

عمل اختیار کیا جائے تو یہ بات سہل ثابت ہو جائے گی کہ فلاں لڑکے کا "ریاضی کا دماغ نہیں" کیوں کہ ریاضی کا دماغ ہر اُس لڑکے کو ہے جس کو عقل ہے۔ اس طرز عمل سے لڑکوں کی ساری ذہنیت بدل جائے گی اور عقل سلیم کو استعمال کرنے کی اُن کو جو عادت ہو جائے گی اُس سے مضمون کی ساری پیچیدگیاں سلجھ جائیں گی۔

۲۔ آلات کا مستقل استعمال۔ اس میں شک نہیں کہ اس سے استاد کا کام بڑھ جائے گا لیکن آگے چل کر اُس کو اس کی محنت چند در چند وصول ہو جائے گی۔ بعض مدرسوں میں آلات موجود ہوتے ہیں اور استعمال نہیں کئے جاتے۔ ذیل میں مثال کے طور پر آلات کے استعمال کے چند کارآمد طریقے بتائے جاتے ہیں جن سے بچے کی دل چسپی بڑھے گی اور اس پر ریاضی کا عملی پن روشن ہوگا۔

(الف) ایک سیر، آدھ سیر، پاؤ سیر، آدھ پاؤ کے باٹوں کے ذریعے کسریں سمجھائی جاسکتی ہیں۔ ۳/۴ سیر چاول علیحدہ کرنے سے کسر ۳/۴ کا مفہوم پیدا ہو جائے گا۔

(ب) فٹ پٹی بڑا سادہ آلہ ہے جس کے ذریعے کسریں اور طول کی پیمائش سکھائی جاسکتی ہیں۔

(ج) کھیل میں ایک دکان قائم کر کے فرضی سکے استعمال کئے جاسکتے ہیں۔ اس سے غبی سے غبی لڑکے کو بھی دل چسپی پیدا ہوگی اور سادہ قاعدوں کی عمدہ مشق ہو جائے گی۔

(د) ایک ٹکٹ خانہ قائم کر کے اس میں ہاتھ سے بنائے ہوئے مختلف قیمتوں کے ٹکٹ فروخت کئے جاسکتے ہیں۔

(ع) ایک اسٹیشن کا ٹکٹ گھر قائم کیا جاسکتا ہے۔ ٹکٹ خریدنے والوں کو اُن کی منزل مقصود کا فاصلہ بتایا جائے اور وہ حساب لگا کر ٹکٹ کی قیمت ادا کریں۔

(ف) گھڑیال کو سامنے رکھ کر ضرب کا عمل اور وقت کے بہت سے حسابات سمجھائے جاسکتے ہیں۔

۳۔ بورڈ پر نقشے کھینچے جائیں جن سے مقداریں زیادہ حقیقی معلوم ہوں گی لیکن نقشوں کو احتیاط اور صحت کے ساتھ کھینچا جائے۔ بعض وقت ایک اچھے نقشے سے وہ کام نکلے گا جو گھنٹہ بھر زبانی سمجھانے سے نہیں نکل سکتا۔ اس سلسلے میں یہ کہنا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ترسیم کو نصاب میں اس سے

زیادہ جگہ دینی چاہیئے۔ ترسیمات دراصل مقداروں کی تصویریں ہیں اس لئے ان کو تو بالکل ابتدائی جماعتوں سے اختیار کرنا چاہیئے۔ مثلاً سادہ تناسب کو ترسیمات کے ذریعے بڑی اچھی طرح سمجھایا جاسکتا ہے۔ اوپر کی جماعتیں خود معلومات فراہم کر کے یا اُستاد سے حاصل کر کے ترسیمات بنائیں مثلاً مدرسے میں طلبہ کی سال بہ سال مقدار، چاندی اور کلدار کی قیمتیں وغیرہ۔

(۴) ــــ (Project Method)

ریاضی میں عملیت پیدا کرنے کا اس سے بہتر طریقہ نہیں۔ لیکن یہ چنداں آسان نہیں۔ اس میں کامیابی کے لئے اُستاد کی طرف سے صلاحیت اور سرگرمی کا اظہار ہونا چاہیئے۔ اس کو جس عمدگی اور تکمیل کے ساتھ (Moga) میں انجام دیا گیا ہے دوسری جگہ کرنا مشکل ہے لیکن ذرا سی مناسب تبدیلی کے ساتھ ہر مدرسے میں کم از کم ایک جماعت کے لئے اس کا انتظام کیا جاسکتا ہے۔ ایک سال تک ہر روز آدھ دن (Shop project) میں صرف کیا جائے۔ اُستاد کو اختیار دے دیا جاتا ہے کہ جس طرح چاہے وقت صرف کرے بشرطیکہ جو کچھ بھی کرے دکان داری اور تجارت کے متعلق ہو۔ ابتدا اس طرح کی جاسکتی ہے کہ جماعت مل کر لکڑی کی ایک چھوٹی سی دکان کھڑی کرے۔ اس میں حساب اور پیمائش کی ضرورت ہوگی۔ پھر مدرسے کی ضرورت کی بعض اشیا خرید کر لڑکوں کو جلد فروخت کی جائیں نفع نقصان کا بھی کھاتہ رکھا جائے اور جماعت تصفیہ کرے کہ نفع کو کس کاروبار میں لگایا جائے۔ وغیرہ وغیرہ۔

۵۔ سمجھایا جائے کہ خانگی، تجارتی اور قومی زندگی میں ریاضی کا کیا حصہ ہے۔ لڑکوں کو بیمہ کا نظام، بین الاقوامی تجارت، سرکاری تمسک وغیرہ سمجھائے جاسکتے ہیں۔ اس سے یہ ہوگا کہ لڑکے کو نہ صرف حساب کے سوالات کا مواد سمجھ میں آئے گا۔ بلکہ ایک طرح کی دلچسپی پیدا ہوگی جس کو بغیر دماغ کی نشو و نما ناممکن ہے۔

۶۔ اوپر جو طریقے بیان ہوئے ہیں ان سے عمدہ نتائج حاصل کرنے کے لئے سخت ضروری ہے کہ لڑکوں کو مادری زبان میں سمجھایا جائے خصوصاً نیچے کی جماعتوں میں۔

جبر و مقابلہ اور ہندسہ: یہ مسلم ہے کہ ریاضی کے ان شعبوں میں عملیت پیدا کرنا مشکل ہے کیونکہ سرے سے ان کی فطرت ہی میں عملیت نہیں۔ لیکن یہاں بھی اگر صحیح طریقہ اختیار کیا جائے

توطالب علم کو ان کا بھی افادہ نظر آسکتا ہے۔ جبر و مقابلہ کا خاص فائدہ "مساوات" میں متصور ہے۔ اس لئے مشورہ دیا جاتا ہے کہ مساوات کی جو سادہ ترین شکل ہے اُس سے لڑکے کو جتنا جلد ممکن ہو روشناس کرایا جائے۔ اگر لڑکے کو "لا" کا مفہوم ہوشیاری سے سمجھایا جائے اور اس کا فائدہ بتایا جائے تو اس کے دل سے اُس کی ہیبت نکل جائے گی۔ مثلاً فرض کرو کہ ایک سوال ہے جس میں "بکریوں کی ایک تعداد" سے بحث ہے جو ایک شخص نے خریدی ہیں۔ لڑکا پہلے اس پورے فقرے کی بجائے صرف بکری کی شکل کا خاکہ رکھے۔ چند سوالوں تک اسی طرح عمل کرتا رہے۔ پھر ایسا سوال دو کہ مطلوبہ چیز کو نقشے کے ذریعے ظاہر کرنا مشکل ہو۔ اغلب یہ ہے کہ اب وہ خود بخود کوئی مختصر علامت تجویز کرے گا مثلاً بکریوں کے لئے "ب"۔ اب اس کے بعد نہایت آسانی سے لا کو روشناس کرایا جا سکتا ہے جو ہر سوال میں کام دے گا۔

سائنس کا ذرا سا علم ہو جائے تو لڑکے کو جبر و مقابلے کا فائدہ معلوم ہو جائے گا۔ سائنس میں مساوات کی بار بار ضرورت ہوتی ہے چونکہ سائنس نام ہے قدرت کے باقاعدہ علم کا اس لئے اس کو معلوم ہو جائے گا کہ طبعی قوانین کا علم حاصل کرنا ہو تو تھوڑا بہت جبر و مقابلہ جاننا ضروری ہے اور موجد اور محقق کے لئے تو بالکل ناگزیر ہے۔

ہندسہ کے متعلق ہمارا خیال ہے کہ زیادہ تر ساخت پر زور دینا چاہیئے اور ابتدائی حصہ بہت عملی ہونا چاہیئے۔ مثلاً اس کی کیا ضرورت ہے کہ اس کا باضابطہ ثبوت یاد کیا جائے کہ ایک نقطے اور ایک خط مستقیم کے درمیان عمود چھوٹے سے چھوٹا فاصلہ ہے جیسا کہ یہی بات ناپ کر دکھائی جا سکتی ہے اگر یہ نتیجہ طالب علم خود اخذ کرے تو یہ بہت زیادہ حقیقی علم ہوگا بہ نسبت اس کے کہ اقلیدس کے دیئے ہوئے ثبوت کی زبردستی پیروی کی جائے۔ اگر مسئلے کو اس طرح اخذ کرنا ممکن نہ ہو تو استاد اور طلبہ مل کر ثبوت کا مطالعہ کریں۔ لیکن ایک بار ثبوت معلوم ہو جائے تو اُس کو رٹانے کی بجائے بہتر ہوگا کہ سوالات حل کرنے میں اس کا استعمال کرایا جائے۔

دوسرے مضامین سے ریاضی کا تعلق جس سے ریاضی کا افادہ ظاہر ہوتا ہے:-

(ا) نقشہ کشی کے سبق کو ریاضی کا رفیق کار بنا سکتے ہیں۔ پیمانہ پر نقشہ کشی تناسب کا عملی استعمال ہے۔ اوپر کی جماعتوں میں (عبارتی سوالات کی مدد سے نقشہ کشی بڑی اچھی مشق ہوگی۔ مثلاً

ایک صندوق کھینچو جس کا ایک رُخ مربع ہو، لمبائی چوڑائی سے دُگنی ہو اور ڈھکن ۵۴ درجے کے زاویے پر کھلا ہو۔ جغرافی نقشہ کشی میں بھی ہندسی شکلوں کو داخل کیا جا سکتا ہے مثلاً کہا جا سکتا ہے کہ لنکا ایک مثلث ہے جس کے اضلاع کے طول دیے ہوئے ہیں۔

(ب) جغرافیہ کے بعض سبقوں کو ریاضی سے متعلق کر دیا جا سکتا ہے۔ مقامی بارش اور تپش کے اعداد و شمار کو مرتسم کیا جا سکتا ہے۔ طالب علم بطور خود ایسے نقشے کھینچ سکتے ہیں جن میں ملک کا رقبہ اور آبادی معلوم کر کے آبادی کی گنجانی دکھائی جائے۔

(ج) دستی مشاغل (Manual Work) بھی استعمالی ریاضی کے لئے اچھا میدان ہے۔ اگر مدرسہ میں پارچہ بافی کی جائے تو دھاگے کی قیمت مزدوری اور آلات کی فرسودگی سب کا لحاظ رکھ کر قیمت کا تخمینہ کیا جا سکتا ہے۔ اگر نجاری سکھائی جائے تو لڑکے مال مسالے کو استعمال کر کے اپنے ہندسے کے علم کو کام میں لا سکتے ہیں جس سے ان کو رقبوں اور حجموں کا ٹھیک ٹھیک علم ہو سکتا ہے۔ اور ان کو یہ بھی نظر آ جائے گا کہ اس طرح کے حسابات زندگی کے کاروبار میں کتنے کارآمد بلکہ ناگزیر ہیں۔

(د) ریاضی اور سائنس کے قریبی تعلق کا ذکر کیا جا چکا ہے۔

نصاب۔ نصاب بناتے وقت کسی بھی مضمون کا سماجی افادہ ہمیشہ پیش نظر رہنا چاہیئے لیکن جیسا کہ اس روداد کی ابتدا میں کہا گیا ہے اس کا مطلب یہ نہیں کہ سرسری نظر میں جو چیز بھی روزانہ زندگی سے دور نظر آئے اُسے ایک دم خارج کر دیا جائے۔

ہم نے یہاں صرف ابتدائی ریاضی کے نصاب سے بحث کی ہے۔ نیز دیہاتی مدارس کی ضروریات کو بھی شامل نہیں کیا۔ اس مضمون پر جس چھان بین کی ضرورت ہے اُس کی یہاں گنجائش نہیں۔

ابتدائی اور وسطانی حصوں کے لئے صرف ایک نصاب ہماری نظروں سے گزرا ہے جو ۱۳۳۱ ف کا ہے۔ ادب کے ساتھ گزارش ہے کہ نئے نصاب کی اشاعت ضروری ہے۔

مرمّہ نصاب کے لئے مشورے

ابتدائی۔ یہ عام طور پر محسوس کیا جاتا ہے کہ موجودہ نصاب بہت بھاری ہے۔ وہاں تو

صرف چاروں آسان قاعدوں کا استعمال جاننا کافی ہے۔ پہلی دو جماعتوں میں صرف ایسے سوالات دینے چاہئیں جن کی توضیح اور جن کے جواب کی جانچ حقیقی اشیا سے کی جاسکتی ہے (Expression work) کو لازمی قرار دینا چاہیئے۔

جماعت اول۔ گنتی ۱۰۰ تک۔ جمع اور تفریق ۲۰ تک تمام کام حقیقی اشیا کے ساتھ کیا جائے اگر ان کی کافی تعداد نہ میسر آئے تو تصویروں اور نقشوں سے کام لیا جاسکتا ہے۔

جماعت دوم۔ گنتی ۱۰۰۰ تک۔ جمع اور تفریق ۱۰۰ تک۔ پہاڑے اُستاد خود چیزوں کی ڈھیریاں لگاکر بنائے۔ اور اس میں ترتیب یہ رہے کہ پہلے دس گنا، پھر پانچ گنا، دوگنا، چوگنا، آٹھ گنا بتایا جائے۔ اور اس طرح بناتے ہوئے پہاڑوں کی مدد سے ضرب اور تقسیم۔

جماعت سوم۔ گنتی ایک لاکھ تک۔ جمع اور تفریق جس میں باقی ایک لاکھ تک رہ سکتا ہے۔ پہاڑے۔ ضرب اور تقسیم دو ہندسوں سے۔ مثالوں میں روپے، آنے، پائی استعمال کئے جاسکتے ہیں۔ لیکن اس طرح نہیں کہ تحویل کی ضرورت ہو۔ آسان کسروں کا مفہوم مثلاً ½، ¼، ¾ وغیرہ حقیقی اشیا کی مدد سے۔

جماعت چہارم۔ چار آسان قاعدوں کی توسیع زر کے سوالات (ہندوستانی سکے) تک جن میں تحویل شامل ہو۔ بازار کے لین دین پر خاص طور پر زور دیا جائے۔ بڑے بڑے عدد نہ استعمال کئے جائیں۔ مادی اشیاء کے (Concrete) کسروں کی آسان جمع جس میں ذواضعاف اقل کی ضرورت نہ ہو۔ دئے ہوئے ناپ کے مربع اور مستطیل۔ جماعت کے کمرے کے اندر کی اشیا کو ناپنا اور پیمانے پر کھینچنا۔

وسطانی جماعت۔ موجودہ نصاب قابل اطمینان معلوم ہوتا ہے۔ صرف ذرا تعلیم کے طریقے کو بدلنا اور زیادہ عملی قسم کے سوالات کی ضرورت ہے۔ مقامی پیمانے استعمال کرنے چاہئیں اور غیر ملکوں کے زر کے پیمانوں کو اُڑا دینا چاہیئے۔

فوقانی جماعت۔ حساب کے اندر حصص و راس المال کا ابتدائی علم داخل رہے۔ اور محاصل وغیرہ کے سوالات پر زیادہ توجہ کی جائے۔ سود کے سوالات میں ساہوکاروں کا طریقہ بھی مثال کے طور پر بتایا جائے یعنی روپیہ کو اتنے پیسے ماہانہ تھوک اور حلہ تجارت اور ریل کی حمل و نقل اچھی

طرح سمجھائی جائے اور ممکن ہو تو اتحاد باہمی کے کاروبار پر بھی سوالات گڑھے جائیں۔ ہمارا خیال ہے کہ ضرب و تقسیم کے مختصر طریقوں کے استعمال سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا اس لئے ہمارا مشورہ ہے کہ ایسے طریقوں پر کم وقت صرف کیا جائے اور زیادہ وقت تجارتی حسابات کو دیا جائے۔ جبر و مقابلے کو حساب کے تحت سمجھا جائے، اور اس کے ضرورت سے زیادہ نظری حصے حذف کر دیے جائیں۔

ترسیمات کو آزادی سے استعمال کر کے مقداروں کے تغیر و تبدل دکھائے جائیں اور مساواتیں حل کی جائیں لیکن وقت اور کام، رفتار اور فاصلہ وغیرہ کے سوالات میں استعمال نہ کریں۔

نصاب میں ٹھیک ٹھیک بتایا جائے کہ کیا کیا کرنا ہے۔ مثلاً "آسان اجزائے ضربی" کہہ دینے سے اُستاد کو پوری ہدایت نہیں ملتی۔ اجزائے ضربی کی قسم زیادہ یقین کے ساتھ بتائی جائے مساواتوں پر خاص زور دیا جائے۔

مساحت میں موجودہ نصاب ہو اور اس کے ساتھ (Field work) کی آسان مشق کا اضافہ کیا جائے۔ ہندسے میں موجودہ نصاب کی پیروی کی جا سکتی ہے لیکن زور اثباتی حصے کی بجائے عملی مساحت پر دیا جائے۔

مثالوں کا انتخاب۔

(۱) چونکہ ریاضی کا مقصد یہ ہے کہ طلبہ کو عام اصول نئے نئے مسائل پر لگانا سکھائے اس لئے سوالات بتاتے وقت اس کا خیال رکھنا چاہیئے۔ کچھ بھی ہو لیکن طلبہ کے سامنے وہی فرسودہ سوالات پیش نہ کئے جائیں۔ جس طرح زندگی کو گوناگوں ہونا چاہیئے اُس طرح ریاضی کو بھی ہونا چاہیئے۔ اس طرح لازم آیا کہ ابتدا ہی سے ریاضی میں مسائل پیش کرنے چاہئیں۔ قاعدے اور عمل صرف ڈھانچہ ہیں اور مسئلے گوشت پوست ہیں۔ نیز چونکہ زندگی کے مسائل میں اس کی ضرورت رہتی ہے کہ ضروری اور غیر ضروری میں تمیز کیا جائے اس لئے ایسے سوالات گڑھے جائیں جن میں غیر متعلق باتیں بھی ہوں۔

(۲) جہاں تک ممکن ہو سوالات ایسی چیزوں سے متعلق ہوں جن کو لڑکا تصور میں لا سکے تاکہ اُسے احساس ہو کہ اشیا سے بحث کر رہا ہے نہ کہ اعداد سے۔ سوالات میں یوں کہا جائے کہ گاڑی سکندرآباد سے قاضی پیٹ جاتی ہے۔ آہنی شہتیر بمبئی سے حیدرآباد لائے جاتے ہیں۔ گھوڑدوڑ فتح میدان میں ہوتی ہے وغیرہ وغیرہ۔ اس سلسلے میں یہ بھی اہم ہے کہ اعداد تقریباً

صحیح ہوں۔ مثلاً اگر چاول کی قیمت کا ذکر آئے تو وہ رائجہ قیمت کے قریب ہو اور اس کا ناپ مقامی طریقوں کے مطابق ہو مثلاً۔

(الف) ایک گاڑی حیدرآباد سے ۹ بج کر ۱۰ منٹ پر چل کر وقارآباد ۱۱ بج کر ۵ منٹ پر پہونچتی ہے۔ راستے میں تین جگہ تین تین منٹ کے لئے ٹھیری۔ اگر فاصلہ ۴۵ میل ہو تو گاڑی کی رفتار کیا تھی

(ب) تین بالغ آدمی اور ایک بچہ یہ سفر کرتے ہیں۔ اگر شرح ۳ پائی فی میل ہو تو ان کے ٹکٹوں کی قیمت کیا ہوئی۔

(ج) ۵ آنے میں چھ انڈے ملتے ہیں تو ۱۵ انڈے کتنے میں ملیں گے۔

(د) چاول روپے کو ۵ سیر ہو تو ۲½ سیر کتنے کا ہوگا (ڈھیریوں کا طریقہ)۔

(ع) ۷ مرغیاں ۰-۴-۸ روپیہ کو خریدی گئیں۔ ۶۰ دن تک اُن کی خوراک فی مرغی ½ آنہ روزانہ تھی۔ اگر ان کو ۰-۱۲-۱ روپیہ فی مُرغی فروخت کیا جائے تو کتنا نفع ہوگا۔

(۳) عام طور پر اس کا میلان پایا جاتا ہے کہ سوال میں بڑی بڑی قیمتیں دی جائیں۔ اس طرح کے سوالات صرف کبھی کبھی دئے جائیں کیونکہ ان میں مشین کی طرح کام بہت اور سوچنا تھوڑا ہوتا ہے۔ بھلا ۴-۱۴-۶، ۳۱۴۷ روپیہ کو ۳۴۷ سے ضرب دینے میں لڑکے کو کیا دلچسپی رہ سکتی ہے۔ دیکھنے والے کو تو یہی خیال ہوتا ہے کہ اُستاد ایسے سوال دے کر خود آرام کرنا چاہتا ہے پورے سبق میں دو لمبے سوال دینے سے بہت بہتر ہے کہ ایک درجن بھر چھوٹے چھوٹے سوالات دئے جائیں۔

(۴) تمام مثالوں میں سماجی افادہ مدنظر رہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہم نے حصص و راس المال محاصل، بازاری سود وغیرہ کو نصاب میں جگہ دینے کا مشورہ دیا ہے کیونکہ طالب علم کو مدرسے سے نکل کر اس طرح کے کاروبار کرنے پڑیں گے۔

اس روداد کو موثر بنانے کے لئے کمیٹی سررشتہ تعلیمات کو حسب ذیل مشورے دیتی ہے

(ا) صدر مدرسین کو شوق دلایا جائے کہ نئے طریقے سوچیں اور تجربے کریں خواہ اس سے نصاب سے کسی قدر انحراف ہی کیوں نہ ہو۔ مثلاً (PROJECT) کا طریقہ اختیار کرنا (انسپکٹر تصفیہ کرے گا کہ یہ تجربہ بارآور ہوگا یا نہیں اور اس کے مطابق یا تو منظوری دے گا یا باز رہے گا۔

(۲) نصاب پر نظر ثانی کی جائے اور نصابی مضامین کو زیادہ تفصیل سے درج کیا جائے تاکہ اُستادوں کی رہبری ہو۔

(۳) اس روداد میں جو مشورے دئیے گئے ہیں اُن کے مطابق مثالوں کی ایک کتاب سررشتہ کی جانب سے تیار کی جائے۔ اس میں مقامی پیمانوں اور سکوں کا استعمال رہے گا، ایک مقامی رنگ پیدا ہوگا اور اُستادوں کو صحیح قسم کے سوالات کا علم ہو جائے گا۔

(۴) ریاضی میں تعلیم کی اصلاح اس وقت تک بے کار ہے جب تک سرکاری امتحانات کی اصلاح نہ کی جائے۔ ایک اوسط لڑکا امتحان ہی کی روشنی میں ہر چیز کو دیکھتا ہے اور جو چیز اس مطلب کے لئے مفید نہ ہو اُسے بے کار سمجھتا ہے۔ اس لئے ہمارا خیال ہے کہ صحیح نقطہ نظر پیدا کرنے میں بورڈ آف اگزمینرز (مجلس ممتحنین) وہ کام کر سکتے ہیں جو کتابیں لکھنے سے نہیں ہو سکتا۔

جماعت مدرسہ میں خود مختاری

یہ نہایت ہی مختصر مضمون انجمن اساتذہ بلدہ حیدرآباد دکن کی چوتھی کانفرنس میں پڑھا گیا تھا۔ اس میں نہ تو اصول آزادی یا آئین نظم و نسق کی تشریح و توضیح کی گئی ہے اور نہ عطائے خود مختاری کے مالہٗ و ماعلیہ سے بحث۔ بلکہ فقط ایک تجربہ کا ذکر ہے جو مدرسہ وسطانیہ چنچل گوڑہ میں کیا گیا ہے۔ جن حضرات کو یہ مضمون تشنہ معلوم ہو وہ اپنی پیاس بجھانے کے لئے کم از کم "راہ بازی" مصنفہ کیڈویل کک، "آزادی کی طرف بچوں کی گامزنی" مصنفہ ہیکمن اور ارنسٹ اے کریڈک کی چھوٹی مگر سبق آموز کتاب "جماعتی جمہوریہ" کا مطالعہ فرمائیں۔ فقط

جس عنوان پر میں کچھ کہنے والا ہوں وہ اکثر حضرات کے لئے نیا ہوگا۔ انگریزی میں اُس کو (CLASS-ROOM REPUBLIC) یا (CLASS SELF-GOVERNMENT) کہتے ہیں اور اس کا اُردو ترجمہ جماعت مدرسہ میں حکومت خود اختیاری کیا گیا ہے۔ میں بذات خود اس کا ترجمہ جماعتی سوراج کرتا ہوں جو نہایت ہلکا پھلکا معلوم ہوتا ہے۔ لیکن اس خوف سے کہ کہیں اس تحریک کو مہاتما

"اتحاد انجمن ہائے اساتذہ عالم" کے سرپرستی اور آل انڈیا فیڈریشن آف ٹیچرز ایسوسی ایشن کی نگرانی میں کل ایشیا تعلیمی کانفرنس پہلے پہل بنارس میں بتواریخ ۲۶ ؍ تا ۳۰ ؍ ڈسمبر منعقد ہوگی۔ یہ کانفرنس اپنی نوعیت کی پہلی کانفرنس ہوگی جس میں ایشیا بھر کے پس افتادہ ممالک کے نمائندے شریک ہونے کے لئے دور دور سے آئیں گے۔ علاوہ ازیں اٹلی اور امریکہ کے ماہرین تعلیم بھی شرکت کریں گے۔ ایسی کانفرنس میں نہ صرف مختلف ایشیائی ممالک کے لوگوں میں باہمی تبادلہ خیالات کا موقع ملے گا اور ہر ملک کو اپنی تعلیمی حیثیت کا علم ہوگا بلکہ شرکار کانفرنس نئے خیالات، جدید معلومات اور دوسروں کے تجربات کا قیمتی ذخیرہ لے کر اپنے اپنے وطن کو واپس جائیں گے اور غالباً پہلے سے بہتر مدرس ثابت ہوں گے۔

کانفرنسوں کے متعلق بعض حضرات کا خیال ہے کہ یہ محض گپ شپ اور زبانی باتوں کی محلفیں ہیں جن کا کچھ نتیجہ نہیں نکلتا اور جن کی تقریروں اور خطبوں سے کسی مدرس کو کوئی فائدہ نہیں پہونچتا۔ یہ ممکن ہے کہ کانفرنسوں کی ساری تجویزیں بار آور نہ ہوسکیں لیکن اس میں تو کوئی کلام نہیں کہ اکثر تحریکوں کے ذریعہ سرکار کی توجہ بعض خاص مسائل کیطرف منعطف کرانے میں ضرور کامیابی ہوئی ہے۔ مدرسین بھی جو کانفرنسوں میں شریک ہونے کی زحمت فرماتے ہیں، وہ خواہ ابتداءً محسوس نہ کریں کہ لکچروں اور تقریروں کے سننے سے ان کے عملی کام میں کیا نمایاں فرق ہوا ہے لیکن جلد ان کے چشم باطن کے سامنے نئے علوم، نئی کیفیات اور نئے وجدانات کے دروازے کھلجاتے ہیں اور وہ نامعلوم طریقہ سے اپنے روزانہ کام میں ناقابل بیان تغیر محسوس کرنے لگتے ہیں۔

بنارس کی کانفرنس میں شریک ہونے کی اقصائے ہندوستان میں زور و شور سے تیاریاں ہو رہی ہیں اور سینکڑوں کی تعداد میں صوبجاتی نمائندے مقدس تیرتھ گاہ پر نظریں جمائے ہوئے ہیں۔ بمبئی سے تو ایک اسپیشل ٹرین خاص تعلیمی نمائندوں کو پہونچانے کے لئے چھوٹے گی جب ہم اپنی ریاست کی طرف دیکھتے ہیں تو ہر طرف خاموشی صرف جامعہ کے چند اور انجمن کے چار نمائندے عازم سفر نظر آتے ہیں بنیت انتظامی کمیٹی بخیر مبادا ان میں سے بھی ایک آدھ ٹپک جائے۔

طلبہ کی اخلاقی تربیت میں والدین کا حصہ

یہہ ایک کھلی حقیقت ہے کہ طلبہ کی اخلاقی تربیت باوجود نہایت اہم وناگزیر ہونے کے تعلیمی اُمور میں عملاً نظر انداز کردی جاتی ہے۔ جس کے دو خاص وجوہ ہیں۔ اول اساتذہ نے یہہ سمجھ رکھا ہے کہ اخلاقی تربیت کی ذمہ داری بلاواسطہ والدین پر عاید ہوتی ہے۔ اور اپنے اس خیال وعمل کی تائید میں کئی دلائل بھی پیش کرتے ہیں۔ جن کی تفصیل اس بحث کے لیے غیر ضروری ہے۔ دوم والدین کی دانست میں تعلیم کے ساتھ تربیت کی تکمیل بھی اساتذہ کے فرائض میں داخل ہے۔ اور ان کا اپنا فریضہ صرف اسی قدر ہے کہ بچّے کو مدرسے میں داخل کرکے وقتاً فوقتاً تعلیمی مطالبات پورے کردیں اور بس؎

سپردم بہ تو مایۂ خویش را　　　تو دانی حساب کم و بیش را

مگر یہہ ہر دو نظریے بجائے خود غلط ہیں۔ جن کے نادرست ہونے کا ثبوت اس سے بڑھ کر اور کیا ہوگا کہ اخلاقی تربیت کا موجودہ معیار باوجود اپنی شدید ضرورت واہمیت کے بلاخوف تردید زبانِ حال سے علی الاعلان کہہ رہا ہے کہ اخلاقی تربیت سے عاری تعلیم کی زندگی فی الحقیقت انسانیت کاملہ کی حیات نہیں بلکہ موت ہے۔ جس کا لازمی نتیجہ یہہ ہونا چاہیئے اور ہو رہا ہے کہ ہر سال خواندہ افراد کی تعداد میں دل خوش کن اضافہ تو ہوجاتا ہے مگر ان کے سرمایہ زندگی میں چند ادھوری معلومات اور ناپختہ قابلیت کی بے بہرہ ضامن یعنے دو چار کاغذی اسناد کے سوا اخلاقِ حسنہ اور انسانیت کاملہ کا کوئی قابلِ قدر ولایقِ اعتماد جوہر موجود ہی نہیں ہوتا۔ تربیت اخلاق کی کامل ذمہ داری کا بار والدین پر ڈال کر اساتذہ کا خود کو سبکدوش تصور کرنا کسی طرح قرینِ انصاف نہیں ہوسکتا۔ اور تو اور مدرسے اور مکان میں گذرنے والی ساعات کے تناسب کے لحاظ سے بھی اساتذہ کا ذمہ دار ہونا ثابت ہے۔ اور اگر تعلیم وتربیت کے چولی دامن کے تعلق پر نظر کی جائے تو یہہ ذمہ داری نسبتاً اور بھی اہم ہوجاتی ہے جس سے جائز طور پر انکار کرنے کی تھوڑی سی گنجائش بھی کسی پہلو نظر نہیں آتی۔ ایسی صورت میں ضرورت اور شدید ضرورت

اس بات کی ہے کہ اساتذہ تعلیم اور تربیت کی اہمیت کو ایک ہی نظر سے دیکھیں۔ اور جب تک ایسا
نہیں ہوگا نتائج تعلیم عملاً ناقص رہیں گے۔ جس طرح زندگی کے لئے جسم اور جان کی احتیاج ناگزیر
ہے اسی طرح کامل انسانیت کے لئے تعلیم و تربیت لازم و ملزوم ہیں اور ایک کے بغیر
دوسرے کا وجود اس قدر موہوم اور بے حس ہوتا ہے کہ اس پر ہستی کا صحیح اطلاق کسی طرح نہیں
ہوسکتا۔ باوجود اس لزوم کے تعلیم کو تربیت سے جدا کرنا جسم و جان کے باہمی رشتہ حیات کو منقطع
کرنا ہے۔ اسی طرح تربیت اخلاق کے اٹل فریضے سے والدین کا دیدہ و دانستہ گریز کرنا نہ صرف
تعجب خیز بلکہ افسوس ناک بھی ہے۔ چنانچہ یگانگی میں بیگانگی کا برتاؤ بالکل بے جوڑ اور مضرت رساں
ہوتا ہے یہہ ایسا اہم فریضہ ہے کہ اس سے جائز طور پر دست کش ہونے میں سخت سے سخت مجبوری
اور معقول سے معقول عذر بھی بہ ہر نوع درست نہیں ہوسکتا۔ کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ خانہ داری
کی نہایت معمولی ضروریات بھی جن کا سرانجام بالکلیہ نوکر چاکر سے متعلق ہوتا ہے جب والدین کی ذاتی
اور موقتی نگرانی کے بغیر انجام نہیں پاسکتی ہیں تو پھر اپنی عزیز از جان اولاد کی اخلاقی تربیت کا اہم ترین
فریضہ ان کی ذاتی توجہ کے بغیر صرف استاد کی کوشش سے کیونکر پورا ہوسکتا ہے۔ اگر تربیت اخلاق
کے مسئلے میں استاد کی حیثیت مثل طبیب کے تسلیم بھی کر لی جائے تو یہہ بھی ماننا پڑے گا کہ مریض کو پرہیز
کرانے کی ذمہ داری تیمارداروں کی بجائے طبیب پر عائد نہیں ہوسکتی مگر جو تیماردار بدقسمتی سے مریض
کے پرہیز کو بھی طبیب کے فرائض میں داخل کرتا ہے اور اپنا فرض صرف اسی قدر سمجھتا ہے کہ دوا
کی قیمت اور طبیب کی فیس بروقت ادا کر دی جائے تو ایسے مریض کے جانبر ہونے کی کیا توقع ہوسکتی
ہے۔ بادی النظر میں قصور تو علاج کا معلوم ہوتا ہے مگر حقیقت میں پرہیز کی غلطی مہلک ہوتی ہے
جو موثر اور نافع علاج کو بھی بے اثر کر دیتی ہے کیونکہ علاج کے ساتھ پرہیز کو جو اہمیت حاصل ہے
وہ بجائے خود علاج ہے یہی حال اخلاقی تربیت کا ہے۔ چنانچہ جب تک والدین کے ساتھ
اساتذہ اور اساتذہ کے ساتھ والدین اشتراک عمل نہیں کریں گے طلبہ کی اخلاقی تربیت کا مسئلہ
حل نہیں ہوگا۔ اس بحث سے ثابت ہوا کہ تربیت اخلاق کی ذمہ داری ایک طرف اساتذہ اور
دوسری جانب والدین پر کم و بیش عائد ہوتی ہے۔ اور یہہ ایسی ناگزیر ہے کہ ایک دوسرے کے
ٹالے ٹل نہیں سکتی۔

اساتذہ کے ساتھ اشتراک عمل کرنے کے لئے سب سے ضروری چیز باہمی تبادلہ خیالات ہے۔ جس کی دو صورتیں ہیں۔ بالمشافہ اور تحریراً۔ یوں تو تحریر سے ملاقات بدرجہا بہتر ہوتی ہے مگر جن کے اوقات کورنش کے باوجود اس کی اجازت نہ دیں وہ تحریر سے کام لیں اور اس میں ہرگز کوتاہی نہ کریں۔ یہہ ضروری نہیں ہے کہ والدین ہی کی طرف سے پیش قدمی ہوا کرے خود اساتذہ کو بھی کوئی موقع ضائع نہ کرنا چاہیئے۔ اگر ضرورت ہو تو اساتذہ کو اوقات فرصت میں تبادلہ خیالات کے لئے بیرون مدرسہ جانے کی اجازت بھی ملنی چاہیئے اور اشارات تعلیم کی کاپی میں آخر کے چند صفحات صدر مدرس کی اطلاع کی خاطر اس کے اجمالی ذکر کے لئے مختص کردئے جائیں تو غالباً بے جا نہ ہوگا۔ اس سے ایک لازمی فائدہ یہہ ہوگا کہ مدرسین میں تبادلہ خیالات کا احساس عام اور اہم ہو جائے گا اور اس کے ساتھ خود والدین کی توجہ میں بھی اضافہ ہوگا۔ مشہور تہوار اور عیدیں کے موقع پر جبکہ والدین کو بھی اطمینان اور فرصت ہوتی ہے۔ مدرسے کی جانب سے ملاقات کے لئے اجتماع ہوا کرے تو بہ یک کرشمہ دو کار کا مصداق ہوگا اس کے لئے نہ مصارف درکار ہیں اور نہ غیر معمولی انتظام کی ضرورت ہے۔ البتہ مدرسین اور والدین کو دو ایک گھنٹے صرف کرنے ہوں گے۔ اور عام تعطیل کے سبب بار بھی نہ ہوگا۔ مثلاً کسی عید کے موقع پر طلبہ سے کہدیا جائے کہ اساتذہ سے فرداً فرداً ملاقات کرنے کی بجائے اپنے والدین کے ساتھ وقت مقررہ پر مدرسے میں جمع ہو جایا کریں تو بہت بہتر ہے تاکہ تھوڑے سے وقت میں یہہ کام بہ آسانی پورا ہو کر عید کی حقیقی مسرت کو تعلیمی اذکار اور اصلاح حال کی خوش آئندہ تدابیر کی بدولت المضاعف کردے۔ ممکن ہے کہ پہلے اور دوسرے موقع پر امید افزا اجتماع نہ ہو۔ ایسی صورت میں مایوس نہ ہو جائے۔ اگر کسی کام میں بہ مرتبہ اول کامیابی حاصل نہ ہو تو اس کے یہہ معنے نہیں ہیں کہ ہمیشہ ناکامی ہو گی۔ اور ناکامی چونکہ عموماً غلط تدابیر کا نتیجہ ہوتی ہے اس لئے استعمال کردہ تدابیر کی مناسب اصلاح پر کافی غور اور مشورہ کرنے کی ضرورت ہے تاکہ نقش اول سے نقش ثانی بہتر ہو۔

انجمن طلبہ کے ماہواری جلسوں کی صدارت وغیرہ کے لئے والدین کو بھی مدعو اور آمادہ کرنا چاہیئے۔ اور اگر اُن کے لئے مدرسے کے اوقات ناموزوں ہوں تو بہ آسانی موزونیت

پیدا کی جاسکتی ہے جس کی صورت یہہ ہے کہ ایک سے تین بجے تک دو گھنٹے کا وقفہ دیگر تعلیمی کام کے بعد پانچ بجے سے جلسے کا آغاز کیا جائے۔ اس خصوص میں عام طور پر ایک قابل افسوس حق تلفی یہہ دیکھی جاسکتی ہے کہ مدارس میں جب کبھی سالانہ اور غیر معمولی جلسے ہوا کرتے ہیں تو اُن کی صدارت والدین کی بجائے افسرانِ سررشتہ کے سر تھوپ دی جاتی ہے اور اس پر طرہ یہہ کہ نظام العمل میں والدین کے فرائض۔ تعلیمی ہمدردی۔ اساتذہ کے ساتھ اتحاد عمل۔ درستی اخلاق کی تدابیر باہمی مشکلات کا حل۔ وغیرہ کے متعلق ہونے سے بھی کوئی ذکر نہیں ہوتا۔ حالانکہ موقع کی مناسبت کے لحاظ سے یہہ قطعاً ناقابل نظر انداز ہیں۔ اس سے بڑھ کر ستم یہہ کہ اسٹیج پر آکر تقریر کرنے والوں کی فہرست میں اساتذہ و طلبہ نیز افسران سررشتہ کے سوا والدین کا کہیں نام و نشان بھی نہیں ہوتا۔

والدین میں تعلیمی دلچسپی پیدا کرنے اور ان کی ہمدردی حاصل کرنے کے لئے ایسے زرین موقعوں کو اس بُری طرح نظر انداز کر دینے کے بعد حضرات اساتذہ کا یہہ کہنا کہ تربیت اخلاق کا مسئلہ والدین کے اشتراک عمل کے بغیر حل نہیں ہوسکتا خود ان کے لئے قابل غور ہے۔ یوں تو مہینا مدرسے کی جانب سے والدین کو طلبہ کی تعلیمی اور اخلاقی حالت کی اطلاع دی جانے کی ضرورت ہے تاکہ جو خامی والدین کی توجہ سے رفع ہوسکتی ہے اس کے ارتفاع میں تاخیر کے سبب مایوسی اور دشواری نہ ہو۔ نیز ایک خرابی دوسری بُرائی کو پیدا نہ کرے۔ مگر سہ ماہی۔ ششماہی اور سالانہ امتحانات کے بعد اکثر مدارس میں نتائج امتحان صرف طلبہ کو سُنا دیے جاتے ہیں اور والدین کو کوئی اطلاع ہونے نہیں پاتی۔ جن مدارس میں کم از کم سالانہ نتیجہ کارڈ وغیرہ پر لکھ کر والدین کی آگاہی کے غرض سے طلبہ کو دیا جاتا ہے اول تو اس میں طلبہ کی اخلاقی حالت کا ذکر ہوتا ہی نہیں۔ دوسرے یہہ کہ طلبہ نے اپنے والدین کو مطلع کیا یا نہیں اس کے اطمینان کی کوئی سبیل پیدا نہیں کی جاتی جس کا نتیجہ یہہ ہوتا ہے کہ اکثر والدین لاعلم رہتے ہیں۔ بعض وقت تو یہہ بھی سُنا گیا کہ ناکام طلبہ نے جن کو اپنی ناکامی سے والدین کو آگاہ کرنے کے لئے نتائج کا کارڈ دیا گیا تھا۔ والدین کو نہ صرف اپنا کامیاب ہونا باور کرایا بلکہ جدید کتب وغیرہ کے لئے روپیہ بھی حاصل کیا۔ اس ضمن میں یہہ واقعہ بھی کس قدر افسوس ناک ہے کہ مدرسے سے طلبہ کا نام خارج ہوئے مہینوں گزر جاتے ہیں مگر والدین کو علم نہیں ہوتا اسکی

وجہ بجز اس کے اور کیا ہو سکتی ہے کہ اساتذہ اور والدین میں اتحاد عمل نہیں ہے۔ یوں تو مدرسہ اور اُس کی ہر ایک چیز سے والدین کو جائز طور پر استفادہ کرنے میں کوئی امر مانع نہ ہونا چاہیئے مگر خاکر کتب خانے اور دارالمطالعہ سے بلا معاوضہ فائدہ اُٹھانے کے ذرائع بہ سہولت تمام فراہم کرنے جائیں۔ اس میں مدرسہ کا نقصان ہی کیا ہے۔ برخلاف اس کے بہت ممکن ہے کہ بعض خوشحال والدین نقد معاوضہ دیں یا اپنی طرف سے کوئی اخبار و رسالہ وغیرہ جاری کرا دیں۔ کتب وغیرہ کی داد و ستد میں مدرسے کو کچھ ایسی وقت بھی نہیں ہوگی طلبہ کے ذریعے لانے اور لیجانے کا کام بآسانی انجام پا سکتا ہے۔ اس طریقہ عمل میں ایک بڑا فائدہ یہہ مضمر ہے کہ تعلیم و تربیت کے متعلق بہت سے مفید مضامین والدین کی نظر سے گزر کر دیدہ اثر ے دارد کا مصداق ہوں گے اتحاد عمل کو مستحکم کرنے اور ترقی دینے کے لئے والدین کی طرح اساتذہ کو بھی چاہیئے کہ ازدیادِ تعلق کے معمولی مواقع مثلاً عیادت۔ تعزیت۔ مُبارکباد وغیرہ نظر انداز نہ کریں۔ اگر مدرسے میں یہہ طریقہ رائج کر دیا جائے کہ طلبہ ہر ہفتہ ہوم ورک کی کاپیوں پر والدین سے اطلاع یابی کی دستخط بالالتزام لیا کریں اور مدرس متعلقہ اس کا اطمینان کر لیا کرے تو اس میں طرفین کو کسی قسم کی زحمت نہیں ہوگی اور اس سے نہ صرف ہوم ورک باقاعدہ۔ صاف و پاک اور بے نقص ہو جائے گا بلکہ اشتراک عمل کا سلسلہ بھی مستحکم اور غیر منقطع ہوگا۔ جن مدارس میں صنعتی تعلیم اور باغبانی کا انتظام ہے اگر وہاں سے طلبہ کی دستکاری کی چھوٹی چھوٹی کارآمد اشیاء اور باغبانی کے ثمرات کبھی کبھی والدین کو تحفتہً بھیجے جائیں تو یقیناً حق بہ حقدار رسید کا مصداق ہوگا۔ جب والدین اپنے بچّوں کے عمدہ مشاغل کے مفید نتائج کو دیکھیں گے تو ان کے دل میں مسرت کے ساتھ مدرسے کی محبت و قدر و قیمت اور احترام کے حقیقی جذبات خود بخود مشتعل ہوں گے۔ اور کوئی عجب نہیں کہ یہ جذبات کسی موقع پر کارنمایاں کر جائیں۔ جب کوئی طالب علم کسی بات میں امتیاز حاصل کرے تو اس سے والدین کو خاص طور پر مطلع کرنا بھی بے حد مفید ہوگا۔ اگر مدرسے کے چند مقررہ امتحانات کے اختتام پر طلبہ کی اخلاقی حالت کے متعلق جو مکان کی چار دیواری تک محدود ہو، والدین سے نہایت مختصر مبنی بر حقیقت رپورٹ طلب کی جائے۔ اور جماعت میں طلبہ کے روبرو فرداً فرداً پڑھی جائے۔ نیز مدرس صاحب ضروری رہنمائی کے بعد طلبہ کی رائے سے بہترین رپورٹ کا انتخاب

کرائیں اور مناسب حال انعام انجمن طلبہ کے جلسے میں تقسیم کرنے کا نہ صرف انتظام کریں بلکہ انعام یافتہ طلبہ کے نام ایک مخصوص تختے پر جلی اور خوشخط لکھ کر مدرسے کے کسی منظر عام پر آویزاں بھی کر دیں تو کون کہہ سکتا ہے کہ اس مفید تدبیر کا ایک ادنیٰ جزو بھی خوش آیندہ اخلاقی نتائج مترتب کرنے سے قاصر رہے گا۔ اگرچہ کہ اشتراک عمل کی متذکرہ بالا تدابیر بہ ظاہر معمولی نظر آتی ہیں مگر تجربے کی بناء وثوق کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ ایک قلیل عرصے میں والدین اور مدرسے کے باہمی تعلقات اس قدر گہرے خوشگوار اور مستحکم ہو جائیں گے۔ کہ وہ مدرسے کے ہر ایک فائدے کو اپنا ذاتی فائدہ تصور کر کے دامے، درمے، قدمے، سخنے، نت نئے فوائد سے اس کو مالا مال کرنے میں ہرگز دریغ نہیں کریں گے جیسا کہ آج کل مہذب ممالک میں ہو رہا ہے خدا کرے کہ ہمارا ملک بھی اس نیک تقلید کی بدولت زیادہ سے زیادہ فائدہ جلد از جلد حاصل کرے۔

غالباً یہہ کہنا خلاف حقیقت نہ ہوگا کہ تربیت کی کٹھن منزل کا راستہ ایسا دشوار گزار اور پیچدار واقع ہوا ہے کہ علم النفس کی رہبری میں باوجود پھونک پھونک کر قدم رکھنے کے کجروی سے بچنا محال ہے ایسی حالت میں بلا تامل کہا جا سکتا ہے کہ طریقہ تربیت کی غلطیوں سے کوئی گھر خالی نہیں ہے۔ بعض غلطیاں تو ایسی فاش اور مہلک ہوتی ہیں کہ جن کا اثر مدتوں زائل نہیں ہوتا چنانچہ بچوں کو ڈرانے کا مرض ہر ایک گھر میں عام طور پر پایا جاتا ہے۔ کونسا گھر ایسا ہے کہ جہاں خصوصاً کم سن بچے مختلف آوازوں اور متعدد فرضی ناموں سے نہ ڈرائے جاتے ہوں۔ اخلاقی تربیت میں ڈرانے کا عمل اپنے اندر اتنے مہلک اثرات رکھتا ہے کہ جس کے سبب اور تو اور خود بنائے اخلاق تک اس قدر کھوکھلی ہو جاتی ہے کہ اس پر نہایت ادنیٰ درجے کے اخلاق کی عمارت بھی قائم نہیں رہ سکتی چنانچہ یہہ کلیہ ہے کہ جس اصول میں ڈر کو دخل ہو وہ اخلاقی تربیت کا جزو نہیں ہو سکتا۔ اور اگر باقاعدہ طور پر تحقیقات کی جائے تو یہہ حقیقت پایہ ثبوت کو پہنچے بغیر رہ نہیں سکتی کہ دنیا میں جتنی بھی اخلاقی بُرائیاں پائی جاتی ہیں ان کی نصف سے زائد تعداد کا اصل سبب محض ڈر ہوتا ہے۔ اب ذرا غور کیجئے کہ معصوم ہونہار تربیت کنندگان کی غلط تربیت کے سبب ذمائم اخلاق کی دائمی معصیت میں کس بُری طرح مبتلا ہو جاتے ہیں۔ ؎

حال دلم کہ خون شد از دیگران چہ گویم برمن حبیب من زد صد تیر کج ادائی

اخلاقی نقطہ نظر سے طلبہ کی غذا سیدھی سادی اور زود ہضم ہونی چاہیئے۔ جو لوگ اپنے بچوں کو نہایت مرغن یا روکھی پھیکی غذا کھلاتے ہیں وہ غالباً اس حقیقت سے واقف نہیں ہوتے کہ غذا نہ صرف جسم بلکہ اخلاق و فضائل پر بھی اثر انداز ہوتی ہے۔ چنانچہ دیکھا جاتا ہے کہ جو لوگ کثرت سے گرم اشیاء کا استعمال کرتے ہیں ان میں تہور پیدا ہوتا ہے اور جو ان سے سخت پرہیز کرتے ہیں ان میں جُبن پایا جاتا ہے تہور اور جُبن دونوں بوجہ افراط و تفریط محاسن اخلاق میں شمار نہیں کئے جا سکتے غذا کے مقابلے میں لباس کا مسئلہ اگرچہ زیادہ اہمیت نہیں رکھتا ہے مگر موجودہ زمانے کی فیشن پسند وبا نے اس کو سب سے زیادہ اہم کر دیا ہے۔ طالب علموں کی غذا کی طرح ان کا لباس بھی بہت سیدھا سادہ پاک و صاف اور مختصر ہونا چاہیئے مگر مشاہدہ شاہد ہے کہ آج کل سب سے بڑھ کر رنگینی نزاکت۔ دل فریبی شان اور نمائش طالب علموں کے لباس میں کوٹ کوٹ کر بھری نظر آتی ہے۔ اور غیر موزون لباس سے طبیعت میں بہت سی اخلاقی بُرائیاں مثلاً غرور حقارت زنانہ پن۔ شوخی۔ تجسس جائز افعال سے بیجا اجتناب۔ حفظ مراتب سے اعراض وغیرہ پیدا ہوتی ہیں۔ اس کے ساتھ یہہ بھی اکثر دیکھا جاتا ہے کہ ایسے ہی طلبہ کا تعلیمی نتیجہ ہر مدرسے میں ہمیشہ نسبتاً خراب رہا کرتا ہے۔ حالانکہ بوجہ امارت و خوش حالی حصول علم میں ہر طرح کی سہولت موجود ہوتی ہے۔ ابھی حال کا واقعہ ہے کہ مذکورہ صفات سے متصف ایک صاحبزادے جن کی ٹوپی رات میں ملازم کی غلطی سے پانی میں گرنے کے بعد فوراً اُٹھالی گئی تھی مگر صبح میں مدرسہ جانے سے پہلے استری نہ ہونے کے سبب گھر بیٹھ رہے۔ کیا اس سے ثابت نہیں ہوتا کہ موجودہ نسل جو اصل سے سود کو پیارا سمجھ رہی ہے وہ بالآخر یقیناً خسارے میں رہے گی۔ اسی سلسلے کا ایک اور واقعہ جو اپنے اندر بہت کچھ سامان غور و فکر رکھتا ہے یہہ ہے کہ ایک صاحبزادے کو ان کی اماں جان نے یہہ کہہ کر ایک روپیہ دیا کہ میاں ذرا ڈیوڑھی کے جوان کو دیدو کہ معمول کا سودا لائے۔ جب جوان نے روپیہ لینے کے بعد صاحبزادے سے کہا کہ سرکار اندر سے سودے کی ٹوکری بھی لادیجئے تو بس یہ سننا ہی تھا کہ سرکار آگ بگولہ ہوگئے اور سارا گھر سر پر اٹھا لیا کہ اس بے ادب و گستاخ نوکر نے مجھے کیا سمجھا ہے آخر کار اس ناکردہ گناہ ملازم نے ہاتھ جوڑ کر بار بار معافی چاہی تو

خیر گزری اور معاملہ رفع دفع ہو گیا۔ اللہ اللہ کیسی انوکھی ذہنیت اور کتنا بین تفاوت ہے کہ آنے والا زمانہ تو موجودہ پود سے یہہ کہہ رہا ہے کہ تم تیم اُٹھانے کے لئے آمادہ ہو مگر حال یہہ ہے کہ ببول کی ٹہنکڑی بھی بار ہے۔ غالباً اکثر طلبہ کو والدین کی طرف سے ماہانہ کچھ نہ کچھ جیب خرچ ملا کرتا ہے۔ ضرورت کی چیزیں فراہم کر دینے کی بجائے نقدی حوالے کرنا بعض وقت تخریب اخلاق کا موجب ہوتا ہے۔ چنانچہ اس تیقن کی بنا پر کہ جیب خرچ ملے گا۔ قرض لینے کی عادت ہو جاتی ہے جس کے سبب ان کا بیجا ذوق و شوق بڑھ جاتا ہے مگر آمدنی کے ذرائع محدود ہوتے ہیں اور جب قرض کی ادائی ناگزیر ہو جاتی ہے تو تو فیر آمدنی کی ناجائز صورتیں پیدا کرنے سے احتراز نہیں کرتے۔ چنانچہ ایک موقع پر دیکھا گیا کہ ایک طالب علم جو ایک پان فروش سے قرض لیا کرتا تھا چند ہی مہینوں میں تھوڑی تھوڑی بقایا بہت ہو گئی جس کو وہ یکمشت ادا نہیں کر سکتا تھا۔ نوبت یہانتک پہنچی کہ دوکاندار گھر پر تقاضا کرنے کے لئے آنے لگا۔ اور گھر والوں کو اطلاع ہو گئی۔ اس موقع پر باپ نے آزمائش کے طور پر ماں کے ذریعہ لڑکے کو چند روپئے دے کہ بازار سے ضرورت کی مختلف چیزیں خرید لائے۔ اول تو چیزوں کی قیمت میں بڑا تفاوت پایا گیا اور دوسرے یہہ کہ لڑکے نے باقی ماندہ روپیہ اور چند آنے واپس دینے کی بجائے کہدیا کہ کھو گئے اور جب دوسرے دن دُکاندار سے پوچھا گیا تو معلوم ہوا کہ میاں نے پائی پائی بے باق کر دی ہے۔ بالفرض یہہ مان بھی لیا جائے کہ مذکورہ بالا واقعہ عام نہیں بلکہ خاص ہے تو بھی اس خصوص میں مناسب حزم و احتیاط کی ضرورت ناقابل نظر انداز ہے۔ کم از کم اتنی احتیاط تو لازماً ہونی چاہئے کہ طلبہ کو جیب خرچ کے لئے جو نقدی دی جایا کرے اس کے مصرف کے واجبی ہونے کا اطمینان بھی ہوتا رہے تاکہ عدم بازپرس کے سبب طلبہ کی اخلاقی حالت خراب نہ ہونے پائے۔ اور والدین کو بعد از وقت افسوس نہ کرنا پڑے۔ اگرچہ کہ طلبہ کا تھوڑا سا وقت گھر کے نوکر چاکر کی صحبت میں گزرتا ہے مگر خود غرض اور خوشامدی نوکروں کی اتنی صحبت بھی اس قدر زیادہ مہلک نتائج مترتب کرتی ہے کہ ان کا تفصیلی بیان موجب طوالت ہے۔ الصُّحبۃُ مُؤثّرۃٌ ولوکان ساعۃ۔

ایک اور خرابی یہہ پائی جاتی ہے کہ طلبہ گھر کے نوکروں سے ایسی خدمات بھی لیا کرتے

ہیں جن کو وہ خود بلاہرج کار اور بآسانی انجام دے سکتے ہیں۔ نتیجہ یہہ ہوتا ہے کہ ان میں نہ صرف کاہلی پیدا ہوتی ہے بلکہ یہہ نارواحکومت کے خوگر بھی ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح محلے کے آوارہ دوست نما دشمنوں کی مخرب اخلاق محبت سے بچوں کو بچانا والدین کا فرض اولیں ہے ؎

پسر نوح با بدان بنشست   خاندان نبوتش گم شد

ناٹک اور سینما کے اخلاق سوز نظارے بھی طلبہ کے اخلاق کو گھن کی طرح اندر ہی اندر کھا رہے ہیں تہذیب جدید کی یہہ خانماں برباد وبا اس قدر عام ہو گئی ہے کہ اگر اس کی حسب ضرورت روک تھام نہ کی گئی تو کوئی عجب نہیں کہ یہہ ناعاقبت اندیش پود جادہ علم سے منحرف ہو کر جہالت و بد اخلاقی کی دائمی ضلالت میں مبتلا ہو جائے اور پھر اصلاح حال کی کوئی تدبیر کارگر نہ ہو۔ والدین ذرا تو غور کریں کہ اگر طلبہ اپنے مطالعے اور درس کی تیاری کا قیمتی وقت اور ان کی گاڑھی کمائی بے دردی سے خرچ کر کے تنگ و تاریک مقامات میں گھنٹوں مخرب الاخلاق نظارے دیکھا کریں تو ان کی صحت و بصارت کا حال کیا ہوگا اور حصول علم کے سکون و اطمینان اور وقت و محنت طلب کٹھن مرحلے کیونکر طے ہوں گے۔ مزید براں طلبہ اپنے دل و دماغ پر جو اثرات و نقوش لے کر اٹھیں گے ان کا زائل و محو کرنا کس قدر مشکل ہوگا۔ کیا اس خطرناک کشاکش اور اس کے مہلک نتائج سے اپنی عزیز اولاد کو بچانا والدین کے فرائض میں داخل نہیں ہے۔ اور اگر ہے تو کیا اغماض و خاموشی ہی اسکی عملی صورت اور موثر تدبیر ہے یہاں افسوس کے ساتھ یہہ کہنا پڑتا ہے کہ طوفان و تلاطم میں گھرے ہوئے جہاز کا ناخدا جب ایسا خدا ناترس اور غافل ہو تو وہ یقیناً سلامتی کے کنارے پر پہنچ نہیں سکتا اگر والدین طلبہ کے غیر درسی مطالعے کی نگرانی اور سامان نوشت و خواند کی جانچ پڑتال کیا کریں تو یقین ہے کہ بہت سی پوشیدہ خرابیوں کا انسداد ہو جائے پہلے پہل طلبہ اپنی قابلیت کا نمونہ اور قلم کا زور دکھلانے کے لئے ایک دوسرے کو رنگین عبارت کے خطوط لکھا کرتے ہیں۔ اور پھر رفتہ رفتہ عاشقانہ طرز و انداز اختیار کر لیتے ہیں جس کے سبب ان کی طبیعت میں بھی اس قسم کی کیفیات پیدا ہونے لگتی ہیں اس میں نہ صرف ان کے نہایت قیمتی اوقات کا بیجا مصرف ہوتا ہے بلکہ خیالات فاسدہ بھی عملی صورت اختیار کر لیتے ہیں۔ اگر کسی کو طالب علم کی تصاویر کا البم دیکھنے کا اتفاق ہوا ہو تو

وہ اس مبنی بر حقیقت بیان کو بے کم و کاست تسلیم کرنے میں ہرگز تامل نہیں کرے گا کہ اس میں فحش اور ناقابل دید تصاویر بھی موجود ہوتی ہے۔ جن کو طالب علم نے اپنی پسند سے خرید کر جمع کیا ہے جس طرح کسی شخص کی خواہش کی چیزوں کو دیکھ کر اس کے مزاج اور ذوق کا اندازہ کیا جا سکتا ہے اُسی طرح طلبہ کے البم سے ان کی نو خیز طبیعتوں کی نہایت ناموزوں اُمنگوں کے سخت خطرناک نتائج کا پتہ لگ سکتا ہے۔ طلبہ کا غیر درسی مطالعہ بھی عموماً اسی قبیل کا ہوا کرتا ہے۔ چنانچہ مخرب الاخلاق ناول عشقیہ قصص گل و بلبل کے ترانے اور غزلیات کے دواوین۔ ان کے علمی مشغلے کے اجزائے ضروری ہیں جو بظاہر تو بہت دلچسپ بلکہ علم آموز معلوم ہوتے ہیں کیونکہ بعض وقت طلبہ کی وارفتگی اور انہماک کا یہ عالم ہوتا ہے کہ سیر و تفریح اور کھانے پینے کے اوقات بھی ان ہی کی نذر ہو جاتے ہیں مگر فی الحقیقت ان میں نہ طالب علمانہ دلچسپی کا سامان ہوتا ہے اور نہ ان سے علم و اخلاق کی معلومات میں ترقی ہوتی ہے بلکہ ان کی حقیقت اس خوفناک جنگل کی مانند ہے جس میں ہر قسم کے درندے تو منہ کھولے بیٹھے ہیں۔ مگر دور سے دکھائی دینے والا جاذب نظر سراب نما منظر چند نہتے ناعاقبت اندیش نادانوں کو اپنی طرف مقناطیسی قوت سے کھینچ رہا ہے اس غیر موزوں مشغلے کے زہر آلود اثرات سے اخلاق کے ساتھ تعلیم بھی بری طرح متاثر ہو رہی ہے چنانچہ سائنس ریاضی اور تاریخ جیسے سراپا دلچسپ مضامین سے طلبہ کو کچھ نفرت سی ہونے لگی ہے اور بدقسمتی سے وہ یہ سمجھنے لگے ہیں کہ ان کی طبائع کی یہ ناموزونیت جو خود ان ہی کے کرتوت کا لازمی نتیجہ ہے۔ کوئی فطرتی نقص ہے۔ طبقۂ وسطانیہ کا ایک طالب علم جو حساب کے امتحان میں چند خشک پیمانے اور انگریزی مہینوں کے ایام کی تعداد یاد نہ ہونے کے سبب سو میں سے صرف سولہ نمبر اور وہ بھی بمشکل تمام حاصل کرتا ہے۔ وہ اُردو مضمون نگاری کے پرچے میں اتنے بے محل رنگین اشعار جن میں غالباً چند مہمل طبع زاد بھی ہوتے ہیں۔ لکھتا ہے کہ جوابی پرچہ بجائے خود منظوم ہو جاتا ہے۔ ان واقعات پر نظر کرتے یہ کہنا خالی از مبالغہ ہوگا کہ طبقہ تحتانیہ سے اونچی تعلیم کے ہر ایک مدرسے میں اُردو کا ایک نہ ایک شاعر طالب علم موجود ہوتا ہے جس کی بے ہنگام شاعری کا خبط نت نئی شگوفہ کاری کیا کرتا ہے۔ ایک مدرسے کی انجمن طلبہ کے ماہواری جلسے میں ایک طالب علم نے جسے اُستاد صاحب نے کوئی اخلاقی نظم پڑھنے کے

لئے نامزد کیا تھا۔ اپنا طبع زاد بے معنی کلام نامناسب حال انداز سے سنایا۔ جس کو تمام اہل ذوق اساتذہ نے بالاتفاق "گل وبلبل کا دقیانوسی ترانہ" سمجھا مگر بعد میں معلوم ہوا کہ یہہ عجوبہ نگاری دراصل "نعت شریف" تھی۔ ببین تفاوت راہ از کجا است تا بکجا۔ عموماً گھر کی بوڑھی بڑی عورتیں خصوصاً چھوٹے بچوں کو قصے کہانیاں سنایا کرتی ہیں جو زیادہ تر مبالغہ آمیز اور بے نتیجہ ہوتی ہیں۔ اگر ایسی کہانیاں عمر بھر بھی سنی جائیں تو ان سے سیر و اخلاق کو فائدہ نہیں پہنچ سکتا۔ حالانکہ بچوں کے اخلاق و آداب درست کرنے کا یہہ بھی ایک بہترین ذریعہ ہے گزشتہ زمانے میں جب کہ علم کی روشنی اس قدر جلوہ گر نہیں تھی۔ بے علموں میں بھی محاسن اخلاق کے ایسے جواہر ریزے پائے جاتے تھے جو آج کل کے ذی علموں میں نظر نہیں آتے جہاں اس سیرت سازی کے بہت سے اسباب ہیں وہاں ایک ناقابل تردید بڑا سبب یہہ بھی ہے کہ ان لوگوں کو اپنے زمانۂ طفولیت میں پُر از نتائج اخلاقی قصص سُننے کے مواقع بکثرت ملا کرتے تھے اگر رستم کی دلاوری اور سکندر کے استقلال کے حقیقی اسباب دریافت کئے جائیں تو یقیناً بچپن میں سُنے ہوئے قصوں سے ان کو نہایت ہی قریب کا تعلق ہوگا۔ ہمارے گھروں کے موجودہ طریقۂ قصہ گوئی کی اصلاح کی ایک تدبیر یہہ ہوسکتی ہے کہ پڑھے لکھے مرد اس قسم کے قصے کہنے سے عورتوں کو نہ صرف منع کیا کریں بلکہ مناسب حال اخلاقی قصص پڑھ کر سنایا بھی کریں۔ نیز جو عورتیں خود پڑھ سکتی ہیں ان کے لئے سوانح اخلاق کا ذخیرہ حسب ضرورت فراہم کر دیں۔ اس سلسلے کی ایک آخری مگر نہایت ضروری کڑی یہہ ہے کہ گھر کی چار دیواری کا اخلاقی ماحول اور خود والدین کے اخلاق کا عملی نمونہ بچوں کے لئے ازبس مفید و موثر اور قابل تقلید ہونا چاہیئے مگر افسوس کے ساتھ دیکھا جاتا ہے کہ اکثر گھروں میں باہر سے زیادہ تخریب اخلاق کا سامان موجود ہوتا ہے۔ جس طرح کسی حکیم کے مریض ہو جانے سے اس کے بیماروں کا علاج اس سے ناممکن ہوتا ہے۔ اسی طرح گھر کے زشت خو بزرگ بھی اپنے بچوں کے اخلاق کو عملاً درست نہیں کر سکتے ایک وقت کا واقعہ ہے کہ ایک اونچے مکان کے کم سن بچے نے اپنے دروازے سے خوانچے والے کو پکارا۔ اور جب وہ پلٹا تو اس کو ایک موٹی گالی دے کر روپوش ہوگیا۔ راستہ چلنے والوں میں سے ایک صاحب نے خوانچے والے سے کہا گھر والوں سے شکایت کرنی چاہیئے۔ اور اگر تم چاہو تو میں تمہاری طرف سے گواہی بھی دوں۔ اتنے میں پاس کے مکان سے ایک

عورت کچھ خریدنے کے لئے باہر نکلی اور جب اس نے یہہ سارا قصہ سُنا تو بولی کہ کیا اگر دو گالیاں اور کھائی ہیں تو گھر والوں سے شکایت کرنی چاہیئے۔ کیونکہ یہہ گھر تو "ہمہ خانہ آفتاب است" کا مصداق ہے۔ اس سے واضح تر ایک اور واقعہ یہہ ہے کہ ایک ذی علم باپ جو اپنے بچے کو اس دروغ گوئی پر سخت ترین جسمانی سزا دیتا ہے کہ اس نے مدرسہ جانے کی نسبت سراسر جھوٹ کہا۔ اس واقعے کے تھوڑی ہی دیر بعد وہی باپ اپنے اُسی لڑکے سے یہہ کہتا ہے کہ اس وقت مکان پر دستک دینے والے اگر فلاں صاحب ہوں تو کہہ دینا کہ مکان میں موجود نہیں ہیں کہیں باہر گئے ہیں نیز یہہ کہ کب آئیں گے ہم کو اس کا علم نہیں ہے۔ ؎

مشکلے دارم ز دانشمندِ محفل باز پُرس ۔۔۔ توبہ فرمایاں چرا خود توبہ کمتر می کنند

جب تک مکان کی تربیت کا طریقہ درست اور والدین کے عمدہ اخلاق کا نمونہ قابل تقلید نہ ہوگا طلبہ کی اخلاقی تربیت اساتذہ کی امکانی کوشش کے باوجود بھی ادھوری اور ناقص رہیگی اس کی اصلاح کی چند صورتیں جو مناسب حال اور ممکن العمل بھی ہیں۔ اشتراک عمل کی ضرورت کے تحت بالاختصار بیان کردی گئی ہیں البتہ ان کے فرائض تربیت میں بھی تھوڑی سی مزید سہولت اور کمی پیدا کی جاسکتی ہے اس کی صورت یہہ ہے کہ اگر ہماری علم پرور و دریادل سرکار نیز علم دوست ذی ثروت حضرات طالب علمانہ دلچسپی کے مختلف مفید مشغلے۔ مثلاً سیر و تفریح کے پر فضا باغ کھیل کود کے میدان۔ ورزش کے ساز و سامان پیراکی کے حوض۔ تالابوں میں کشتیاں۔ عجائب خانے تعلیمات کا نمائشی گھر جہاں طلبہ کی فراہم کی ہوئی اشیاء قدر و معاوضے کے ساتھ لی جایا کریں۔ لکچر ہال اور لکچروں کا انتظام۔ دلچسپ و مفید مشغلوں کا بلا معاوضہ نظارہ ذرائع آمد و رفت کے کرایہ میں بلا تخصیص ایام و تعداد مناسب رعایت قابل دید اور تاریخی مقامات کے دیکھنے میں عام سہولت۔ وغیرہ رفتہ رفتہ حسب ضرورت مہیا کردیں تو یقین کامل ہے کہ ایک طرف والدین کے فرائض تربیت میں نمایاں طور پر کمی ہوجائے گی اور دوسری جانب خود طلبہ بھی کسی مخرب الاخلاق کشش سے بہ آسانی اور جلد متاثر نہیں ہوں گے خدا کرے کہ ہم سب کو اپنی مراد زندگی کا یہہ مُبارک و مسعود دن جلد از جلد دیکھنا نصیب ہو اِستجب یا مُجیبَ الدَّعوات۔

سید غلام محمود
معتمد مجلس تربیت اخلاق شعبہ صدر انجمن اساتذہ مستقر بلدہ

افریقیہ کے مدارس صحرائی

(سید احمد ایم۔اے بی ایس سی معلم طبیعات کلیہ جامعہ عثمانیہ)

ان دنیا میں آج کل تعلیم ایک زبردست مسئلہ بن گئی ہے یہاں تک کہ کسی قوم کی ترقی کا معیار ہی تعلیم کو قرار دیدیا گیا ہے۔ تعلیم پر جس قدر زیادہ اخراجات کئے جاتے ہیں اسی قدر وہ قوم ترقی کے میدان میں بلند پایہ سمجھی جاتی ہے۔ تعلیم کی ضرورت اور اہمیت سے تو اب کسی کو انکار کی گنجائش نہیں لیکن طریقہ تعلیم اور نصاب تعلیم میں اب بھی کافی اختلاف ہے۔ تعلیم میں سب سے زیادہ اہم ابتدائی اور ثانوی تعلیم ہے۔ اختلاف آرا اس کے متعلق ہے۔ ایک نظریہ یہہ ہے کہ بچوں کے معلم مرد ہونے چاہئیں تاکہ بچوں میں مردانگی، ہمت اور جرأت پیدا ہو۔ دوسرا نظریہ یہہ ہے کہ معلموں کو عورتوں میں سے ہونا چاہیئے تاکہ بچوں میں اولوالعزمی اور کمزوری کی حمایت کے جذبات پیدا ہوں۔

پس یہہ مسئلہ کہ بچوں کے معلم مرد ہوں یا عورتیں ایک معرکتہ الآرا مسئلہ بن گیا ہے۔ اس پر رائے زنی بھی وہی لوگ کر سکتے ہیں جو اس کے اہل ہیں۔ ہمارا مقصد یہاں صرف یہ دکھلانا ہے کہ تہذیب و تمدن سے دور صحرائی افریقہ کے قبیلوں نے اپنے لئے اس مسئلہ کو کس طرح حل کیا ہے۔ یہاں یہہ بیان کر دینا خالی از دلچسپی نہ ہوگا کہ یہہ مسئلہ قدیم زمانے میں بھی مرکز توجہ تھا۔ چنانچہ اسپارٹا والوں نے اس مسئلہ کو یوں حل کیا تھا کہ ابتدا ہی سے بچوں کو عورتوں کی صحبت سے جدا کر دیتے تھے اور مرد معلموں کے سپرد کر دیتے تھے تاکہ ان میں جبن اور دون ہمتی نہ پیدا ہونے پائے بلکہ ان کی بجائے جفاکشی بہادری اور بے خوفی کے اوصاف پیدا ہو جائیں۔

افریقہ کے جس علاقے کا بیان یہاں پیش نظر ہے وہ انگریزوں کے زیر اقتدار ہے چنانچہ انگریزی حکومت وہاں دیسی رسم و رواج کے متعلق نئے نئے طریقے اختیار کر رہی ہے۔

جن کو تمدن کے اعتبار سے تو شاید مہذب نہ کہا جا سکے لیکن ان کے مفید ہونے میں کوئی کلام نہیں وہاں کے ایک با اقتدار افسر کیپٹن ڈبلو ہیجنس نے ایک قبیلہ کے "مدرسوں" کا بذات خود معائنہ کیا چنانچہ ہم بھی ذیل کے حالات اُن ہی کے بیان سے اخذ کر کے لکھتے ہیں:۔

کینیا واقع افریقہ کے دو قبیلے (نندی) اور (مسائی) بہت مشہور ہیں ان میں آپس میں برابر کشت و خون ہوتا رہتا ہے۔ اور ایک ایسی باہمی جنگ کی بدولت کیپٹن موصوف کو ان کے "مدارس" کے دیکھنے کا اتفاق ہوا۔

بچوں کو جوانمرد بنانے کا مسئلہ ایسا ہے جس میں ان وحشی قبائل نے کہنا چاہیئے کہ بڑی حد تک کامیابی حاصل کر لی ہے۔ اِن قبائل میں زیادہ تر نیزہ استعمال ہوتا ہے اور جب ایک دوسرے پر حملہ کرتے ہیں تو اُن ہی نیزوں سے کام لیتے ہیں۔ چنانچہ جب ایک قبیلہ دوسرے پر حملہ کرتا ہے تو اس سے یہہ بھی غرض ہوتی ہے کہ اپنے جوانوں کی دلیری، بے جگری، حاضر دماغی اور سپہگری کا امتحان ہو جائے۔ اس کو یوں کہنا چاہیئے کہ جوانوں کے لئے سب سے بڑی "سند" ہے کیونکہ ان حملوں میں یہہ قبیلے کسی جوان کو اس وقت شریک کرتے ہیں۔ جب کہ وہ دلیری صداقت شعاری اور حافظہ کی زبردست آزمائشوں میں کامیاب ہو چکا ہو۔ یہہ آزمائشیں اتنی سخت ہوتی ہیں کہ ہمارے "بہترین" مدارس کے طلبا بھی ان میں مشکل سے پورے اُتر سکتے ہیں۔

اُن کے یہاں صداقت شعاری کی ایک آزمائش یہہ بھی ہے کہ لڑکوں سے اُن کی زندگی کا ہر واقعہ اور ہر لغزش دریافت کی جاتی ہے۔ اگر معلوم ہو جائے کہ انہوں نے غلط بیانی کی تو سزا یہہ ملتی ہے کہ بھڑوں سے یا زہریلے کانٹوں سے کٹایا جاتا ہے۔ کیا ہمارے یہاں کے طالب علم اس آزمائش کو گوارا بھی کریں گے؟ بایں ہمہ کینیا کے قبیلہ نندی میں ہر سال یہہ دن آتا ہے جبکہ نوجوانوں کو اس آزمائش میں پورا اُترنا پڑتا ہے۔ یہہ گویا اُن کا "سالانہ امتحان" ہے۔ کیپٹن ہیجنس کا بیان ہے کہ انہوں نے بیسیوں نندی قبیلہ کے لڑکوں کو اس آزمائش سے ہنسی خوشی گزرتے دیکھا ہے۔

ان امتحانوں میں کامیابی کا انعام یہہ ہوتا ہے کہ ہتھیاروں کا ایک پورا سامان اُن کو ملتا ہے یعنی سات فٹ کا ایک نیزہ بھینس کے کھال کی ڈھال تیز دھار کی تلوار اور ایک گرز جب

امتحان میں کامیاب ہونے والوں کو یہہ انعام مل جاتا ہے تو وہ اس کے استعمال کے لئے بہت بے چین رہتے ہیں اور جہاں کہیں انھیں کسی دوسرے قبیلہ کا کوئی شخص موقع سے مل گیا تو فوراً نیزے کی مشق شروع کر دیتے ہیں۔ اسی قسم کے "بے قراروں" کو قابوں میں رکھنے کے لئے انگریزی حکومت نے کیپٹن ہیبنسن کو متعین کیا تھا۔ چنانچہ وہ کیکبی نامی ایک گائوں میں گئے جو کچی دیواروں اور چھپروں کی جھونپڑیوں کا ایک مجموعہ تھا۔ گاؤں کی بوڑھی عورتیں وہی اور بیل کے خون سے کچھ تیار کر رہی تھیں۔ نندیوں میں یہہ دستور ہے کہ زندہ بیلوں کی گردن کی ایک رگ کو کند نوک کے چوبی تیر سے چھید کر خون نکالتے ہیں اور جب کافی حاصل ہو جاتا ہے تو پھر گارے اور کٹی ہوئی پتیوں سے اس زخم کو بند کر دیتے ہیں۔ لڑکوں کی غذا چونکہ زیادہ تر یہی ہوتی ہے اس لئے مدرسہ کی آخری میقات کے ختم پر یہہ گویا اُن کے لئے "مٹھائی" تیار ہو رہی تھی۔

ایک روز شب کو مطلع صاف تھا اور چاند کی پہلی تاریخ تھی "امتحان جوانمردی" کا آغاز ہوا۔ مختلف گاؤں سے لوگ اپنے اپنے لڑکوں کو لائے، جن کی عمریں بارہ اور سترہ کے درمیان تھیں اور کیکبی کے "اُستادوں" کے حوالہ کر دیا۔ لڑکے ذرا پریشان سے نظر آئے۔ اور تھی بھی پریشانی کی بات کیونکہ بعد کے چند دنوں میں اُن کے لئے عجیب آزمائشیں پنہاں تھیں شام کو جب لڑکے کھانے وغیرہ سے فارغ ہو چکے تو اُستاد اُن کا ایک دستہ بنا کر چند میل دور جنگل میں لے گئے۔ راستہ وحشت ناک تھا رات تاریک تھی۔ یہہ بجائے خود ہمت کی ایک آزمائش تھی۔ درندوں کی مہیب آوازیں الگ آ رہی تھیں کہیں بجّو کی چیخ سنائی دیتی تھی تو کہیں شیر گونج رہے تھے۔ پہلے شیرنی کی آواز گونجی اور پھر شیر کی گرج سُنائی دی تھی جو سب کے سب سن رسیدہ تھے بیل کی کھال کے لبادے میں لپٹے ہوئے خاموش چلے جا رہے تھے اور لڑکے جو تقریباً برہنہ تھے سوائے اس کے کہ ایک ہلکی سی چھوٹی چادر اُن کے کندھوں پر پڑی ہوئی تھی پیچھے پیچھے چلے جا رہے تھے اور سب کے سب تھرتھرا رہے تھے کیونکہ رات بہت سرد تھی۔

مدرسہ کا قیام | یہہ لوگ دریا کے کنارے کنارے چند میل جنگل میں اسی طرح چلتے رہے

پھر جہاں جاکر ٹھیرے وہ ذرا کھلا ہوا مقام تھا لیکن اندھیرا وہاں بھی گھپ تھا۔ اور چاروں طرف سے عجیب وغریب آوازیں آرہی تھیں۔ کہیں چمگادڑوں کی سرسراہٹ اور اُن کے دانت بجنے کی آواز آتی تھی دور کہیں جنگل کی گہرائیوں میں سے آتی ہوئی اُلّو کی چیخ سنائی دیتی تھی۔ اس قافلہ کے ساتھ کپتان ہجینس بھی تھے۔ اب چلتے چلتے اتنا عرصہ ہوگیا تھا کہ پو پھٹنے کے قریب آئی۔ کپتان موصوف کے آدمیوں نے ایک موزوں مقام پر اُن کا خیمہ نصب کر دیا، لیکن اُستاد اور شاگرد سب کے سب جنگل میں گھس گئے اور تھوڑی دیر میں ڈنڈے، شاخیں اور گھانس کے پُولے لئے ہوئے واپس آئے۔ اس سامان سے انہوں نے ایک بڑا سا جھونپڑا تیار کیا۔ یہہ گویا "مدرسہ" تیار ہوگیا۔ اس میں فرنیچر کی قسم سے کوئی چیز نہ تھی سوائے اس کے کہ چند چوبی اسٹول تھے جو لڑکے اپنے ساتھ لیتے آئے تھے۔ چھہ مہینے کے لئے یہی جھونپڑا اُن لڑکوں کے لئے "مدرسہ" ہوگیا۔

اس جھونپڑے کے تیار کرنے میں اُن کو دو دن تک سخت محنت کرنا پڑی۔ لیکن لڑکے صبح ہی تڑکے پہلی "آزمائش" کے لئے تیار ہوگئے۔ اُن کے معلم "مسٹر رفق" کہلاتے ہیں، اُن میں سے ایک نے جھونپڑے کے دروازے پر ایک چوبی اسٹول رکھدیا اس اسٹول پر ہر لڑکا باری باری سے بیٹھا۔ ہر لڑکے کے سر پر بیٹا ہوا دودھ ملا گیا اور استرے سے سر کے سارے بال صاف کر دئے گئے۔ جب سب لڑکوں کے سر اس طرح مونڈ دئے گئے تو اُن سب کے بال جمع کر کے جنگل میں آفتاب کی سمت میں پھینک دئے گئے۔ یہہ گویا سورج دیوتا کی بھینٹ تھی، جس کو وہ سب سے بڑا دیوتا خیال کرتے ہیں۔ نندی قبیلہ میں اس کا نام "آسیس" ہے۔ پس یہہ کہنا صحیح نہیں کہ یہہ قبیلہ کسی "مہادیو" کو نہیں مانتا۔ بلکہ "آسیس" کی پرستش اور اس سے عمدہ الفاظ میں دُعائیں مانگنا نندی متعلمین کی تعلیم کا جزو ہے۔ جب لڑکوں کی روحوں کو "پاک" کرنے کی یہہ رسم ادا ہوچکی تو ہر لڑکے کو ایک دوا کافی مقدار میں پلائی گئی تاکہ اس کی صحت جسمانی میں فرق نہ آنے پائے۔ دنیا جہاں کے لڑکوں کی طرح ان لڑکوں نے بھی دوا پیتے وقت بہت کچھ مُنہ بنایا۔

مکاری کی آزمائشیں:۔ اس کے بعد اُن کے معلموں نے کچھ کام بتائے اور کچھ ہدایتیں دیں

جس میں وہ سہ پہر تک مصروف رہے۔ اب نندی جنگجویوں کا ایک جتھا جملہ ہتھیاروں سے مسلح جنگل میں آ نکلے بڑھا اور لڑکوں کو جھونپڑے میں سے نکال کر ایک قطار میں بٹھا یا ہر لڑکے کے سامنے ایک ایک جنگجو دو زانو بیٹھ گیا اور تیوری پر بل ڈال کے ہر لڑکے کی آنکھوں پر اس کے سامنے کے جنگجو نے اپنی آنکھیں جما دیں کہ گویا وہ لڑکے کے دل کے اندر کی باتوں کو بھی دیکھ لے گا۔ ایک گھنٹے تک یہ لڑکے آنکھیں کھولے اُن مہیب صورت جنگجویوں کی آنکھوں کو دیکھتے رہے جو دراصل لڑکوں کی مکاری اور بزدلی کی آزمائش کر رہے تھے۔ جس لڑکے کی آنکھیں جھپکتیں یا اُس پر ہراس طاری ہوتا تو اس کو دوسری آزمائش کے لئے بیٹھنا پڑتا۔ اگر اب بھی وہ اپنے بے رحم ممتحنوں کی آنکھوں میں آنکھیں ایماندار لڑکے کی طرح نہ ڈال سکتا تو اس کو ذلت کے ساتھ گھر واپس بھیج دیا جاتا۔ لیکن کیکبی کے اس کیمپ میں کوئی لڑکا ایسا نہ تھا جو اس آزمائش میں پورا نہ اترا ہو۔ اس لئے غروب آفتاب تک اُن کو کھیلنے اور کچھ کما لینے کی چھٹی دی گئی۔ اس کے بعد ایک سخت آزمائش سے گزرنا پڑا۔

یہ آزمائش عجیب بات ہے کہ ان جدید سائنٹیفک تعلیمی طریقوں سے بہت ملتی جلتی ہے جو متمدن دنیا کے بعض مدارس میں ہوتے جاتے ہیں۔ کیونکہ یہ یقین کیا جاتا ہے کہ اس آزمائش سے دماغی اور اخلاقی کردار (CHARACTER) بنتا ہے اور قوت فیصلہ اور قوت فکر پیدا ہوتی ہے۔ واقعی اس وقت کا منظر بھی اس جنگل میں خوب تھا جبکہ رات ہو چکی تھی اور تارے ٹمٹمانے لگے تھے اور جنگل کے باشندے بیدار ہو گئے تھے۔ کہیں سے تو گیدڑ کی پکار سنائی دیتی تھی کسی طرف سے بجّو کی آواز آتی تھی اور کہیں سے کوئی دوسری ڈراؤنی آواز آتی تھی۔

لڑکے پھر جھونپڑے میں سے ایک قطار میں نکلے اور باہر کھلے میدان میں آ کر زمین پر بیٹھ گئے۔ ہر لڑکا اپنے خیالات میں محو تاروں کو دیکھنے لگا۔ اس وقت کامل خاموشی طاری تھی ایک لفظ بھی کسی کی زبان سے نہ نکلا۔ ہر لڑکا معلموں کی ہدایات کے بموجب اپنی زندگی کے ہر ہر واقعہ کو مستحضر کرنے میں مصروف تھا۔ واضح رہے کہ نندیوں میں نوشت و خواند کا بالکل رواج نہیں اس لئے اُن کے پاس کتابوں کا کوئی ذکر ہی نہیں لیکن ہر وہ لڑکا جو اس آزمائش گزر جاتا ہے بجائے خود ایک کتاب یا خزانۂ معلومات

بن جاتا ہے۔ اب اس کو قبیلہ کی تاریخ، رسم و رواج اور اس کے قوانین، مذہب جادو اور ٹونے ٹوٹکے وغیرہ سب معلوم ہو جاتے ہیں۔ علاوہ اس کے اس کو مفصل طور پر یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ مویشیوں کی افزائش کس طرح کی جاتی ہے، زراعت کس طرح ہوتی ہے کھالوں کی دباغت کس طرح عمل میں آتی ہے اور اسی طرح کی بیسیوں صنعت و حرفت کی باتوں کو وہ جان جاتا ہے۔ ہر اہل بادیہ کے لئے قوت حافظہ بہت ضروری ہے اس لئے نندی لڑکے کے لئے حافظا ور عام معلومات کا یہ پہلا امتحان ہوتا ہے جس میں اُسے کامیاب ہونا پڑتا ہے۔

ایک گھنٹہ تک خاموش غور و فکر کرنے کے بعد لڑکوں کی قوت برداشت کا امتحان لیا گیا۔ لڑکوں نے اپنے کپڑے اُتار پھینکے اور ایک قطار بنا کر جھونپڑے میں پچھے کے دروازے سے داخل ہوئے۔ اندر ایک کنارے کی طرف معلموں نے ڈالیوں سے ایک طرح کا پنجرا بنا رکھا تھا جس میں دو دروازے تھے۔ ہر دروازے پر دو دو جنگجو کھڑے تھے۔ اُن کے ایک ہاتھ میں ''ادبوبو'' (افریقیہ کا بچھو کا درخت جس کا ہر ایک جو بچھو کی طرح ہوتا ہے، ہندوستانی بچھو سے کوئی دس گنا زہریلا ہوتا ہے) کی ایک شاخ تھی اور دوسرے ہاتھ میں ایک چھوٹا سا کدو تھا جس کے منہ پر ذرا سا چمڑا تھا جو انگوٹھے سے دبا ہوا تھا۔

اب سب لڑکے ہاتھوں اور گھٹنوں سے چلنے لگے اور اس پنجرے میں سے گذرنے لگے۔ جوں ہی وہ ایک دروازے میں سے گزر کر دوسرے سے نکلنے لگے، اُن جنگجویوں نے لڑکوں کے موہنوں پر بچھو کی شاخوں سے مارنا شروع کیا اور ان کدوؤں کو ہلا کر کھول دیا جن سے زندہ اور غصہ میں بھرے ہوئے زنبور نکل نکل کر لڑکوں کی ننگی پیٹھوں پر کاٹنے لگے۔ کیپٹن ہیچنسن لکھتے ہیں کہ زنبوروں نے ان جنگجویوں کو بھی نہ چھوڑا اور نہ خود کیپٹن موصوف کو لیکن کیا مجال جو ان لڑکوں میں سے کسی ایک نے چیں بھی کی ہو بلکہ وہ ایک دروازے میں سے داخل ہو کر دوسرے دروازے میں سے نکل گئے گویا کہ وہ متمدن لڑکے تھے جو کسی بازی گاہ میں کھیل کود میں مصروف تھے۔ اس میں شک نہیں کہ متی

اور تیل کی مکرر سہ کرر مالش سے نندی لڑکوں کی جلد ہمارے لڑکوں کی جلدوں کے مقابلے میں سخت تر ہو جاتی ہے۔ پھر بھی قوت برداشت کی یہ ایک زبردست آزمائش تھی۔

جھونپڑے کے دوسرے کنارے پر سمور کا لبادہ پہنے اور سر پر شیر دھان نقاب ڈالے نہایت شان کے ساتھ ایک معلم چوبی اسٹول پر بیٹھا تھا۔ پنجرے سے نکلنے کے بعد ہی ہر لڑکا اس معتر رونق کے سامنے آکر کھڑا ہوتا۔ اور اپنی زندگی میں جو کچھ وہ کر چکا ہوتا ہے سب کا اقرار کرتا ہے معتر رونق کو لڑکے کے والدین اور گاؤں والوں سے پہلے ہی سے لڑکے کے بہت سے حالات معلوم ہو جاتے ہیں اس لئے اس کے سامنے لڑکے کو جھوٹ بولنے یا سچ کو چھپانے کا بہت کم موقع رہتا ہے۔ ایک لڑکے نے ذرا سرکشی اختیار کی اور خاموش ہو گیا۔ اس پر ایک اسٹول لایا گیا، اس کی نشست پر اوبوبو کی شاخیں ڈال دی گئیں اور لڑکے کو اس پر بٹھلایا گیا۔ تھوڑی دیر تک تو وہ اس کو برداشت کر گیا، حالانکہ اس پر بیٹھنا آگ پر بیٹھنے سے کم نہ ہوگا لیکن آخر اس سے نہ رہا گیا اور اس نے قبول دیا کہ ایک مرتبہ چوری کی تھی جبکہ ایک بڑھیا کی جھونپڑی سے وہ ایک بکرا چرا لایا تھا۔ دوسرے دن صبح کے وقت ان "معلمین" کو ایک دوسری آزمائش سے گزرنا پڑا۔ جب جا کر وہ کبھی کامیاب ہوئی۔ یہ گویا اس صحرائی مدرسہ کی آخری میقات کا امتحان داخلہ تھا۔

مدرسہ کا ضابطہ ہمارے مدرسوں کی طرح ان کے یہاں بھی ایک ضابطہ قوانین مقرر ہے جن کی پابندی سختی سے کرائی جاتی ہے پہلے چار روز تو لڑکے گویا "مقید" کر دئے جاتے ہیں اور ان کو کسی دوست سے ملنے یا بات کرنے کی اجازت نہیں دی جاتی۔ ایک خاص قاعدہ یہ بھی ہے کہ ان کو کھانے کے لئے جو برتن دیا جاتا ہے وہ چھوٹی سی شہد کی کپی ہوتی ہے حالانکہ عام طور پر نندی کھال کی پلیٹ استعمال کرتے ہیں۔ اس طرح لڑکے ایک مہینہ تک پابند رکھے جاتے ہیں اور ان کو شکار اور نشانہ بازی کی تعلیم دی جاتی ہے۔ قبیلہ کی روایتوں اور علمی مشاغل کے درس کے علاوہ جن کا ذکر اوپر آچکا ہے، نندی لڑکوں کی تعلیم میں والدین بزرگوں، اور سرداروں کے آداب بھی شامل ہوتے ہیں۔ چنانچہ کسی لڑکے کے لئے جائز نہیں کہ اپنے باپ کے سامنے بلا اجازت بیٹھ جائے، اور نہ یہ درست ہے کہ

گفتگو میں ابتدا کرے۔ سب کے سامنے اُسے نہ تو تھوکنا چاہیئے اور نہ کوئی ناموزوں حرکت کرنا چاہیئے۔ جب اس کی شادی ہوتی ہے تو بیوی کے ساتھ پیش آنے کے جو سخت قواعد ہیں اُن کی اُسے پابندی کرنا پڑتی ہے۔ اور پھر اس کو صحرائی ملاقات کے آداب بھی بتلائے جاتے ہیں۔

قبیلہ کے جتنے قاعدے قانون ہوتے ہیں اُن کی سختی سے پابندی کرنا پڑتی ہے بعض اوقات ترغیب و تحریص کے مقابلے میں ان قوانین پر عمل بہت دشوار ہوجاتا ہے چنانچہ کیپجن شاخ کے نندی لڑکے کو گورخر کا گوشت کبھی نہ کھانا چاہیئے خواہ وہ کتنا ہی بھوکا کیوں نہ ہو۔ حالانکہ گورخر کا شکار بہت آسان ہے۔ اس کو نہ تو زمین میں کوئی گڑھا کھودنا چاہیئے۔ نہ شکار کے لئے کوئی جال بچھانا چاہیئے اور نہ کسی جانور کی کھال میں پہننی چاہیئے بجز خرگوش کی کھال کے، حالانکہ اس کا شکار بہت دشوار ہے۔ ایک قبیلہ میں یہ دستور ہے کہ لڑکے کے لئے گدھے کو چھونا جائز نہیں۔ ایک دوسرے قبیلہ میں لڑکوں کو یہ اختیار خاص دیا گیا ہے کہ جھگڑوں کے فیصلہ کرنے کے لئے حکم وہ مقرر کریں۔ ایک اور قبیلہ میں ان کو چشموں کی تلاش اور چشمہ کے پانی کے استعمال کا حق حاصل ہوتا ہے۔ ان سب پیچ در پیچ قوانین کو لڑکے صحرائی مدرسہ میں مزید تین مہینے کی مدت میں سیکھ لیتے ہیں۔ اس کے بعد اُن کو ایک دوسری آزمائش سے گزرنا پڑتا ہے۔ دریا میں ایک جھونپڑی زیر آب بنائی جاتی ہے اور ہر لڑکے کو دھارے میں غوطہ مار کر جھونپڑی میں سے چار دفعہ گزرنا پڑتا ہے۔ قبیلہ والوں کی نظروں میں اس طرح "آسیں" کے سامنے لڑکے "پاک وصاف" ہوجاتے ہیں۔ اس کے بعد آٹھ ہفتے کی تعلیم ہوتی ہے اور پھر وہ "کامیاب" سمجھے جاتے ہیں۔

یہ دن اُن کے لئے انتہائی فخر و مباہات کا دن ہوتا ہے۔ اب وہ اپنے گھروں کو واپس جاتے ہیں ہر لڑکا اپنے باپ کے دروازے کو کھٹکھٹاتا ہے۔ اگر اس کی کوئی بہن ہوتی تو وہی ہمیشہ اس کے لئے دروازہ کھولتی ہے۔ پھر وہ باپ کو نہیں بلکہ ماں کو سلام کرتا ہے اور ماں ہی کے ہاتھوں وہ انعام پاتا ہے۔ اور ماں نہایت خوش خوش اس کو سات فٹ کا نیزہ، بھینس کی کھال کی ایک زبردست ڈھال جس پر اس کے قبیلہ کا نشان بنا ہوتا ہے، سرخ میان میں ایک تلوار کانوں میں پہننے کے چھلے اور ایک گرز حوالہ کر دیتی ہے۔ آج کا دن نندی قبیلہ کی بوڑھی عورتوں کے

لئے بڑے ہی فخر کا ہوتا ہے، کیونکہ وہ جانتی ہیں کہ اب خوف، بزدلی، کاہلی اور مکاری اُن کے لڑکے کے پاس تک پھٹک نہیں سکتیں۔ اور اب اُن کا لڑکا قبیلہ کے جرگوں میں شریک ہونے اور رائے دینے کا اہل ہوگیا ہے، اب وہ اپنا رعب داب بھی قائم رکھ سکتا ہے اور اپنے قبیلہ کے کاموں میں ہاتھ بٹانے کے قابل ہوگیا ہے۔

نوجوانوں کو اپنی طاقت دکھلانے کے لئے نیزوں کو "خون آلود" کرنے کا موقع دیا جاتا ہے یعنی کسی دشمن قبیلہ پر حملہ کرنے اس کے آدمیوں کو قتل کرنے اور اُن کے مویشی چھین لانے کے لئے اُن کی ہمت افزائی کی جاتی ہے۔ اگرچہ یہہ کوئی امر پسندیدہ نہیں لیکن اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہی لوگ جو چند ہفتہ پیشتر لڑکوں میں شمار کئے جاتے تھے، اپنے "مدرسہ" کی تربیت کی وجہ سے کس قدر بے خوف ہوگئے ہیں۔

نوخیزوں کو جوانمرد بنانے کا جو طریقہ ان وحشیوں کے یہاں جاری ہے وہ اگرچہ کلیتہً پسندیدہ نہیں تاہم اس میں بعض امور ایسے ہیں جن سے ہم بھی سبق حاصل کرسکتے ہیں۔ ان لڑکوں کی معلومات کافی ہوجاتی ہیں قانون کے احترام کا جذبہ ان میں پیدا ہوجاتا ہے۔ اور وہ اپنی قوم پر فخر کرنا سیکھ جاتے ہیں۔ اور پھر یہہ کہ والدین کے ساتھ عزت کا برتاؤ اس وقت اچھی طرح ظاہر ہوتا ہے جبکہ ننڈی بوڑھی عورت اپنے لڑکے کو "پروانہ جوانمردی" عطا کرتی ہے۔ یہہ باتیں ایسی ہیں کہ ہر شخص ان کی تعریف کرے گا۔ اُن کے غلط عقیدے اور توہم پرستی سے ہم کو سروکار نہیں۔

روداد ذیلی کمیٹی متعلق تعلیم جغرافیہ

جغرافیہ کی تعلیم کو جو روز بروز اہمیت دی جا رہی ہے اس کا ثبوت جغرافیہ کے شعبوں کی مسلسل بڑھتی ہوئی تعداد سے ملتا ہے جو دنیا کی مختلف جامعات میں قائم کئے جا رہے ہیں اور نیز ان مساعی سے جو پچھلے چند سال میں اس کو مدارس کے نصاب میں نمایاں جگہ دینے کے بارہ میں کی گئی ہیں۔

جغرافیہ کی تعلیم کے فوائد: جغرافیہ کی تعلیم سے بچہ کو اپنے قریبی ماحول کے سمجھنے میں مدد ملتی ہے جس سے ذاتی تجربہ کے بہت سے حقائق اس کے سامنے آجاتے ہیں جب وہ اپنے گرد و پیش پر نظر دوڑاتا ہے اس کا تخیل بھڑک اُٹھتا ہے اور جب وہ اپنے ملک کے جغرافیہ کا مطالعہ کرتا ہے اس کی حب وطنی جاگ جاتی ہے اگر وہ جغرافیہ کا مطالعہ صحیح طریقہ سے کرے تو اس میں اصابت رائے اور استدلال کی قوت پیدا ہوگی بلکہ ان سے زیادہ گہرے سبق بھی حاصل ہوں گے بڑی عمر کے طلبہ کو اگر ٹھیک طور پر جغرافیہ کی تعلیم دی جائے تو اس سے ان میں تنگ نظر حب وطنی نہیں پیدا ہوگی بلکہ اس کا ثمرہ سچی معاشرتی ہمدردی اور بین الاقوامی نیک اندیشی ہوگا اور اس کے ساتھ شہریت کے فرائض کا خیال بھی پیدا ہوگا جو عمدہ شہری بننے میں مدد دیتا ہے دنیا کی قوموں کا باہمی تعلق معاشی حیثیت سے بڑھتا جا رہا ہے اور روز بروز اس شعر کی صداقت واضح ہوتی جا رہی ہے

چو عضوے بدرد آورد روزگار　　دگر عضوہا را نماند قرار

عمدہ مرتب کئے ہوئے نصاب کے ذریعہ سے بچے جغرافیہ کے بعض اہم مسائل سے اچھی طرح واقف ہو جائیں گے لیکن اس امر کا لحاظ رکھا جائے کہ اس کی تعلیم میں وہ نچ کے خاص کر تجربے قوت فیصلہ تجسس اور ذاتی مطالعہ کو کام میں لائیں۔ ان سے اس کی بھی مشق کرائی جائے کہ وہ ان اصول کو اپنے ضلع اور ملک کے حالات پر منطبق کریں۔ نقشوں کا مطلب سمجھنا اور ان کو کام میں لانا خصوصاً کسی خطہ کی خصوصیات کی توضیح میں (یعنی طبعی خصوصیات آب و ہوا و پیداوار ہر قسم کے

مفید معلومات کے حصول کے ساتھ ساتھ جاری رہے۔ نصاب کے ختم پر بچے محض حقیقت کے اظہار پر اکتفا کریں گے بلکہ اس قانون کو معلوم کرنے کی خواہش کریں گے جس کے وہ تابع ہیں۔ ان کو اچھی طرح معلوم ہونا چاہیئے کہ وہ کس طرح اور کہاں سے اُسی چیز کے متعلق مزید معلومات حاصل کریں جس سے ان کو خاص طور پر دلچسپی ہے۔

دوسرے مضامین سے جغرافیہ کا تعلق جغرافیہ کے اس پہلو پر حیدرآباد ٹیچر کے ماہ جون سنہ رواں کی اشاعت میں بحث ہو چکی ہے۔ اس وقت صرف اتنی توجہ دلانی ہے کہ نصاب تعلیم کے مضامین میں سے کسی ایک کے باہمی تعلق کی اتنی اہمیت نہیں جتنی کہ جغرافیہ کی اس میں کچھ شک نہیں کہ جغرافیہ کے بعض مسائل کی تعلیم دوسرے علوم مثلاً سائنس کے اُصول سے واقفیت کے بغیر نہیں دی جاسکتی۔ عملی اور ٹھیک ٹھیک ناپ جوکھ جتنا کہ ریاضی کے لئے ضروری ہے جغرافیہ کے لئے بھی لازمی ہے اور مطالعہ فطرت سے اس کا ربط بھی مساوی طور پر قریب ہے۔ تاریخ کا مطالعہ بغیر جغرافیہ کی طرف رجوع کئے ہوئے نہیں ہوسکتا اسی طرح جغرافیہ کا بہت کچھ مطلب بغیر تاریخ کی طرف وقتاً فوقتاً رجوع کئے ہوئے فوت ہو جاتا ہے۔ نمونے کا تیار کرنا اور ٹکڑوں کو جوڑ کر نقشہ بنانے کے لئے مختلف اشکال کا کاٹ کر نکالنا۔ دستی مشاغل کی مفید مشقیں ہیں۔ اسی طرح جغرافیہ کے بیانیہ تشریحی حصہ سے مضمون نگاری کی مشق کے لئے وافر مواد حاصل ہوتا ہے

جغرافیہ کی وسعت لیکن یہ خیال نہیں کرنا چاہیئے کہ چونکہ جغرافیہ کا تعلق دوسرے مضامین سے اتنا قریبی ہے اس لئے اس کا کوئی مستقل وجود ہی نہیں۔ اس کا میدان وسیع ہے اور اسی سبب سے نہایت احتیاط کے ساتھ اس کے مواد کا انتخاب کرنا ضروری ہے۔ لیکن یہ اعتراض ہوسکتا ہے کہ اس کا نصاب باہر کی ذی اقتدار جماعت مقرر کرتی ہے مدرس کا کام صرف اس کا پورا کرانا ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ مقررہ نصاب پر نظر ڈالنے سے یہ بات بے نقاب ہو جاتی ہے کہ اس کی حیثیت محض سفارشی ہے ہندوستان کے ایک مستند شخص نے کہا ہے "کہ تحتانیہ وسطانیہ اور فوقانیہ کا مقرر کردہ نصاب طالب علم ان مدارج سے علی الترتیب فارغ ہونے سے پہلے پورا کرلے تو مدارس کے مقتدر اشخاص کو اس امر کی آزادی حاصل ہے کہ ہر طبقہ کے مختلف جماعتوں کے کام کی تقسیم میں الٹ پھیر اپنی صوابدید سے کرلیں۔"

نصاب کی غرض صرف رہ تمائی ہے دیکھا جاتا ہے کہ مدرس جو کسی جماعت کو بیرونی امتحان کے لئے تیار کرتا ہے اکثر اپنے درس کو مقررہ نصاب پر ڈھالتا ہے۔ پورا پورا فائدہ حاصل کرنے کے لئے ضرورت ہے کہ پہلے ہی ایک مکمل واضح اسکیم تیار کر لی جائے جو بچے کی زندگی کے سارے مدارج پر حاوی ہو اور جس میں ہر جماعت کے سہ ماہی کام کی تفصیل درج ہو۔ اور پھر اس پر کماحقہ عمل ہو۔

الٹ پھیر کرنے کی آزادی نہایت اہم حق کے لئے دی گئی ہے وہ یہ ہے کہ نصاب کو اس طرح مناسب بنا لیا جائے کہ اس میں مدارس کے خصوصی حالات کا پورا پورا لحاظ رہے خواہ یہ خصوصی حالات بچوں سے متعلق ہوں خواہ مدرس سے جس کے ذمے ان کی صحیح رہبری ہے۔

ان عام امور پر نظر ڈالنے کے بعد جن کا ابھی اوپر ذکر آیا ہے ہم ان نہایت نمایاں نقائص میں سے بعض پر غور کرنے کے لئے آگے بڑھتے ہیں جن کے اثرات گذشتہ تعلیم پر بہت بری طرح رہے ہیں اور قبل اس کے کہ ہم ایسے عام اصول بتلائیں جن کے تحت بچوں کے مدرسہ کی زندگی کے مدارج سہ گانہ کے کام کی مجوزہ اسکیم ترتیب دی جائے بعض بڑے بڑے نقائص اور ان کے رفع کرنے کی تدبیر پر غور کرتے ہیں۔

تعلیم جغرافیہ کے نقائص تعلیم جغرافیہ کے نقائص کی تعداد ہماری نظر میں پانچ ہے۔

۱۔ اکثر صورتوں میں مدرس کے جغرافیائی معلومات محدود ہوتے ہیں۔ مدارس فوقانیہ کی جماعتوں میں بھی جغرافیہ کی تعلیم ایسے مدرسین کے سپرد ہوتی ہے جن کا مبلغ علم اس مضمون میں بھی اتنا ہوتا ہے جتنا کہ انھوں نے اس کا مطالعہ میٹریکولیشن یا ہائی اسکول لیونگ سرٹفکیٹ کے امتحان کے لئے کیا تھا۔ جغرافیہ میں مہارت رکھنے والے مدرسین کے فقدان کی وجہ یہ ہے کہ اب تک بہت کم ہندوستانی جامعات نے جغرافیہ کے مضمون کو انٹرمیڈیٹ یا بی۔ اے کے امتحان میں داخل کیا ہے۔

۲۔ ٹریننگ کا فقدان۔ بہت سے مدرسین یک قلم اپنے پیشے کی تعلیم سے (ٹریننگ) کورے ہوتے ہیں ایسے مدرسین کے دماغ میں عام اصول بھی نہیں ہوتے جن سے وہ

یہ فیصلہ کرسکیں کہ کیا پڑھانا چاہیئے اور کیا نہ پڑھانا چاہیئے۔ پیشے کی تعلیم پاتے ہی مدرسین بھی اپنے تعلیمی مرکزوں کے ناقص تعلیم کی وجہ سے یہ نہیں جانتے کہ جغرافیہ کی تعلیم میں سب سے بہتر طریقہ کو کس طرح کام میں لائے۔ جغرافیہ سے بڑھ کر شاید ہی کسی دوسرے مضمون کے وسیع اور گوناگون معلومات کی مدرس کو ضرورت ہو۔ یہی سبب ہے کہ اس مضمون کے کم سواد لوگ جب تعلیمی مرکزوں میں داخل ہوتے ہیں تو ان کی خامی کا دور کرنا ناممکن ہوتا ہے وقت کی تنگی زیر تربیت مدرسین کو اس کا موقع نہیں دیتی کہ اس مضمون کا خاطر خواہ مطالعہ کریں۔

۳۔ فنی آلات سے تعلیم گاہوں کا اچھی طرح آراستہ نہ ہونا۔ بدقسمتی سے یہ حال تقریباً سارے مدارس کا ہے۔

۴۔ عملی کام سے یک لخت غفلت۔

عملی کام کی اہمیت کا کافی اندازہ تربیت یافتہ مدرسین بھی نہیں کرتے۔

۵۔ دوسرے علوم سے بے تعلقی۔

جن مضامین کو بچے ساتھ ساتھ پڑھتے ہیں ان میں باہمی تعلق نہیں ہوتا۔ اسی طرح مضامین میں برابری بھی قائم نہیں رہتی اس کا اندازہ اس کام سے ہوتا ہے جو بچے مختلف مضامین میں نیچے کی جماعتوں میں کر چکے ہیں۔

نقائص دور کرنے کی تدبیریں یہ تدبیریں دو قسم کی ہیں۔ بعض نقائص ایسے ہیں جن کا تدارک مدرس کی انفرادی طاقت سے باہر ہے۔ ان کی اصلاح کے لئے ضرورت ہے کہ ہم ملکر عوام کے مقتدر اشخاص پر اثر ڈالیں اور رفتہ رفتہ رائے عامہ کو درست کریں۔ لیکن دوسرے نقائص کا دور کرنا ہمارے بس کی بات ہے۔

جہل۔ اس دیو سے کسطرح نبرد آزمائی کی جائے؟

جو لوگ انگریزی جانتے ہیں ان کے لئے آسان ہے کہ بازار سے عمدہ درسی کتابیں لے کر اپنے معلومات کو مکمل رکھیں۔ طریقہ تعلیم پر کسی اچھی درسی کتاب کا پڑھنا اور بتائے ہوئے اصول کو عملاً جاری کرنا اور ساتھ ہی نفس موضوع پر مطالعہ کو وسعت دینا اچھی خاصی بنیاد کا کام دے گا۔ طریقہ تعلیم پر آسٹرے بر اور رنورس ڈرودی کی کتاب "درس[۵۱] کس طرح دیا جائے" اچھی ہے

---

[۵۱] یہ کتاب کتب خانۂ انجمن اساتذۂ بلدہ کے لئے خریدی گئی ہے۔

اس کے آگے مضمون کی دلچسپی اور کام کی سرگرمی سے رہی سہی باتیں بھی دور ہو جائیں گی۔ دوسری نہایت مفید چیز مضمون کی تعلیمی حیثیت سے متعلق عام غلطیوں کا علم ہے۔

ان کی تعداد سات ہے۔

۱۔ یہ مضمون نصاب تعلیم کے دوسرے مضامین سے باہمی تعلق نہیں رکھتا۔

۲۔ اکثر اوقات خود جغرافیہ کی مختلف شاخوں کو نہایت سختی کے ساتھ بے تعلق رکھا جاتا ہے۔ طبعی۔ سیاسی۔ اور تجارتی جغرافیہ حقیقت میں ایک ہی ہے۔ چاہیئے کہ ان کو ایک ہی سمجھا بھی جائے۔

۳۔ تیسری نہایت صریح غلطی بے ڈھرک تعلیم ہے۔ بچوں سے اصول نکلوانے کی بجائے اس کا بتلا دینا بہت آسان کام ہے۔ لیکن یہ صورت تعلیمی حیثیت نہیں رکھتی۔ اس بات کو خود بچوں سے نکلوانے میں کہ بنگال میں چاول پیدا ہونے کے کیا اسباب ہیں۔ اور پنجاب میں گیہوں اور دکن میں کپاس پیدا ہونے کے کیا۔ تقریباً ہر ایک کے لیے چھ سے بارہ سبق کا وقت صرف ہو گا۔ لیکن یہ باتیں کبھی فراموش نہ ہوں گی۔ دوسرے اس طریقہ سے اور باتوں کے اسی طرح معلوم کرنے کی بنیاد پڑے گی۔ یہ نہایت ضروری امر ہے کہ بچے ابتدا ہی سے جان لیں کہ جغرافیہ بے ربط تفصیلات کے ذخیرہ کا نام نہیں ہے۔

۴۔ چوتھی نہایت عام غلطی مضمون کے تعلیم کی سختی ہے۔ اکثر دیکھا جاتا ہے کہ جب بچہ مدرسے سے فارغ ہونے کو ہوتا ہے تو اس سے محض زیادہ سے زیادہ تفصیلات کے ذخیرہ کی خواہش کی جاتی ہے اور اس کی کوئی کوشش نہیں کی جاتی کہ درس اس طریقہ سے دیا جائے کہ بچہ نفسیاتی حیثیت سے بھی ترقی کرے۔

۵۔ سائنٹفک حیثیت سے اس مضمون پر توجہ نہ کرنے سے مندرجہ ذیل خرابیاں پیدا ہو گئی ہیں۔

الف۔ طبعی قطعات ارضی کو اپنے کام کی بنیاد قرار دینے سے غفلت برتی گئی ہے اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بچوں کو زبانی یاد کرنے کا بھاری بوجھ اٹھانا پڑتا ہے۔ جس کا کوئی دیرپا ثمرہ حاصل نہیں ہوتا۔

ب۔ اس بات کی جستجو نہیں کی جاتی کہ فلاں نتیجہ کس علت سے مرتب ہوا ہے۔ بچوں کے دماغ میں، یہ بات بٹھا دینی چاہیئے کہ دنیا کے سارے واقعات قانون کے تابع ہوتے ہیں ان کو یہ نہ سمجھنے دینا چاہیئے کہ چونکہ قانون فوراً نظر نہیں آتا اس لئے اس کا وجود بھی نہیں۔ (مثلاً معاشیات کے قانون سے نہ صرف مدرسین بے پرواہی برتتے ہیں بلکہ ایسے لوگ بھی جو دوسرے معاملات میں خود کو سمجھدار اور دوراندیش ظاہر کرتے ہیں)۔

۶۔ طبقۂ تحتانیہ کی تعلیم کے مواد کا دائرہ نہایت تنگ ہوتا ہے۔ تجربہ سے ثابت ہوا ہے کہ ایسا کرنا غلطی ہے کیونکہ

ا۔ اگرچہ طالب علم کا اڑوس پڑوس ہمیشہ تعلیم کا ابتدائی موضوع ہوتا ہے اور آئندہ بار بار اس کا حوالہ بھی آنا چاہیئے تاہم جس مناسب صورت میں کہ چھوٹے بچوں کے سامنے توضیح ہونی چاہیئے اور جتنے خیالات پیش کرنے چاہئیں وہ ایک ملک کے حالات سے فراہم نہیں ہو سکتے۔

ب۔ کسی خاص رقبہ کا تفصیلی مطالعہ طبقۂ تحتانیہ کے لئے قبل از وقت ہے۔

۷۔ ساتویں غلطی جو نہایت عام ہے وہ عملی کام سے غفلت ہے۔ ہر طبقہ کے لئے اس کے متعلق جداگانہ تفصیلی ہدایات بعد میں آئیں گی لیکن تینوں طبقوں میں مندرجہ ذیل اصول کی پابندی بالالتزام ہونی چاہیئے۔

(الف)۔ بچوں کو حقیقی طور پر مشاہدہ کرنا سیکھنا چاہیئے۔

(ب) ان کو کوئی ایسی چیز نہیں بتلانی چاہیئے جو مناسب حد تک وہ خود معلوم کر سکتے ہیں۔

(ج)۔ ترسیمات کا کھینچنا اور اعداد و شمار کے جدول کا تیار کرنا اس وقت تک بے سود ہے۔ جب تک کہ لڑکا خود اپنے مشاہدہ سے ان کو نہ تیار کر سکے۔

(د)۔ جب کسی طے شدہ امر کے مطالعہ کے لئے تعلیمی سفر پر جانے کا فیصلہ کر لیا جائے تو چاہیئے کہ پہلے مدرس تنہا یہ سفر کرے اور اپنے ذہن میں صاف صاف معین کر لے کہ وہ جماعت سے کسی چیز کا مشاہدہ کرانا چاہتا ہے اسے چاہیئے دو ایک تمہیدی درس بھی جماعت

میں دے تاکہ لڑکے جان جائیں کہ انھیں کونسی چیز خاص طور پر غور سے دیکھنی چاہیئے سب سے آخر بات یہ ہے کہ اس سفر میں جو جو باتیں دریافت کی جائیں ان کو اختتام پر جمع کرے۔

۸۔ آٹھویں غلطی جو نہایت سخت ہے وہ نقشوں کی کتاب۔ دیوار کے نقشوں اور تختۂ سیاہ پر کے سادے خاکوں سے غفلت برتنا ہے۔ نقشے اس مضمون کے لوازم میں سے ناگزیر چیز ہیں۔ لیکن ان کی جو قدر ہوتی ہے اس کا اندازہ مدرسوں میں جس حالت میں یہ رکھے جاتے ہیں اس سے ہو سکتا ہے۔

الف۔ اکثر دیوار پر لٹکانے کے نقشے پرانے متروک ہوتے ہیں۔

ب۔ دیوار پر لٹکانے کے طبعی نقشے کی تعداد دوسروں کے مقابل میں بہت زیادہ ہوتی ہے اس میں کلام نہیں کہ فی الحقیقت ان کا ہونا از بس کہ ضروری ہے۔

ج۔ بجائے اس کے کہ ان نقشوں میں چند نام ہوں یا سرے سے کوئی نام نہ ہو ان میں سے اکثر نام سے پٹے ہوتے ہیں۔

د۔ ان نقشوں کو بے پروائی سے بری حالت میں ڈال دینا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ مدرس کو خود اس کا احساس نہیں یہ ایسا طرز عمل ہے جس کی نقل پوری جماعت جلد کرنے لگتی ہے

ہ۔ موٹے بھورے کاغذ پر یا نقش کاری کے کاغذ پر مدرس کے نکالے ہوئے خاکے جن کی غرض وقتاً فوقتاً اسباق کی توضیح ہوتی ہے سرے سے مفقود ہوتے ہیں۔ نقشہ کی غایت وہ ہوتی ہے۔ محل وقوع کے متعلق متعین واقعات کا صحیح اندراج ہوتا ہے۔ پیداوار وغیرہ ظاہر کی جاتی ہیں۔ اور اس قسم کے واقعات اس انداز سے بتلائے جاتے ہیں کہ بچے اپنی ذہنی آنکھوں سے انھیں تصور کر لیں۔ لیکن دیواری نقشہ کتنا ہی عمدہ کیوں نہ ہو ضرورت اس کی بھی ہے کہ ہر لڑکے کے ڈیکس پر نقشوں کی کتاب ہو۔ عملی طور پر جب جانچے جاتے ہیں تو حقیقت کھلتی ہے کہ جغرافیہ کی ابتدائی تعلیم کے وقت نقشوں کے استعمال کی عادت نہ رکھنے سے ان کا کیا حال رہتا ہے۔ وہ اپنے نقشوں میں نہ تو کوئی شہر بنا سکتے ہیں نہ ندی اور نہ کوئی بات حالانکہ دیوار کے نقشہ پر یہ چیزیں انھیں معلوم کرا دی جاتی ہیں۔

عمدہ اٹلس کی قدر و قیمت درسی کتاب سے زیادہ ہوتی ہے اگر دونوں میں سے صرف ایک کو منتخب کرنا پڑے کیونکہ۔

۱۔ اٹلس کی مدد سے بچہ ان رسمی رنگوں سے واقف ہو جائے گا جن سے پہاڑ۔ میدان گرم معتدل اور سرد۔ ٹمپریچر وغیرہ ظاہر کئے جاتے ہیں۔ اور یہہ باتیں نہایت پختہ طور پر اس کے ذہن میں بیٹھ جائے گی۔

۲۔ کسی ایک قطعہ ارضی کا علم ان رنگوں کی مدد سے حاصل ہونے کے بعد دوسرے قطعہ کا علم آسانی سے ہوگا۔

۳۔ نقشوں کی کتاب (اٹلس) کی مدد سے بچے سادے خاکے کھینچنے میں مشاق ہو جائیں گے۔

۴۔ نقشہ سے بچے کسی وسیع رقبہ کے مخصوص خطوط عرض بلد اور طول بلد کو آسانی سے یاد کرلے گا۔ اس سے یہہ فائدہ ہوگا کہ دنیا کے مختلف حصوں کی آب و ہوا کے متعلق جو دھندلا سا مبہم خیال رہا کرتا ہے اس کے ذہن میں اچھی طرح معین ہو جائے گا۔

۵۔ جن لڑکوں کے پاس نقشوں کی کتاب ہوتی ہے ان سے آسان برعظم اور ہندوستان کے نقشوں کے بے دیکھے کھینچنے کی بجا طور پر توقع کی جاسکتی ہے خطوط عرض بلد اور طول بلد سے چوکھٹا بن جائے گا۔ اگر مدرس تختہ سیاہ پر خاکہ میں رقبہ کے نقاط تقاطع کو رنگین کھریا سے ہمیشہ ظاہر کرتا رہا ہے تو جماعت جلد برعظم کا صحیح نقشہ کھینچنا سیکھ لے گی۔ (عموماً درمیانی خط نصف النہار اور شمالی متوازی ڈھانچہ کا کام دیتے ہیں۔ اس پر نقشہ کا خاکہ بنایا جاسکتا ہے)

۶۔ خالص حافظہ کے کام کی جتنی ضرورت کسی امتحان کے لئے ہوگی وہ سب کی سب اٹلس سے پوری ہوسکتی ہے۔ ہم نے نقشہ کے استعمال کی بحث کسی قدر تفصیل سے کی ہے اس کی وجہ کچھ تو اس کی اہمیت ہے اور کچھ وہ غفلت ہے جو مدرسوں میں اس سے برتی جاتی ہے۔ جغرافیہ کے اکثر اسباق کو بغیر نقشہ کی مدد کے ذہن نشین کرنا ایسی ہی ناممکن ہے جیسے بے دانتوں کے معمولی غذا کو ہضم کرنا۔

ہماری روداد کا دوسرا حصہ نصاب کی ترتیب سے متعلق ہے۔ اس وقت جغرافیہ کی تعلیم جماعت دوم سے لے کر ساتویں درجہ یعنی عثمانیہ میٹرک تک دی جاتی ہے۔ انگریزی فوقانیہ مدارس میں جغرافیہ پر اُس وقت تک کافی توجہ نہیں دی گئی جب تک وہ ہائی اسکول لیونگ سرٹیفکیٹ کے امتحان کے نصاب میں گروپ ب میں داخل رہا۔ ہم ہائی اسکول لیونگ سرٹیفکیٹ بورڈ کے

حالیہ فیصلہ کا خیر مقدم کرتے ہیں کہ اس نے جغرافیہ کو فوقانیہ مدارس میں اوپر کی جماعتوں میں امتحانی مضمون قرار دیا ہے۔ مدراس کی جامعہ نے فوقانیہ جماعتوں کے لئے جو نصاب تجویز کیا ہے اسے ہم نے دیکھا ہے ہماری رائے ہے کہ مقامی ضروریات کے تحت معمولی سے ردوبدل کے بعد وہی نصاب نہ صرف انگریزی فوقانیہ مدارس کے لئے بلکہ فوقانیہ عثمانیہ کے لئے بھی اختیار کرلیا جائے۔ قیاس ہے کہ مفید ثابت ہوگا۔ یہہ کہدینا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ نصاب میں جس طریقہ پر چلنے کی ہدایت کی گئی ہے وہ تمام مدرسین کے لئے مناسب نہ ہوگا۔

تحتانیہ اور وسطانیہ کے لئے جو جغرافیہ کا نصاب مقرر ہے ہماری رائے میں ناقص ہے۔ پہلی بات یہہ ہے کہ خطہ واری تعلیم کے طریقہ کو اکثر بالکل فراموش کر دیا جاتا ہے۔ دوسرے یہہ کہ مختلف جماعتوں میں نصاب کی تقسیم ٹھیک طور پر نہیں کی گئی ہے۔ مملکت آصفیہ کا جغرافیہ جماعت سوم و چہارم و فارم اول کے لئے مقرر کیا گیا ہے۔ جو مسلسل تین سال تک پڑھایا جاتا ہے۔ اس کا نتیجہ یہہ ہوتا ہے کہ جماعت چہارم کے طلبہ کو جماعت سوم کے نصاب سے کچھ ہی زیادہ پڑھنا پڑتا ہے۔ یہہ قریب قریب وہی ہوتا ہے جو وہ پچھلی جماعت میں پڑھ چکے ہیں اسی طرح فارم اوّل کے طلبہ جماعت چہارم کی بہت سی باتوں کو مکرر پڑھتے ہیں۔ اس کا دوسرا اثر یہہ ہوتا ہے کہ چونکہ فوقانیہ کی شرکت سے پہلے وسطانیہ کی تعلیم کے ختم تک طلبہ کے لئے جغرافیہ عالم کا مجمل طور پر پورا کرنا ضروری ہے اس لئے ان پر فارم دوم و سوم میں غیر معمولی بوجھ پڑجاتا ہے اور ان کو اتنا وقت اور موقع نہیں ملتا کہ جو کچھ پڑھایا جاتا ہے اس کو اچھی طرح ضبط کرلیں۔ ہماری رائے میں یہہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ قبل اس کے کہ طالب علم طبقہ تحتانیہ سے فارغ ہو وہ نہ صرف مملکت آصفیہ کے جغرافیہ سے واقف ہو بلکہ دنیا کے جغرافیہ سے بھی بالخصوص ہندوستان کے جغرافیہ سے کسی قدر آشنا ہو۔

مختلف جماعتوں کے لئے ہم نے جو نصاب تجویز کیا ہے وہ ایک ضمیمہ میں شامل ہے ہم یہاں پر ان اصولوں کے متعلق چند ابتدائی باتیں بیان کریں گے جن پر اس نصاب کی بنیاد ہے۔

عموماً نصاب تین طبقوں پر یعنی تحتانیہ۔ وسطانیہ اور فوقانیہ پر منقسم ہوتا ہے۔ ان تینوں

طبقوں کے مدرس کے مقاصد حسب ذیل ہونے چاہئیں۔

طبقہ تحتانیہ۔ جماعت دوم میں پہونچنے سے پہلے ہی بچوں میں اپنے گرد و پیش سے دلچسپی پیدا کرادی جائے۔ تحتانیہ کے اوپر کی جماعتوں میں اس دلچسپی کو اور اُبھارا جائے۔ بچہ کا خود سے کسی کام میں لگے رہنا خصوصاً تعلیم کے کمرے سے باہر نہایت ضروری ہے اگر ہم یہہ چاہتے ہیں کہ تعلیم بارآور ہو تو مشاہدہ۔ تجربہ۔ اور ناپ جوکھ کو پس پشت نہ ڈالیں۔ اسی طبقہ میں بچوں کو مختلف ماحول میں رہنے والوں کی عادات اور زندگی کے حالات سے واقف ہونا چاہیئے۔

طبقہ وسطانیہ | اس طبقہ میں یہہ مقصد پیش نظر رہے کہ ہندوستان کے جغرافیہ سے رابطہ قائم رکھتے ہوئے بالخصوص ریاست محروسہ سرکار عالی سے جغرافیہ عالم کے عام معلومات کا اجمالی و سیع خاکہ طلبہ کے ذہن میں جمایا جائے۔ طلبہ کو خشکی اور تری کے حصے زمین کی سطح کے اہم حالات آب و ہوا کی کیفیات اور دنیا کے اہم خطوں کی نسبت صحیح معلومات سے آگاہ ہونا چاہیئے۔ نصاب کے ختم تک طلبہ جغرافیہ کے ابتدائی عام باتوں سے اچھی طرح واقف ہوجائیں دنیا کے محل وقوع۔ زمین کی سطحی شکل وصورت۔ آب و ہوا۔ اور روئیدگی کا جو اثر انسان کے پیشے اور مشاغل پر پڑتا ہے اُس کو معلوم کرلیں۔ ان کے دماغ میں اس کا صحیح تصور رہے کہ طبعی قطعات ارضی کا کیا مطلب ہے۔ وہ اس لائق ہوں کہ ان کو اپنے نقشوں میں صحیح طور پر دکھلائیں۔ اور ان کے محل وقوع اور خصوصیات کا سبب بتلائیں۔ اپنے ملک کا مطالعہ جس کی ابتدا تحتانیہ میں ہوچکی ہے مزید تفصیل کے ساتھ جاری رکھیں۔ اس طبقہ میں صرف نمایاں باتوں پر زور دیا جائے اور تفصیل کے طومار سے ذہن پر بیجا بوجھ نہ ڈالا جائے۔

طبقہ فوقانیہ | اس طبقہ میں تعلیم کی یہہ غایت رہے کہ دنیا کا صاف نقش بہ حیثیت مجموعی ذہن میں مرتسم ہوجائے۔ ان اہم خطوں کے صحیح معلومات حاصل ہوں جن پر وسطانیہ میں سرسری نظر ڈالی گئی تھی۔ جن رقبوں کو نیچے کی جماعتوں میں چھوڑ دیا گیا تھا ان کا مطالعہ خصوصیت سے کیا جائے آگے چل کر یہہ بات بتائی جائے گی کہ فوقانیہ میں مطالعہ کا طریقہ تحتانیہ اور وسطانیہ سے بہت کچھ مختلف ہوگا۔ اس طبقہ میں نقشوں کے استعمال کو زیادہ وسعت دینا چاہیئے۔

متذکرۂ بالا تینوں طبقوں کی نمایاں خصوصیات پر نظر ڈالنے کے بعد یہہ کہا جاسکتا ہے کہ طبقۂ تحتانیہ کا مقصد دلوں میں ولولہ پیدا کرنا اور تخیل کو بلند کرنا ہے۔ اس کے ساتھ ہی تھوڑی بہت مشق اس بات کی بھی کرائی جائے کہ بچے اپنی قوت تمیز سے آسان علت و معلول کے تعلقات بھی سمجھنے لگیں۔

طبقۂ وسطانیہ کا مقصد عام جغرافیہ میں جو مناظر قدرت سے بحث ہوتی ہے ان کے باہمی تعلقات کو صحیح سمجھنے کی قوت کو ترقی دینا رہے۔ اس سے کامل مرکب یا مختلف ٹکڑوں سے بنی ہوئی کام کی تصویر حاصل ہوتی ہے۔ ضرورت ہے کہ بار بار اپنے ملک کے حالات سے مقابلہ کیا جائے اور ان حالات کے علم کے ساتھ اپنے ملک کا مطالعہ کیا جائے۔

طبقۂ فوقانیہ کی تعلیم سے اپنے اور اجنبی ممالک کی وسعت اور وقوع کے متعلق واضح تصور حاصل ہو۔ اور طلبہ یہہ دیکھیں کہ ہر سلطنت اسی ماحول سے جکڑی ہوئی ہے جس کے زیر اثر وہ ترقی کر کے اس درجہ کو پہونچی ہے۔ ایسی تعلیم سے ضرور حب وطنی اور رواداری پیدا ہوگی۔

مختصر یہہ کہ طبقہ تحتانیہ۔ وسطانیہ اور فوقانیہ کے مقاصد حسب ذیل ہونے چاہئیں۔

تحتانیہ۔ ولولہ پیدا کرنا اور تخیل کو بلند کرنا۔

وسطانیہ۔ قوت تمیز کو ترقی دینا۔

فوقانیہ۔ حب وطنی اور رواداری کا جذبہ پیدا کرنا۔

تعلیم کے طریقے | طبقہ تحتانیہ۔ مختلف طریقے کامیاب ثابت ہوئے ہیں۔ بعض مدارس میں جبکہ دوسرے ممالک کے بچوں کی زندگی کا حال بتایا جاتا ہے۔ طریقۂ تقابل استعمال کیا جاتا ہے اسکیمو کو گھروں میں رہنے والا ظاہر کیا جاتا ہے اور ماہی گیر کی زندگی میدان کے رہنے والے کی زندگی سے ملتی جلتی بتلائی جاتی ہے۔ ہندوستان کے جنگل کا یورپ کے جنگلوں اور کوتاہ قامت لوگوں کے مسکنوں سے مقابلہ کیا جاتا ہے۔ بعض لوگ سیاحوں اور اہم چیز کی کھوج نکالنے والوں کے قصے سناتے ہیں یا ایسے واقعات بیان کرتے ہیں جو اپنے ملک میں سننے میں نہیں آتے۔ زلزلے۔ برف کے بہتے ہوئے تودے یا جنگل کی آتش زدگی کے خطرات کو سر کرنے والے لوگوں کی بہادری کے قصے بھی سنائے جاتے ہیں۔

مدرس کا بلند آواز سے بہادر کے ہفت خوانی کے ایسے قصے کا بلند آواز سے پڑھنا جو جماعت کو پسند آئے اگر چہ یہ قصہ بڑی حد تک خیالی ہی کیوں نہ ہو۔ بہت فائدہ بخش ہوتا ہے مثلاً فن بھیڑیا پکڑنے والے کتے کا قصہ جو نہایت اچھا قصہ ہے۔ اور اگر چہ کتوں کے بارے میں جو لکھے ہوئے قصے ہیں ان سب سے اچھا نہیں ہے۔ انگلستان کے کھلے پہاڑی میدانوں کی اور وہاں کے رہنے والوں کی عام روزمرہ کی زندگی کی ناقابل فراموش تصویر آنکھوں کے سامنے کھڑا کر دیتا ہے۔ وہاں سے یہ منظر ہٹ کر آسٹریلیا جا پہونچتا ہے۔ جہاں ہم سرحد پر رہنے والے گھوڑے سوار کی تنہائی کی زندگی میں شریک ہوتے ہیں اور اس ملک کے عام حیوانوں سے واقف ہو جاتے ہیں۔ اور خرگوش سے نفرت کرتے ہیں۔ بہادر فن کا اپنے آقا سے "جسکی وہ پرستش کرتا تھا"، اور جس سے دو سال سے بچھڑا ہوا تھا۔ دوبارہ گرم جوشی سے ہم کنار ہونا ان خطرات کی ناقابل محو تصویر کھینچ دیتا ہے جو قدیم زمانہ کے سونے کی کان تلاش کرنے والوں کو جھیلنے پڑتے تھے اور جن کا انجام اکثر ہلاکت ہوتا تھا۔ مسٹر سے ٹن بھوسپ سن کی کتابیں بھی چھوٹے لڑکے پسند کرتے ہیں۔ وحاب کا قصہ ایک گھنٹے میں بلند آواز سے پورا پڑھا جا سکتا ہے۔ اس اختصار پر بھی اس میں اتنا مواد ہے کہ جس سے نصف میقات تک کام لیا جا سکتا ہے ہم ولیسی زبانوں میں ان کتابوں کے ترجمہ کرنے کی سفارش کرتے ہیں اور اُمید کرتے ہیں کہ ان زبانوں میں اس قسم کی اور کتابوں کے نکلنے کی کوشش کی جائے گی۔ اوپر جو باتیں بتائی گئی ہیں ان کو مدرسین دوسرے ممالک کے متعلق قصہ سناتے وقت کام میں لائیں اور ان کو واضح اور دلچسپ بنائیں۔ جو لوگ سائنس جانتے ہیں وہ انسان کے کارخانہ عالم کے فتوحات کا ذکر کریں۔ اُن اختراعات کو گنائیں جن کی مدد سے قدرتی رکاوٹیں دور کی گئی ہیں۔ ان کوششوں سے واقف کرائیں جو سخت امراض کی بیخ کنی پر صرف کی گئی ہیں۔ گورگس اور اس کی جماعت کا قصہ سنائیں جنہوں نے جان بوجھ کر خود کو تپ زرد کے خطرات کے سامنے سینہ سپر کیا ڈاکٹر شوائٹزر کا واقعہ بتلائے جو یورپ کے مغنی اور مذہب دان ہونے کی شہرت کو چھوڑ کر کانگو کے بخار کے پنجہ میں گرفتار شدہ علاقوں کو مرض سے نجات دینے کی فکر میں لگ گئے۔ اگر وقت صرف کر کے ان میں سے ہر قصہ کو سادگی اور بغیر بناوٹ کے پورے طور پر بیان

کیا جائے تو یقیناً ساری جماعت ہمہ تن گوش ہو کر دلچسپی لے گی۔

اپنے وطن کا جغرافیہ | وطن کے جغرافیہ کی تعلیم کو تحتانیہ کے نصاب کا ضروری جزہونا چاہیئے اس کی ابتدا ارد گرد کے مقامات کے عملی اور مشاہدہ سے تعلق رکھنے والے کام سے ہونی چاہیئے۔ مظاہر قدرت سے متعلق جو سبق پڑھائے جائیں اُن سے آفتاب کی ظاہری حرکت کی طرف توجہ دلائی جائے۔

موسم۔ بہتے ہوئے پانی کے اثر (بارش کے زمانہ میں) بیج بونے اور فصل کاٹنے کا حال بتلایا جائے۔ مقامی دکانوں اور بازاروں میں جو کھانے پینے کی چیزیں اور پہننے کے کپڑے بکتے ہیں اُن کی صحیح جگہ اجنبی ممالک کی زندگی کے قصے ہیں۔ ان کا ذکر اسی سلسلے میں آنا چاہیئے مقامی سڑکوں اور ریل کے راستوں اور ان پر جو آمدورفت ہوتی رہتی ہے اس سے آسان مسائل پیدا ہوں گے جن کو بچے طبقہ تحتانیہ کی تعلیم کے ختم پر اپنی لیاقت سے حل کریں گے۔ غیر متعلق تفصیلات پر زور نہیں دینا چاہیئے لیکن بعض مشہور باتیں ضرور ٹھیک ٹھیک معلوم کی جائیں۔ دکن کی سطح مرتفع اور شمالی ہند کے وسیع میدان کا فرق اور پہاڑی بلند مقامات میں زیادہ بارش پڑنے کا سبب آسانی کے ساتھ نمونوں (ماڈل) سے معلوم ہو جائے گا۔ اس موقع پر اس کو پھیلائے اور مطلب کی توضیح کے لئے تقابل کی چیزوں کو ڈھونڈھ نکالنے کی ضرورت ہے صرف نہایت اہم طبعی خصوصیات۔ پیداوار اور ان کے انسانی زندگی سے متعلق اثرات پر زور دینا چاہیئے۔

طبقہ تحتانیہ میں عملی اور مشاہدہ سے تعلق رکھنے والے کام۔ | جس وقت مدرس آفتاب کے متعلق گفتگو کرنے لگے تو چاہیئے کہ چھوٹے بچوں سے آفتاب کی حرکت کا مشاہدہ بھی کرائے وہ ان کو قریب کے کسی چٹان یا پہاڑی پر لے جائے اور آس پاس کے میدان یا پہاڑی کے حصوں کی بلندی اور ناہمواری کا مشاہدہ کرائے۔ موقع سے کسی دن جب کہ بارش ہو رہی ہو ان کو چشموں ندیوں اور خشکی اور تری کی دوسرے مختلف شکلوں کو بنتے ہوئے بتلائے۔ کبھی کبھار کاشت کیے ہوئے کھیتوں کی بھی چھوٹی سی دوڑ لگائی جائے اس سے بچے مختلف مقامی فصلوں کو بڑھتے ہوئے دیکھ لیں گے۔ قصباتی مدارس میں اس کا انتظام کیا جائے

کہ لڑکے دوکانوں اور کارخانوں میں جاکر دیکھیں کہ ملکی پیداوار کی کیا کیا چیزیں یہاں آ کر تقسیم ہوئی ہیں۔

عمدہ منتخب تصاویر کا استعمال مسلسل جاری رہے تعلیم بذریعہ تصاویر، کو ہر مدرسہ میں ایک اہم امر سمجھا جائے کیونکہ نصاب میں جتنے مضامین داخل ہوئے ہیں ان سب کی تعلیم میں یہ طریقہ فائدہ بخش ہے۔ تصویروں کے دریافت طلب امور پر جماعت کے سامنے بحث و تمحیص کرنے سے بچوں میں خود سے معلوم کرنے کا شوق پیدا ہوگا۔ اور ان کے ذریعے سے وہ غلطیاں بھی دور ہو جائیں گی جو نامعلوم مقامات کے مناظر کے متعلق ان کے دماغوں میں جاگزیں ہوتی ہیں۔

پہاڑ، دریا۔ اور جھیل جیسے عنوانات پر نہ مقررہ سبق ہوں گے نہ ان کی رسمی تعریفات لیکن ان اصطلاحات کے معانی آہستہ آہستہ ذہن میں قائم کئے جائیں گے یعنی مشاغل کا سبق کے موضوع کی توضیح کے لئے روزمرہ جاری رکھنا۔ طبقہ تحتانیہ میں کم از کم سال اول کے لئے نہایت عمدہ مظاہرہ ہوگا۔ ہر جماعت کے پاس ریت سے بھری بڑی لگن ہونی چاہئے سارے بچوں کی شرکت سے اسی ریت پر اس منظر کی نقل اُتروائی جائے جس کی تشریح اس سے پہلے ہو چکی ہے۔ بہت سی تبلیغی انجمنیں اپنی ضروریات کے لئے اس قسم کا نصاب اور اس کے آلات فراہم کرتی ہیں جو اسی طبقہ کے لئے نہایت کارآمد ہوتا ہے۔ ضروری منظر کے پائین کی تصویر مثلاً کسی جاپانی گھر اور باغ کی مقوے کے بڑے سخت تختہ پر نکلی ہوتی ہے جس کو رنگ چڑھانے کے بعد موڑ کر ریت کی لگن کے پشت پر لگا دیتے ہیں۔ اسی طرح خاندان کے ارکان کی تراشی کر بنائی ہوئی تصویروں سے جن کو اپنے رہنے اور کام کے اعتبار سے پوشاک پہنا دیا جاتا ہے بچوں کے لئے مزید جداگانہ اشغال کا سامان پیدا ہوگا۔ اور اس طرح رفتہ رفتہ تصویروں کی کافی تعداد جمع کی جا سکتی ہے جس سے شہریوں کی جماعت کا نہایت عمدہ انتخاب بن جائے گا۔ نوسال کی عمر میں مٹی کے نمونے اپنی ضرورت کے لئے تیار کرانے کے کام سے جن سے نہایت قابل قدر فائدے حاصل ہوتے ہیں۔ اتنی غفلت برتی جاتی ہے کہ ایسی کسی کو توقع نہیں ہو سکتی۔ کسی ملک کے ساخت کو پہلے نمونے کے ذریعہ سے

دکھایا جا سکتا ہے لیکن یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ نمونہ کا استعمال محض نقشہ کو سمجھنے کے لئے ہے۔ جب یہ بات حاصل ہو جائے تو نمونہ کے استعمال کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔

طبقہ تحتانیہ میں نقشہ کا کام | جماعت دوم جن ہدایتوں کا تصوّر ذہن میں ڈالا گیا تھا اُن کو جماعت سوم میں اچھی طرح معین کر دیا جائے ایسی جماعت میں قریبی ماحول کی مادی شکلیں تیار کرائی جائیں۔ کرۂ ارضی کے مطالعہ سے بچوّں کے دماغ میں نقشہ کے متعلق ابتدائی تصورات ڈالے جائیں۔ اس کے بعد براعظم کے خاکے اُتروائے جائیں جن میں وہ سُنے سُنائے قصّے سے متعلق کسی نمایاں خیال کی سادہ شکل نکالیں۔ مثلاً دریائے نیل کے گذرگاہ کے مینارے کانگو کے باشندے کے پست جھونپڑے۔ امریکہ کے باشندوں کی ڈونگی وغیرہ۔

جماعت چہارم میں زیادہ وقت اٹلس کی مدد سے آسان مسائل کے جواب نکالنے پر صرف ہوگا۔ اس امر کے اسباب ڈھونڈھے جائیں کہ حیدرآباد کو پایۂ تخت کیوں منتخب کیا گیا۔ دکن کی آب و ہوا خشک کیوں ہے۔ یہ اور اس قسم کے دوسرے سوال غور سے نکال کر حل کئے جائیں۔

طبقہ وسطانیہ طریقۂ تعلیم | اس طبقہ میں اس مضمون کی تعلیم پہلے اسی نہج پر ہوگی جس کی طبقہ تحتانیہ کے متعلق ہدایت کی گئی ہے۔ صرف اتنی زیادتی کی جائے گی کہ دنیا کا جغرافیہ پورا کر دیا جائے گا اور مطالعہ زیادہ باقاعدہ رہے گا۔ مدرس کو یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ خاص خاص اہم واقعات اور وسیع خاکے سے آگے نہ بڑھے اور بار بار اپنے ملک کے حالات سے مقابلہ کرتا جائے۔

جغرافیہ عالم۔ تشریحات معین ربط کے ساتھ رہیں اور زیادہ تفصیل کے ساتھ مرتب کی جائیں۔ نباتات اور حیوانات کی زندگی کے مخصوص حالات بچّوں کو پہلے ہی معلوم کرائے جا چکے ہوں گے۔ اب آب و ہوا اور سرزمین سے ان کا جو تعلق ہوتا ہے اس کو واضح کیا جائے گا۔ دنیا معین خطّوں میں تقسیم کی جائے گی اور ہر خطّے کے قدرتی ذرائع پر انسانی زندگی کے دارومدار کو صاف طور بتلایا جائے گا۔ مختلف اقوام کے باہمی میل جول اور آمد و رفت پر زور دیا جائے گا۔ خصوصاً ہندوستان اور انگلستان کے تعلقات اچھی طرح دکھلائے

جائیں گے۔

اس نوبت پر پہنچ کر طلبہ اس لائق بن جائیں کہ زمین کی سطح پر خشکی اور تری کی جو عام تقسیمیں ہیں ان کا تصور جما لیں۔ بہت سے مدرسین اس کے لئے بڑے بڑے مفتشین مثلاً مارکو پولو۔ واسکوڈی گاما۔ فرینکلن وغیرہ کی سیاحت کے راستوں پر نظر دوڑاتے ہیں۔

وطن کا جغرافیہ۔ گہرے مطالعہ کے لئے بعض مضامین کا خاص کر ہندوستان کے جغرافیہ کا انتخاب کیا جائے۔ اور نصاب کے ختم تک تعلیم اتنی ترقی کرلے کہ لیاقت طبقہ فوقانیہ کے قابل ہو جائے۔ اپنے ملک کے حالات کا دوسرے کماثل ملکوں کے حالات سے مقابلہ کرنے لگیں۔ صحرائے اعظم کو ریگستان تھار۔ اور چین کے دریا کو گنگا کے گذرگاہ سے تشبیہ دے کر سمجھایا جائے۔ ہمالیہ کے فلک بوس دیوار کا فرق کناڈا یا اردبا سیل کے غیر محفوظ شمالی حصے سے مقابلہ کرکے بتایا جائے۔ شمالی ہند کے میدانوں کا مقابلہ دکن کے سطح مرتفع سے کیا جائے اس طرح اور باتیں بھی بتائی جائیں۔ طبقہ تحتانیہ کی سب سے اونچی جماعت میں جو سوال حل کرائے جاتے ہیں ان سے زیادہ دشوار سوال یہاں حل کرائے جائیں۔

عملی اور مشاہدے کے کام۔ سال کے مختلف حصوں میں آفتاب کے حقیقی مدار کا مشاہدہ کرایا جائے تاکہ یہ معلوم ہو کہ مختلف موسموں میں اس کا ارتفاع کیا ہوتا ہے۔ اسی طرح مختلف موسموں میں لیل و نہار کی درازی پر بھی غور کیا جائے۔ طلبہ سے اس کی مشق کرائی جائے کہ وہ مختلف اعتدال لیل و نہار کے وقت آفتاب کے سایہ پر غور کرکے عرض بلد معلوم کرلیں تعلیمی سیر کے دوران میں طلبہ کو گرد و پیش کا محل وقوع۔ کاشت۔ اور آب رسانی کے طریقے۔ مختلف قسم کی زمین۔ پانی کے بڑے بڑے تالاب مثلاً عثمان ساگر حمایت ساگر اور نظام ساگر دکھلائے جائیں۔ تمہیدی گفتگو اور تھوڑے بہت مطالعہ سے طلبہ ہر تعلیمی سیر کے لئے پہلے سے تیار کرلئے جائیں اور جب وہ واپس ہوں تو جو کچھ انھوں نے مشاہدہ کیا ہے ان سے لکھا کر اس کی تشریح کرائی جائے۔ اپنے مفہوم کی وضاحت کے لئے وہ سکیں۔ نقشے۔ خاکے استعمال کریں طبقہ وسطانیہ کے عملی کام میں موسمی حالات کا نقشہ تیار کرنا تپش پیما سے کام لینا اور کسی ملک کے زراعتی پیداوار معدنیات۔ آبادی

اور درآمد و برآمد کی تفصیل کے چھوٹی جدولوں اور نقشوں کا تیار کرنا بھی شامل ہوگا۔

نقشوں کا کام۔ پہلے سے بڑھ کر اس طبقہ میں نقشوں کے مطالعہ پر توجہ کی جائے۔ نقشوں کے پیمانوں پر غور کیا جائے۔ زیادہ اہم ممالک کے محل وقوع کو عرض بلد اور طول بلد کے ذریعہ سے بتایا جائے۔

نصاب طبقہ فوقانیہ اس مضمون کی تعلیم گذشتہ طبقات میں تعلیم کا جو طریقہ رہا ہے اس سے بالکل علیحدہ طریقہ یہاں رہے گا۔ اس طبقہ میں طالب علم کی حیثیت تفحص و تجسس کرنے والے کی ہوگی اور مدرس کا کام سبق پڑھانا نہیں بلکہ ہدایت کرنا اور راہ بتانا ہوگا۔

جغرافیہ عالم۔ اس طبقہ میں زیادہ تفصیلی نظر جغرافیہ عالم پر ڈالی جائے گی اور بعض خاص مسائل کا زیادہ تفحص کے ساتھ مطالعہ کیا جائے گا۔ تلاش و جستجو کے ساتھ مطالعہ کے لئے خاص مضامین کے انتخاب کا دارومدار مدرس کی معلومات اور دلچسپی پر ہوگا۔ مدارس کی جامعہ کے نصاب میں جغرافیہ عالم پر نظر ڈالنے کا ایک نہایت اچھوتا طریقہ بتلایا گیا ہے۔ اس طریقہ کی رو سے اُن سمندروں کی آب و ہوا کے حالات کا مطالعہ پہلے کرنا چاہیئے جو براعظموں کو آپس میں ملاتے ہیں اور پھر اس کے بعد خود براعظموں کا یہ طریقہ بجائے خود غلط نہیں ہے لیکن ایسا مدرس جس کے سائنس کے معلومات محدود ہیں اس سے احتراز کرے تو بہتر ہے۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ نئے مطالعہ کو وہ جیتا جاگتا نہیں بنا سکتا۔ وہ جغرافیہ کے معاشی اور تجارتی پہلو کی طرف مائل ہو سکتا ہے۔ اتنا ہے کہ اس طریقہ کو کام میں لانے کے لئے اُسے تجارتی روئدادوں اور سیاہوں کو الٹ پلٹ کر دیکھنا ضروری ہوگا۔

تاریخی طریقے کے موید بہت سے پیدا ہو جائیں گے۔ اور سائنس کی ترقی کی ابتدا جدید طرز کے علمی اکتشافات کے پیہم سے ہوگی۔ کلوں کی نت نئی ایجاد سے رقبہ کا رقبہ اور آبادی کے مرکز اس طرح متغیر ہوتے جا رہے ہیں کہ شناخت میں نہیں آتے۔ اسی طرح موٹر کے ذریعہ سے نقل و حرکت کا طریقہ ہزاروں آدمیوں کی ذہنیت میں انقلاب پیدا کر رہا ہے۔

وطن کا جغرافیہ۔ وطن کے جغرافیہ کا تمام و کمال اعادہ طبقہ فوقانیہ کے نصاب کا ضروری حصہ نہ صرف اس وجہ سے ہوگا کہ وطن کے جغرافیہ کے مطالعہ میں معنوی اہمیت

پنہاں ہوتی ہے بلکہ اس وجہ سے بھی کہ اس میں دوسرے ممالک کے حالات سے مقابلہ کرنے اور فرق بتلانے کے لئے مواد ہوتا ہے۔ طلبہ سے مشق کرائی جائے کہ جغرافیہ عالم کے مطالعہ سے جو اُصول اس کو ہاتھ آئے ہیں ان کو اپنے وطن کے حالات پر منطبق کریں۔ مقامی جغرافیہ کی حیثیت بہت کچھ خانگی پیمائش کی ہوگی جس میں ان چیزوں کا مشاہدہ کیا جائے جو مکانات۔ سڑک جنگل۔ وغیرہ سے متعلق ہوں۔ اور اُن کا اندراج مقامی حکومت کے بندوبست کے نقشوں سے کیا جائے۔

علمی اور مشاہدہ سے متعلق کام۔ روزمرہ کا ٹمپریچر۔ دباؤ۔ اور نمی کی طبقہ فوقانیہ کے طلبہ معلوم کریں اور لکھ لیں۔ جماعت کا ہر لڑکا جو نتائج حاصل ہوئے ہیں اُن کا ایک نقشہ تیار کرے اسی زمانے میں لڑکے بلندی نما خطوط کے مطلب اور استعمال کو اچھی طرح سمجھیں گے۔ ظل اسطوانی بنائے جائیں۔ اور خاکے ہر سبق کے اشارے میں ضروری جزو سمجھے جائیں۔ (اس طبقہ میں نوٹ بک کا باقاعدہ معائنہ نہایت ضروری ہے کیونکہ اس نوبت کو پہونچنے تک اشارات لکھ لینے کی عادت پڑ گئی ہوگی جغرافیہ کے مدرس کو اس موقع پر یہ یاد رہے کہ کھُلے اوراق کی بیاض بہت کارآمد ہوتی ہے۔)

طلبہ کو قطب تارہ اور دُبِ اکبر کے مشاہدہ کرنے کا شوق دلایا جائے۔ جہاں کہیں رصدگاہ ہو جیسا کہ حیدرآباد دکن میں ہے اس امر کا انتظام کیا جائے کہ طلبہ دوربین سے اجرام فلکی کا مشاہدہ کریں۔ زمین کی بناوٹ کے سلسلے میں لڑکوں کو دکن کے آتش فشانی چٹان دکھائے جائیں۔ اُن کو اس کا بھی شوق دلایا جائے کہ مختلف اقسام کے قطعات حجری اپنے مدرسہ کے نمائش گاہ کے لئے جمع کریں۔

اس طبقہ کے لئے تعلیمی سفر کا اختیار کرنا ممکن ہوگا۔ سفر کی تیاری ضروری شے ہے۔ اس کے اختیار کرنے سے پہلے صحیح نقشوں اور سوال کے ذریعہ سے طلبہ کو تیار کرلیا جائے۔

ذریعہ تعلیم۔ ہماری تاریخ تعلیم کے اس منزل پر پہونچنے کے بعد اس کی ضرورت چنداں محسوس نہیں ہوتی کہ تعلیم بذریعہ زبان مادری کی اہمیت ظاہر کی جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ ہم کو یہہ واقعات بھی مدنظر رکھنے چاہئیں کہ اردو ریاست اور جامعہ عثمانیہ کی زبان ہے اور انگریزی سلطنت برطانیہ اور غیر ملکی تبادلہ خیالات کا ذریعہ ہے۔ عملی سیاست کو ان تمام امور پر حاوی ہونا چاہیئے جو ہمارے طریقۂ تعلیم کی پیچیدگیوں میں شامل ہیں۔ ان تمام امور کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے

ہم اس کی سفارش کریں گے کہ جغرافیہ کی تعلیم طبقہ وسطانیہ تک طالب علم کی مادری زبان اُردو۔ تلنگی۔ مرہٹی یا کنڑی میں ہونی چاہیئے۔ اُردو اور انگریزی کی تعلیم اس منزل تک بطور زبان کے ہونی چاہیئے گو ہم یہہ مانتے ہیں کہ مادری زبان میں تعلیم کی تجویز اصولاً ہمیں فوقانیہ اور اس سے بھی آگے بڑہانے جائے گی۔ لیکن ہم یہہ تسلیم کرنے کے لئے مجبور ہیں کہ اس اصول کی عام پابندی کا وقت ابھی نہیں آیا ہے۔ گو ہمارا یہہ مطمح نظر کتنا ہی پسندیدہ کیوں نہ ہو فی الحال ہم یہہ سفارش کریں گے کہ باستثنائے حدود انگریزی جہاں موجودہ حالات کے تحت غیرادبی مضامین کے لئے انگریزی کو بطور ذریعہ زبان تعلیم جاری رکھنے کی ضرورت ہے طبقہ فوقانیہ میں جغرافیہ کی تعلیم اُردو ہی میں ہونی چاہیئے البتہ انگریزی نصاب میں بحیثیت مضمون لازمی جاری رکھی جائے ہم یہہ جانتے ہیں کہ بالکلیہ منطقی اصول پر چلنے والے اصحاب ہماری ان سفارشات پر بعید اعتراضات کریں گے لیکن ہم اس پر بھی یہی کہیں گے کہ اگر ہم کو عملی مشکلات کا مقابلہ کرنا ہے تو ہمارے لئے بجز اس کے اور کوئی چارہ نہیں ہے ہم کو انگریزی کا جو خالص غیرملکی زبان ہے ایک نعم البدل معلوم کرنا ہے اور وہ نعم البدل فی الحال اُردو ہے جو دوسری ملکی زبانوں کے لئے راستہ صاف کردے گی۔ اکثر موقعوں پر سفر کی بجائے کثیر التعداد کتب سے کام لینا پڑے گا اور اعلیٰ جماعتوں کو منتخب سوالات کے کرنے کا موقع دینا ہوگا۔ ان کتابوں کے پڑھنے میں بچوں کو تربیت کی ضرورت ہوگی کیونکہ ان کے مطالعہ سے صرف چند ہی کماحقہٗ مستفید ہوں گے باقی کو صرف سطحی معلومات ہوجائیں گے

سفارشات (۱) جامعہ عثمانیہ و دیگر ہندوستانی یونیورسٹیوں کی اقتداری مجالس کو مجبور کرنا چاہیئے کہ انٹرمیڈیٹ و بی۔اے کے نصاب میں جغرافیہ کو مضمون اختیاری کی حیثیت سے شریک کریں اور بعجلت ممکنہ شعبہ جغرافیہ قائم کریں۔

(۲) بعجلت ممکنہ موجودہ نصاب کی ترمیم کی جائے۔ اور طبقات تحتانیہ و وسطانیہ کے لئے خاص طور سے ملکی زبانوں میں جغرافیہ کی موزوں کتابوں کی تالیف کا انتظام کیا جائے۔

(۳) مختلف مدارس میں جغرافیہ کی تعلیم قابل ترین اساتذہ کے سپرد کی جائے۔ اور طبقہ فوقانیہ میں جہاں جہاں ممکن ہو اس مضمون کی تعلیم ایسے مدرسین کے تفویض کی جائے جنہوں نے اس کی خاص تعلیم حاصل کی ہو۔

(۴) ایسے اشخاص کی جنہوں نے جغرافیہ کا خاص مطالعہ کیا ہو زیادہ مشاہرہ یا الونس سے حوصلہ افزائی کی جائے۔

(۵) محکمۂ تعلیمات کو مجبور کیا جائے کہ عثمانیہ ٹریننگ کالج میں جغرافیہ کے ریفریشر کورس کا فوری انتظام کرے اور ان اساتذہ کو جو ایسے نصاب سے مستفید ہونا چاہتے ہوں ہر ممکنہ سہولت و ترغیب بہم پہونچائی جائے۔

(۶) عثمانیہ ٹریننگ کالج میں جغرافیہ کا ایک کمرہ قائم کیا جائے جو مدرسین کے لئے نمونہ ہو جہاں ان کو نئی کتاب اور آلات دیکھنے اور معلوم کرنے کا موقع حاصل ہو۔

(۷) مدارس اور خصوصاً فوقانیہ مدارس کے کتب خانوں میں طلبہ اور مدرسین کے لئے جغرافیہ کی موزوں کتابیں فراہم کی جائیں اور وقتاً فوقتاً جدید کتابوں کا اضافہ بھی ہوتا رہے۔

(۸) سرکار عالی سے بہ اصرار عرض کیا جائے کہ حیدرآباد میں بچوں کا ایک کتب خانہ ایسے شخص کے زیر انتظام قائم کیا جائے جس نے بچوں کے کتب خانوں کی نگرانی میں مہارت حاصل کی ہو۔

(۹) اندرون و بیرون ممالک محروسہ سرکار عالی میں دلچسپ مقامات پر ماہرین کے زیر انتظام تعلیمی تفریح کا انتظام کیا جائے۔ اور ایسی سیاحتوں کے لئے سرکار سے رقمی امداد کی درخواست کی جائے۔ نیز ذرائع آمد و رفت کی ایجنسیوں سے خاص نرخ مقرر کرایا جائے۔

انگلستان کے مدارس میں سیاحت عام ہے۔ اور براعظم میں بھی تعلیمی مشاہدات کی غرض سے سیاحت کا رواج بڑھتا جاتا ہے۔ جرمنی اور ممالک متحدہ امریکہ اور آسٹریلیا اس قسم کی سیر کو زیادہ اہمیت دے رہے ہیں۔

ضمیمہ

نصاب ۔ اس وقت جغرافیہ کی تعلیم جماعت دوم سے سکنڈ فارم یا عثمانیہ میٹرک تک دی جاتی ہے۔ مدارس فوقانیہ انگریزی میں جب تک یہ مضمون ہائی اسکول لیونگ سرٹیفکٹ کے نصاب گروپ (ب) میں شامل رہا اس کی طرف توجہ مبذول نہیں کی گئی۔ اس لئے ہم ایچ۔ ایس۔ ایل۔ سی بورڈ کے تصفیہ کو خوش آمدید کہتے ہیں کہ اس نے حال میں جغرافیہ کو مدارس انگریزی

کے فوقانیہ طبقہ میں ایک امتحانی مضمون قرار دیا۔ ہم نے مدراس یونیورسٹی کی فوقانی جماعتوں کا مجوزہ نصاب دیکھا ہے۔ اور ہماری رائے ہے کہ مقامی ضروریات کے مدنظر معمولی ترمیم کے بعد نہ صرف مدارس فوقانیہ انگریزی بلکہ فوقانیہ عثمانیہ کے لئے بھی بخوبی اختیار کیا جاسکتا ہے۔ ہمارے خیال میں طبقہ تحتانیہ و وسطانیہ کا مروجہ نصاب نہایت ہی ناقص ہے اور فوری نظرثانی کا محتاج ہے۔ اول تو قدرتی تقسیم کا بالکل لحاظ نہیں رکھا گیا ہے۔ دوم نصاب کی جماعت واری تقسیم ناموزوں ہے۔ ممالک محروسہ سرکار عالی کا جغرافیہ جماعت ہائے سوم و چہارم اور پنجم میں تین سال تک مسلسل پڑھایا جاتا ہے۔ جس کا نتیجہ یہہ ہوتا ہے کہ طلبار جو معلومات جماعت سوم میں حاصل کر لیتے ہیں۔ اس کے بیشتر حصے پر جماعت چہارم میں دوبارہ وقت صرف کرتے ہیں۔ اور اسی طرح جماعت پنجم کے طلبا اُن ہی اسباق کا پھر اعادہ کرتے ہیں۔ جن کو وہ جماعت چہارم میں پڑھ چکے ہیں۔ ایک دوسری خرابی یہہ پیدا ہوتی ہے کہ طالب علم کو وسطانیہ سے نکل کر فوقانیہ میں داخل ہونے کے قبل پورا جغرافیہ عالم سرسری طور پر ختم کرنا ناگزیر ہوتا ہے جس کا لازمی نتیجہ یہہ ہوتا ہے کہ جماعت ہائے ششم و ہفتم میں اس پر ضرورت سے زیادہ بار پڑ جاتا ہے اور اس کو اس بات کا موقع نہیں ملتا کہ وہ تمام باتیں ذہن نشین کرلے جو دونوں جماعتوں میں بتائی گئی ہیں۔ ہم یہہ ضروری تصور کرتے ہیں کہ قبل اس کے کہ طالب علم مدرسہ تحتانیہ سے نکلے اس کو نہ صرف ممالک محروسہ کے جغرافی معلومات حاصل ہونے چاہئیں بلکہ ممالک محروسہ کی بیرونی دنیا اور خاص کر ہندوستان کے جغرافیہ سے بھی کچھ واقفیت ہونی چاہیئے۔ تعلیم جغرافیہ کو ماہرانہ فنی اصول پر قائم کرنے کے لئے ہم حسب ذیل نصاب تجویز کرتے ہیں۔

(جدید نصاب مجوزہ)

طبقہ تحتانیہ۔ جماعت اول۔ اس جماعت میں جغرافیہ کی تعلیم ایک علیحدہ مضمون کی حیثیت سے نہیں ہونی چاہیئے بلکہ زبان ملکی۔ مشاہدہ قدرت اور قصہ گوئی کا جزو ہو۔

جماعت دوم۔ طلوع آفتاب کی مدد سے سمت کے متعلق ابتدائی معلومات۔ خاص خاص مقامی طبعی حالات کا مشاہدہ مثلاً دریا۔ کنٹہ۔ تالاب۔ پہاڑ۔ موسم وغیرہ۔

غیر ممالک کے بچوں کی کہانیاں (طرز زندگی۔ غذا۔ لباس۔ طریقہ بود و باش۔ ذرائع آمد و رفت وغیرہ)۔ بر اعظموں کا ذکر مروجہ طریقہ پر نہ کیا جائے بلکہ خاص خاص مناظر کے ذریعہ ان کا محل وقوع اور

طبیعی حالات ظاہر کئے جائیں۔

جماعت سوم۔ ملکی جغرافیہ۔

چوبی سمت نما کے سایہ سے شمالی و جنوبی خطوط کا معلوم کرنا۔ نقشہ کے متعلق ابتدائی معلومات جو قرب و جوار کی چیزوں سے حاصل کی جائیں۔ مثلاً مدرسہ۔ جماعت۔ بازیگاہ۔ گھر۔ نیز اسمات مکان پولیس کی چوکی۔ ڈاک خانہ و چمن۔ جاوڑی (بصورت مدارس دیہی) وغیرہ جغرافی اصطلاحات کی تعریف مقامی نظاروں اور نمونہ جات کی مدد سے۔ ضلع کا ابتدائی جغرافیہ (دیہی مدارس میں) اور شہر کا جغرافیہ (شہری مدارس میں) مطالعہ کرۂ ارض۔

زمین کی شکل اور خشکی اور تری کی تقسیم کے متعلق ابتدائی معلومات نیز بر اعظم و بحر اعظم کے نام۔ ممالک غیر اور اُن کے باشندوں کی کہانیاں مسلسل و مفصل دنیا کے انکشافی قصص اور فراہم کردہ نقشوں کے ذریعہ ان کی توضیح۔

جماعت چہارم (الف) ہندوستان کے جغرافیہ کا خاکہ۔ کرۂ ارض پر اُس کا محل وقوع حدود اربعہ۔ عام طبعی حالات۔ آب وہوا (ابتدائی معلومات) اور خاص خاص پیداوار مثلاً گیہوں کپاس۔ دھان۔

(ب) جغرافیہ ممالک محروسہ سرکار عالی۔

۱۔ قدرتی تقسیم۔

طبعی حالات آب وہوا۔ بارش۔ زمین۔ پیداوار۔ باشندوں کا پیشہ۔ درآمد و برآمد مشہور مقامات۔

۲۔ ملکی تقسیم۔

خطےّ۔ سڑکیں اور ریلیں۔ حکومت۔

(ج) غیر ممالک اور اُن کے باشندوں کے مزید قصہ جات بلحاظ مخصوص محل وقوع ہندوستان۔

طبقہ وسطانیہ۔ فرسٹ فارم (الف) یوریشیا کی عام قدرتی تقسیم۔ خاص خاص قدرتی خطےّ۔ آب وہوا۔ بارش۔ زمین۔ پیداوار۔

(ب) جغرافیہ ایشیاء
ایشیا کی ملکی تقسیم۔ خاص طبعی حالات مخصوص قدرتی خطے اور ان کی خصوصیات۔
(ج) جغرافیہ ہندوستان بحوالہ ممالک محروسہ۔ حتی الامکان قدرتی تقسیم ملحوظ رکھی جائے
سکنڈ فارم۔ (الف) شرقی کرۂ ارض کے قدرتی خطّوں کا عام جغرافیہ۔
(ب) مفصل اعادہ ایشیاء
(ج) شرقی کرۂ ارض کی موسمی ہواؤں کی تفصیل۔
(د) یورپ۔
ملکی تقسیم۔ خاص طبعی حالات، آب و ہوا۔ پیداوار صنعت و حرفت۔ قدرتی خطوں کے مشہور شہر مثلاً مغربی یورپ (جزائر برطانیہ و فرانس) بحیرۂ روم (اطالیہ) تری (جرمنی اور روس) پہاڑی (سوئٹزرلینڈ)
(ہ) یوریشیا کی تجارتی راہیں۔
(الف) بری راہیں۔
(ب) بحری راہیں۔
(ج) ہوائی راہیں۔
تھرڈ فارم۔ جغرافیہ عالم۔
(الف) اعادہ ایشیا و یورپ۔
(ب) جغرافیہ افریقہ۔
طبعی حالات و خاص ملکی تقسیم۔ آب و ہوا۔ پیداوار۔ قدرتی خطّوں کے مشہور شہر مثلاً وادئ نیل۔ وسطی و جنوبی افریقہ۔ ممالک بحیرۂ روم۔
(ج) جغرافیہ جنوبی امریکہ۔
ملکی تقسیم۔ طبعی حالات۔ آب و ہوا۔ پیداوار۔ قدرتی خطّوں کے مشہور شہر مثلاً مشرقی سطوح مرتفع۔ وسطی نشیبی مقامات۔ مغربی سطوح مرتفع۔
شمالی امریکہ۔

(۵) ملکی تقسیم۔ طبعی حالات۔ آب وہوا۔ پیداوار۔ قدرتی خطوں کے مشہور شہر مثلاً صحرائی خطے۔ گیہوں۔ مکائی۔ اور کپاس کے رقبے۔

انجمن اساتذہ بلدہ

رپورٹ شاخہائے انجمن اساتذہ بلدہ بابتہ میقات اول

کچھ عرصہ قبل عنوان بالا حیدرآباد ٹیچر کا مستقل عنوان قائم کیا گیا تھا۔ لیکن شاخہائے انجمن کی بے نیازی کی وجہ سے ہمیں وقت پر مواد نہ مل سکا۔ چنانچہ تھوڑے دنوں کے تلخ تجربہ کے بعد اس عنوان کو خارج کر دیا گیا۔ اب عالی جناب میر مجلس صاحب انجمن اساتذہ کی دلچسپی سے ہمیں پہلی میقات کی روئدادیں وصول ہوئی ہیں جو ذیل میں شائع کی جاتی ہیں۔ اس بات کا البتہ افسوس ہے کہ اس دفعہ میں بھی تمام شاخوں سے رپورٹیں وصول نہ ہو سکیں اُمید کی جاتی ہے کہ معتمد صاحبان مرکز اس ضمن میں خاص طور پر دلچسپی لیں گے اور نہ صرف ہر میقات کے جلسوں کی رپورٹ روانہ فرمائیں گے بلکہ جو دلچسپ تقریریں کی جائیں یا مضمون پڑھے جائیں وہ بھی بغرض اشاعت روانہ فرمائیں گے۔ فقط **ادارت**۔

مدرسہ فوقانیہ دار العلوم بلدہ | میقات اول میں تین جلسہ ہوئے۔ پہلا جلسہ مولوی سید ظہور علی صاحب کی زیر صدارت ہوا۔ اور اس میں "مدارس تحتانیہ میں مطالعہ فطرت کا تدریس" کے عنوان پر بحث و مباحثے ہوئے مطالعہ فطرت کے علمی قدر و قیمت پر روشنی ڈالی گئی اور اس کی کمل خاطر خواہ تعلیم کے لئے میجک لالٹین اور سینما کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ دوسرے جلسہ میں سائنس کا روزانہ عملی زندگی سے تعلق پر دلچسپ تقریریں ہوئیں تیسرے جلسہ میں عضویات اور علم الصحت کی اہمیت ثابت کی گئی اور یہ خیال ظاہر کیا گیا کہ آج کل حفظان صحت کی تدریس نہ ہونے سے بیشمار خرابیاں پیدا ہو رہی ہیں۔ طبقہ تحتانیہ وسطانیہ اور فوقانیہ کے لئے مخصوص نصاب پر بھی روشنی ڈالی گئی۔

مدرسہ وسطانیہ شاہ علی بنڈہ | مدرسہ ہذا میں صرف دو جلسے ہوئے ایک شہریور ۳۹ ف اور دوسرا مہر ۳۹ ف میں مطالعہ قدرت کی تعلیم میں ذاتی مشاہدہ کی ضرورت بتائی گئی اور کہا گیا کہ اس مضمون کی تدریس کھلے میدان میں یا کسی باغ میں ہو تو زیادہ مفید ہوگا۔ عملی زندگی سے سائنس کا تعلق نئی ایجادوں اور اکتشافات کے ذکر سے ثابت کیا گیا۔

مدرسہ فوقانیہ نامپلی | "مطالعہ فطرت بجماعات تحتانیہ" کے سلسلہ میں مولوی وفادار خان صاحب نے طلبہ

تحتانیہ کو زندہ مچھلیوں کا سبق پڑھایا جو نہایت دلچسپ و سبق آموز تھا بہتر ہوتا اگر مچھلیوں کے نمونوں کی بجائے اصلی مچھلیاں طلباء کے سامنے پیش کی جاتیں۔ دوسرا جلسہ حبیب خاں صاحب کی زیر صدارت "عملی زندگی سے سائنس کا تعلق" کے عنوان پر ہوا اور صاحب موصوف نے نہایت واضح اور مدلل تقریر فرما کر ثابت کر دکھایا کہ ہماری روزانہ زندگی کس قدر سائنس کی رہین احسان ہے آخر میں یہ بھی واضح کیا گیا سائنس اور مذہب میں تصادم نہیں ہوسکتا کیونکہ سائنس اور مذہب ایک دوسرے کے ممد و معاون ہوتے ہیں۔

مدرسہ وسطانیہ شاہ گنج "مشاہدہ قدرت" پر مولوی کرم علی صاحب نے نمونہ کا سبق پڑھایا جو نہایت کامیاب رہا۔ مولوی غلام محمود صاحب نے نہایت پر مغز تقریر فرمائی اور کھلی ہوا میں تعلیم دینے پر زور دیا۔ جس کی جناب صدر نشین صاحب لفظاً بلفظاً تائید کی۔ مہر کے جلسہ میں سائنس کے عملی زندگی سے تعلق پر انگریزی میں تقریریں ہوئیں۔ اور آبان کے جلسہ میں انسانی پنجر کے پوست کنندہ حالات بیان کئے گئے لیکن علم الاجسام وعلم الصحت کی نصابی اہمیت وحیثیت کا مسئلہ تاریکی میں رہ گیا۔

مدرسہ وسطانیہ رزیڈنسی بازار ا شہریور ۱۳۴۱ ف کے جلسہ میں مولوی برہان الدین صاحب منشی فاضل نے "تعلیم مطالعہ فطرت" کے ضمن میں گلاب کے پھول پر طلباء چہارم کو نمونہ کا سبق دیکر حاضرین کو محظوظ و مستفید فرمایا۔ اس کے بعد مسٹر چندوار کر ایم اے صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ رزیڈنسی بازار نے اسباق الاشیاء و مشاہدات قدرت کا فرق بتلاتے ہوئے نتیجہ خیز مثالوں اور تجارب کا ذکر فرمایا۔ "سائنس کا تعلق روزانہ زندگی سے" کے عنوان پر خیالات کا اظہار تو نہیں کیا گیا لیکن ریڈی صاحب نے پورے دو گھنٹہ تک ٹھوس و مائع و گیسی اشیاء کی شناخت پر نمونہ کا سبق پڑھایا۔ بقیہ وقت اس سبق پر اعتراضوں میں صرف ہوگیا۔ آخر میں مسٹر ہارڈی کر صدر مدرس مدرسہ دویک دروھنی نے بگڑی بات بنائی اور اصل بحث پر اپنے قیمتی خیالات ظاہر فرمائے آخری جلسہ ۲۹ آبان ۱۳۴۱ ف کو بصدارت مولوی تجمل حسین صاحب بی اے۔ بی ٹی ہوا جس میں مسٹر جوشی مددگار پرائمری اسکول و کلفنڈنیا بازار مولوی برہان الدین صاحب نے بالاتفاق یہ خیال ظاہر فرمایا کہ حفظان صحت کی اہمیت کے اعتبار سے اس کو نصاب تعلیم میں لازماً جگہ دی جائے۔

مدرسہ وسطانیہ مستعد پورہ پہلے جلسہ میں جو ۳۰ شہریور ۱۳۴۱ ف کو بصدارت مولوی محمد صدیق صاحب بی اے بی ٹی منعقد ہوا تھا۔ مولوی زین العابدین صاحب نے طلباء جماعت سوم کو پودوں پر نمونہ کا سبق دیا جو بحیثیت مجموعی دلچسپ و کامیاب رہا۔ مسٹر جوالا پرشاد نے اپنی تقریر میں زور دیا کہ مطالعہ فطرت کی تعلیم

کے لئے بچوں کو کھلے میدانوں میں لے جائیں اور جہاں ممکن ہے وہاں عجائب گھروں کی سیر کرائیں۔
صاحب موصوف نے جماعات کے اسباق کی اسکیم تجویز کی اور فرمایا کہ جماعت اول کے طلباء کو گھریلو جانوروں
اور درختوں کا مشاہدہ کرایا جائے۔ جماعت دوم میں معیار تعلیم کو کسی قدر اونچا کیا جائے۔ سوم و چہارم
کے طلباء کو عام نباتات، حیوانات اور موسمی تغیرات وغیرہ کا مشاہدہ کرایا جائے۔ مسٹر منت راؤ نے
فرمایا کہ مطالعہ فطرت کی تعلیم سے حساب وغیرہ جیسے خشک و مجرد مضامین کی تعلیم میں بیحد مدد مل سکتی ہے
مدرسہ میں ایک چھوٹا سا باغ اور عجائب گھر کا قیام نہایت ضروری ہے۔ مسٹر انجیا، مسٹر شیشا دری اور
مولوی کریم الدین صاحبان کی دلچسپ تقریروں کے بعد مولوی محبوب علی صاحب اول مددگار مدرسہ نے
فرمایا کہ مطالعہ فطرت سے انسان اپنے حقیقی معبود کو پہچانتا ہے اس کے علاوہ اس سے ادبی قابلیت
بڑھتی ہے اور دنیاوی کاروبار میں مدد ملتی ہے۔ مختصر یہ کہ مطالعہ قدرت ایک ایسا مرکز ہے جسکے گرد مدرسہ
کے جملہ مضامین متداولہ اکٹھا ہو سکتے ہیں۔ مولوی سید جمیل الدین صاحب نے مشاہدہ فطرت کے لئے
برسات کا موسم مناسب بتلایا اور جناب صدر نے اپنی اختتامی تقریر میں یہ خیال ظاہر فرمایا کہ سبق کی
کامیابی کا دارومدار مدرس کی ذاتی کوشش اور مشاہدہ پر موقوف ہوتی ہے بچوں کو کھلے میدان میں
لیجا کر مناظر قدرت کا مشاہدہ کرائیں لیکن اسباق بچوں کی عمر اور استعداد سے باہر نہ ہوں۔ مدرس مشاہدہ کے
اسباق زیادہ وضاحت سے نہ دے بلکہ طلباء کو اپنی ذاتی کوشش سے معلومات حاصل کرنے کا طریقہ
سکھائے۔ دوسرے جلسہ میں بھی "روزمرہ زندگی سے سائنس کا تعلق" کے عنوان پر متعدد تقریریں ہوئیں
مسٹر شیشا دری نے انگریزی میں فرمایا کہ سائنس کی ایجادات سے روزمرہ زندگی میں بیحد سہولت پیدا
ہوگئی ہے۔ مولوی محبوب علی صاحب نے اپنی پر مغز تقریر میں فرمایا کہ انسان حفظان صحت کے اصول کی
پابندی نہ کر کے سخت نقصان اٹھاتا ہے۔ اس کے بعد آپ نے تربیت اطفال کے نقائص بیان فرمائے
اور اس امر پر روشنی ڈالی کہ ہم کیونکر مہلک امراض کو سائنس کی ایجادات و اختراعات کی مدد سے
روک سکتے ہیں۔ اتنا کہنا تھا کہ بس غضب ہوگیا۔ اک صدائے دار و گیر بلند ہوئی اور مولوی عبدالعزیز
صاحب آستینیں چڑھائے میدان میں اتر آئے آپ نے فرمایا کہ مجھے اتفاق نہیں ہے کہ انسان سائنس
کے ذریعہ مہلک بیماریوں سے بچتا ہے کیا حفظان صحت کے اصول کی پابندی کرنے سے موت
لاحق نہ ہوگی۔ بھلا مذہبی اعتقاد کے خلاف ہم کیونکر تعلیم دے سکتے ہیں۔ مولوی محبوب علی صاحب نے

لاکھ دلائل و براہین پیش کئے لیکن بے سود۔ عزیز صاحب ایک انچ نہ ہٹے ابھی تو دو دو ہاتھ اور ہوتے لیکن صدر صاحب نے بیچ بچاؤ کر دیا اور فرمایا کہ مولوی محبوب علی صاحب کی تقریر کا ہرگز یہ منشا نہیں ہے کہ حفظان صحت کے اصول پر کاربند ہونے سے موت ہی ہوگی بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ انسان سائنس کے معلومات کے ذریعہ بہت سی مصیبتوں اور امراض سے بچا رہتا ہے جو نا واقفیت کا نتیجہ ہیں دنیا کے جملہ امور علت و معلول کے قانون میں جکڑے ہوئے ہیں۔ اگر انسان اپنی جہالت کے سبب اپنی جان کی حفاظت میں ناکام رہے تو موت کا باعث خدا کو قرار نہیں دیا جا سکتا۔

تیسرے جلسہ میں مولوی جمیل الدین صاحب نے افسوس ظاہر کیا کہ صحت کی طرف سے اس قدر غفلت برتی جاتی ہے اور مولوی زین العابدین صاحب نے فرمایا کہ صحیح دماغ صحیح جسم میں ہوتا ہے۔ اگر جسمانی صحت اچھی ہو تو دماغ ٹھیک طور سے کام کرتا ہے۔ آپ نے زور دیا کہ علم الاجسام و حفظان صحت کی باقاعدہ تعلیم ہونا چاہیئے اور یہ اس طرح ممکن ہو سکتا ہے کہ مضمون کو داخل نصاب کر لیا جائے۔

مدرسہ وسطانیہ جنچل گوڑہ | میقات اول میں انجمن کے صرف دو جلسے ہوئے پہلے جلسہ میں جماعات تحتانیہ میں مطالعہ فطرت پر اور دوسرے میں "سائنس کا تعلق روزانہ زندگی سے" پر تقریریں ہوئیں جماعات تحتانیہ میں مطالعہ فطرت" کے متعلق مولوی مرزا غلام حسین بیگ صاحب صدر مدرس مدرسہ تحتانیہ الاوہ ٹیتیاں نے فرمایا کہ نیچر اسٹڈی کی تعلیم بہت دلچسپ اور آسان ہے۔ اس میں تمہید کی ضرورت نہیں۔ بلکہ صرف مشاہدہ پر مبنی ہے۔ لیکن مشاہدہ کے بعد طلبا سے فرداً فرداً آسان آسان سوالات کے ذریعہ مختلف باتیں اخذ کی جائیں لیکن ہر سوال کے بعد ان کو مشاہدہ کا موقعہ دیا جائے۔ مدرس کو یہ بھی چاہیئے کہ اس چیز کی تصویر تختۂ سیاہ پر کھینچے۔ پھر فرمایا کہ نیچر اسٹڈی کی تعلیم ذریعہ سفر بھی دی جا سکتی ہے۔ اور اس کام کے لئے اچھا موقعہ برسات کے بعد اور فصل کٹنے سے پہلے اور بعد ہے۔

مولوی شیخ امان اللہ صاحب مددگار مدرس مدرسہ تحتانیہ الاوہ ٹیتیاں نے انگریزی میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ مدرسہ میں ایک قطعہ آراضی باغ کے لئے ہونا چاہیئے اور استاد کی نگرانی میں طلبا سے اس باغ میں کام لینا چاہیئے طلبا کے پاس ایک نوٹ بک ہونی چاہیئے جس میں طلبا تمام واقعات جو مشاہدہ کی مدد سے ان کے سامنے آتے ہیں، درج کریں۔ جوں جوں پودے اُگتے رہیں گے اور طلبا روزانہ مشاہدہ کرتے رہیں گے، ان کو معلوم ہوگا کہ ان میں روزانہ کیا تغیر و تبدل ہوتا رہا ہے۔

مولوی نصیرالدین حیدر صاحب اصغر مددگار مدرسہ تحتانیہ یاقوت پورہ نے فرمایا کہ نیچر اسٹڈی میں اسباق ایسی چیزوں پر ہونے چاہئیں، جن کو اصلی حالت میں طلبا کے سامنے پیش کیا جاسکے محض تصویر کے دیکھنے سے ایک طالب علم تمام معلومات حاصل نہیں کرسکتا۔ تصویر سے مدد لی جاسکتی ہے

مولوی سید علی محمدؐ صاحب اجلال مددگار مدرسہ وسطانیہ چنچل گوڑہ نے فرمایا کہ مدرس کا کام ہے کہ وہ طلبا کے سامنے مختلف اشیاء پیش کرکے طلبا کے حواس خمسہ کو کام میں لائے تاکہ طلبا اس سے کام لے کر مطالعہ قدرت میں ہمہ تن مصروف ہوجائیں۔

مولوی محمدؐ حنیف صاحب بی۔اے مددگار مدرسہ وسطانیہ چنچل گوڑہ نے فرمایا کہ غور و خوض عجیب و غریب امور کے انکشافات کا باعث ہوتا ہے۔ اس لئے ہمیں چاہیئے کہ خدا کی پیدا کی ہوئی چیزوں کا بغور مطالعہ کریں۔ اگر طلبا میں ابتدا ہی سے نیچر اسٹڈی کا شوق پیدا کیا جائے گا تو وہ کل سائنس میں بہت ترقی کرسکیں گے۔

"سائنس کا تعلق روزانہ زندگی سے" کے متعلق مولوی محمدؐ حنیف صاحب مددگار مدرسہ وسطانیہ چنچل گوڑہ نے فرمایا کہ وہی ملک یا قوم ترقی کرسکتی ہے جو سائنس کے اصولات پر کاربند ہو۔ انگلستان میں زراعت بھی سائنس کے اصولوں پر مبنی ہے۔ اور اسی وجہ سے انہوں نے اس میں ترقی کی ہے، یہ بھی فرمایا کہ ہمارے ہاں کی تمام پیداوار سستے داموں باہر چلی جاتی ہے اور وہاں سائنٹفک اصول کو کام میں لاکر ان کو ہمارے ہاتھ نہایت گراں داموں پر فروخت کیا جاتا ہے۔ اگر ان اصولات سے واقف ہوجائیں تو ہم اپنی خام پیداوار سے خاطر خواہ فائدہ اٹھاسکتے ہیں۔ یہ بھی فرمایا کہ سائنس کے اصول سے ناواقف ہونے کی وجہ سے معمولی سے معمولی چیزیں بھی جن سے ہم کو روزانہ کام پڑتا ہے تیار نہیں کرسکتے۔

مدرسہ وسطانیہ دارالشفاء | ماہ شہریور کا جلسہ بعنوان "تعلیم مطالعہ فطرت معہ سبق نمونہ" جس میں طے پایا کہ بچوں کو تعلیم بذریعہ تمثیل کھیل اور مشاہدہ فطرت دی جائے۔ نیز سورج چاند ستارہ و پھول وغیرہ کو بتلایا جائے۔ سابق میں محض کتابی تعلیم ہوتی تھی جس سے صرف ادبیت میں ترقی ہوتی تھی لیکن وہ مشاہدہ فطرت سے بہت کم مستفید ہوتے تھے۔ اس لئے یہ رائے پاس ہوئی کہ طریقہ تعلیم بذریعہ مشاہدہ فطرت جماعت سے باہر لیجاکر دی جائے۔ تو زیادہ بہتر مفید ثابت ہوگی۔

ماہ مہر و آبان میں بوجہ شیوع مرض طاعون جلسہ نہ ہو سکا۔

روئداد مرکزی انتظامی کمیٹی انجمن اساتذہ کی مرکزی انتظامی کمیٹی کے جلسہ منعقدہ ۱۸ آذر ۱۳۴۰ف میں جو قراردادیں منظور ہوئیں ان کا اقتباس ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

(۱) یہ کہ مقامی معتمدین سے درخواست کی جائے کہ وہ تمام مدارس کو اطلاع دیدیں کہ پہلی آل ایشیا تعلیمی کانفرنس کا انعقاد ۲۶ دسمبر ۱۹۳۰ء لغایۃ ۳۰ دسمبر ۱۹۳۰ء بمقام بنارس ہوگا جو حضرات کہ استقبالی کمیٹی کے رکن بننا چاہیں وہ مسٹر رام نرائن مسر بی اے ہیڈماسٹر سنٹرل ہندو اسکول بنارس سے مراسلت فرمائیں۔ استقبالیہ کمیٹی کی ممبری کی فیس مبلغ (عـ۵ـہ) کلدار ہے۔

(۲) مندرجہ ذیل حضرات آل ایشیا ایجوکیشنل کانفرنس میں انجمن ہذا کی نمائندگی کے لئے نامزد کئے گئے ہیں۔

(۱) مولوی سید ظہور علی صاحب بی اے بی ٹی پرنسپال دارالعلوم بلدہ۔
(۲) مولوی سید علی اکبر صاحب ایم اے (کنٹب) صدر مہتمم تعلیمات بلدہ
(۳) مولوی سید فخر الحسن صاحب ملابی اے بی ٹی۔ صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ چنچل گوڑہ بلدہ
(۴) مولوی عبد النور صاحب صدیقی بی۔اے بی ٹی صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ دارالشفاء بلدہ

مولوی سید فخر الحسن و مولوی عبد النور صاحبان کے مصارف سفر وغیرہ کا نصف خود انجمن برداشت کرے گی اور بقیہ نصف کے لئے سرکار سے درخواست کرے گی۔

(۳) آل انڈیا فیڈریشن آف ٹیچرز ایسوسی ایشن کی کونسل کی ممبری بابتہ ۱۹۳۱ء کے لئے مندرجہ ذیل حضرات منتخب کئے گئے۔

(۱) مولوی سید ظہور علی صاحب بی اے بی ٹی
(۲) مولوی سید علی اکبر صاحب ایم اے (کنٹب)
(۳) مولوی سید فخر الحسن صاحب ملابی اے بی ٹی (علیگ)
(۴) مولوی عبد النور صاحب صدیقی بی اے بی ٹی (علیگ)
(۵) مس اے۔ ای۔ ایم پوپ ایم اے پرنسپال زنانہ کالج نامپلی۔

(۴) آل ایشیا ایجوکیشنل کانفرنس کے ساتھ ساتھ آل انڈیا تعلیمی نمائش بھی منعقد ہوگی تفصیل بلاتا

صدر مہتمم صاحب تعلیمات بلدہ شائع فرمائیں گے۔

(۵) مبلغ (۱۰۰) سکۂ مد محفوظ سے انجمن کے کتب خانہ کے لئے منظور کئے گئے اور کتب خانہ کی نگرانی واہتمام کے لئے حسب ذیل حضرات کی کمیٹی قائم کی گئی۔

(۱) مولوی سید ظہور علی صاحب بی اے بی ٹی۔

(۲) مسٹر چندوارکر ایم اے۔

(۳) مولوی سید فخرالحسن صاحب بی اے بی ٹی۔

(۶) ذیل میں ان زائد ارکان اور عہدہ داروں کی فہرست ہے جو ۱۳۴۰ف کے لئے منتخب کئے گئے

(الف) مولوی سید معین الدین ایم اے صدر مدرس مدرسہ آصفیہ اور فادر اسٹیفانی رکٹر آل سینٹس اسکول کو میر مجلس صاحب نے حسب دفعہ (۸) ب مرکزی انتظامی کمیٹی کا رکن نامزد فرمایا۔

(ب) مسٹر جی سندرم بی اے پرنسپال میتھوڈسٹ بوئز ہائی اسکول اور مسٹر تجمل حسین بی اے بی ٹی صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ کاچی گوڑہ مرکزی انتظامی کمیٹی کے رکن حسب دفعہ (۸ ح) منتخب کئے گئے

(ج) نائبین میر مجلس۔

(۱) مسٹر سید ظہور علی بی اے بی ٹی۔

(۲) ریوانڈ ایف سی فلپس ایم اے وارڈن سینٹ جارجز گرامر اسکول۔

تختہ آمد خرچ انجمن اساتذہ بابتہ ۱۳۳۹ف

جمع	رقم	خرچ	رقم
سلک ۱۳۳۸ف	[illegible]	مصارف صادر سالتمام	[illegible]
آمدنی چندہ معمولی ۱۳۳۹ف	[illegible]	الونس چپراسیاں واہلکاران	[illegible]
آمدنی فیس نمائش تعلیمی ۱۳۳۹ف	[illegible]	امداد رسالہ	[illegible]
آمدنی قیمت فروخت روئداد کانفرنس اول	[illegible]	مصارف نمائندگان آل انڈیا کانفرنس منعقدہ مدراس	[illegible]
جملہ میزان	[illegible]	اخراجات کانفرنس و مجالس تعلیمی ۱۳۳۹ف	[illegible]
		میزان ([illegible]) سلک ختم آبان ۱۳۳۹ف	[illegible]
		جملہ میزان	[illegible]

جلسہ تقسیم اسناد مدرسہ تحتانیہ نسواں یادگیر | بتاریخ ۹ آذر ۱۳۴۰ف روز دوشنبہ سہ پہر سے مغرب تک مدرسہ تحتانیہ اُردو تعلقہ یادگیر کا جلسہ تقسیم اسناد زیر صدارت مسز ابو احمد صاحب بی اے بی ٹی صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ بڑی دھوم دھام سے منایا گیا۔ تاریخ یادگیر میں اس نوعیت کا یہ پہلا جلسہ ہے۔ مدرسہ رنگ برنگ کے پھریروں اور مصنوعی کمانوں وغیرہ سے آراستہ کیا گیا تھا۔ مدرسہ کی تزئین کا تمام کام طالبات نے اپنے ہاتھوں سے انجام دیا تھا۔

جناب تحصیلدار صاحب تعلقہ یادگیر کی بیگم صاحبہ اور دیگر معزز خواتین اور تعلیم سے دلچسپی رکھنے والی بیگمات اور ساہوکاروں کی بیویاں سب جلسہ میں مدعو تھیں علاوہ ازیں تماشائیوں کے ہجوم سے مدرسہ میں تل دھرنے کی جگہ نہ تھی۔

کارروائی جلسہ کا آغاز حمد و نعت اور ترانۂ سلامتی اعلیحضرت حضور پرنور خلد اللہ ملکہٗ سے کیا گیا۔ اس کے بعد مدرسہ کی طالبات نے ایک دلچسپ مکالمہ کیا اور چند اشعار پڑھے۔ اس کے سوا دوسری طالبات نے بھی اخلاقی نظمیں خوش آوازی سے پڑھیں۔ آخر میں جناب صدر معلمہ صاحبہ نے ایک نصیحت خیز تقریر فرمائی۔ اور صدر جلسہ کو (جن کی حال ہی میں شادی ہوئی ہے) پھولوں کے ہار پہنائے اور مبارک باد دی۔ اس کے بعد صاحبہ موصوفہ نے مولوی عبدالسلام صاحب ذکی کا ایک مضمون پڑھا جو نہایت سبق آموز تھا سب سے آخر میں صدر جلسہ نے جلسہ کی کامیابی پر جناب صدر معلمہ صاحبہ کو مبارک باد دی۔ اور اسناد تقسیم فرمائے۔ اور طالبات کے لئے پانچ روپیہ بغرض شیرینی عطا فرمائے۔ جلسہ کی کامیابی اور مدرسہ کا حسن انتظام اور تعلیم کے بہترین نتائج جناب صدر معلمہ صاحبہ کی مخلصانہ مساعی کا نتیجہ ہیں۔

مدرسہ وسطانیہ دیگلور کا سالانہ جلسہ | بتاریخ ۲۰ و ۲۱ آبان ۱۳۳۹ف دو دنوں پر منقسم تھا روز اول ۳ بجے دن سے اسپورٹس کا پروگرام تھا۔ اس لئے ٹھیک وقت پر کھیل شروع ہوئے۔ باقاعدہ طور پر کھیل ہوتے رہے مدرسہ کا تمام میدان مہمانوں سے اور تماشائیوں سے بھرا ہوا تھا۔ ۶ بجے شام کو کھیل کا اختتام ہوا روز دیگر ۲۱ آبان ۱۳۳۹ف دوسرے پروگرام کا آغاز بہ صدارت عالی جناب مولوی شجاع الدین عباس طیب جی

صاحب دوم تعلقدار ڈویژن دیگلور ہوا۔" لڑکوں میں تعلیم کا اثر" اردو مکالمہ" مکان اور تیاری اسباق" مرہٹی ڈرامہ ہوا تقریر بر وٹس بزبان انگریزی عبدالجبار خاں متعلم تھرڈ فارم نے کی۔ اوینٹمارک انٹنی کی تقریر بزبان انگریزی یورپی لباس میں ملبوس ہو کر عبدالعزیز قریشی متعلم تھرڈ فارم نے کی۔ اسناد اور (۱۵۰) انعامات طلباء کو بدست صدر نشین صاحب تقسیم کئے گئے عالی جناب مسٹر بابو سنگھ صاحب بی اے۔ صدر مدرس مدرسہ نے مدرسہ سے متعلق ایک رپورٹ پڑھی۔ جو نہایت مؤثر تھی جس کے اختتام پر اعلیٰحضرت والا حشمت دارا شوکت سلطان العلوم نواب سر میر عثمان علی خاں بہادر خلد اللہ ملکہ کی ترقی عمر و اقبال و جاہ و جلال و شہزادگانِ بلند اقبال و شہزادیانِ فرخندہ فال کے ازدیادِ عمر و اقبال کے لئے بارگاہِ ربّ العزت میں نہایت ادب کے ساتھ دعا مانگی گئی

جلسہ تقسیم انعامات مدرسہ فوقانیہ عثمانیہ جالنہ مدرسہ فوقانیہ عثمانیہ جالنہ کے اس سال کے نتائج امتحانات جس قدر شاندار رہے ہیں اسی شان و شوکت کے ساتھ بتاریخ ۱۳ و ۱۴ آبان ۲۹ ف مدرسہ کی جانب سے جلسہ تقسیم انعامات ترتیب دیا گیا تھا مدرسہ کی تاریخ میں یہ پہلا سال تھا کہ بہ مقابل سالہائے ماسبق بجائے بیس و تیس فیصدی کے نتائج امتحانات نوے فیصدی رہے۔ اس پر منجانب مدرسہ جس قدر بھی خوشی کا اظہار کیا جاتا بجا تھا۔ صدارت کے لئے اورنگ آباد سے جناب مولوی احمد حسین خاں صاحب صدر مہتمم تعلیمات کو مدعو کیا گیا تھا۔ مصارف کا سوال طلبہ کے والدین اور معززین مقامی کی فیاضی سے نے حل کر دیا۔ مدرسہ کی عمارت میں کوئی بڑا ہال نہ ہونے کی وجہ سے ۱۳ آبان کے شب کے جلسہ کے لئے مقامی سینما ہال مستعار لینا پڑا۔ پورا ہال طلبہ کے سرپرستوں، عہدہ داران مقامی اور معززین شہر سے پر ہو گیا تھا اور حاضرین کی تعداد سات سو سے متجاوز تھی۔ طلباء مدرسہ نے دو مختصر لیکن نہایت دلچسپ اُردو اور مرہٹی ڈرامے حاضرین کے سامنے انجام دئے۔ خوش الحانی، نظم خوانی، انگریزی مکالموں اور ترانہ جات نے جلسہ کی دلچسپی میں بے حد اضافہ کر دیا تھا۔ اس شب کا جلسہ تقریباً بارہ بجے نہایت کامیابی کے ساتھ ختم ہوا۔ دوسرے روز کا پروگرام مدرسہ کے وسیع احاطہ میں ترتیب دیا گیا تھا جہاں قدرت نے گزشتہ ہفتہ کی کثیر بارش کے ذریعہ ایک زمردیں فرش بچھا دیا تھا۔ تین بجے سے اسپورٹس اور ورزش جسمانی کے مختلف کرتبوں میں طلبہ کا مقابلہ ہوتا رہا۔ اسکوٹس نے بھی اپنے مشاغل اور اپنی تربیت کا نمونہ نہایت کامیابی کے

ساتھ پبلک کے سامنے پیش کیا۔ حاضرین کی میدان میں فواکہہ اور چاء سے نہایت سلیقہ کے ساتھ تواضع کی گئی۔ بعد نماز مغرب سب لوگ مدرسہ کے وسطی ہال میں جمع ہوئے جو تصاویر پھریروں اور پھولوں وغیرہ سے سجایا گیا تھا۔ مولوی غلام طاہر صاحب مددگار مدرسہ نے "ہماری زندگی" پر ایک بلیغ مضمون پڑھ کر سنایا اس کے بعد مولوی سالم بن سعید صاحب صدر مدرس مدرسہ نے ایک مختصر مگر جامع رپورٹ میں مدرسہ کی سال بھر کی تعلیمی اور کھیلوں کی کارگزاری پیش کی جس میں اس سال کا میٹرک کا شاندار نتیجہ اور تجارتی کی جماعت کا افتتاح قابل ذکر چیزیں تھیں۔

سالگرہ مدرسۂ فوقانیہ عثمانیہ بیدر شریف بصدارت جناب مولوی سید حسین صاحب بی اے بی ٹی صدر مہتمم تعلیمات گلبرگہ ۲۱ آذر ۱۳۴۸ف روز جمعہ ٹھیک دن کے چار بجے جلسہ سالگرہ کی کارروائی عملی جامہ میں نہایت آب و تاب کے ساتھ جلوہ آرا ہوئی مدرسہ کا کمپونڈ پھریروں اور رنگین بیرقوں سے نہایت حسن سلیقہ کے ساتھ سجایا گیا تھا۔ مدرسہ کے وسیع ہال مختلف آرائشوں اور متعدد زیبائشوں سے سجے سجائے تھے۔ طلبہ کے تیار کردہ جغرافیہ کے نقشے جابجا آویزاں تھے اور ڈرائنگ کی تصاویر جس سے ناظرین کو ایک لطف خیز استعجاب ہوتا تھا۔ علاوہ اس کے بچوں کے دستی مشاغل کے نمونے اور خوش رنگ نفیس مٹی کے کھلونے حسن ترتیب کے ساتھ میزوں پر سجائے گئے تھے۔

قرأت و نظم خوانی کے بعد مولوی شاہ اسمٰعیل صاحب قادری مددگار مدرسہ نے مدرسہ کی تفصیلی رپورٹ انجمن اساتذہ کی جانب سے حاضرین جلسہ کو پڑھ کر سنائی جو جناب صدر مدرس صاحب کے ایک سال کی مساعی جمیلہ کا نتیجہ ہے۔ اختتام رپورٹ کے بعد جناب وفا صاحب نے ایک پُرزور نظم سے سامعین کو مسرور و محظوظ فرمایا۔ اختتام کارروائی تک بہت وقت منقضی ہو چکا تھا۔ نماز مغرب کا وقت قریب تھا بوجہ ضیق وقت جناب صدر نشین صاحب نے مختصر، جامع، مفید و معنی خیز تقریر فرمائی جس کے لفظ لفظ سے اظہار تحسین و خوشنودی اور حوصلہ افزائی مترشح ہے۔

تقریر صدارت کے اختتام پر جناب وفا نے مدرسہ کی جانب سے معزز مہمانوں کا جن کی تعداد قریباً سات سو تھی شکریہ ادا کیا۔ منجملہ حکام مقامی عالیجناب نواب ظہیر یار جنگ بہادر اول تعلقدار ضلع بیدر اس موقع پر خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں جن کے الطاف کریمانہ کا مدرسہ ہمیشہ ممنون ہے

نیز نواب عباس حسین خان صاحب بزم ناظم عدالت ضلع بیدر قابل تشکر ہیں کہ ان کی رونق افروزی مدرسہ کے تعلیمی جلسوں کے لئے سرمایۂ ناز ہے۔ عالی جناب صدر مہتمم صاحب تعلیمات کے دستِ مبارک سے بیش قیمت انعامات ان طلبہ کو تقسیم کئے گئے جن کے نتائج ذہنی اور جسمانی تعلیم کے معیار سے بہترین ثابت ہوئے حاضرین کی شیرینی و نمکنہ اور چائے سے مدارات کی گئی۔ اور یہ شاندار جلسہ نہایت کامیابی کے ساتھ اعلیحضرت سلطان العلوم بندگانعالی متعالی مدظلہم العالی اور شہزادگان بلند اقبال کی دعا ترقی عمر و اقبال پر ختم ہوا۔

(س) اشتہارات کا نرخ حسب تفصیل اشاعت ہمارے گا۔

نرخ اشتہارات حیدرآباد حسب ذیل ہے

مقدار	سال بھر	۶ ماہ	فی اشاعت
پورا صفحہ	عـــہ	صہ ۸ر	سے
نصف صفحہ	صہ	عہ ۱۲ار	عہ ۸ر
ربع صفحہ	لعہ ۸ر	عہ ۶ار	۱۵ر
فی سطر	۱۰ار	۸ر	۶ار

اعظم اسٹیم پریس چار مینار حیدرآباد دکن میں طبع ہو کر دفتر انجمن اساتذہ واقع صدر مہتممی تعلیمات بلدہ سے شائع ہوا

حیدرآباد ٹیچر

جلد ۵ شمارہ ۳

اسفندار ۱۳۴۰ف م فروری ۱۹۳۱ عیسوی

افتتاحیہ

ہمیں آل ایشیا کانفرنس میں مسٹر ننگ ایم۔ اے (کلمبیا) نمائندہ چین کی تقریر سننے کا بھی اتفاق ہوا۔ موصوف نے چین کی مروجہ ثانوی تعلیم کا ذکر کسی قدر وضاحت سے کیا۔ ایک بات جو ہم اُن کی تقریر سے اخذ کر سکے یہ ہے کہ چین میں دو قسم کے ثانوی مدارس ہیں جنھیں جونیر مڈل سکشن اور سینیر مڈل سکشن کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اول الذکر بعینہ اُسی قسم کے مدارس ہیں جیسے کہ ہمارے ہاں قائم ہیں نصاب بھی قریب قریب وہی ہے۔ فرق اس قدر ہے کہ وہاں چینی زبان سکھائی جاتی ہے تو یہاں اُردو۔ دوسری قسم کی مدارس یعنے سینیر مڈل سکشن، خاص ضروریات کی تکمیل کے لئے قائم ہیں اور ان کے مختلف شعبے ہیں مثلاً اُصول تعلیم، زراعت، تجارت، فنون لطیفہ وغیرہ مقامی حالات کے اعتبار سے جس قسم کے مدرسہ کی ضرورت جہاں ہو اُس فن کا مدرسہ وہاں قائم کیا جاتا ہے۔

یہ طریقہ ہمیں کئی لحاظ سے بہت پسند آیا اولاً یہ کہ ہمارے نصاب تعلیم اس مقصد سے تیار کئے گئے ہیں کہ طلبہ کو محض اعلیٰ تعلیم کے لئے تیار کریں۔ تحتانیہ، وسطانیہ اور فوقانیہ کا نصاب بجائے خود ایسا نہیں ہے جو طلبہ کو کسی پیشہ یا فن کے اختیار کرنے میں مدد دے۔ یہ صورت بہت اچھی ہے کہ تحتانی تعلیم ختم کرنے کے بعد طالب علم جس فن یا پیشہ کی تعلیم حاصل کرنا چاہے اختیار کرے۔ اس سے طلبہ کو موقع ملتا ہے کہ بہت جلد وہ کشمکش حیات اور اپنی مالی درماندگی سے نجات حاصل کریں۔ ممالک محروسہ سرکار عالی کے ثانوی مدارس تقریباً سب کے سب طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے لئے تیار کر رہے ہیں، جن سے کسی پیشہ کے اختیار کرنے میں مدد نہیں ملتی۔ اعداد و شمار کے دیکھنے سے پتا چلتا ہے کہ ممالک محروسہ میں سنہ ۳ف میں طبقہ تحتانیہ میں تقریباً سوا دو لاکھ طلبہ، وسطانیہ میں پچیس ہزار اور فوقانیہ میں سولہ ہزار طلبہ زیر تعلیم تھے طلبہ کی تعداد میں معتدبہ اضافہ ضرور ہوا ہے مگر ان مختلف طبقوں کی تعداد اور ان کے تناسب پر نظر کی جائے تو معلوم ہوگا کہ تعلیم کو خیرباد کہنے والے طلبہ کی تعداد افسوسناک ہے جن کے لئے ایسے موقع بہم نہیں پہنچائے گئے کہ وہ تھوڑی بہت تربیت پا کر کسی کاروبار میں لگ جائیں۔ ہمیں ملکی فلاح و بہبود اسی قسم کے تعلیم یافتہ طلبہ سے وابستہ معلوم ہوتی ہے کیوں کہ انھیں آبائی پیشوں کے اختیار کرنے میں ننگ و عار نہ ہوگا۔ بخلاف اس کے اعلیٰ فنی تعلیم پائے ہوئے طلبہ اپنی بلند خیالی اور بلند معیار زندگی کے باعث آبائی پیشوں کے اختیار کرنے میں پس و پیش کریں گے۔ ایسی صورت میں کیا یہ مناسب نہ ہوگا کہ چینی بھائیوں کی تقلید میں خاص خاص مقامات پر سینیر مڈل اسکول قائم کر کے تجربہ اور مشاہدہ کیا جائے کہ آیا اس طریقہ سے متوقعہ فوائد حاصل ہو سکتے ہیں یا نہیں۔

تقریر

عالی جناب اے۔ ایچ مکنزی صاحب ناظم تعلیمات صوبہ جات متحدہ آگرہ و اودھ

آل ایشیا کانفرنس بنارس کی نمائش کے افتتاح کے وقت صاحب ممدوح نے جو ظرافت آمیز اور پُر مغز تقریر فرمائی اُس کا منہ دری حصہ قارئین ٹیچر کے استفادہ کے لئے ذیل میں درج کیا جا رہا ہے:۔

(ترکیب)

کل کا دن کانفرنس کے ارکان کو خیر مقدم کہنے کا دن تھا۔ آج اس تقریب سے ہم اپنے حقیقی کام کی ابتدا کرتے ہیں۔ لہذا میں اس کو اپنا حق اور اپنے لئے باعث عزت سمجھتا ہوں کہ اس موقع پر نیابت کا فرض انجام دوں۔

رات میں نے ایک خواب دیکھا اس کا تعلق آج کے جلسہ سے تھا۔ میری ملاقات بنارس کے ایک پنڈت سے ہوئی۔ میں نے کہا "پنڈت جی میں چاہتا ہوں کہ لوگوں کو تعلیم کا جلوہ دکھاؤں۔ کاشی خیالات اور افکار کا مسکن رہی ہے تاریخ کے قلم بند ہونے سے کہیں پہلے اُس کا شہرہ علم و شائستگی کے مرکز کی حیثیت سے تھا۔ یہ مجمع اساتذہ کا ہے اس میں دانایان مشرق کے مرد و زن موجود ہیں میں گذشتہ بائیس سال سے صوبہ ہائے متحدہ کی نئی پود کو تعلیم دینے کی سعی میں لگا ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ اساتذہ کی اس جماعت کو ہندوستان کی تعلیم کا جلوہ دکھاؤں۔ فرمائیے کہ اسے کیوں کر انجام دیا جائے؟"

پنڈت جی نے گھور کر مجھے دیکھا۔ اُن کی آنکھوں سے وہ ہمدردی اور تحمل نظر آ رہا تھا جو ایک عقلمند کی آنکھوں میں کسی بے وقوف کو دیکھتے وقت معلوم ہوتا ہے۔ وہ مجھے گنگا کے کنارے اپنے خس پوش قیام گاہ پر لے گئے۔ میں نے اندر جھانک کر دیکھا اندھیرا گھُپ تھا صرف ایک کونے میں کچھ چمک تھی۔ میں نے اُن سے پوچھا کہ یہ روشنی کیسی ہے؟ کہنے لگے کہ یہی ایک طریقہ ہے جس کے ذریعہ سے آپ تعلیم کو دکھا سکتے ہیں۔ یہ ایک روشن مشعل ہے۔ قدما کے نزدیک تعلیم کا مفہوم جو کچھ بھی تھا اُس کی ظاہری تمثیل اسی کو قرار دی تھی اور نسلاً بعد نسلٍ اسی طرح منتقل ہوتی آئی۔ میرے نزدیک تعلیم کے جلوہ نمائی کی اس سے بہتر کوئی اور تدبیر نہیں۔ میں چلنے کے لئے مڑا۔ لیکن پنڈت جی نے کہا مہربان ذرا ٹھہرئے۔ ایک بات اور سن لیجئے۔ جب تک آپ اس مشعل کو اپنے ہاتھ میں لئے رہیں اس کا لحاظ رکھیں کہ اس کی روشنی تیز رہے۔ یقیناً پنڈت جی کی رائے صحیح تھی۔ تعلیم مادی چیز نہیں ہے۔ ہم نہ اس کو گز سے ناپ سکتے ہیں نہ رطل سے تول سکتے ہیں نہ شیشے میں بند کر سکتے ہیں نہ کھونٹی سے دیوار پر لٹکا سکتے

ہیں۔ تعلیم نام ہے ایک دماغ کے دوسرے دماغ یا ایک روح کے دوسری روح کے اتصال کا۔
وہ حقیقت، جمال اور صداقت ہے جو ہمارے طلبہ کے دلوں میں جاگزیں ہے جو اُن کے خیالات میں
دکھلائی پڑتی ہے اور جو اُن کی زندگیوں کے ساتھ ساتھ قدم بہ قدم رہتی ہے۔

تعلیم ہیں آکر نہیں رکتی اس کا کام انفرادی حیثیت کو ترقی دینا بھی ہے۔ ہم دیواروں پر لٹکی ہوئی
اور میزوں پر رکھی ہوئی چیزوں کو دکھا کر یہ بتا سکتے ہیں کہ یہ سب کی سب سرگرم غور و فکر کے مظاہر ہیں۔ یہ
بات بُری ہے کہ ہمارے مدارس میں اکثر و بیشتر غور و فکر کو مضمحل و مردہ شے سمجھا جاتا ہے اور اس کو نصاب
کی کتابوں اور اساتذہ کے اشارات سے چُنا جاتا ہے۔ تحقیقی غور و فکر کو جرم سمجھ کر ہم اپنے درس کے
کمروں میں راہ نہیں دیتے۔ امتحانوں میں اس کا دخل نہیں ہوتا۔ سب سے بہتر طالب علم وہ مانا جاتا ہے
جس کی قوت آخذہ بہت بڑھی چڑھی ہوتی ہے۔ سب سے زیادہ ہر دل عزیز وہ اُستاد ہے جو سر کے
خالی خولی مکعب جوف میں زیادہ سے زیادہ معلومات ٹھونس سکتا ہے۔ ہمارے مدارس میں اس کا
ذرا بھی لحاظ نہیں کیا جاتا کہ آیا طالب علم بطور خود کچھ سوچ بھی سکتا ہے، آیا اُس میں کسی بات کے خود
فیصلہ کرنے کی قوت بھی ہے، آیا وہ کسی باجمال چیز کا لطف بھی اُٹھا سکتا ہے۔ تعلیمی نمائش کی قدر و
قیمت کو پرکھنے کا یہی موقع ہے اور آج مجھے اس کے افتتاح کرنے کی عزت بخشی گئی ہے۔ نمائش
تعلیم کے پورے پورے مفہوم کو تو نہیں واضح کر سکتی تاہم ایسے بہت سے مظاہر نظروں کے سامنے
لا کھڑا کرے گی جو ہمارے مدارس کے سرگرم غور و فکر کے نتائج ہیں۔

یہاں آپ کو ہندوستان کے ہر حصہ کے اساتذہ اور طلبہ کی مصنوعات ملیں گی۔ آپ ان کو باریک
بین نقاد کی نظر سے نہ دیکھیں۔ جن حالات کے تحت یہ چیزیں بنی ہیں وہ ہر جگہ یکساں نہیں۔ ان میں
بعض نمائش کی چیزیں ایسے مدارس سے آتی ہیں جو سنگ مرمر کے ایوان ہیں اور بعض ان جھونپڑیوں
سے جہاں طلبہ مٹی کے چبوتروں پر بیٹھ کر کام کرتے ہیں۔

مجھے اُمید ہے کہ اس نمائش سے اتنی بات ضرور حاصل ہو گی کہ مدارس میں اب سے زیادہ ان
مضامین کو وسعت دی جائے گی، جو دست کاری کو ترقی دیں جن سے ہاتھ اور آنکھ کی تربیت ہو۔ اس
نمائش سے واضح ہو جانا چاہئے کہ تعلیم جس کا نام ہے وہ درسی کتب اور لکچر نوٹس سے بالاتر چیز ہے
اور نمائش کی قدر و قیمت محض دکھاوے سے کہیں زیادہ ہے۔

خطبۂ صدارت

(سید راس مسعود (نواب مسعود جنگ بہادر)

ذیل میں ہم نواب صاحب کے خطبہ صدارت کا ضروری اقتباس پیش کر رہے ہیں ا جو ممدوح نے مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کے بیالیسویں اجلاس میں بمقام بنارس انگریزی میں پڑھا تھا۔ اردو داں حضرات کے لئے اس کا ترجمہ بھی تقسیم کیا گیا مگر ترجمہ میں وہ لطف کہاں! یہ امر مسلمہ ہے کہ نواب صاحب کا خطبہ نہایت ہی پُر مغز اور فصاحت و بلاغت کا بہترین نمونہ تھا۔ (شریک)

انتخاب صدارت کا شکریہ ادا فرماتے ہوئے نواب صاحب نے فرمایا کہ مجھے معلوم ہوتا ہے کہ اپنی قومی زندگی کے تقریباً ہر شعبہ میں ہم نے یہ خطرناک و روح فرسا اصول اختیار کر رکھا ہے کہ ہم واقعات کا کھلونا بن رہے ہیں اس رویہ نے نہ صرف ہمیں خود اپنی نظروں میں حقیر کر دیا ہے، بلکہ وہ اپنے ساتھ تباہی کی اُن قوتوں کو بھی لایا ہے جن کو اگر رد کا نہ گیا تو وہ جلد ہمیں کامل کس مپرسی کے درجہ کو پہونچا دے گا وہ اثر جو ہمارا ہونا چاہیئے اس کو از سر نو حاصل کرنے کا صرف یہی ایک طریقہ ہے کہ ہم مردانہ وار ان مشکلات کا مقابلہ کریں جو ہم سے دو چار ہیں۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ جب تک یہ نہ ہوگا ہم بہت جلد وہ خود داری بھی کھو بیٹھیں گے جس کے بغیر کبھی کوئی قوم کوئی بڑا کام نہیں کر سکتی۔

یہ امر مسلمہ ہے کہ بحیثیت مسلمان، ہندوستان کی تہذیب و شائستگی میں ہم نے جو حصہ لیا ہے اُس سے ہندوستان کو فی الجملہ حقیقی فوائد حاصل ہوئے ہیں جو کچھ میں نے ابھی کہا ہے وہ صحیح ہے تو اس سے یہ نتیجہ مترتب ہوتا ہے کہ اس حیثیت سے ہماری شائستگی ضرور اس لایق ہے کہ وہ محفوظ رکھی جائے اور جس عظیم الشان ملک کے اندر ہم آباد ہیں اُس کی بہترین نفع رسانی کی خدمت انجام دینے کے لئے ابھی اور بھی اُن کو کام میں لایا جائے۔

بقیہ ہندوستان کے ساتھ اس وقت ہم ایک دوراہہ پر کھڑے ہوئے ہیں جن میں سے ایک راستہ ترقی و عزت کی طرف لے جاتا ہے اور دوسرا جمود اور کاہلی کی جانب۔ اگر ہم سچے دل سے اپنی حالت کو ترقی دینے کی خواہش رکھتے ہیں تو پھر اپنی منزلِ مقصود کی عظمت پر انتہائی اعتماد کے ساتھ ہمیں

فوراً اُن مشکلات کو دور کرنے میں لگ جانا چاہیئے جو ہمارے راستہ میں حائل ہیں پہلی مشکل وہ ہے جس کا تعلق اُس نہایت ناقابلِ اطمینان حالت سے ہے جو مسلمان عورتوں کو آج ہماری جماعت کے اندر ہے۔

میں اُن لوگوں میں سے ایک ہوں جو عورتوں کو قوم کی بہترین روایات کا محافظ و حامل سمجھتے ہیں معلوم ہوتا ہے کہ جس قسم کی تعلیم کسی نہ کسی طرح آج ہماری نوجوان لڑکیوں کو دی جارہی ہے اُس کا یہ اثر ہوا ہے کہ وہ اس تہذیبی ورثہ کو حقیر سمجھنے لگتی ہیں جو اُن کے بزرگوں نے اُن کے لئے چھوڑا ہے اور وہ ایسے ملک کی طرزِ زندگی کی نہایت بھونڈے طریقہ سے نقل اُتارتی ہیں جو اُن میں سے اکثر کے لئے سراسر ایک نامعروف چیز ہے۔

اب اس بدنما میلان کو صرف اس طرح روکا جاسکتا ہے کہ ہماری ساری زنانہ تعلیم گاہوں کے اندر ایسی استانیاں ہوں جنھیں نہ صرف زمانۂ حال کی چیزوں کا بلکہ قدیم اسلامی تہذیب و شائستگی کا بھی معقول علم ہو۔ جاپان میں یہی طریقہ اختیار کیا گیا جہاں قوم کو اس قسم کے مسئلہ سے انیسویں صدی کے وسط میں اس کو سابقہ پڑا۔

میری رائے میں ہم مسلمانانِ ہند اب اس سے بہتر کچھ نہیں کرسکتے کہ اپنا دل پکا کر کے اس قسم کی چیزوں کو (جہاں کہیں بھی وہ ہمیں ملیں) جراُت کے ساتھ اختیار کریں جو ہماری جماعت کو مضبوط کرنے والی ہوں اور ہمارے مذہب کے بنیادی اصول کے اندر مخل نہ ہوں۔ جہاں تک براہِ راست تعلیم کا تعلق ہے ہمیں نہایت غور کے ساتھ ان مضامین کی فہرست پر نظرِ ثانی کرنی چاہیئے جو ہمارے زنانہ مدارس میں پڑھائے جاتے ہیں۔ چوں کہ میں موخر الذکر معاملہ کو نہایت اہم سمجھتا ہوں میں تجویز کرتا ہوں کہ یہ کانفرنس اعلیٰ تعلیم یافتہ مسلمان خواتین کی ایک کمیٹی مقرر کرے جس کے سپرد ایسے نصابِ تعلیم کی ترتیب کا کام ہو جو اُن کی رائے میں ہمارے زنانہ مدارس میں مروّج کیا جاسکے۔ رہا پردے کا سوال خواہ آپ پسند کریں یا نہ کریں اقتصادی اور دوسری زبردست قوتیں پردہ کے بقا کے خلاف عمل کر رہی ہیں میں یہ یقین کرنے سے انکار کرتا ہوں کہ ہندوستان کے اندر مسلمان عورتیں اس پر قانع رہیں گی کہ پردہ کی دیواروں کے پیچھے تنہائی کی زندگی بسر کریں جب کہ دنیا کے دوسرے اسلامی ممالک میں اُن کی تمام بہنیں اس کے بالکل برعکس عمل پیرا ہیں۔

اب اگر پردہ ترک کردیا گیا تو یک قلم نئے حالات وجود میں آئیں گے جن میں شاید اُن حالات سے زیادہ نشیب و فراز ہوں گے جن میں ہماری عورتوں نے اب تک زندگی بسر کی ہے۔ اگر میرا اس حالت کا مطالعہ صحیح ہے تو کیا یہ ہمارا فرض نہیں ہے کہ ہم اپنے بچوں کو اس بڑی تبدیلی کا مقابلہ کرنے

کے لئے تیار کرنا شروع کردیں اب وقت ہے کہ ہم فیصلہ کریں کہ ہماری خانگی زندگی کی بنیادیں کن چیزوں پر ہونی چاہئیں کیا کل کے ہندوستان کی مسلمان عورت کیا اپنی مغربی بہنوں کی صرف ایک تیسرے درجہ کی نقل ہوگی یا وہ خود اپنی شخصیت باقی اور قائم رکھے گی؟ بالفاظ دیگر کیا وہ اپنی ترکی بہنوں کے نقش قدم پر چلے گی یا جاپانی بہنوں کے؟

اس زمانہ کی ترکی عورتوں کو یکایک یورپین طرز معاشرت اختیار کرایا گیا ہے، جاپانی عورتوں نے ایک نہایت دلچسپ درمیانی راستہ نکالا ہے جو یہ ہے کہ وہ اپنے گھروں اور اپنی جماعت میں اپنے طریقے برتتی ہیں۔ لیکن اسی کے ساتھ یہ نہیں کرتیں کہ یورپین ملکوں کے طریقوں سے ناآشنا رہیں۔

یہ سوال کہ اُس شائستگی کی کیا نوعیت ہونی چاہیئے جو ہماری قوم کا مدار زندگی بنے، اس کا حقیقی جواب نہیں ہوسکتا جب تک کہ ہم یہ قطعی فیصلہ نہ کرلیں کہ ہماری جماعت کے اندر ہماری عورتوں کا کیا درجہ ہونا چاہیئے اور جب تک یہ صاف نہ جائے، کوئی ایسا معین نظام تعلیم قائم نہیں ہوسکتا جو ہماری قوم کے لئے صحیح رہنما ہو۔

کسی قوم کی زبان اور اُس کی شائستگی کا تعلق اِس درجہ مربوط ہوتا ہے کہ یہ ممکن نہیں ہوتا کہ ایک کو چھوڑا جائے تو دوسرا خود بخود نہ چھوٹ جائے اگر دنیا اس نقطہ نظر سے ہماری زبان کی مطبوعہ کتابوں کی صرف ظاہری شکل وصورت پر لحاظ کرنے لگے تو ہماری شائستگی کے متعلق وہ کتنی ادنیٰ درجہ کی رائے قائم کرے گی!

کیا یہ انتہائی ذلت کی بات نہیں ہے کہ باوجود ے کہ ہم سات کروڑ ہیں ہم ابھی تک اپنی زبان کی جسے ہم بولتے ہیں ایک عمدہ چھپی ہوئی اور علمی طور سے ترتیب دی ہوئی لغت کی اشاعت میں کامیاب نہیں ہوئے؟ آج ہم کہاں ہوتے اگر اعلیٰ حضرت حضور نظام انتہائی دوربینی کے ساتھ اس معاملہ کی جانب اپنی توجہ مبذول نہ فرماتے اور ایک یونیورسٹی قائم کرکے جہاں ہماری زبان ذریعہ تعلیم ہے اس تہذیبی ورثہ کو بچانے کی بہترین سعی نہ فرماتے۔

ہمارے ملک میں اس وقت تین بڑے نظام ہیں جو اُردو زبان کے لئے کام کر رہے ہیں یعنی عثمانیہ یونیورسٹی، انجمن ترقی اردو، اور ان صوبجات کے اندر ہندوستانی ایکاڈمی۔ اب یہ صحیح وقت ہے کہ اُن کی کوششوں کو مجتمع کرنے کے لئے کوئی آلہ ایجاد ہوتا جس سے جو کام ہو رہا ہے اس کی مقدار اور نوعیت دونوں ہی میں تیزی اور ترقی پیدا ہوتی۔ میں سفارش کرتا ہوں کہ یہ کانفرنس اس غرض کے لئے پانچ اصحاب کی ایک کمیٹی مقرر کرے جن کی رپورٹ پر بلا تاخیر مزید عمل کیا جائے۔

ہم پر یہ بھی لازم ہے کہ ایسے ذرائع اور وسائل پر غور کریں جن سے ہم اپنی قوم کے لئے نہ صرف ایک تازہ ترین اور عمدہ چھپی ہوئی لغت اپنی زبان کی مہیا کر سکیں بلکہ اپنے مصنفین کی تمام وہ تصانیف بھی اُن کو دے سکیں جو حقیقی تہذیب و شائستگی کے لحاظ سے ہمارے نزدیک کوئی قدر و قیمت رکھتی ہیں۔ جب تک ہم یہ نہ کریں گے اس امر کا بہت بڑا اندیشہ ہے کہ ہمارے بچے یہ خیال لے کر بڑھیں گے کہ ہمارے بزرگوں کے پاس کوئی ایسا اہم ترکہ نہ تھا جو وہ ہمارے لئے چھوڑ جاتے۔

یقین رکھئے کہ جس چیز کو ہم اسلامی شائستگی سمجھتے ہیں وہ ہمارے مُلک اور ہمارے گھروں سے یک قلم مفقود ہو جائے گی اگر ہم نے اپنی زبان کو زمانۂ حال کے خیالات کے اظہار کا معقول ذریعہ نہ بنایا۔ ہم ابھی تک اسی مسئلہ پر جھگڑ رہے ہیں کہ ہماری کتابیں چھپانے کے لئے کوئی نستعلیق ٹائپ ہو۔ ہمیں اُمید رکھنی چاہئے کہ اس سلسلہ میں جو کام نظام گورنمنٹ کر رہی ہے اس سے ہمارے راستہ سے یہ مشکل جلد ہٹ جائے گی اور پھر ہم بھی اس قابل ہو سکیں گے کہ اپنی زبان کی کتابیں اُسی آسانی کے ساتھ چھاپ سکیں جس آسانی کے ساتھ آج تمام دنیا کے مہذب ملکوں میں چھپتی ہیں۔

حضرات، چوں کہ یہ میرا مستحکم عقیدہ ہے کہ نہ تو عام جہالت کا مسئلہ (لفظ کے وسیع ترین معنی میں) نہ قومی تعلیم کا مسئلہ دائمی طور پر حل ہوگا جب تک ہماری دیسی زبانیں واسطۂ تعلیم قرار نہ دے دی جائیں۔ اُن کی ترقی میرے لئے بہت بڑے تعلق خاطر کا موجب ہے میں اس خوش آئند دن کا منتظر ہوں جب کہ ہمارے ملک کی ہر بڑی زبان کی قائم مقام خود اس کی ایک یونیورسٹی ہوگی کیوں کہ میں نے ایک موقع پر بیان کیا ہے کہ "صرف علم کی چھوٹی چھوٹی ندیوں سے جو اسی قسم کے تعلیمی سرچشموں سے نکلیں گی وہ عظیم الشان دریا پیدا ہوگا جو مثل ہماری مادرِ وطن کی پوتر گنگا کے ہماری ذہنی زندگی لئے سرسبزی اور شادابی لائے گا جو آج مثل صحرائے راجپوتانہ کے خالی اور بے برگ و گیاہ پڑی ہوئی ہے"

اگر ہندوستان صرف ایک زبان اور ایک شائستگی کا ملک ہوتا تو بہت سی مشکلات جن سے من حیث المجموع دوچار ہونا ہے ان کا حل نسبتاً ایک آسان کام ہوتا مگر حالات مختلف ہیں چوں کہ ہم مسلمانوں کو یقین ہے کہ گزشتہ زمانہ کی طرح زمانۂ مستقبل میں ہماری شائستگی ہماری مادرِ وطن کی خدمت انجام دے گی ہمیں دیکھنا ہے کہ وہ دولت مند تنوع جو ہمارے گرد و پیش ہے ہماری قوم کی زندگی کے اندر کامل انتشار کی حالت پیدا نہ کر دے۔

اسلامی اصول زندگی کے بقاء و قیام کا لازمی طور پر یہ مطلب نہیں کہ اُن لوگوں کے ساتھ جو اِن اُصولوں میں ہمارے شریک نہیں ہیں ایک دائمی جدال و قتال کی حالت پیدا کر دی جائے۔

میرا ہمیشہ یہ عقیدہ رہا ہے اور یہ عقیدہ آج سے زیادہ کبھی مضبوط نہ تھا کہ نفرت کی بنیاد پر کبھی کوئی مضبوط عمارت قائم نہیں ہو سکتی۔

اب میں ایک اور مسئلہ کو لیتا ہوں جو حل طلب ہے۔ ہم اپنی قوم سے تعلیمی پس ماندگی کا خوفناک داغ کس طرح دور کر سکتے ہیں؟ میں اس سلسلہ میں اپنی کچھ تجاویز آپ کے سامنے پیش کروں گا جن کے مرتب کرنے میں میں نے نہایت غور و تعمق سے کام لیا ہے۔

جہاں تک تعلیمی معاملات کا تعلق ہے شرکتِ عمل کی جانب پہلا قدم یہ تجویز کرتا ہوں کہ ایک ہی درجہ کے اسلامی نظاموں کے درمیان تعلقات قائم ہونے چاہئیں۔ میں ہندوستان کے ہر صوبہ اور ہر ضلع کے اندر یہ دیکھنا پسند کروں گا کہ خود قوم کی بنائی ہوئی ایسی مضبوط کمیٹیاں ہوں جن کا واحد فرض یہ ہو کہ مسلمان بچے بڑی سے بڑی تعداد میں اُن مدارس میں تعلیم پائیں جو اُن کی دسترس کے اندر ہیں۔

لیکن یہ ساری اسکیم بالیقین ناکام رہے گی اگر ہم من حیث القوم مسلم یونیورسٹی کو ایک ایسی تعلیم گاہ بنانے میں ناکام رہے جہاں اعلیٰ تعلیم اس کی مختلف شاخوں میں ہمارے نوجوانوں کو دی جائے اگر میں یہ کام کروں تو ابتدائی مدارس سے لڑکے چُن کر مدارس وسطانیہ میں بھیجوں گا، مدارس وسطانیہ سے مدارس فوقانیہ میں، مدارس فوقانیہ سے یا تو مسلم یونیورسٹی میں یا ایسی دوسری تعلیم گاہوں میں جن کو ضلع اور صوبہ کی کمیٹیاں موزوں تصور کریں۔

جس تعلیمی نظام کا میں نے نہایت اختصار کے ساتھ خاکہ دیا ہے اسے علمی بنیاد پر پھیلانا چاہیئے اور علی گڑھ کو جو موزوں ترین جگہ ہے مرکز بنا کر اس تمام تر کوشش کی نگرانی وہاں سے ہونی چاہیئے۔ آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس علی گڑھ کے دفتر کو ایک بڑے صیغہ میں تبدیل کر دینا چاہیئے جو نہ صرف ہندوستان کے مختلف حصوں میں تعلیم کی عام ترقی پر سختی کے ساتھ نظر رکھے بلکہ صوبہ دار کمیٹیوں کے ذریعہ سے اضلاع کی کمیٹیوں کے کام کی خبر رکھے یہ صیغہ اس قابل بھی ہو کہ جو لوگ چاہیں اُن کو وہ نہایت صحیح اطلاع ہمارے ملک کے مختلف اضلاع کے لڑکوں اور لڑکیوں کی تعلیمی ترقی کے متعلق بہم پہونچا سکے۔ طالب علموں کی تعداد جن کی ہر ضلع کی کمیٹی مدد کرے گی بالکل روپیہ کی مقدار پر منحصر ہو گی جو وہ کمیٹی اس غرض کے لئے فراہم کرنے میں کامیاب ہو چونکہ میں چاہتا ہوں کہ اس کام کو ایک مستقل بنیاد پر دیکھوں اس لئے میں تجویز کرتا ہوں کہ ہر ضلع میں سرمایہ کا فنڈ قائم کیا جائے اور یہ کام

صرف چند دن کے ذریعہ سے نہ کیا جائے جن کی نسبت تجربہ ہے کہ وہ اس درجہ کم و بیش ہوتے رہتے ہیں کہ ایک رقم جو سال بسال ایک خاص مقصد کے لئے آتی رہتی ہو اُس پر بھی اعتبار نہیں کیا جا سکتا۔ ہم مسلمانوں کے لئے بہت بہتر ہے کہ ہر ضلع میں تعلیم کے اعلیٰ ترین درجہ تک پہونچنے کے لئے صرف ایک لڑکے یا لڑکی کی مدد کریں بہ نسبت اس کے کہ اس قسم کے تین سو لڑکوں اور لڑکیوں کی ہر ضلع میں مدد کرنے کا ذمہ لیں اور یہ یقین نہ ہو کہ ہم اسے بخوبی نباہ سکتے ہیں یا نہیں۔

یہ اب سب پر ظاہر ہو گیا ہوگا کہ ایک قوم جو آج دس قدم آگے بڑھتی ہے اور کل بیس قدم پیچھے ہٹنے پر مجبور ہوتی ہے وہ یہ امید نہیں کر سکتی کہ کسی طرف سے بھی اپنے واسطے عزت یا ہمدردی حاصل کر سکے گی۔

اگر آپ تمام حضرات اس طریقہ کو منظور کر لیں جو میں نے اپنی قوم کی تعلیمی حالت کی پس ماندگی کی اصلاح کے واسطے پیش کیا تو میں آپ کو یہ یقین دلانے کے لئے تیار ہوں کہ ہم علی گڑھ میں اس کے لئے بالکل تیار ہیں کہ آپ کی ہر طرح مدد کریں اور مذکورہٗ بالا انتظام کو مستحکم بنیاد پر قائم کر دیں بشرطیکہ آپ اس پر آمادہ ہوں کہ اخلاقی اور مالی طور پر آپ بھی ہماری مدد کریں۔

مدرسین سے ڈاکٹر ٹیگور کی دو دو باتیں

تعلیم کا خاص مقصد، اطلاعات کا بہم پہنچانا نہیں ہے بلکہ سیرت کو کامل طور پر نشو و نما دیتا ہے۔

صغیر سنی میں بچوں کی ترتیب بے حد اہم ہوتی ہے۔ انسان باہمی میل جول اور ارتباط کا بندہ ہے اس لئے ضروری ہے کہ تعلیم، انسان کو سوسائٹی کے لائق بنائے۔ کتابی تعلیم بھی ضروری ہے مگر صرف یہی کافی نہیں کسی ملک کا مستقبل، جو کچھ انسان اپنے ملک کے لئے کرے، اُس پر منحصر ہے۔ لہذا اسے سوسائٹی کی جو کچھ خدمات ہوں انجام دینا چاہیئے۔

سماجی شہادت، سیاسی شہادت سے کہیں زیادہ بہتر ہے۔ کبھی بھی تاریخ میں سیاسی جد و جہد سے خاطر خواہ نتائج برآمد نہیں ہوئے۔ جو لوگ بلا سماجی ترقی کے سیاسی آزادی کے خواہاں ہیں وہ محض خواب و خیال میں ہیں۔ جہاں اخلاقی اور ذہنی حیثیت سے کمزوری یا خامی پائی جائے، وہاں آزادی کا حاصل کرنا ممکن نہیں لہذا تعلیم سے سماجی تعمیر خاطر خواہ ہونی چاہیئے۔ بہتیرے طالب علم جو سیاسی آزادی کے لئے جوش و خروش دکھلا رہے ہیں، اپنے ہمسایہ تک کو نہیں جانتے۔ اُن میں محض وجدانیت کارفرما ہوتی ہے کتنے ہی کم ایسے نکلیں گے جو صحیح طور پر اپنے ملک کو جانتے ہوں پہلی ضروری چیز یہ ہے کہ وہ اپنے ہمسایہ کی طبیعت اور خصائل کا اندازہ کریں اور اپنے ماحول کے مطالعہ کرنے کی عادت ڈالیں۔ ہمارے نوجوانوں میں یہ عادت مفقود ہے۔ اُن میں انسانی دلچسپی کی کمی ہے، جو عام طور پر مغربی باشندوں میں پائی جاتی ہے۔

طلبہ کی سیر و سیاحت۔ جو اس مقصد سے کی جائے کہ ملکی معدنیات و زراعت، نباتات و حیوانات اور مقامی فن تعمیر کا علم ہو، بہت زیادہ منفعت بخش ہے وہ اپنی اپنی قابلیت کے مطابق نوٹ لیں اور اُن سے مستفید ہوں۔ اُن سے کالج کے عجائب خانوں کے لئے نادر اشیا جمع کرائی جائیں۔ اس سے اُن کے مذاق کا پتہ چلے گا اور اساتذہ اُن کی نفسیات سے مطلع ہوں گے، جس کا جاننا اُن کے لئے ضروری ہے۔ موجودہ تہذیب و تمدن کا طریقۂ تعلیم تنگ اور محدود ہے اور اُس میں ترقی کی قابلیت نہیں ہے

طلبہ ایک ہی جماعت میں بیٹھتے ہیں، وہی تعلیمی گھنٹے ہیں، مضامین کا ایک ہی ہیر پھیر ہے اور تقریباً ایک ہی نظام العمل مختصر یہ کہ بہت زیادہ یکسانیت ہے، جس کی باعث طلبہ میں مستعدی باقی نہیں رہتی۔ سیاحت سے طلبہ مستعد اور چالاک ہوں گے اور صحیح شوقِ علم کا پیدا ہوگا۔ جس طرح معدہ کے لئے غذا کی تبدیلی ضروری ہے اسی طرح ذہن انفس کے لئے نقل مقام ناگزیر ہے۔ جب غذا اول بدل کر نہ دی جائے تو بدہضمی پیدا ہوگی اسی طرح تعلیم میں رنگا رنگی نہ ہو تو ذہن کند ہو جائے گا غرض کہ سیاحت میں طلبہ کے لئے دائمی مسرت و منفعت ہے اور قدرت سے سبق حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ۔

جو لوگ مدرس بننے والے ہیں اپنے خیالات کو سلاست سے ظاہر کرنے کی صلاحیت پیدا کریں۔ طلبہ بھی معنی خیز عبارت خوانی کی عادت ڈالیں۔ شگفتگی اور سلاست، اظہار مطالب میں ضروری ہے۔ اگر اس پہلو کو نظر انداز کیا گیا تو یہ سمجھنا چاہیئے کہ زندگی بے مزہ ہے۔ نظم خوانی، آواز کا چڑھاؤ اُتار اور اداکاری خداداد جوہر ہیں۔ ہر ایک مدرس کو یہ نعمت نہیں ملتی مگر وہ اس فن کے حاصل کرنے کی کوشش کرے، کیوں کہ اچھے مدرس کے لئے یہ چیزیں ناگزیر ہیں انگلستان میں ہندوستان سے بالکل ہی جداگانہ طریقہ پر نظم پڑھائی جاتی ہے مدرس پہلے ادبی تلمیحات بیان کرتا ہے اور اس کے بعد نظم پڑھتا ہے۔ کبھی کبھی مشکل الفاظ وغیرہ کی تشریح کی ضرورت ہوتی ہے۔ نظم کی پڑھائی معنی خیز اور اس ڈھنگ سے ہوتی ہے کہ مطلب حل ہو جاتا ہے۔ مدرس میں متخیلہ قوت کی ضرورت ہے تب ہی وہ موقع محل سے کہیں گھٹا کر کہیں بڑھا کر اور کہیں زور دے کر نظم کی جیتی جاگتی تصویر پیش کر سکتا ہے۔ جب میں ایک جماعت کو بنگالی ادب پڑھایا کرتا تھا تو میں سب سے پہلے عروض کی تجزی کر دیا کرتا تھا یہ بحث کہ کیوں فلاں ردیف و قافیہ رکھا گیا، بعد کو کی جاتی تھی۔ پھر شعر کے وزن کو لیا جاتا تھا۔ روکھے پھیکے اوزان سے بحث نہیں ہوتی تھی بلکہ اشعار کے صحیح اسپرٹ کو واضح کیا جاتا تھا۔ پھر نظم خوانی کے بعد راگ کے چڑھاؤ اُتار اور اشعار کے زیر و بم سے مطالب کے حل کرنے میں مدد دی جاتی تھی۔ اشعار کا نغمہ اشعار کے الفاظ سے زیادہ اہم ہے۔ جماعت کی فضا، اشعار کے نغمہ سے بدل جاتی ہے اور طلبہ پیکرِ تصویر کا تصوّر قائم کر کے پُر کیف اور سرشار ہو جاتے ہیں۔

تاریخ کی تعلیم کے وقت اُس سین کا تصور دلانا جس میں تاریخی واقعات رونما ہوئے ازبس ضروری ہے سب سے بڑے مُغل بادشاہ کے مقام پیدائش کو لیا جائے۔ ریگستان ہے، ریتی کے ٹیلہ ہیں کیسی مصیبت اور پریشانی کا وقت ہے، ہر طرف فتنہ و فساد ہے اور کوئی خبر گیراں نہیں

ایسے خوش قسمت لڑکے کی پیدائش کے وقت باپ کے پاس بجز نافۂ مشک اور کچھ نہیں جو تقسیم کر سکے تعلیم کے وقت مُدرس اس بیکس بچّہ کی زندگی کی داستان جو آگے چل کر عظیم الشان بادشاہ بنتا ہے فراموش نہ کرے۔

موجودہ نسل کو ملک کے قائدین تباہ و برباد کر رہے ہیں اُن میں یہ خبط پیدا کیا گیا ہے کہ وُہ ہر طرح مکمّل ہیں۔ یہ خیال، بزرگوں کے احترام کو اُن کے دل سے محو کرّ رہا ہے۔ اُن میں استعجاب اور توصیف کا مادّہ، جو بزرگوں کا ادب سکھاتا ہے، کم ہے۔ وہ سنسنی خیز چیز کو پسند کرتے اور تخیّل کو گرمادینے والی چیزوں سے حرکت میں آتے ہیں۔ نہ صرف یہی بلکہ وہ بہت جلد جوش میں آتے اور جوش میں آنے کو پسند کرتے ہیں۔ اُنھیں محض تحقیر کرنے والا سمجھنا چاہیئے کیوں کہ وہ اِس سے نا آشنا ہیں کہ خدمت گزاری سے اِنسان کمال کو پہنچتا ہے۔ بڑے بڈھوں نے انہی مراحل کو طے کر کے عزّت حاصل کی۔ اس استدلال کا کوئی تک نہیں اور نہ کوئی منطق ہے کہ تمام بڑے اچھے ہوتے ہیں کیوں کہ وہ بڑے ہیں اور تمام نوجوان بُرے ہیں اس لئے کہ وُہ نوجوان ہیں غرض کہ نوجوانوں کو چاہیئے کہ بڑوں کے تجربات سے فائدہ اُٹھائیں۔ اُنہیں یہ بات فراموش نہ کرنی چاہیئے کہ بڑے بڈھے بھی تو کسی وقت جوان تھے، اُن کی آرزوئیں تھیں اور کمزوریاں بھی تھیں۔ جب جوان تھے تو مکمل نہ تھے کیوں کہ کمال اکتسابی چیز ہے۔ اُنھوں نے اپنے بزرگوں کے احترام میں کبھی بھی کمی نہیں کی۔ نوجوانوں کو یاد رکھنا چاہیئے کہ وُہ بھی کبھی بڈھے ہوں گے اور اپنے بچّوں کی بے ادبی پر خشمگیں ہوں گے۔ انکساری اور ضبطِ نفس ایسے صفات ہیں جنھیں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ہے۔

(ماخوذ)

ناخواندگی

"مندرجہ ذیل مضمون مولوی سید طفیل احمد صاحب (علیگ) نے آل ایشیا ایجوکیشنل کانفرنس کے اجلاس منعقدہ بنارس (۲۶ تا ۳۰ دسمبر ۱۹۳۵ء) میں پڑھا تھا اس کا ترجمہ ناظرین حیدرآباد ٹیچر کے استفادہ کے لئے پیش کیا جاتا ہے۔" مولوی صاحب آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کے رُوح رواں اور اعزازی شریک معتمد ہیں۔ جو استدلال اعداد کی مدد سے کیا گیا ہے وہ نہایت ہی دلنشیں اور موثر ہے۔
(شریک)

(۱) خواندگی کے اعداد کو خواندگی میں تبدیل کرنا۔

شاید دنیا کے اور ممالک کے برخلاف ہم ہندوستان میں خواندگی کا اندازہ خواندہ اشخاص کی تعداد کے حوالہ سے کرتے ہیں۔ ہمارے یہاں ناخواندہ اشخاص کی تعداد اس قدر زیادہ ہے کہ رپورٹوں میں ان کا ذکر کرنا درکنار ہم ان کا خیال کرتے ہوئے بھی جھجکتے ہیں۔ غالباً یہی سبب ہے کہ ہماری مردم شماری کی رپورٹوں اور دیگر تالیفات میں خواندہ اشخاص کی تعداد تو بتائی جاتی ہے۔ مگر ناخواندگی کی وسعت کا اندازہ ہمارے تخیل پر چھوڑ دیا جاتا ہے۔

(۲) خواندگی کا معیار۔

خواندگی کے معیار کے متعلق کسی قدر اختلاف آراء ہے۔ ایک طرف فطرتی طور پر محکمۂ تعلیمات ابتدائی تعلیم کے نہایت بلند معیار پر مُصر ہے۔ اور دوسری طرف ملک کی غیر سرکاری آرا رکی کثرت نوشت وخواند اور حساب کی ابتدائی تعلیم سے مطمئن نظر آتی ہے۔ مجھے اس کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی ہے کہ میں ہر طبقہ کی پیش کردہ دلائل پر بحث کروں۔ بلکہ میری رائے میں بحالت موجودہ جو کچھ موجو ہے۔ ہمیں اُسی پر قناعت کرنا چاہیئے۔ جیسے جیسے ہم ناخواندہ اشخاص کی تعداد کو گھٹانے میں کامیاب ہوتے جائیں۔ ویسے ویسے بتدریج اس معیار کو بلند کرنا چاہیئے۔

سب سے آسان اور بہترین معیار "ایک مختصر خط لکھنے اور پڑھنے کی قابلیت" ہے۔ خواندگی کی یہ تعریف رپورٹ مردم شماری کی رُو سے بھی مسلّمہ ہے اور اکثر ممالک غیر میں بھی مانی جاتی ہے یہ ظاہر ہے کہ محکمۂ تعلیمات ہند کے اس معیار کو حقیقی طور پر عمل میں لانے سے ناخواندگی کی مہم سرکرنے کا کام زیادہ آسان ہو جائے گا۔ اور عوام کی تعلیم کی تجویز کم داموں میں نافذ ہوسکے گی جو صوبہ دار۔

حکومتوں کے مالی حالات کے مناسب بھی ہوگی۔

(۳) خواندگی میں ہندوستان کی حیثیت۔

رقبہ کی وسعت یا آبادی کی کثرت کے اعتبار سے ہمارا ملک دنیا کے دوسرے بڑے ممالک میں شمار ہوسکتا ہے۔ لیکن جہاں خواندگی کا لحاظ کیا گیا۔ یہ بدقسمتی سے سب سے پیچھے رہ جاتا ہے۔ ممالک متحدۂ امریکہ کے محکمۂ تعلیمات کے بلیٹن ۴ بابتہ ۱۹۲۹ء میں دنیا کے مختلف سیاسی حصے (جو تعداد میں ۶۸ ہیں) دس طبقوں میں تقسیم کئے گئے ہیں، طبقۂ اول اُن ممالک پر مشتمل ہے جہاں خواندہ اشخاص کی تعداد فی صد ۹۰ اور ۱۰۰ کے درمیان ہے۔ انگلستان و جاپان کا شمار اسی طبقہ میں ہے۔ ہندوستان آخری طبقہ میں آتا ہے۔ جس میں خواندہ اشخاص کی تعداد دس فی صدی سے بھی کم ہے۔

یہ نہایت افسوس کی بات ہے کہ انگلستان۔ ہمارے حکمرانوں کا دیس انگلستان۔ تو اپنے خواندہ اشخاص کی تعداد ۶۶ء۹۹ فی صدی کے ساتھ طبقۂ اول میں سب سے اول رہے اور ہندوستان برطانوی صدسالہ حکومت کے باوجود ۳ ء ۷ فی صد خواندہ اشخاص کا تمغہ امتیاز لئے ہوئے آخری فہرست میں سب سے آخر رہے۔

(۴) جاپان اور ہندوستان کی ترقی کا مقابلہ

جاپان کے مرکزی جزائر بھی، جن کی سیاسی بیداری حال کی ہے، طبقۂ اول میں شامل ہونے پر نازاں ہیں، اور فخر کرتے ہیں کہ اُن کے یہاں فی صدی ۱۲ء۹۹ اشخاص خواندہ ہیں۔ یہ بات ذہن نشین کرنے کے قابل ہے کہ وہاں مدرسہ جانے کی عمر والے تمام بچوں میں

سنہ ۱۹۰۰ء میں ۸۰ فی صدی بچے زیر تعلیم تھے

سنہ ۱۹۱۰ء میں ۹۷ 〃 〃 〃 〃

اور سنہ ۱۹۲۲ء میں ۹۹ 〃 〃 〃 〃

ان کے مقابلہ میں ہمارے ملک میں۔

سنہ ۱۹۱۷ء میں ۵ء۱۸ فی صدی بچے مدرسہ جارہے تھے۔

سنہ ۱۹۲۲ء میں ۶ء۱۹ 〃 〃 〃 〃

سنہ ۱۹۲۷ء میں ۳ء۲۶ 〃 〃 〃 〃

یہ امر یاد رکھنے کے قابل ہے کہ سنہ ۱۹۲۲ء میں جاپان میں ۹۹ فی صدی یا تقریباً کل بچے مدرسہ جارہے تھے؛ ہمارے ملک میں سنہ ۱۹۲۷ء تک بھی جب کہ نئے اصلاحات کو جاری ہوئے کافی عرصہ

گذر چکا تھا۔ ۲۶٫۳ فی صدی سے زیادہ بچے مدرسہ نہ جا سکے۔

(۵) ہماری ترقی کی رفتار۔

اب میں اپنے ملک کی خواندگی کی ترقی عام حیثیت سے جس میں ہر عمر کے مرد اور عورتیں شامل ہیں، بتانے کی کوشش کروں گا۔

سنہ ۱۸۸۱ء میں ہندوستان میں خواندہ اشخاص کی تعداد ۳٫۵ فی صد تھی۔

سنہ ۱۸۹۱ء میں یہ تعداد . . . . ۴٫۵ فی صد کو پہنچی۔

سنہ ۱۹۰۱ء میں . . . . ۵٫۳ فی صد کو پہنچی۔

سنہ ۱۹۱۱ء میں . . . . ۵٫۹ فی صد کو پہنچی۔

اور سنہ ۱۹۲۱ء میں . . . . ۷٫۳ فی صد کو پہنچی۔

بالفاظ دیگر ہمارے ملک میں خواندہ اشخاص کی تعداد چالیس سال کی طویل مدت میں ۳٫۵ فی صد سے ۷٫۳ فی صد تک بڑھی یعنے ہر دس سال میں بحساب ایک فی صدی اضافہ ہوا۔

ہندوستان کے خواندہ اشخاص کی تعداد کو ناخواندہ اشخاص کی تعداد میں تبدیل کرنے سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے پاس اب بھی ۹۲٫۷ فی صدی اشخاص ناخواندہ ہیں۔ جس رفتار سے ہم ترقی کر رہے ہیں اُس رفتار سے ہمیں جاپان کے مرکزی جزائر کے معیار تک پہنچنے کے لئے ۹۲۷ سال یا تقریباً دس صدیوں کی ضرورت ہے۔ سنہ ۱۹۲۱ء میں نافذ شدہ اصلاحات کے باعث تعلیمات پر جو اثر پڑا ہے، اس کی وجہ سے کل آبادی اور طلبہ کی فی صدی نسبت میں شاید کسی قدر اضافہ ہو جائے گا۔ لیکن جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا ہے اس سے بھی طلبہ کی فی صد تعداد میں کوئی معقول اضافہ نہیں ہوا۔

اسی طرح ابتدائی تعلیم کے خرچ میں بھی کچھ زیادہ اضافہ نہیں ہوا ہے۔ سنہ ۱۹۲۲ء میں مصارف ۵٫۹ کروڑ تھے جو سنہ ۱۹۲۶ء میں ۶٫۹۵ کروڑ تک پہنچ گئے۔ گویا اس پنج سالہ مدت میں صرف ایک کروڑ نوے لاکھ کا اضافہ ہوا۔ اس طرح یہ ظاہر ہے کہ مصارف تعلیم میں یہ اضافہ سمندر میں ایک قطرہ کا حکم رکھتا ہے۔

(۶) خواندگی کس طرح بڑھائی جائے۔

اِس سلسلہ میں جس خاص نقطہ پر غور وخوض کی ضرورت ہے، وہ واسطہ ہے جس کے ذریعے خواندہ اشخاص کی تعداد میں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ آیا واسطہ رعایا کا ہو یا حکومت کا۔

(۷) دیسی نظام۔

زمانہ گزشتہ میں ہندوستان میں لوگ اشاعت تعلیم میں نمایاں حصہ لیا کرتے تھے۔ لالہ لاجپت رائے نے

اپنی کتاب "بدنصیب ہندوستان" میں ریورنڈ کئے کی کتاب سے مندرجہ ذیل اقتباس درج کیا ہے:-

"ایسے بہت کم ملک ہیں جیسے ہندوستان جن کی تعلیم کی تاریخ اس قدر طویل ہو اور اس میں اس قدر کم ردوبدل کیا گیا ہو یقیناً کوئی مغربی ملک تو ایسا نہیں ہے"

یہ امر برما کے ابتدائی تعلیم کے معیار کو دیکھنے سے بخوبی ہمارے ذہن نشین ہوتا ہے۔ یہ یاد رہے کہ برما برطانوی ہند کا سب سے آخری الحاق شدہ صوبہ اور ایام گذشتہ کی یادگار ہے۔ اس صوبہ میں خواندہ اشخاص کی اوسط تعداد ۲۷،۲ فی صد ہے۔ اور یہ صوبہ ہندوستان کے تمام صوبوں میں اس لحاظ سے اول ہے۔ برما کے سوا برطانوی ہند کے اور صوبوں سے بعض دیسی ریاستوں میں بھی خواندہ اشخاص کی فی صد تعداد زیادہ ہے۔ مثلاً:-

ٹراونکور میں فی صد ۲۵،۷ اشخاص خواندہ ہیں۔

کوچین " " ۲۱،۰۶ " "

بڑودہ " " ۱۴،۴ " "

ہماری بڑی بدقسمتی یہ ہے کہ حکومت کی تعلیمی حکمت عملی (پالیسی) سے تعلیم کا وہ دیسی انتظام جس کو خود رعایا چلاتی تھی۔ اُس کی جگہ ایک مُردہ اور ناموافق نظام نے لے لی جو شعبہ واری تعلیم پر مبنی ہے۔ پُرانے نظام کے تحت معمولی ذرایع کا ہر شخص اس بات کو اپنا مقدس فریضہ تصور کرتا تھا کہ اُس کو جو بچے بھی مل سکیں تعلیم دے۔ خود شہنشاہ شاہ جہاں صاحب قِران اپنی معزولی کے بعد تدریس میں مشغول ہو جاتے ہیں۔ یہ ایک ایسا واقعہ ہے جس سے صاف طور پر اُس زمانہ کا رجحان ظاہر ہوتا ہے۔ اس طرح عام تعلیم گاہوں کے علاوہ جو عامۂ رعایا کے خرچ سے چلائے جاتے تھے تقریباً ہر سکونہ مکان بھی ایک قسم کا باقاعدہ مدرسہ ہوتا تھا۔ ہر قریہ میں اس کا اپنا مکتب۔ مدرسہ یا پاٹ شالا ہوا کرتا تھا جس کی سرپرستی عامہ رعایا یا پنچاب کیا کرتی تھی۔

(۸) موجودہ نظام

لیکن ہم آج کیا دیکھتے ہیں؟ حکومت نے خانگی تعلیم اور تعلیم گاہوں کو تسلیم کرنا موقوف کردیا۔ اور اُن میں تعلیم یافتہ اشخاص کو نالایق، اور چھوٹے سے چھوٹے عہدے کے لئے بھی ناقابل ٹھرا کر محروم بنا دیا ہے۔ اس کے برخلاف مڈل پاس اشخاص کو جن کی معلومات محدود ہوتی ہیں اور جو دیسی زبان میں بھی صحیح طور پر نہیں لکھ سکتے۔ عربی سنسکرت اور دیسی زبانوں کے بہترین طلبہ پر ترجیح دی جاتی ہے جنہیں خوش قسمتی سے یا بدقسمتی سے جدید مڈل اسکولس کے نصاب کی تعلیم کا شرف حاصل نہیں ہوا مثال کے

طور پر صوبجات متحدہ کے دیسی مدارس کو لیجئے۔ یہاں ایک مشرقی طالب علم خواہ کیسی ہی اعلیٰ قابلیت کا کیوں نہ ہو۔ عہ ماہانہ سے زاید نہیں پا سکتا۔ جس کی انتہائی یافت للعہ ہوتی ہے۔ بخلاف اس کے ایک مڈل ٹرینڈ مدرس کی ابتدائی یافت معہ اور انتہائی صہ ہوتی ہے۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ دیسی تعلیم کا پورا نظام درہم برہم اور اس سلسلہ کی جملہ خانگی کوششوں کا خاتمہ ہوگیا۔ پنجاب کے مشہور و معروف ڈاکٹر لیٹنر ([illegible]) آنجہانی کی تحریروں سے اس امر کی تصدیق ان الفاظ میں ہوتی ہے:۔

"پنجاب کے محکمۂ تعلیمات نے متعدد یاددہانیوں کے باوجود خانگی مدارس کو برباد کردیا لطف یہ کہ محکمۂ مذکور اپنے ابتدائی مدارس کی جیسی کچھ حالت تھی اُس سے غافل تھا۔"

(۹) خانگی کوششیں غیر مؤثر ہیں۔

یہ سچ ہے کہ ہم اب بھی دیکھتے ہیں کہ لوگ مشرقی تعلیم کے پرانے طریقہ کو برقرار رکھنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اور پورے ملک میں عربی مدارس اور سنسکرت پاٹھ شالوں کی خاصی تعداد موجود ہے۔ اس کے علاوہ گذشتہ بیس سالہ سیاسی بیداری سے جو علمی ذوق پیدا ہوا ہے، اُس کا نتیجہ یہ ہوا کہ لڑکوں اور بالغوں کی تعلیم کے لئے کئی درسگاہیں پیدا ہوگئیں۔ بایں ہمہ یہ تمام اشغال غیر مؤثر ہیں۔ اور ان سے خواندہ اشخاص کی تعداد میں کوئی قابل تعریف اضافہ نہیں ہوا۔ بلکہ سرپرستی کے فقدان، یا یہ کہنا بہتر ہوگا کہ حقیقی طور پر سررشتۂ تعلیمات کی ہمت شکنی سے ایسے اشغال مفقود ہوتے جارہے ہیں۔ ذرائع معاش کے انحطاط اور زندگی کی گرانی کی وجہ سے حیات انسانی میں جو روز افزوں کشمکش پیدا ہوگئی ہے اُس کی وجہ سے عوام اس قسم کے کام کو سرکاری امداد کے بغیر چلانے کے قابل نہیں رہے۔

(۱۰) حکومت کی تنہا ذمہ داری۔

مختصر یہ کہ اگر حکومت کو مہذب حکومت ہونے کا دعویٰ ہے تو یہ امر اُس کا واحد فریضہ ہے کہ وہ عوام کی تعلیم کی ذمہ داری اپنے سر لے۔ دنیا کے تقریباً تمام مہذب ممالک میں حکومتوں نے مدت ہوئی، اپنے اس فریضہ کو محسوس کرلیا اور اُس کو قابل تعریف اور مفید طریقہ پر بجا لا رہی ہیں۔ درحقیقت انگلستان میں حکومت نہ صرف ابتدائی تعلیم کی ذمہ دار ہے بلکہ ۱۹۱۸ء کے قانون ثانوی تعلیم (سکنڈری ایجوکیشن ایکٹ) کی منظوری کے بعد سے وہ ثانوی تعلیم کی بھی ذمہ دار ہوگئی ہے۔ ہندوستان میں انگریزوں سے پہلے جو دیسی نظام تعلیم رائج تھے، اُن کو حکومت ہی نے درہم برہم کردیا۔

اگر کسی اور وجہ سے نہیں تو کم سے کم اسی ایک وجہ سے اس کو چاہیئے تھا کہ بہت عرصہ قبل عوام کی عالمگیر تعلیم کی کامل ذمہ داری اپنے کندھوں پر لے لیتی۔ یہ امر عجیب وغریب اور دردانگیز ہے کہ باوجود مصارف کثیر کے کسی صفائی کے رقبہ کو آبرسانی اور برقی رَو کا فراہم کرنا تعلیم دلاکر روشن خیالی پیدا کرنے سے زیادہ ضروری خیال کیا جاتا ہے۔ موجودہ تہذیب کی دخانی و برقی ایجادات کا ہندوستان میں ایسی حالت میں جاری کرنا جب کہ جہل کا گھٹا ٹوپ اندھیرا چھایا ہوا ہو زیادہ فائدہ مند نہیں ہوسکتا۔ اگرچہ ہم ریل اور برقی روشنی کے بغیر مہذب قوم کی حیثیت سے زندہ رہ سکتے ہیں لیکن بغیر عام تعلیم کے ہم ایسا نہیں کرسکتے۔

(۱۱) صوبہ جات متحدہ کی خوفناک ناخواندگی۔

سنہ ۱۹۱۲ء میں مسٹر گوکھلے بیکنٹھ باشی کے جبری ابتدائی تعلیم کے مسودہ کو پیش کرنے کے بعد سے ہندوستان کے مختلف صوبوں میں کوششیں کی جارہی ہیں کہ حکومت مستعدی کے ساتھ عوام کی تعلیم کے مسئلہ کو اپنے ہاتھ میں لے۔ لیکن اب تک کوئی معقول نتیجہ برآمد نہیں ہوا۔ مثال کے طور پر اسی صوبہ کو لیجئے۔ جس کو ہندوستان کا مرکز کہا جاتا ہے۔ اور جہاں آج یہ تعلیمی کانفرنس منعقد ہو رہی ہے۔ یہ صوبہ ہندوستان کے تمام صوبوں میں سب سے پیچھے ہے جیسا کہ مندرجہ ذیل اعداد سے ظاہر ہوگا۔

(۱) برما	۲۷ر۷	فی صدی
(۲) کورگ	۱۲ر۶	"
(۳) دہلی	۱۰ر۷	"
(۴) اجمیر و مارواڑ	۱۰ر۰	"
(۵) بنگال	۹ر۱	"
(۶) مدراس	۸ر۶	"
(۷) بمبئی	۸ر۳	"
(۸) آسام	۶ر۲	"
(۹) صوبجات شمال مغربی سرحد	۴ر۷	"
(۱۰) بلوچستان	۴ر۷	"
(۱۱) بہار و اڑیسہ	۳ر۵	"
(۱۲) صوبجات متوسطہ	۳ر۱	"

(۱۳) پنجاب	۳٫۸ فی صدی	
(۱۴) صوبجات متحدہ	۳٫۷	"

صوبۂ ہذا نہ صرف تمام صوبوں سے پیچھے ہے بلکہ خواندگی میں اس کی رفتار ترقی نہایت سُست ہے۔ اس صوبہ کے مختلف سنین کے اعداد یہ ہیں:-

۱۸۸۱ء	۳٫۰ فی صدی	
۱۸۹۱ء	۳٫۲	"
۱۹۰۱ء	۳٫۱	"
۱۹۱۱ء	۳٫۴	"
۱۹۲۱ء	۳٫۷	"

ان اعداد سے ظاہر ہے کہ چالیس سال کی طویل مدت میں ہمارے صوبہ میں خواندہ اشخاص کی تعداد ۳٫۰ فی صدی سے بڑھ کر ۳٫۷ فی صدی ہوئی یعنی ۰٫۷ فی صد اضافہ ہوا۔ ذرا حساب لگانے سے ہمیں معلوم ہو جائے گا کہ اگر ہماری یہی رفتار رہی تو یہ کلنک کا ٹیکا (ناخواندگی (۵۵۰۰) ساڑھے پانچ ہزار سال سے کم میں بھی مٹ نہ سکے گا۔

مندرجہ بالا اعداد گذشتہ مردم شماری کی رپورٹ سے لئے گئے ہیں۔ اُس کے بعد ابتدائی مدارس میں کچھ اضافہ ہوا ہے۔ لیکن اس پر بھی بہ نسبت اور صوبوں کے ہماری رفتار نہایت سُست ہے۔ جیسا کہ اس مثال سے ثابت ہوگا۔ ۱۹۲۰ء میں صوبجات متحدہ اور پنجاب میں جملہ آبادی سے طلبہ کی نسبت تقریباً مساوی یعنی ۲ اور ۳ فی صدی کے درمیان تھی لیکن ناظم تعلیمات کی سال گذشتہ کی رپورٹ میں ہم دیکھتے ہیں۔ کہ ہمارے صوبہ میں یہ نسبت ۳٫۱۶ فی صدی ہے اور اس کے برخلاف پنجاب میں ۶ فی صدی یا ہمارے صوبہ کی تعداد کے قریب قریب دُگنی ہے۔ پس یہ بآسانی کہا جا سکتا ہے کہ ہمارے صوبہ نے اصلاحات کے جاری ہونے کے بعد بھی کوئی قابل ذکر ترقی نہیں کی۔

(۱۴) آسام میں جمود۔

دوسرے ہر صوبہ کی بھی تقریباً یہی حالت ہے۔ ان میں اکثر صوبوں میں اصلاحات کے جاری ہونے کے بعد بھی کوئی ترقی نہیں ہوئی۔ مثال کے طور پر آسام کے محکمۂ تعلیمات کی سالانہ رپورٹ بابتہ ۲۹-۱۹۲۸ء ملاحظہ ہو جس میں یہ فقرہ درج ہے:-

"مسٹر ایس۔ سی۔ گوسوامی نے کہا" بالآخر عام خواندگی کے پھیلانے میں ہم وہیں پہنچے جہاں

پندرہ سال قبل تھے۔ ہماری ترقی حالت جمود میں ہے" اس فقرہ کی نسبت ناظم صاحب تعلیمات کی رائے حسب ذیل ہے:۔

"گو یہ سخت الفاظ ہیں لیکن بالکل سچے ہیں۔ ظاہر ہے کہ اگر ہمیں موجودہ دَور میں عام خواندگی کے پھیلانے میں کوئی پیش قدمی کرنی ہے، تو یہ ضروری ہے کہ ہم نہایت فراخ دلی سے سرمایہ فراہم کریں اُس سے کہیں زیادہ جو سابق میں کرتے رہے ہیں حتیٰ کہ ابتدائی تعلیم پر بھی ہمارے اخراجات دُگنے بلکہ تگنے بھی ہو جائیں،"

لیکن سوال یہ ہے کہ ابتدائی تعلیم کے اخراجات دُگنے اور تگنے کس طرح کیے جائیں؟ ہندوستان کے مختلف صوبوں کی مجالس تشریعی میں ہر سال تحریکات اور تجاویز پیش ہوتی ہیں لیکن اُن کا کوئی نتیجہ نہیں نکلتا

(۱۳) مجلس صوبجات متحدہ میں خواندگی کی تحریک۔

سال گذشتہ میں صوبجات متحدہ کی مجلس تشریعی نے خواندگی کی اشاعت سے متعلق ایک تحریک منظور کی جس کو ایک غیر سرکاری رکن نے پیش کیا تھا۔ اور ایک کمیٹی بدین غرض مقرر کی گئی کہ مقررہ مدت میں ہر لڑکے اور لڑکی کو خواندہ بنانے کے لئے ایک اسکیم تیار کرے۔ کمیٹی میں مدرسہ جانے کے قابل عمر کے لڑکوں کے لیے دس سال کی مدت میں تعلیمی سہولتیں فراہم کرنے کے لیے ایک اسکیم بنائی۔ اُس نے یہ بھی سفارش کی کہ حکومت ابتدائی تعلیم کے بارے سے مقامی مجالس (لوکل بورڈ) کو سبکدوش کر دے اور پوری ذمہ داری اپنے اوپر عاید کرلے۔ مزید متوازی اخراجات کا اندازہ تقریباً اسّی لاکھ کا کیا گیا۔ یہ امر مشتبہ ہے کہ آیا حکومت مالی مشکلات کی بنا پر ان سفارشوں کو تسلیم کرے گی اور بروئے عمل لائے گی۔ یہ ایک کھلا ہوا راز ہے کہ اصلاحات کے نفاذ کے بعد سے ہر صوبہ کا نظام حکومت گراں تر ہو گیا ہے۔ اور محفوظ و مفوضہ دونوں سررشتوں کی ضروریات صوبہ واری حکومتوں کے مالی سرمایہ سے کہیں زیادہ بڑھ گئی ہیں۔

(۱۴) واحد علاج

مندرجہ بالا بیان سے یہ ظاہر ہو جائے گا کہ خواندگی کی اشاعت سے متعلق۔ اگر ایک طرف رعایا کے لئے یہ ممکن ہے کہ کوئی نجات کا راستہ نکالے۔ تو دوسری طرف حکومت سے بھی تو کوئی زیادہ اُمید نہیں۔ یہ تصویر کا نہایت ہی تاریک رخ ہے۔ لیکن پانی کا پانی اور دودھ کا دودھ کرنا ہی پڑتا ہے۔ صورت حال نہایت اہم اور دشوار ہے اور پُر احتیاط و ہمدردانہ طریق عمل کی مستحق ہے۔ میرے ذہن میں اس کا واحد علاج موجودہ طریقہ حکومت کی مکمل تنظیم اور مختلف سررشتوں کے افسروں [illegible]

جرأت آزما کفایت شعاری کی تنظیم ہے جس میں خود سر رشتۂ تعلیمات بھی شامل ہے۔ اس موقع پر اس مضمون کی تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں ہے۔ ہمیں اُمید رکھنی چاہیئے کہ اب جو سیاسی تبدیلیاں ہونے والی ہیں، اُن سے اچھے دن پلٹیں گے۔ اور اس خصوص میں ہمیں ہندوستان کو جاپان اور دوسرے ترقی کرنے والے ممالک کی صف میں لا کھڑا کرنے کے لیئے آدمیوں اور روپیہ کی وقت نہ ہوگی جو پائندہ یابندہ۔ جہاں حقیقی خواہش ہوتی ہے، وہاں کوئی نہ کوئی راستہ نکل ہی جاتا ہے ہم اپنے آپ کو اس خیال سے مطمئن کر سکتے ہیں کہ آئندہ کوئی گورنر صوبہ اُس گورنر کی تقلید نہیں کرے گا جس نے ناعاقبت اندیشی کا ثبوت ان الفاظ میں دیا کہ کسی محکوم ملک میں تعلیم عام کرنا ایک سیاسی خطرہ ہے۔

(۱۵) واحد قابل عمل علاج۔

مگر ہم صرف اُمیدوں اور التجاؤں پر جی نہیں سکتے۔ ہمیں خاموش بیٹھنا بھی نہ چاہیئے۔ بلکہ کچھ نہ کچھ کرتے رہنا چاہیئے۔ جو مؤثر چیز ہم انفرادی اور مجموعی طور پر کر سکتے ہیں۔ وہ صرف یہ ہے کہ ہم ہر ممکنہ کوشش کریں کہ مقامی مجالس کو اپنے اپنے حدود میں وسیع اور مؤثر جبری تعلیم رائج کرنے پر آمادہ کر دیں۔ مجالس تشریعی کے ارکین سے التماس کریں کہ اس خصوص میں تحریکات اور مسودات قانون پیش کریں۔ سائر ہند یا صوبوں۔ شہروں قصبوں اور نیز دیہات سے متعلق تمام تعلیمی۔ سیاسی اور دوسری انجمنوں نیز سوسائٹیوں اور اداروں سے تحریکات منظور کر کے پُر زور بیانات دیں۔ اور حکومت سے اس بات پر مُصر رہیں کہ وہ ہر لڑکے اور لڑکی کو خواندہ بنانے کی ذمہ داری کو محسوس کرے یا ابتدائی تعلیم کی اشاعت کی ساری ذمہ داری اپنے سر لے۔ اور اس طرح ڈسمبر ۱۹۴۰ء یعنی دوسری وہ سالہ مدت میں ناخواندگی کے بدنما سیاہ داغ کو دور کر دے اس طریقہ سے ہندوستان کو اُس کے موجودہ دسویں اور آخری طبقہ سے نکال کر پہلے طبقہ میں شامل کر دے جس میں خود انگلستان شامل ہے۔ حکومت اور رعایا دونوں کا یہ کم سے کم مطمح نظر اور مخصوص نصب العین ہونا چاہیئے۔

میں توقع کرتا ہوں کہ آل ایشیا تعلیمی کانفرنس اپنے کسی عام جلسہ میں اس مضمون سے متعلق کوئی تحریک منظور کرے گی جس کی تقلید ملک کے دوسرے ادارے کریں گے۔

مولوی سید طفیل احمد صاحب

مترجمہ محی الدین محمود

مددگار مدرسہ فوقانیہ دار الشفا سرکار عالی

طلبہ کی صحت

مثل مشہور ہے کہ جان ہے تو جہان ہے۔ جب جان ہی کے لالے پڑ جائیں تو جہان کو لے کر کیا کیجئے مگر افسوس ہے ہم کو جان سے زیادہ جہاں عزیز ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عام طور پر اس کی طرف بہت ہی کم توجہ کی جاتی ہے۔ صحت کا مسئلہ بجائے خود اس قدر اہم ہے کہ اس سے کسی کو انکار نہیں ہوسکتا۔ تعلیمی نقطۂ نظر سے تو اس کی اہمیت اور بھی کئی گونہ زیادہ ہو جاتی ہے۔ ہر انسان پر علم دین کے بعد علم طب کی تحصیل فرض ہے۔ العلم علمان، علم الادیان، علم الابدان۔ لیکن اس سے یہ مراد نہیں کہ ہر شخص حکیم یا ڈاکٹر ہو۔ منشا صرف اس قدر ہے کہ وہ بوجہ لاعلمی اپنے جسم و جان کے ساتھ کوئی برا سلوک نہ کرے جب ایک معمولی چیز کی نگہداشت ضروری واقفیت کے بغیر نہیں ہوسکتی تو پھر یہ کیوں کر ممکن ہے کہ جسم و جان جیسی اہم ترین شئے کی پرداخت من مانے ہو سکے۔ مگر بلاخوف تردید کہا جاسکتا ہے کہ ہمارے طلبہ حفظان صحت کے اصول سے بالکل کورے ہیں اور اسی سبب سے علم و عمل دونوں میں ادھورے ہیں۔

تعلیم کے نقطۂ نظر سے مسئلہ صحت پر غور کرنے کے بعد یہی ایک نتیجہ برآمد ہوتا ہے کہ ہمارے طلبہ کی صحت نہ صرف خراب ہے۔ بلکہ بد سے بدتر ہو رہی ہے۔ بعض حقیقت شناس حضرات کو تو یہ رائے ہے کہ موجودہ تعلیم طلبہ کی صحت کو گھن کی طرح کھا رہی ہے۔ اگر ہم اس رائے پر ٹھنڈے دل سے واقعات کی روشنی میں غور کریں تو معلوم ہوگا کہ اس کے صحیح ہونے میں سرِمو فرق نہیں۔ کسی بچے کی صحت پر آغاز تعلیم سے قبل اور بعد گہری نظر سے غور کرنے والے جانتے ہیں کہ جب ایک بچہ گھر کی چار دیواری سے نکل کر مدرسے کے احاطے میں قدم رکھتا ہے تو اس کے جسم و مزاج میں کیسے قابل رحم تغیرات رونما ہوتے ہیں۔ سب سے پہلے اس کے چہرے کی پژمردگی زبان حال سے کہہ اٹھتی ہے کہ وہ معصوم تازگی کی قایم مقام ہے۔ چنانچہ ایک ماہر تعلیم نے کسی جیل خانے کا معائنہ کرنے کے بعد یہ مبنی بر حقیقت رائے ظاہر کی تھی کہ میں نے کسی مدرسے کے طلبہ سے زیادہ ان قیدیوں کو بشاش پایا، حالاں کہ اصولاً اس کے برعکس ہونا چاہیے تھا مگر واقعات سے انکار ممکن نہیں۔ اگر طبی ارکان کی ایک مجلس قایم کر کے اس کے ذریعہ طلبہ کی موجودہ صحت کی جانچ کرائی جائے تو کوئی تعجب نہیں کہ خرابی صحت کے سبب تعلیم پانے کی صلاحیت نہ رکھنے والے طلبہ کی تعداد معتد بہ ہو۔ لیکن جب ایسے طلبہ بھی حصول علم میں مصروف ہیں جو نہ اپنی ذات کو کماحقہ فائدہ پہونچا سکتے ہیں اور نہ ملک و قوم کو متمتع کر سکتے ہیں تو پھر اس طرح عمر کا بیش بہا حصہ صرف کر کے

سر پھوڑنے سے کیا فائدہ۔ اس سے بہتر تو یہ ہوتا کہ وہ جاہل کہلاتے مگر تندرست رہ کر ادنٰے درجے کی محنت و مزدوری کو عار نہ سمجھتے اور اپنی زندگی صحت جیسی نعمت کے ساتھ حقیقی مسرت سے گزار دیتے۔

اب خود بخود یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا تعلیم کے ساتھ حفظان صحت کا کافی التزام موجود نہیں ہے؟ ظاہر ہے کہ اس کا جواب نفی میں ہوگا۔ اور باتوں کا تو کیا ذکر صرف مکان مدرسہ کو تو دیکھئے۔ جہاں طلبہ کم از کم پانچ گھنٹے گزارتے ہیں اگر محل وقوع کی اہمیت نظر انداز بھی کر دی جائے تو مکان کے صحت بخش ہونے کی ضرورت تو مسلم ہے اس سے تو انکار نہیں ہو سکتا۔ مگر موجودہ مکانات کے بیشتر حصے کا ناموزوں ہونا اس دلیل سے ثابت ہے کہ عموماً جو چیز جس مقصد کے لئے بنائی نہیں جاتی اس سے اس مقصد کی کما ینبغی تکمیل بھی نہیں ہو سکتی۔ اضلاع کے مکانات کی حالت تو اور بھی ناگفتہ بہ ہے۔ باوجود اس کے یہ کہنا خلاف حقیقت نہ ہوگا کہ سر رشتے نے کرائے کے اچھے مکانات حاصل کرنے میں کوتاہی نہیں کی ہے۔ پبلک جس کو مسئلہ تعلیم سے سرکار کی نسبت زیادہ اور گہرا تعلق ہے۔ اس کے ایثار و ہمدردی کا یہ عالم ہے کہ باوجود ماہ بماہ معقول کرایہ لینے کے ضروریات مدرسہ کا مطلق لحاظ نہیں کرتی۔ چنانچہ حفظان صحت کے مدنظر جب کبھی ترمیم کی ضرورت ہوتی ہے قطعاً انکار کر دیتی ہے یا ایسی شرائط پیش کرتی ہے کہ جن کی تکمیل کا سر رشتہ مقتدر نہیں ہوتا۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ناموزوں مکانیت طلبہ کی صحت پر اثر انداز ہوتی ہے۔ مجھے اس خصوص میں اپنے ایک نکتہ رس افسر کی اس صائب رائے سے پورا اتفاق ہے کہ ناف شہر کے کسی ناموزوں مکان میں طلبہ کی زیادہ تعداد فراہم کر کے ان کی صحت کو خراب کرنے سے بدرجہا بہتر یہ ہے کہ بیرون آبادی کسی موزون مکان میں طلبہ کی نسبتاً قلیل تعداد صحت و سلامتی کے ساتھ تعلیم پائے۔

ایک طرف حفظان صحت کے اہم لوازمات مثلاً۔ موزوں مکان۔ آرام دہ فرنیچر۔ طبی معائنہ، بازی گاہ۔ ورزشی مقامات۔ پیراکی کے حوض۔ تفریح گاہ۔ کھلے میدان۔ باغات وغیرہ کا فقدان اور دوسری طرف مضامین تعلیم کی کثرت۔ اور اوراق مقررہ کے حجم کی زیادتی زبان حال سے کہہ رہی ہے کہ نصاب تعلیم کی تشکیل کے وقت طلبہ کی صحت کا خیال یا تو کچھ تھا ہی نہیں یا اگر تھا بھی تو اس کا وجود و عدم برابر تھا کیونکہ تجربہ شاہد ہے کہ جہاں اور بہت سی چیزیں طلبہ کی صحت میں خلل انداز ہیں وہاں نصاب تعلیم کی ناموزونیت بھی مضرت رساں ہے۔ لیکن میں بوجہ خوف طوالت اس بحث کو زیادہ طول دینے سے احتراز کر کے بسبیل اجمال صرف جماعت صغیر کے متعلق مشتے نمونہ از خروارے یہ عرض کروں گا کہ ہماری موجودہ تعلیم کا پہلا زینہ جماعت صغیر ہے۔ جس کے نصاب کے ابواب سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ اُن طلبہ کے لئے زیادہ تر موزون ہے جنہوں نے کنڈر گارٹن کا زمانۂ تعلیم بلا کتاب ختم کیا ہوا اور بلحاظ عمر اس نصاب کی

تعلیم کے لئے تیار ہوں۔ پہلے تو ہمارے مدرسوں میں بجز معدودے چند مدارس کے کنڈرگارٹن کی تعلیم کا انتظام نہیں ہے۔ یوں برائے نام تختۂ نظام الاوقات میں دو چار جگہ کنڈرگارٹن کا لفظ لکھ دینا یا زائد از زائد آئین بائیں شائیں بتا دینا حقیقی تعلیم پر ہرگز دلالت نہیں کرتا۔ چنانچہ ہمارے مدارس میں یہ دیکھا جاتا ہے کہ متمدن ممالک میں کنڈرگارٹن کی تعلیم کے لئے طلبہ کی جو عمر مقرر ہے اس سے کم عمر طلبہ کو وہ نصاب پڑھایا جاتا ہے جس کی نوبت کنڈرگارٹن کا زمانہ تعلیم ختم ہونے کے بعد آنی چاہیئے۔ اس سے ظاہر ہے کہ ہمارے ہاں بہ لحاظ عمر کتابی تعلیم کا آغاز جلد ہوتا ہے جس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ بعض والدین اپنے کم سن بچوں کو اس واسطے مدرسہ بھیج دیا کرتے ہیں کہ بچے کم از کم خود مدرسہ جانے کے عادی ہو جائیں یا اُن کی وجہ سے گھر میں آئے دن جو دھما چوکڑی مچی رہتی ہے اس سے کچھ دیر کے لئے نجات مل جائے۔ مروجہ نصاب تعلیم کے مدنظر صغیر جماعت میں کم از کم داخلے کی عمر کا تعین کر دیا جاتا مگر اس میں یہ اندیشہ تھا کہ اب مدارس میں طلبہ کی تعداد کے سبب جو جبل پل اور آبادی نظر آتی ہے اس میں کمی نہ ہو جائے اور اضافہ تعداد طلبہ کا سوال جو بدقسمتی سے مدارس کی موت وحیات کا مسئلہ بن گیا ہے کہیں عام نہ ہو جائے کیوں کہ یہ دیکھا جاتا ہے کہ اکثر مدارس کی زیادہ تر آبادی عموماً تحتانی اور بالخصوص صغیر جماعت کے طلبہ کی تعداد پر منحصر ہوتی ہے جہاں طلبہ کی موجودہ تعداد میں ہر وقت اضافے کا امکان ہوا کرتا ہے۔ اکثر مدارس وسطانیہ میں جہاں بہ لحاظ تعداد طلبہ صغیر کے دو فریق اور بعض میں صغیر اردو کے ساتھ صغیر تلنگی وغیرہ کی جماعتیں قایم ہیں وہاں طبقہ وسطانیہ کی جماعتوں میں طلبہ کی تعداد نسبتاً کم ہوتی ہے۔ گویا مدرسہ کے وسطانیہ گریڈ کو بہ قید تعداد طلبہ قایم رکھنا اُس کے ملحقہ طبقہ تحتانیہ کا کام ہوتا ہے بہر حال واقعات کے مدنظر یہ کہا جاسکتا ہے کہ ہماری تعلیم کا پہلا زینہ کج روی کا پہلا قدم ہے جس کے بعد منزل مقصود کو پہونچنا ظاہر ہے۔

خشت اول چوں نہد معمار کج تا ثریا مے رود دیوار کج

مدارس وسطانیہ اور فوقانیہ میں سرکار کی جانب سے طلبہ کی صحت کی خاطر ڈرل گیمس اور اسپورٹس کا انتظام کیا گیا ہے لیکن بدقسمتی سے پرائمری اور تحتانیہ مدارس جن کو لوازمات صحت کی نسبتاً اور اصولاً زیادہ احتیاج ہے محروم ہیں۔ ڈرل کے مروجہ طریقے سے تو یہ ظاہر ہوتا ہے کہ طلبہ میں فوجی قواعد کی صلاحیت پیدا کی جاتی ہے۔ اس کہنے کا منشا یہ ہے کہ ورزشی مقصد سے زیادہ قاعدے کی پابندی پر زور دیا جاتا ہے۔ جس کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ اکثر ڈرل ماسٹروں کا فوج سے تعلق رہا ہے اور وہ اسی وجہ سے ہر وقت فوجی نقطۂ نظر سے کام لینے کے عادی ہو گئے ہیں۔ ایک اور نمایاں خرابی یہ پائی جاتی ہے کہ عموماً طلبہ ڈرل سے متنفر نظر آتے ہیں اور اس سے بچنے کی کوئی نہ کوئی صورت پیدا

کر لیتے ہیں حتیٰ کہ والدین سے تحریرات اور ڈاکٹروں سے صداقت نامے بھی حاصل کر کے پیش کرتے ہیں گیمس کا انتظام ضرورت کے لحاظ سے بہت ناکافی ہے۔ اول تو اس کا سرمایہ اس قدر قلیل ہوتا ہے کہ ضروریات کی تکمیل نا بجائی ہوتی ہے دوسرے یہ کہ بازی گاہ کی بڑی قلت ہے۔ مدارس تو ایک چھوٹے سے میدان سے بھی محروم ہیں اور جن کو بازی گاہ میسر ہے۔ وہ پورے مدرسہ کا انتظام کرنے سے قاصر ہیں۔ یوں برائے نام چند شوقین طلبہ کا بازی میں حصہ لینا دوسرے طالب علموں کی صحت کا کفیل نہیں ہو سکتا۔ جن مدارس میں کھیل کا مذکورہ بالا انتظام ہے وہاں یہ بھی دیکھا جاتا ہے کہ پرائمری جماعتوں کے کھیل کی طرف بہت ہی کم توجہ کی جاتی ہے۔ اسپورٹس کا حال تو ڈرل اور گیمس سے بھی نرالا ہے۔ ان کا دور دورہ زائد از زائد دو ماہ تک باقی رہتا ہے چنانچہ ادھر اسپورٹس کا اختتام ہوا اور ادھر ان کی مشق سال آئندہ کے لئے برآئندہ ہوئی۔ اگر اسپورٹس کا مقصد استقرار صحت ہے تو پھر ان کے عارضی اور برآئندہ ہونے کے کیا معنے۔ ان حالات سے تو یہی ثابت ہوتا ہے کہ صحت جسمانی کا موجودہ انتظام بہت زیادہ اصلاح۔ سرمایہ۔ توجہ اور ہمدردی کا بدرجۂ اتم مستحق ہے۔ جس کے اٹل استحقاق سے تغافل برتنا خود دماغی تعلیم کے حق میں مفید نہ ہوگا۔

طلبہ کی موجودہ صحت سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس کی طرف سرکاری اور غیر سرکاری طور پر جو توجہ کی جارہی ہے وہ ناکافی ہے۔ اگر چندے یہی حال رہا تو اب جو تلافی مافات کی توقع کی جاسکتی ہے وہ بھی ہاتھ سے جاتی رہے گی۔ چنانچہ اس کا ثبوت اس واقعے سے ملتا ہے کہ محض خرابی صحت کے سبب غیر حاضر رہنے والے طلبہ کی تعداد کا تناسب جماعتوں کے ساتھ بڑھتا رہتا ہے یعنے تعلیم کی ترقی اور صحت کا گھٹنا لازم و ملزوم ہو گئے ہیں۔ اس خصوص میں ایک اور واقعے کا اظہار بھی غالباً خالی از دلچسپی نہ ہوگا۔ چند سال قبل شورا پور کے مدرسے میں دو حقیقی بھائی پڑھا کرتے تھے۔ بڑے کو تعلیم کا جس قدر شوق تھا چھوٹے کو اسی قدر نفرت تھی۔ بالآخر باپ نے تعلیم موقوف کر کے اس کو پارچہ بافی کے آبائی پیشے میں لگا دیا۔ شاید تین سال کے بعد جب بڑا بھائی جماعت مڈل میں داخل ہوا تو اس کی صحت رفتہ رفتہ اس قدر خراب ہو گئی تھی کہ ہر شخص ایک نمایاں فرق محسوس کرتا تھا۔ برخلاف اس کے چھوٹے بھائی کی صحت ایسی اچھی تھی کہ وہ بڑا بھائی نظر آتا تھا حالانکہ دونوں ایک ہی گھر میں رہتے اور ایک ہی قسم کی غذا کھاتے تھے اس سے بڑھ کر تعجب تو اس حقیقت پر ہوتا ہے کہ جس وقت یہ دونوں بھائی مدرسے میں داخل ہوئے تھے بڑے کی صحت نسبتاً بہت اچھی تھی۔ اگر اس خاص واقعے کو نظر انداز کر کے کاشت کاروں اور مزدوروں کے ان پڑھ بچوں کی صحت سے ہمارے طالب علموں کی تندرستی کا مقابلہ کیا جائے تو ایک نمایاں فرق کے

ساتھ خصوصیت بھی پائی جائے گی کہ یہ اَن پڑھ بچّے طلبہ کے برخلاف امراض میں بھی کم مبتلا ہوتے ہیں اور نوادر کیسی بڑھے باپ کے اعضاء قوار محنت اور صحت وغیرہ سے اُمی کے بچوں کا موازنہ کیجئے تو یہ حقیقت خود بخود ظاہر ہو جائے گی کہ بڑھا باپ اپنے جوان بچے کے مقابل میں ہر حیثیت سے اچھا ہے۔ مزید برآں نوزائیدہ بچوں کے وزن۔ اعضاء کی ساخت۔ امراض کی کثرت اور اموات کے اعداد و شمار پر نظر کرنے کے بعد بلاخوف تردید کہا جاسکتا ہے کہ آنے والی نسلوں کی زندگی یقیناً معرض خطر میں ہوگی۔ ابھی چند روز کی بات ہے کہ پونہ کے انجینئرنگ کالج کے ایک پروفیسر نے صحیح اعداد و شمار فراہم کرکے اپنے طلبہ کو مبارکباد دی تھی کہ دوسرے شعبہ جات کی نسبت انجینئرنگ کے طلبہ بلحاظ صحت و حیات بہت اچھے بلکہ قابل رشک ہیں۔ اس کی وجہ بجز اس کے اور کیا ہوسکتی ہے کہ داخلے سے پہلے طلبہ کی جسمانی ساخت و صحت کا طبی امتحان کرکے تعلیم پانے کی صلاحیت کا اطمینان کرلیا جاتا ہے۔ جس کے بعد اُن کی تعلیمی اوقات کا ایک بڑا حصہ ہمارے طلبہ کی طرح تنگ و تار اور بند کمروں میں کٹنے کی بجائے کھلے پر فضا میدان کی تازہ صحت بخش ہوا میں گزرتا ہے۔

اگرچہ مضمون کے مقررہ عنوان پر نظر کرتے اساتذہ کی صحت کا ذکر خارج از بحث ہے۔ مگر میں اس اہم ضرورت کو ثابت کرنے کی غرض سے کہ نہ صرف پڑھنے بلکہ پڑھانے کے لئے بھی جسمانی صحت لازمی ہے صرف ایک واقعے کا بالاختصار اظہار کروں گا جس کے مشاہدے کا موقع مجھے یادگیر کے مدرسے میں ملا تھا۔ ایک نوجوان ہندو ٹرینڈ مدرس صاحب۔ جو افسوس ہے کہ اب بقید حیات نہیں ہیں۔ خرابی صحت کے سبب اکثر بیمار رہا کرتے تھے۔ جن کے اشارات تعلیم کی مرتبہ کاپی دیکھنے سے معلوم ہوتا تھا کہ اصولاً بے نقص اور قابلیت و تحقیق کے لحاظ سے بے نظیر ہے۔ چنانچہ دوسرے اَن ٹرینڈ مدرسین کو اس کا مطالعہ کرنے کے لئے توجہ دلائی جاتی تھی۔ مگر ان کے اکثر مفوضہ مضامین کے نتائج اشارات مرتبہ کا لحاظ کرتے قابل اطمینان نہیں ہوتے تھے۔ اس خلاف توقع اختلاف پر ایک عرصہ تک غور اور دوران تدریس میں معائنہ کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ خرابی صحت کے سبب مزاج میں چڑچڑاپن اور زود رنجی پیدا ہوگئی تھی جو طلبہ کی ذرا ذرا سی قابل نظر انداز باتوں پر بھی مشتعل ہو کر اشارات کو فراموش اور طریقہ درس کو بے اصول کردیتی تھی۔ اس میں مزید خرابی یہ پیدا ہوئی کہ ناسمجھ طلبہ نے اس کو اپنی نت نئی دلچسپی کا مشغلہ سمجھ لیا اور آئے دن ایسے سامان فراہم کرتے رہے جو اُصول تدریس کو بے اصول اور اس کے اثر کو زائل کرنے کے لئے کافی تھے۔

عام طور پر دیکھا جاتا ہے کہ طلبہ اصول حفظان صحت سے واقف نہیں ہوتے اور اگر کچھ جانتے بھی ہیں تو اس پر مطلق عمل نہیں کرتے۔ کھانے پینے میں غضب کی بے اعتدالی کرتے ہیں۔ جو غذا صحت کے لئے زیادہ مفید ہوتی ہے اس کی طرف رغبت نہیں کرتے۔ ترکاری کے معاوضے میں گوشت کو

زیادہ پسند کرتے ہیں گویا مغز پر استخوان کو ترجیح دی جاتی ہے۔ اسی طرح کسی چیز کی نوعیت کو دیکھنے کی بجائے اس کی مقدار پر نظر کرتے ہیں۔ کھانا کھاتے وقت ضرورت سے زیادہ جلدی کی جاتی ہے۔ ادھر نوالا اُٹھا اور اُدھر حلق کے نیچے اتر گیا۔ میں نے ایک دن کسی تعلیمی ضرورت کے سبب ایک طالب علم سے فارغ ہو کر ذرا جلد آنا۔ جب وہ واپس آیا تو خلافِ توقع جلد آنے پر مجھے شبہ ہوا کہ شائد کھانا کھائے بغیر آگیا ہو۔ "یہ کیا تھا کہ کھانے سے" مگر دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ حسب معمول کھانا کھا کر آیا ہے اور انہیں کھانا کھانے کے لئے ساتھ آٹھ یا زیادہ سے زیادہ دس منٹ کافی ہیں۔ اس پر ان سے کہا گیا کہ کھاتے وقت ہرگز جلدی نہ کریں۔ کیونکہ منہ میں ایک قسم کا رقیق مادہ ہوتا ہے جو نوالے کو خوب چبانے کے سبب کافی مقدار میں شریک ہو کر غذا کو مضم کرتا ہے۔ بس یہ سننا ہی تھا کہ منہ بنا کر کچھ ایسی کراہت ظاہر کی کہ مزید تلقین سے عمداً گریز کرنا پڑا کہ مبادا یہ کراہت مبدل بہ نفرت نہ ہو جائے۔ کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ بڑی جماعت کے طلبہ تک حفظان صحت کے معمولی اصول سے بھی واقف نہیں ہوتے ہیں۔ اگر کسی طالب علم سے پوچھا جائے کہ تندرستی کے لیے لازماً کس قدر پانی پینا چاہیئے تو میں نہیں سمجھتا کہ وہ صحیح جواب دے سکے گا حالاں کہ اس کے لئے اس سے واقف ہونا کسی تعلیمی مسئلہ سے زیادہ اہم اور مقدم ہے۔ ہوا جو جسم کے ساتھ جان کا حکم رکھتی ہے طلبہ کے نزدیک اتنی اہم نہیں ہوتی جتنی ہونی چاہیئے۔ اور سچ تو یہ ہے کہ تازہ اور پاک و صاف ہوا کو انہوں نے ضروریات زندگی سے خارج کر دیا ہے۔ جن کو اس کا کچھ احساس ہے ان کی تعداد نسبتاً اس قدر قلیل ہے کہ انگلیوں پر گنی جا سکتی ہے۔ ان کے زرد اور پژمردہ چہرے بتا رہے ہیں کہ تازہ ہوا سے قطعاً محروم ہیں۔ اگر ان کو اس کا کچھ بھی احساس ہوتا تو آج کم از کم ان تنگ و تار اور پُر انبوہ سینما گھروں میں گھنٹوں شوق سے بیٹھ کر اپنی آنکھوں اور شش کو خراب نہ کرتے نیز راستے کا گرد و غبار اور مکانوں کا دھواں ان کو گوارا نہ ہوتا۔ موسم سرما میں بند کمروں میں منہ لپیٹ کر سونا ان کی عادت میں داخل ہے بند کمرے خود ہوا کو خراب کرنے کے لئے کافی ہیں۔ اس پر طرہ یہ کہ پھیپھڑوں سے خارج کی ہوئی ہوا کو بار بار لیتے ہیں جس کے سبب ان کی صحت پر بہت بُرا اثر پڑتا ہے۔ موسم گرما میں تیراکی کے شایق بچے دوپہر کا کھانا کھاتے ہی باولی کی راہ لیتے ہیں۔ کھانے کے بعد ہی غسل کرنے سے معدے میں جو خرابی پیدا ہوتی ہے وہ ظاہر ہے عموماً معدہ بیماری کا گھر ہو جاتا ہے اس کے ساتھ تھوڑا سا بُرا سلوک بھی رنگ لائے بغیر نہیں رہتا اگر ان طلبہ سے جو باوجود عاقل و بالغ ہونے کے نماز نہیں پڑھتے دریافت کیا جائے کہ دن میں کتنی دفعہ ہاتھ منہ دھویا کرتے ہیں تو جواب مایوس کن ملے گا صبح کے وقت وہ بھی کھانے کے لئے منہ دھو لینا کافی سمجھتے ہیں۔ اس معاملے میں چھوٹے بچے تو

اور بھی گئے گزرے ہیں ان کے ہاتھ منہ وغیرہ شاید ہی پاک وصاف ہوتے ہوں۔ صبح کے مدارس میں تو بعض وقت یہ بھی دیکھا گیا کہ دیر رسی کے خوف سے ہاتھ منہ دہوئے بغیر مدرسہ آنے میں تکلف نہیں کرتے۔ بڑی جماعتوں کے کتنے طالب علم ایسے ہیں جن کے پاس مُنہ ہاتھ صاف کرنے کے لئے دستی یا کپڑے کا کوئی ٹکڑا ہوتا ہے۔ کم سن بچے آستین۔ کرتے کے دامن۔ دیوار۔ فرنیچر اور پاس کی ہر ایک چیز سے اپنے گندہ ہاتھ بلا تکلف صاف کر لیا کرتے ہیں۔ ہاتھ کے ناخن اس قدر میل آلود ہوتے ہیں کہ دیکھنے سے کراہت ہوتی ہے۔ سر پر بال رکھنے کا مرض تو عام ہے۔ اگر کوئی طالب علم کسی مجبوری کے سبب فیشن کے اس ظل عاطفت میں نہیں ہوتا ہے تو وہ بال رکھنے والے طالب علموں کے سامنے ضرورتاً برہنہ سر ہونے میں تکلف کرتا ہے دراز بالوں کا ہر وقت خشک و پریشان رہنا اس امر کا کافی ثبوت ہے کہ طلبہ کو کنگھی سے کام لینے کی احتیاج و پروا نہیں۔ ایسے حالت میں بند مسامات سے دماغ کو جو نقصان پہونچتا ہے اس کا صحیح اندازہ ڈاکٹر یا حکیم ہی کر سکتا ہے۔ اگر طلبہ کے دانتوں کا طبی معاینہ کرایا جائے تو معلوم ہوگا کہ بد قسمتی سے بہت کم طالب علموں کے دانت صحت ور ہیں۔ اس خرابی پر طرہ یہ کہ پان کھانے کا مرض گھٹنے کی بجائے بڑھ رہا ہے۔ کتنے طالب علم ایسے ہیں جو رات میں سوتے وقت بالالتزام مُنہ اور دانت صاف کرتے ہیں۔ حالاں کہ یہ عمل صبح اُٹھ کر منہ دہونے سے زیادہ مقدم ہے۔ تمباکو کا استعمال تو اس قدر ترقی کر گیا ہے اس کا انسداد تقریباً ناممکن نظر آتا ہے۔ گھر کی طرح مدرسے میں بھی بعض مضرت رساں بے اعتدالیاں دیکھی جاتی ہیں۔ اکثر لڑکے ڈرل اور گیمس کے بعد فوراً پانی پی لیا کرتے ہیں جس سے اُن کے ہاضمے میں فتور پیدا ہوتا ہے خصوصاً چھوٹے بچے دوپہر کے وقفے میں اناپ شناپ کھا کر کھیل کود میں مصروف ہو جاتے ہیں۔ اس سے بڑھ کر یہ کہ گیمس سے فارغ ہونے کے بعد جب کہ جسم پسینے میں شور بور ہوتا ہے گریباں کھول کر ہوا دیتے ہیں۔ جہاں تک دیکھا اور سنا جاتا ہے۔ خود والدین اور مدرسین اس طرف کافی توجہ نہیں کرتے بلکہ "او خویشتن گم است" کا مصداق ہوتے ہیں۔ ایک ماں اپنے سوتے ہوئے شیر خوار بچے کے منہ پر اس واسطے کپڑا کھینچ دیتی ہے کہ کھمیوں کے بیٹھنے سے بار بار بیدار ہو کر روتا اور کام کرنے نہیں دیتا ہے۔ جب ایک خانگی مدرس صاحب اپنے شاگرد کو پڑھانے کے لئے صبح اُس کے مکان پر جاتے ہیں تو والد بزرگوار سے یہ جواب ملتا ہے کہ "میاں زیادہ رات تک پڑھنے کے سبب ابھی بیدار نہیں ہوئے کیا کل آپ نے کوئی غیر معمولی کام دیا تھا" یہ سُن کر استاد صاحب متعجب ہوئے کہ بدشوق لڑکا رات کو کیا پڑھتا رہا ہوگا۔ دوسرے دن استاد صاحب کی دریافت سے قبل صاحب زادے نے خود ہی اس دلچسپ عشقیہ ناول کے مطالعہ کا ذکر کر دیا جس کو

وہ گذشتہ رات پڑھتا رہا۔ غور فرمائیے کہ والدین جن پر اپنی عزیز اولاد کی نگرانی ہر طرح فرض ہے اصول حفظان صحت سے کس قدر نابلد ہوتے ہیں۔ کیا شب بیداری کے نقصانات اور علی الصباح اٹھنے کے فوائد سے لاعلم رہنا قابل افسوس نہیں ہے۔ چھوٹی جماعتوں کے اکثر کم سن بچے اپنی سلیٹ تھوک سے صاف کیا کرتے ہیں اور مدرسین درست کرنے کے لئے ان کو بلا تکلف ہاتھ میں لیتے ہیں۔ جس طرح دیکھنے میں یہ فعل کریہ منظر ہے اسی طرح صحت کے لئے بھی مضر ہے۔ فرض کیجئے کہ کوئی بچہ نشش کی کسی متعدی بیماری میں مبتلا ہے۔ ایسی حالت میں خود استاد صاحب کا مبتلائے مرض ہو جانا ممکن کیا بلکہ یقینی امر ہے۔ اگر صبح کی دھوپ کسی کمرۂ جماعت میں داخل ہوتی ہے تو فوراً روک دی جاتی ہے۔ حالاں کہ یہ ایک بڑی نعمت ہے۔ اسی طرح روشن دان کی طرف بہت کم توجہ کی جاتی ہے۔ بند ہو جائیں تو کھلنے کی نوبت نہیں آتی اور جو کھلے ہوتے ہیں ان میں گرد و غبار کا تودہ جمع رہتا ہے جو داخل ہونے والی ہوا کے ساتھ شریک ہو کر کمرے کی ہوا کو کثیف کر دیتا ہے۔ تختۂ سیاہ صاف کرنے کے کھادی کے جھاڑن جب کھریا میں بھر جاتے ہیں تو انھیں کلاس میں جھاڑا جاتا ہے جس کی وجہ سے چونے کے باریک ذرات ہوا میں شریک ہو کر تنفس کے لئے زہر کا کام کرتے ہیں۔ یہ خیال مبنی بر حقیقت وعمل نہیں ہے کہ اکثر ٹرینڈ اساتذہ تعلیمی نقطۂ نظر سے طلبہ کی صحت کا خیال کرتے ہیں اس کے برخلاف مشاہدہ شاہد ہے کہ عموماً کامل و ناقص صحت کے طلبہ ایک ہی لاٹھی سے ہانکے جاتے ہیں چنانچہ طبقۂ تحتانیہ کے ایک ٹرینڈ مدرس صاحب نے چند دوسرے طلبہ کے ساتھ ایک ایسے طالب علم کو بھی بغرض سزا صدر مدرس صاحب کے پاس بھیجا تھا جو ہوم ورک نہیں لاتا تھا اور اسباق بھی اچھی طرح یاد نہیں کرتا تھا۔ اتفاق سے خود صدر مدرس صاحب اس طالب علم سے ذاتی طور پر واقف تھے کہ وہ ایک محنتی اور اطاعت گزار طالب علم ہے۔ اگرچہ اس کی صورت سے ضعف و ناتوانی صاف طور سے ظاہر ہو رہی تھی بریں ہم دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ دو ہفتے کے بعد بخار کا سلسلہ موقوف ہو کر صرف چار روز ہوئے ہیں اور طالب علم اپنے والدین کی مرضی کے خلاف صرف جماعت میں حاضر رہ کر ممکنہ فائدہ اٹھانے کے لئے از خود مدرسہ آرہا ہے۔ ایک اور ٹرینڈ مدرس صاحب خرابی صحت کے سبب ہوم ورک نہ لانے اور غیر حاضر رہنے والے طالب علم سے فخریہ طور پر یوں فرماتے ہیں کہ کیا تم دیکھتے نہیں ہو کہ آج کئی دن سے میں نزلہ و بخار میں مبتلا ہوں اور اعضا شکنی اس بلا کی ہے کہ اٹھنا بیٹھنا بار ہے مگر میں بلا ناغہ مدرسہ آتا ہوں اور اپنے فرائض بے کم و کاست انجام دیتا ہوں۔ ایک رات مجھے ایک صاحب کے مکان جانے کا اتفاق ہوا۔ دیکھتا کیا ہوں کہ دیوان خانے میں برآمد ہیں اور کھانا کھا رہے ہیں۔

دو طالب علم ہاتھ میں جوابی پرچے لئے سامنے بیٹھے ہیں۔ ایک خاموشی سے مطالعہ کر رہا ہے۔ اور دوسرا آواز سے پرچہ پڑھ رہا ہے۔ اُستاد صاحب نہ صرف سن رہے ہیں بلکہ جوابات کی ناموزونیت پر تنقید بھی کر رہے ہیں اور اکثر دفعہ دوبارہ سہ بارہ پڑھوا کر نمبر دیتے ہیں مجھ سے رہا نہ گیا۔ میں نے کہا جناب ایک وقت میں دو کام کیسے۔ یا تو کھانا کھائیے یا پرچے دیکھئے۔ فرمانے لگے اس میں ہرج ہی کیا ہے۔ میں نے کہا آپ کو جو دوبارہ اور سہ بارہ پڑھوانے کی ضرورت ہو رہی ہے وہ خود ہرج کی کافی دلیل ہے۔ کہا کیا خوب۔ یہ تو نئی منطق ہے ہم تو یہ جانتے ہیں کھانا باتوں میں خوب کھایا جاتا ہے۔ میں نے کہا کیا غضب ہے آپ ان کو باتیں سمجھ رہے ہیں حالاں کہ یہ صحت کی گھاتیں ہیں۔ بالاخر کہنے لگے کہ میں ڈاکٹر تو ہوں نہیں۔ مدرس ہوں۔ کل مجھے نتیجہ داخل کرنا ہے۔ ندامت کی صحت سے سرخ روئی کی علالت بہتر ہے۔

مدرسین اور طلبہ عام طور پر اصول حفظان صحت کی پابندی میں جو غفلت برتتے ہیں اُس کے اسباب میں ایک بڑا سبب یہ بھی ہے کہ حفظان صحت کی ضروری تعلیم نصاب میں داخل نہیں ہے۔ قدر و قیمت اور ضرورت کے لحاظ سے اس کی تعلیم ناگزیر اور نسبتاً مقدم ہے۔ اگر اس خصوص میں یہ سوال پیدا ہو کہ مضامین کی کثرت اور درسی کتب کے مقررہ حجم کی زیادتی کے سبب نصاب میں مزید اضافے کی مطلق گنجائش نہیں ہے۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ غیر ضروری اور نسبتاً کم اہمیت رکھنے والے مضامین نصاب سے خارج کئے جائیں اور کتابوں کے حجم مقررہ میں بھی کمی کر دی جائے۔ میری ذاتی رائے میں مناسب یہ ہوگا کہ ملکی آب و ہوا۔ رسم و رواج۔ اور طریقہ بود و باش وغیرہ کو ملحوظ رکھ کر دارالترجمے کے شعبہ طب سے سرکاری طور پر ایک جامع کتاب تالیف یا تصنیف کرائی جائے جس کی تعلیم تندرستی کی ضامن ہو۔ اس کتاب کے مناسب حال مختلف حصوں کی تعلیم صغیر سے میٹرک تک لازمی قرار دی جائے۔ البتہ ابتدائی جماعتوں میں دیگر مضامین کی طرح اس کی تعلیم بھی زبانی ہوا کرے۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ اب عام لاعلمی اور عدم پابندی کے سبب صحت میں جو خرابیاں رونما ہوا کرتی ہیں اگر اُن سب کا ازالہ نہ بھی ہو سکے تو ان میں رفتہ رفتہ نمایاں کمی ضرور ہو جائے گی۔ اور ظاہر ہے کہ صحت کا تھوڑا سا فائدہ بھی کسی بہت بڑے مالی فائدے سے بدرجہا بہتر اور قابل قدر ہوتا ہے۔

سید غلام محمود

صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ شاہ گنج بلدہ

رُوداد آل ایشیائی تعلیمی کانفرنس

(پہلا اجلاس)

۲۶ ڈسمبر ۳۰ء

کانفرنس مذکور کا پہلا جلسہ بتاریخ ۲۶ ڈسمبر ۳۰ء سنٹرل ہندو کالج بنارس کے وسیع میدان میں بڑے رونق کے ساتھ منعقد ہوا۔ بڑے بڑے شامیانے نصب کئے گئے تھے اور پنڈال کو اچھی طرح سجایا گیا تھا۔ جابجا قومی لیڈروں، ماہرین تعلیم اور مشاہیر ہندوستان اور انگلستان کی تصویریں آویزاں تھیں۔ پلیٹ فارم کی آرائش و زیبائش اپنی شان و شوکت کے اعتبار سے خالص ایشیائی مذاق کی تھی۔ سینکڑوں رضاکار مصروف انتظام نظر آتے تھے۔ شائقین سے پورا پنڈال کھچا کھچ بھرا ہوا تھا تقریباً پندرہ ہزار کا مجمع ہوگا۔ بہت سے اشخاص کو نشستوں کی کمی کے باعث کھڑا رہنا پڑا۔

کانفرنس کا افتتاح راجہ صاحب کاشی ہز ہائی نس لفٹنٹ کرنیل مہاراجہ سر پربھو نرائن سنگھ بہادر جی۔ سی۔ ایس۔ آئی، ایل ایل۔ ڈی نے فرمایا۔ ممدوح کی تشریف آوری کے بعد جو بڑے تزک و احتشام سے ہوئی زنانہ کالج بنارس کے طالبات نے ہندی کے ترانے اور سنسکرت کے اشلوک سے حاضرین کو محظوظ کیا۔

کانفرنس کے نمایندے ہندوستان کے چپے چپے سے آئے تھے غالباً تین سو سے زیادہ، صرف احاطۂ مدارس کے تھے۔ ان کے علاوہ چین، جاپان، لنکا اور جزائر فلپین سے بھی نمایندوں نے شرکت کی ہز ہائی نس مہاراجہ بنارس نے ازراہ نوازش اس کانفرنس کی سرپرستی فرمائی اور اس کی کامیابی میں دلچسپی لی۔ خطبہ افتتاحیہ ان کے پرائیویٹ سکرٹری نے پڑھا۔ ممدوح ذیشان نے فرمایا کہ مجھے یقین ہے کہ آپ لوگوں کا غور و فکر مشرقی علوم و فنون کے احیاء کے لئے ضامن ہوگا اور اس اجتماع سے رشتہ اتحاد مضبوط ہونے کے علاوہ مشرقی تہذیب اور شائستگی کی نہ صرف ترقی ہوگی بلکہ اس میں چار چاند لگ جائیں گے۔ قومی اور بین الاقوامی صلاح و فلاح و یگانگت کو پیش نظر رکھ کر جو تعلیم دی جائے گی وہ یقینی ہے کہ ملک میں بے حد بارآور ہوگی۔ وہ تعلیم جس کی بُنیاد مساوات، دوستی، محبت، ہمدردی اور اتحاد پر ہو اور جو جہل بغض حسد اور باہمی عناد کے دُور کرنے میں کامیاب ہو وہ ایشیائی تہذیب و شائستگی اور مشرقی نشأۃ ثانیہ کا موجب ہوگی۔ آپ نے اس بات کو بھی واضح کیا کہ قدیم زمانے میں مشرق مغرب سے الگ تھا مگر اب دونوں کے

درمیان غیر منفک اور مستحکم تعلقات قائم ہو چکے ہیں ایسی صورت میں شرقی اور مغربی تہذیب و شائستگی کا دانش مندانہ امتزاج ضروری ہے جس سے یقین ہے کہ چار دانگ عالم میں مسرت و انبساط کی لہر دوڑ جائے گی اور وہ عالم گیر اتحاد جو اس وقت خواب و سراب معلوم ہوتا ہے حاصل ہو جائے گا۔

تعلیم کے مسئلہ پر پہلے سے کہیں زیادہ غور و فکر کی ضرورت ہے سب سے پیشتر ایک ارفع و اعلیٰ مقصد تعلیم کا تعین ہونا چاہئے۔ مغرب میں سماجی افادیت (Social usefulness) تعلیم کا منتہائے مقصد ہے مگر ہمارے لئے یہ کوئی بلند نصب العین نہ ہوگا تاوقتیکہ ایک تعلیم یافتہ شخص یہ نہ محسوس کرے کہ جو روح اس کے جسم میں کارفرما ہے وہی ایک حبشی میں بھی موجود ہے اس وقت تک عالم گیر اخوت حاصل نہیں ہو سکتی۔ مغربی مفکرین اس کو بخوبی محسوس کر رہے ہیں کہ تعلیم کی بنیاد روحانیت پر ہونی چاہئے۔ روحانیت ہندوستان کی میراث ہے۔ لہذا تعلیم کا مقصد صرف یہی نہ ہونا چاہیئے کہ لڑکا تعلیم پا کر سماج میں حصہ لے سکے"

اس افتتاحیہ خطبہ کے اختتام پر ڈاکٹر رادھا کرشنن پروفیسر کلکتہ یونیورسٹی و صدر کانفرنس کرسی صدارت پر متمکن ہوئے اور استقبالی کمیٹی کی طرف سے پرنسپل شیشاوری صاحب پروفیسر دھرو اور وائس چانسلر بنارس یونیورسٹی، راجہ موتی چند اور راجہ بہادر خوش حال پال سنگھ وزیر تعلیمات اودھ نے تقریریں کیں۔ راجہ موتی چند بہادر نے فرمایا کہ اغیار طنز کے طور پر کہتے ہیں کہ سرزمین ہندوستان مختلف مذاہب و ملل کا مسکن ہے اور اس بڑے براعظم (ایشیا) میں اتحاد عمل اور یگانگت مفقود ہے میں علی الاعلان کہتا ہوں کہ اس کانفرنس سے اغیار کی آنکھیں کھل جائیں گی۔ یہ مجمع اُن نمائندوں پر مشتمل ہے جو ہندوستان کے ہر حصہ سے آئے ہیں۔ یہی نہیں بلکہ جزائر فلپین، لنکا، برما، جاپان اور چین کے نمائندے بھی اس کانفرنس میں موجود ہیں۔ کیا یہ امر طمانیت بخش نہیں ہے کہ امریکہ جیسے دور و دراز ملک کے نمائندے بھی ہمارے درمیان ہیں۔

جناب وزیر صاحب تعلیمات صوبہ اودھ نے حاضرین جلسہ کو مخاطب کرتے ہوئے صوبہ مذکور کی تعلیمی ترقی کا ذکر کیا جو گورنمنٹ کی نگرانی میں ہو رہی ہے اور اُن مساعی کو بیان فرمایا جو مقاصد تعلیم کو روبکار لانے میں کی جا رہی ہیں۔ شیشاوری صاحب نے نمایندگان کانفرنس کا خیر مقدم ادا کرتے ہوئے مختلف تعلیمی مسائل پر روشنی ڈالی۔ مسئلہ بے علمی کے متعلق کہا کہ یہ سب سے اہم مسئلہ ہے۔ ہندوستان میں خواندہ اشخاص کی تعداد صرف ۱۴ فی صد ہے اور خواندہ اناث سو میں صرف دو ہیں۔ زیر تعلیم طلبا اور مجموعی آبادی کا تناسب تقریباً ۶ فی صد ہے حالانکہ تمام ممالک کا تناسب مسلمہ طور پر ۱۵ فی صد مان لیا گیا ہے اس عام بے علمی کو دور کرنے کے لئے بائیس کروڑ سالانہ اخراجات کی ضرورت ہوگی۔ صوبہ بنگال نے اس

معاملہ میں پیش قدمی کی ہے اور قانون نافذ کر دیا ہے جس کی رُو سے پورے صوبہ میں تحتانی تعلیم دس سال کے اندر مفت اور جبری کر دی جائے گی یقین ہے کہ جن اصول پر بنگال میں کام کیا جارہا ہے اس کی تقلید دوسرے صوبوں میں بھی کی جائے گی۔

ثانوی مدارس میں ۸ لاکھ طالب علم زیر تعلیم ہیں اس میں بھی بہت کچھ اصلاح کی ضرورت ہے اصلاح ایسی ہو کہ تعلیم ختم کرنے کے بعد لڑکے اس قابل ہو جائیں کہ یا تو وہ کوئی پیشہ اختیار کر سکیں یا آگے تعلیم جاری رکھیں۔ ہندوستان کی ۱۸ یونیورسٹیوں (بشمول برما و دیسی ریاست) اور ان کی تعداد داخلہ ایک لاکھ سالانہ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ابھی تھوڑا ہی عرصہ ہوا کہ ہماری یونیورسٹیوں نے یہ محسوس کیا کہ امتحان پاس کرانے اور ڈگری عطا کرنے کے علاوہ کچھ اور بھی اُن کے فرائض ہیں بحیثیت مجموعی ہماری یونیورسٹیوں کی حالت غنیمت ہے مگر مغرب کی درس گاہوں سے مقابلہ کیا جائے تو معلوم ہو گا کہ صحیح معیار کو پہنچنے کے لئے ابھی بہت کچھ کرنا ہے۔ طبقہ اناث کے ناخواندگی کا ذکر کرتے ہوئے پرنسپل صاحب نے فرمایا کہ ہمارا ملک اس لحاظ سے بہت بدقسمت ہے۔ گو خود عورتوں میں خاصی بیداری پیدا ہوگئی ہے مگر ہر توسیع یا ترقی تعلیم کی اسکیم میں عورتوں کی تعلیم کو ترجیح دینا ضروری ہے۔ پروفیسر شیشادری نے آل انڈیا فیڈریشن آف ٹیچرس ایسوسی ایشنس کی جانب سے نمایندگان کانفرنس کا شکریہ ادا کیا اور اس اجتماع کو ایشیا کی بیداری کا فال نیک قرار دیتے ہوئے اپنی تقریر ختم کی۔

اس کے بعد ڈاکٹر ایس رادھا کرشن صدر کانفرنس نے برجستہ تقریر کی۔ وقت کی قلت اور گوناگوں مصروفیتوں کی وجہ سے وہ کوئی خطبہ تیار نہ کر سکے۔

آپ نے اپنے صدر منتخب کئے جانے پر کارکنان کانفرنس کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ "اس وقت کرسی صدارت کے لئے مجھ سے بہتر اور موزوں شخص کا انتخاب نہ ہو سکا تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ بانیان کانفرنس نے پیش بینی سے کام نہیں لیا بلکہ اصلی سبب یہ ہے کہ ہندوستان کے ممتاز افراد بشمول ماہرین تعلیم سیاسی اُمور میں منہمک ہیں۔ چونکہ یہ کانفرنس "ورلڈ فیڈریشن آف ٹیچرس" کے تحت منعقد ہو رہی ہے اس لئے اس کانفرنس کے ذریعہ ایشیائی ممالک کا رشتہ ارتباط میں منسلک ہونا کسی کوتاہ بینی یا محدود قومیت پر محمول نہ ہونا چاہئے بلکہ یہ اتحاد، اتحادِ عالم کا ایک ذریعہ ثابت ہوگا۔ ایشیا اور یورپ میں اگر اختلاف ہے تو یہ کوئی بنیادی اختلاف نہیں ہے۔ بہت سے لوگ یورپ کو ایشیا کا جزیرہ نما کہتے ہیں اگر اقوام یورپ پر نظر ڈالی جائے تو معلوم ہوگا کہ ایشیائی اقوام میں اور اُن میں کوئی اصلی فرق نہیں ہے اس حیثیت سے یورپ کو ایشیا کی نوآبادی کہنا چاہیئے"

پروفیسر صاحب نے یہ یقین ظاہر کیا کہ اس کانفرنس سے مشرقی تہذیب و شائستگی اور مغرب کے تجربات سائنس کا ایسا امتزاج عمل میں آئے گا جو ہمارے لئے مفید ہو یقین ہے کہ اب نوع انسان کی تاریخ میں ایک نیا دور شروع ہوگا جس کا دارومدار ماہرین فن تعلیم کے تصفیہ پر ہوگا۔ آپ انھیں (ماہرین تعلیم) یہ فیصلہ کرنا چاہئے کہ یہ دو بڑے براعظم ایشیا اور یورپ دوست کی حیثیت سے ملیں گے یا دشمن کی طرح۔ اگر اخیر صورت تجویز کی جائے تو تمام دنیا کا امن خطرہ سے خالی نہ ہوگا اور بعید کیا کہ بدترین مصائب اور آلام سے دوچار ہونا پڑے۔ جو بے شبہ گذشتہ جنگ عظیم سے بھی سخت تر ہوں گے۔ ہمیں چاہیئے کہ سیاسی اقتصادی اور سماجی مسائل کو باہمی اعتماد اور فراخ دلی کے ساتھ حل کریں یہ اجتماع اس لئے ہوا ہے کہ بنی نوع انسان کو ایسے رشتۂ اتحاد میں منسلک کردے، جو سماج میں ہمدردی اور فراخ دلی کی لہر ایک سرے سے دوسرے تک دوڑا دے۔ سلسلہ کلام کو جاری رکھتے ہوئے ڈاکٹر صاحب نے فرمایا کہ تعلیم کا مقصد ہر جگہ جداگانہ غرض و غایت کی تکمیل قرار دیا گیا ہے۔ ہندوستان میں انگریزوں نے تعلیم کا مقصد یہ قرار دیا ہے کہ ہندوستانی اچھے اور قابل شہری بنیں جرمنی میں باقاعدہ اور منظم غور و فکر کا حاصل کرنا تعلیم کا مقصد ہے۔ فرانس میں دماغی تہذیب و شائستگی مگر ہندوستان میں زیادہ زور اب تک روحانی قدر و قیمت اور اس کی فوقیت پر دیا جاتا رہا ہے جہاں تک کہ روح انسانی اور اس کے انجام کا تعلق ہے مشرق اور مغرب میں کوئی امتیاز نہیں۔

خطبہ صدارت ختم ہونے کے بعد ہی راجہ موتی چند بہادر کی جانب سے گارڈن پارٹی کا انتظام کیا گیا مگر کچھ ایسی ہڑبونگ مچی کہ خدا کی پناہ۔ ظاہر ہے کہ پندرہ ہزار اشخاص کی ضیافت کا انتظام کوئی آسان کام نہ تھا۔ شب میں طلسمی فانوس کے ذریعہ لکچر ہوا جس میں اچھی خاصی رونق تھی۔

دوسرا اجلاس ۲۷ دسمبر ۱۹۳۰ء

گیارہ بجے مسٹر آے۔ ایچ مکنزی ناظم تعلیمات صوبہ آگرہ و اودھ نے نمائش کا افتتاح فرماتے ہوئے معنی خیز تقریر کی جو علیحدہ درج کی گئی ہے۔

اس تقریر کے بعد ہزارہا اشخاص نمائش کے کمروں میں پہنچے جس کے لئے متعدد کمرے مختص کئے گئے تھے تقریباً ہر شعبہ کے لئے ایک کمرہ تھا۔ تاریخ، جغرافیہ، حفظان صحت، طریقہ مانٹی سوری، آلات تعلیمی مصوری و نقاشی، مصنوعات ملکی و اشیا تیار کردہ ہندو یونیورسٹی شعبہ ٹکنالوجی وغیرہ کے لئے الگ الگ کمرے تھے ہندوستان کے مشہور کتب فروشوں کے شو روم بھی تھے۔ طالبات کی تیار کی ہوئی چیزوں کو علیحدہ جگہ دی گئی تھی۔ نمائش کے انتظامات نہایت وسیع پیمانے پر کئے گئے تھے ہزارہا چیزیں نمائش کی

موجود تھیں۔ صناعی جدت اور اختراع کے بیسیوں بہترین نمونے پائے گئے۔ میسور اور بڑودہ نے ایک ایک کمرہ گھیر رکھا تھا۔ آخر الذکر نے گشتی کتب خانہ کی تنظیم، طریقہ کار اور اُس کے فوائد نقشوں اور خاکوں وغیرہ سے ظاہر کیے تھے۔ میسور سے ہر قسم کی چیزیں طلبہ وطالبات کی آئی تھی، جن میں دستکاری کے نمونے قابل تعریف تھے۔ بحیثیت مجموعی نمائش نہایت ہی کامیاب اور شاندار رہی۔ دوپہر میں ورزش جسمانی اور بائے اسکاؤٹ کے کرتب دکھلائے گئے۔ دیسی ورزش اور سپہ گری کے کرتب پھیک، بیٹ، بنوٹ تیر اندازی شمشیر زنی اور جو جٹسو وغیرہ غرض کہ جملہ دیسی چیزوں کے مظاہرے کیے گئے اکثر کرتب نہایت ہی حیرت انگیز تھے۔ اس کے بعد ہی بیک وقت تین جلسے مختلف کمروں میں شروع ہوئے۔ سنسکرت کی ایک شاخ تھی؛ عربی اور فارسی کی ایک اور ثانوی تعلیم کی ایک جداگانہ سنسکرت کے جلسہ میں حاضرین کی تعداد خاصی تھی۔ عربی اور فارسی میں گنتی کے آٹھ یا دس اشخاص بشمول پریسڈنٹ موجود تھے ہاں ثانوی تعلیم کے جلسہ میں خوب رونق تھی۔ مسٹر کے۔ ایچ ڈنگ ایم۔ اے (کلمبیا) جن کا تعلق پٹ شنگ اکاڈیمی کینٹن سے ہے صدر جلسہ مقرر ہوئے۔ موصوف نے ثانوی تعلیم کا طریقہ جو وہاں امریکہ کی تقلید میں رائج ہے بیان کیا چین میں ثانوی تعلیم کے دو سکشن ہیں ایک کو جونیر مڈل سکشن اور دوسرے کو سینیر مڈل سکشن کہتے ہیں۔ اول الذکر میں چینی زبان، جغرافیہ سائنس دینیات، انگریزی، تاریخ اور دوسرے مضامین سکھائے جاتے ہیں۔ آخر الذکر کے مختلف شعبہ ہیں مثلاً اصول تعلیم، زراعت، تجارت، فنون لطیفہ وغیرہ۔ ان مدارس میں مقامی ماحول کے اعتبار سے تعلیم دی جاتی ہے۔ اگر کہیں تجارت کی تعلیم مقامی حالات کے اعتبار سے دینے کی ضرورت ہے تو وہاں سینیر مڈل اسکول اُسی شعبہ کا قائم کیا جائے گا۔ اس وقت چین میں ایک ہزار مڈل اسکول ہیں۔ حال ہی میں یہ تصفیہ ہوا ہے کہ ہر ضلع میں جن کی تعداد ۱۹۰۰ ہے ایک ایک مڈل اسکول قائم کیا جائے صدر صاحب کی تقریر کے بعد سلطان محی الدین صاحب ایم۔ اے؛ ایم۔ ایڈ نے میسور کی فنی تعلیم پر بسیط مضمون پڑھا فلپین کی ثانوی تعلیم اور دوسرے صوبوں کے تجارب معرض بحث میں آئے۔ تنگی وقت کے باعث پورے مضامین پڑھے نہ جاسکے شام میں میجک لنٹرن کے ذریعہ سے بڑی دلچسپ تقریریں کی گئیں جن سے حاضرین کے معلومات میں مفید اضافہ ہوا۔

تیسرا اجلاس ۲۸ دسمبر ۳۰ء

یہ اجلاس تعلیم یونیورسٹی سے متعلق زیر صدارت جسٹس سلیمان منعقد ہوا۔ پروفیسر وحید الرحمن صاحب نے عثمانیہ یونیورسٹی پر ایک تحریر پڑھی جو مولوی حمید احمد صاحب انصاری رجسٹرار

عثمانیہ یونیورسٹی کی تیار کی ہوئی تھی۔ اس پر ذرا گرم مباحثہ چھڑ گیا مولوی عبدالرحمن خاں صاحب پرنسپل جامعہ عثمانیہ نے اعتراضات کے جواب دئے۔

حفظان صحت، ورزش جسمانی اور عام صحت سے متعلق بھی جلسے ہوئے۔ ایک چیز قابل تعریف یہ دیکھی گئی کہ چھوٹے چھوٹے رسالے اردو انگریزی اور دیسی زبانوں میں چیچک، پلیگ، ہیضہ میعادی بخار اور دوسرے کئی امراض کے مفت تقسیم کئے گئے۔

سہ پہر میں کوئی پانچ جلسے ایک ہی وقت میں کئی کمروں میں منعقد ہوئے۔ مسٹر نیوٹن موہن دت ناظم کتب خانہ بروڈہ نے صدارت کی۔ اس شعبہ میں متعدد پرچے امریکہ جرمنی چین اور جاپان وغیرہ سے وصول ہوئے۔

شام میں عطیہ بیگم، ڈاکٹر ضیاءالدین اور ڈاکٹر بھگوان داس کی تقریریں ہوئیں۔ ڈاکٹر بھگوان داس کی تقریر ''ایشیائی تخیل'' پر نہایت بسیط اور فاضلانہ تھی۔

۲۹ و ۳۰ دسمبر ۳۰ء عیسوی

بارش کی وجہ سے بعد کے جلسوں میں بے ترتیبی پیدا ہوگئی۔ پنڈال کا کچھ حصہ گر گیا اور اس میں پانی بھر آیا تھا پرنسپل سانجیوراؤ بنارس کی تقریر ''ہندوستان کے بڑھنے والے مدارس'' پر مطلق سنی نہیں گئی۔ دو منٹ میں موصوف نے تقریر بند کر کے وعدہ کیا کہ وہ اپنی تقریر کسی اخبار میں چھاپ دیں گے۔ اس کے بعد سید فیضی رحمن اور پروفیسر کلکرنی کی تقریروں کا تقریباً وہی حشر ہوا۔ ایک طرف موسلادھار بارش دوسری طرف آکنشر صوت کا جواب دے دینا بڑی بدمزگی اور بے چینی کا باعث ہوئے۔

دوسرے دن دوپہر سے شعبۂ تعلیم نسواں کا اجلاس ہوا۔ آج کے جلسوں میں پھر کچھ سابقہ رونق عود کر آئی پنڈت مدن موہن مالویہ صدر استقبالیہ کمیٹی جو حراست میں رہنے کی وجہ سے شریک جلسہ نہ ہو سکے، اخیر اجلاس میں تشریف لائے۔ حاضرین جلسہ نے جوش و تپاک کے ساتھ استقبال کیا اور پروفیسر شیشادری نے خلوص اور گرم جوشی کے ساتھ ان کا خیر مقدم کیا۔ پنڈت جی باوجود علالت و کمزوری و ممانعت ڈاکٹر تقریر کے لئے کھڑے ہوئے۔ آپ نے فرمایا کہ آل ایشیا کانفرنس نے مسئلہ تعلیم کو سلجھانے اور حل کرنے کا بیڑا اٹھایا ہے جو تمام مسائل سے اہم ہے۔ اگر یہ گتھی سلجھ گئی تو سمجھ لینا چاہئے کہ تمام گتھیاں سلجھ جائیں گی۔ اسی پر ہماری کامیابی کا دارومدار اور ترقی کا انحصار ہے علم کسی کی میراث نہیں ہے اور تعلیم کا مسئلہ کوئی معمولی مسئلہ نہیں ہے بلکہ اس کا تعلق تمام بنی آدم سے ہے۔ اس عالم گیر

برادری کی تشکیل اور آپس کی یکجہتی و اتفاق، رواداری امن و امان، یہی وہ چیزیں ہیں جو ہر ماہر تعلیم کے پیش نظر ہیں۔

اس تقریر کے بعد پیام تہنیت و تبریک پڑھے گئے اور الوداعی تقریروں کے بعد یہ بارونق اجتماع منتشر ہوا۔

عبد النور صدیقی

ناخواندگی اور تعلیم بالغان

جبری تعلیم کے ساٹھ سالہ نفاذ کے بعد بھی انگلستان میں ان پڑھ اشخاص موجود ہیں یورپ کے مغربی صوبوں میں قریب قریب یہی حالت ہے۔ اور مشرق میں ناخواندگی اس سے بڑھی ہوئی ہے پولینڈ میں ۳۳ فی اور سویٹ روس میں ۵۵ فی صدی تعلیم یافتہ ہیں۔

بخلاف اس کے ایشیا میں بے علمی کا گھٹا ٹوپ اندھیرا چھایا ہوا ہے ۱۹۲۱ء کی مردم شماری کی رو سے ہندوستان میں دو کروڑ انتیس لاکھ تعلیم یافتہ اشخاص تھے جن میں اناث کی تعداد صرف تیس لاکھ تھی اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ ناخواندگی کے اعداد بہ لحاظ آبادی کس قدر افسوس ناک ہیں ذکور میں بیس سال کی عمر سے اوپر صرف ۱۸ فی صد اور اناث میں ۲½ فی صد پڑھنے لکھنے کے قابل ہیں اگر برما کو ہندوستان سے خارج کر کے دیکھا جائے تو اور بھی افسوس ناک اعداد ہوں گے۔

حال حال میں اس امر کی کوشش کی گئی ہے کہ شہروں اور قصبوں میں پختہ عمر اشخاص کو تعلیم دی جائے اور خواندہ بنایا جائے۔ جدید اعداد و شمار کی رو سے ۱۹۲۶ء تک گیارہ ہزار مدارس بالغان قائم ہو چکے ہیں جن کی آبادی دو لاکھ اسی ہزار ہے۔ سب سے زیادہ مدراس میں ۵۲۸۷ مدارس ہیں جن میں ۱۰۳۶۶۲۶ طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ چوں کہ اس صوبہ میں کم عمر اور پختہ عمر دونوں قسم کے طلبہ ساتھ ساتھ ایک ہی مدرسہ میں پڑھتے ہیں اس لئے اس صوبہ کے کام کا اندازہ مشکل ہے۔ ناخواندگی کے دور کرنے میں صرف بنگال اور پنجاب نے موثر طریقہ اختیار کیا چنانچہ ۱۹۲۶ء تک پنجاب میں مدارس شبینہ ۳۰۷۸۶ اور زیر تعلیم اشخاص نو لاکھ پچاسی ہزار تھے جن میں سب کے سب بالغ العمر اور زراعت پیشہ تھے۔ اس طرح بنگال میں مدارس شبینہ ۱۴۴۵ اور زیر تعلیم اشخاص ۲۷۰۷۳ ہیں۔

ہندوستان کے مدارس شبینہ اسی قسم کی تدابیر ہندوستانی ریاستوں میں بھی اختیار کی گئی ہیں جن میں

کوچن قابل ذکر ہے۔ بڑودہ میں سنہ ۱۹۱۰ء کے نافذ کردہ جبری قانون پر کامل بھروسہ کیا گیا اور کسی قسم کی مزید کوشش کو غیر ضروری سمجھا گیا۔ بریں ہم سنہ ۱۹۲۱ء کی مردم شماری سے واضح ہے کہ دس سال سے زیادہ عمر کے طلبہ کی ۸۰ فی صدی تعداد خواندہ ہے۔

مدرسہ بالغاں عام طور سے رات میں ہوا کرتے ہیں اور اس کے مصارف بھی کچھ زیادہ نہیں ہوتے دیہات میں بچوں کے مدارس کے معلمین کے علاوہ اور مدرسین نہیں ملتے اس لئے انھیں پانچ یا دس روپیہ کا الونس شام میں گھنٹہ دو گھنٹہ کام کرنے کے لئے کافی ہوتا ہے۔

دوسرے متفرق اخراجات تین چار روپیہ ماہوار سے زیادہ نہیں ہوتے۔ اس طرح مدرسہ شبینہ کے لئے ۱۵۰ روپیہ سالانہ کے اخراجات درکار ہیں۔ پہلے سال میں عموماً لکھنا پڑھنا اور حساب کتاب سکھایا جاتا ہے۔ اگر ایک سال کے بعد ۵۰ فی صد طالب علم معمولی امتحان لٹریسی ٹسٹ پاس ہو گئے تو مدرسہ کو قابل مبارک باد سمجھنا چاہیئے۔ ابتداءً طلبہ شوق سے شریک ہوتے ہیں مگر بعد میں دن بھر کی تکان، گرمی کی شدت یا دوست احباب کے ہنسی مذاق کے باعث طلبہ کی کافی تعداد تعلیم کو خیرباد کہتی ہے۔ اس پر بھی اکثر و بیشتر شوق و ذوق کے آثار مشاہدہ کئے جاتے ہیں مثلاً ایک نوجوان کسان ہل چلانے کے بعد تھوڑی دیر کے لئے پہلی کتاب کے ایک آدھ لفظ پر غلط انداز نظر ڈال لیتا ہے، گاؤں کا پٹیل جمع بندی کے تختہ میں منہمک نظر آتا ہے یا یہ دیکھا گیا کہ مدرسہ بالغان کی کانفرنس میں ایک کانا امتحان کی سند خوشی خوشی ہاتھ میں لے کر یہ کہتا ہے کہ اُسے محنت مزدوری سے نجات مل گئی اور اب اچھے دن لوٹیں گے۔

کُتب خانے | جیسے جیسے پبلک خواندہ ہوتی جائے ویسے خواندہ کی تعداد کو برقرار رکھنے کی ضرورت بڑھتی جائے گی اور ایسی تدابیر اختیار کرنے کی ضرورت ہو گی کہ انھیں بھول کر جاہل بننے کا موقع نہ ملے۔ دیہات میں کتابیں اور اخبار میسر نہیں آتے اس لئے چوتھی جماعت تک محنت سے تعلیم حاصل کئے ہوئے طلبہ چھ مہینے میں جو کچھ حاصل کیا تھا بھول جاتے ہیں لہذا ان طلبہ اور مدارس شبینہ کے فارغ التحصیل طلبہ کی خاطر قصبات اور دیہات میں کتب خانوں کا قیام ازبس ضروری ہے یہ کتب خانے ایسے مدرسین کی نگرانی میں دئے جائیں جو فارغ التعلیم طلبہ کو مشورہ دیتے رہیں کہ کس قسم کی کتابیں اُن کے لئے مفید ہوں گی اور کن کا مطالعہ وہ جاری رکھیں نیز اس کا انتظام بھی رکھا جائے کہ دلچسپ اور مفید مضامین بآواز بلند ناخواندہ اشخاص کو پڑھ کر سنائے جائیں۔

ناخواندگی کے دُور کرنے میں سرکاری جد و جہد کے ساتھ ساتھ غیر سرکاری جماعتیں بھی گورنمنٹ کا ہاتھ بٹا رہی ہیں۔ ہندوستانی جامعات میں شاذ و نادر "اکسٹنشن لکچرس" کا انتظام ہوتا ہے۔ بمبئی، رنگون

اور اودھ کی جماعتوں نے تھوڑی بہت کوشش کی مگر دیہات اور قصبات میں نقل و حرکت کے ذرائع نہ ہونے سے موانعات پیش آ رہی ہیں۔ ہندوستانی انجمنیں جیسے کلکتہ کی وائی۔ ایم۔ سی۔ اے، پونا کی سرونٹ آف انڈیا سوسائٹی، طیبار کاری کنسٹرکشن ٹرسٹ اور مدراس کی نیچ اقوام کی تبلیغی انجمنوں وغیرہ نے اتنا وقت نکالا ہے کہ شہروں اور دیہات میں بالغ العمر اشخاص کو نوشت و خواند کی تعلیم کے علاوہ ٹائپ و دستکاری اور عورتوں کے لئے سوزن کاری و حفظان صحت کی تعلیم بھی دی جا سکے۔ ان انجمنوں کی امداد مقامی حکومتیں بھی کرتی ہیں۔ اس سے کہیں مؤثر پنجاب کی دیہی انجمنیں ہیں، جہاں سرکاری اور غیر سرکاری اتحاد، عوام کی بیداری اور تنظیم میں بدرجۂ اتم کام کر رہا ہے۔ امداد باہمی کے مدارس گو ابھی چند ہی صوبوں تک محدود ہیں مگر دیہات کے دور افتادہ قصبوں میں بڑی سرگرمی اور مستعدی کے ساتھ کام کر رہے ہیں ان مدارس سے عوام میں حصول علم کا احساس پیدا ہو گیا ہے۔

غرض کہ دیہاتی بتدریج ترقی کر رہے ہیں۔ چوں کہ جمہوری حکومت خود اختیاری کا دار و مدار اہل دہ کی رائے (ووٹ) پر ہے اس لئے اس کی شدید ضرورت ہے کہ ان کو خواندہ بنایا جائے تاکہ سمجھ بوجھ کر رائے دے سکیں۔

عبدالنور صدیقی

کرم خور پودے

درختوں میں بھی عجیب وغریب خواص وافعال تحقیق ہوئے ہیں جن سے قدرت کی گہری حکمت کا پتہ چلتا ہے۔ مثلاً درختوں میں یہ خصوصیت ہے کہ وہ غیر نامیاتی اجزا سے نامیاتی اشیا تیار کرتے ہیں جن پر تمام دنیا کے جانوروں اور انسانوں کی غذا کا دارومدار ہے۔ اس کے تیار کرنے کے لئے درخت کرۂ باد سے کاربونک ایسڈ گیس (Carbonic acid) پتوں کے ذریعہ سے جذب کرتے ہیں۔ اس کے بعد دھوپ کی گرمی اور روشنی کے اثر سے پودے کے اندر اس گیس میں ایک عجیب تبدیلی واقع ہوتی ہے۔ یعنی اس کا تمام کاربن (کلسا) شکر اسٹارچ اور دیگر کاربوہائیڈریٹ (Carbohydrates) میں تبدیل ہوجاتا ہے۔ لیکن اس وقت تک یہ تحقیق نہ ہوسکا کہ یہ تبدیلی کیسے واقع ہوتی ہے۔ البتہ اتنا ضرور معلوم ہوا کہ کلوروفل (Chlorophyll) یعنی پتوں میں سبز رنگ کی موجودگی کے بغیر یہ تبدیلی پیش نہیں آسکتی۔

اس کے علاوہ درخت زمین سے اپنی غذا حاصل کرتے ہیں۔ زمین کے اندر پانی میں مختلف قسم کے کھار محلول رہتے ہیں۔ چنانچہ جب درخت کی جڑیں زمین میں سے پانی چوستی ہیں تو اس کے ساتھ یہ حل شدہ کھار بھی اندر جاتے ہیں۔ ان کھاروں سے درخت اپنی ضرورت کے موافق وہ ضروری اجزا لے لیتے ہیں جو بالیدگی اور نمو کے لئے مفید اور کارآمد ہوں۔

دلدل کے اندر جو پودے اگتے ہیں۔ ان کو بعض ضروری اجزا زمین سے نہیں مل سکتے مثلاً نائیٹروجن (Nitrogen) اور اگر ملتے بھی ہیں تو اس قدر کم کہ پودوں کی ضرورت کو کفایت نہیں کرتے۔ چنانچہ ان ضروری اجزا کی کمی کو پورا کرنے کے لئے پودے دیگر ذرائع اختیار کرتے ہیں۔ بہت سے چھوٹے چھوٹے کیڑوں کو پکڑ کر کھا جاتے ہیں۔ اور اس طرح ان کیڑوں سے اپنی نائیٹروجنی غذا حاصل کرتے ہیں۔ اس وجہ سے دلدل میں اگنے والے پودے بالعموم کرم خور ہوتے ہیں۔ ان کی بہت سی قسمیں ہیں۔ جو اپنی اپنی مختلف اور مخصوص صورتوں سے اپنے شکار کو جال میں پھانستے اور پکڑتے ہیں۔

ہندوستان میں کرم خور پودوں کی صرف چار نسلیں پائی جاتی ہیں پنگوئی کولا (Pinguicula) ڈروسرا (Drosera) یوٹریکیولیریا (Utricularia) اور

نیپنتھیز (Nepenthas)

پنگوئی کولا کی نسل کہیں کہیں الپائن ہمالیہ میں ملتی ہے۔ اسی لئے اس کو پنگوئی کولا الپائنا (Pinguicula alpina) کہتے ہیں اس پودے کی جڑ کے قریب چاروں طرف چوڑے چوڑے پتوں کا ایک گچھا ہوتا ہے ان پتوں کی بالائی سطح پر بہت سے غدودی بال ہوتے ہیں جو حرکت نہیں کر سکتے یہ بال دو قسم کے ہوتے ہیں۔ بعض ذرا لمبے ہوتے ہیں جن میں سے ایک لس دار مادہ نکلتا ہے۔ جب کوئی کیڑا ان پر بیٹھتا ہے۔ تو اس مادہ میں چپک جاتا ہے اور بال اس کو اچھی طرح جکڑ لیتے ہیں۔ اس کے بعد پتوں کے کنارے خود بخود مڑ جاتے ہیں اور کیڑے کو اوپر سے ڈھک لیتے ہیں۔ دوسری قسم کے بال ذرا چھوٹے ہوتے ہیں۔ ان کے اندر ہشت خانوی قرصیں ہوتی ہیں جن میں قوت جاذبہ بہت ہوتی ہے۔ ان بالوں میں سے بھی ایک چپکتا ہوا رس نکلتا ہے جو نائیٹروجنی مرکبات کی جوگی میں تیزاب کا کام کرتا ہے۔ اسی کے اثر سے کیڑے کے جسم کے نرم حصے تحلیل ہو کر جذب ہو جاتے ہیں۔ جب کیڑا ہضم ہو جاتا ہے تو پتیوں کے کنارے کھل کر پھر سیدھے ہو جاتے ہیں۔

ڈروسرا کی نسل میں سے ہندوستان میں صرف دو قسم کے پودے پائے جاتے ہیں۔ ایک ڈروسرا برمینیا (Drosera Burmania) جو میدانوں میں ملتا ہے اور دوسرا ڈروسرا لیوناٹا (Drosera Lunata) جو ہمالیہ اور نیلگیری کے پہاڑوں پر ہوتا ہے اس کی سبز سبز پتیوں پر تیز سرخ رنگ کے لاتعداد غدودی بال ہوتے ہیں جو حرکت کر سکتے ہیں ان بالوں کی نوکوں پر چپکنے والے مادے کے چھوٹے چھوٹے قطرے ہوتے ہیں جو دھوپ میں شبنم کے موتیوں کی طرح چمکتے ہیں۔ اسی وجہ سے اس کو سن ڈیو (Sun dew) بھی کہتے ہیں۔

چمکدار قطرے
کھلے ہوئے گیرے
جھکے ہوئے گیرے
کیڑا

ڈروسرا کی پتی

ان بالوں میں جو گیرے بھی کہلاتے ہیں خون چوسنے کی قوت ہوتی ہے خوبصورتی دیکھ کر کیڑے آتے ہیں اور ان چمکدار قطروں میں چپک جاتے ہیں۔ اس کے بعد گیرے حرکت کرتے ہیں اور کیڑے کو پتی کے وسط میں لے جاتے ہیں جیسے کیڑا یہاں پہنچتا ہے پتی کے کناروں کے گیرے بھی اندر کے رخ جھک آتے ہیں اور تمام پتیاں ایک گول پیالے کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔ اس کے

بعد غدودوں میں سے ہضمی رس نکل کر کیڑے کے جسم پر گرتا ہے اپنے بچنے کی کوشش میں کیڑا جس قدر زیادہ ہاتھ پاؤں مارتا ہے اسی قدر اور زیادہ پھنستا ہے۔

حیاتیات کے مشہور محقق چارلس ڈاروں (Charles Darwin) نے اس پودے پر عملی تجربات کرتے ہوئے معلوم کیا کہ جب گیرے جھک جاتے ہیں تو ان میں سے تیزاب نکلتا ہے جو سید ہے گیروں سے نکلے ہوئے رس سے ملکر خمیر تیار کرتا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جانوروں کے ہضمی رس کی طرح ان پودوں کے افراز میں بھی تیزاب اور خمیر ہوتا ہے چنانچہ جانوروں کے پیٹ میں ہضمی رس غذا پر جو اثر ڈالتے ہیں ان درختوں میں پتیوں کے افراز کا بھی کیڑوں پر وہی اثر پڑتا ہے بالآخر غذا کا ہضم شدہ حصہ غدودوں میں جذب ہو جاتا ہے۔ پس سن ڈیو بھی جانوروں کی طرح غذا کھا کر اس کو باقاعدہ ہضم کرتا ہے غذا کے جذب ہو جانے کے بعد گیرے پھر اپنی اصلی حالت پر آجاتے ہیں۔

اگر گیروں کو کسی سخت چیز سے چھوئیں تو ان میں حرکت تو ضرور پیدا ہوتی ہے لیکن تاوقتیکہ کوئی نامیاتی غذا مثلاً سڑا ہوا گوشت یا ابلے ہوئے انڈے کی سپیدی وغیرہ پتی پر نہ ڈالی جائے غدودوں سے ہضمی رس کا افراز نہیں ہوتا۔

یوٹری کولیریا (Utricularia) کی نسل کے پودے پانی میں ڈوبے رہتے ہیں ان میں نہ جڑ ہوتی ہے اور نہ پتیاں۔ بلکہ ان کی سینکوں کی طرح باریک شاخیں پانی کے اندر رہتی ہیں۔ بعض شاخیں جن پر پھول نکلتے ہیں۔ پانی کی سطح کے اوپر آجاتی ہیں۔ ڈوبی ہوئی شاخوں پر ایک عجیب قسم کے پھکنے سے ہوتے ہیں جن کی وجہ سے ان پودوں کو بلیڈر ورٹس (Bladder worts) بھی کہتے ہیں۔ ان پھکنوں میں ایک ایک کھلنے والا دروازہ ہوتا ہے جو اندر کی طرف آسانی سے کھل جاتا ہے۔ چنانچہ پانی کے بہت سے چھوٹے چھوٹے کیڑے اندر گھس جاتے ہیں لیکن دروازہ بند ہو جانے کی وجہ سے پھر باہر نہیں نکل سکتے جب یہ کیڑے اندر مر جاتے ہیں تو ان کے نرم حصے سڑ کر پھکنے کی اندرونی سطح کے شاخوں دار بالوں میں جذب ہو جاتے ہیں۔ ہندوستان میں اس کی بہت سی قسمیں موجود ہیں جو وہاں کے کھیتوں تالابوں اور بہت سے پہاڑی علاقوں میں بالعموم ملتی ہیں۔

وینس فلائی ٹریپ (Venus fly trap) گوشت خور پودوں کی ایک اور نسل ہے جو کیرولینا (Carolina) میں پائی جاتی ہے۔ اس کی ایک قسم ڈایونا سا (Dionaea)

ہوتی ہے جس کو اکثر گرم خانوں میں رکھتے ہیں۔ ورنہ عام طور سے یہ نسل کماد میں ہوتی ہے ڈایونا سا کی پتیاں بیچ میں سے چر کر دو حصوں میں تقسیم ہو جاتی ہیں یہ دونوں حصے وسطی نس پر ایک قبضے سے جڑے رہتے ہیں پتی کے ہر حصے پر بالائی جانب تین لمبے لمبے بال لگے ہوتے ہیں۔ جو بہت زیادہ حساس ہوتے ہیں یہ بال کمانی کا کام کرتے ہیں جب کوئی کیڑا ان بالوں سے چھو جاتا ہے تو فوراً پتی کے دونوں حصے مڑ کر ایک دوسرے سے مل جاتے ہیں۔ اور بالوں کے آپس میں بل کھا جانے کی وجہ سے پھر کھل نہیں سکتے غریب کیڑا بیچ میں دب کر رہ جاتا ہے اور کسی صورت سے باہر نہیں نکل سکتا۔ اس کے بعد غدودوں سے ہضمی رس نکلتا ہے اور کچھ دنوں میں جب کیڑا ہضم ہو جاتا ہے تو پتی کے دونوں حصے پھر کھل جاتے ہیں اور شکار کی تاک میں لگے رہتے ہیں۔

پتی جس کے اندر کیڑا بند ہے

وسطی نس

کھلی ہوئی پتی

حساس بال

وینس فلائی ٹریپ۔ (ڈایونا سا کی پتی)

وینس فلائی ٹریپ کی پتیوں پر کیمیاوی محرکات کا اثر زیادہ نہیں ہوتا لیکن کسی کیڑے کی موجودگی میں پتیاں بہت مضبوطی کے ساتھ بند ہوتی ہیں تاکہ شکار چھوٹ کر باہر نہ نکل سکے۔ لیکن اگر ان بالوں کو کسی پنسل وغیرہ سے چھوا جائے تو یہ پتیاں اتنی قوت سے اور پوری بند نہیں ہوتیں اور فوراً ہی کھل جاتی ہیں البتہ پہلی صورت میں جب تک کیڑا بالکل ہضم نہ ہو جائے نہیں کھلتیں

پچر پلانٹس (Pitcher plants) کی نسل میں پودے اپنا شکار پانی کے ذریعہ سے پکڑتے ہیں۔ اس نسل میں نیپنتھیز (Nepenthes)، سیراسینیا (Sarracenia)، ڈارلنگٹونیا (Darlingtonia) اور سیفیلوٹس (Cephalotus) وغیرہ بہت سی قسمیں ہیں۔ ان کی پتیاں جگ یا صراحی کی شکل کی ہوتی ہیں جن میں اندر پانی بھرا رہتا ہے اسی لئے اس قسم کے پودے پچر پلانٹس کہلاتے ہیں

نیپنتھیز اس نسل کی بہت ہی عام قسم ہے اس میں پودے کی تمام پتی یا اس کا کچھ حصہ جگ کی شکل کا ہوتا ہے جو بالکل ایک ڈھکنی دار سپر نما پترا (Tubular pitcher lamina) سا معلوم ہوتا ہے جگ میں پانی بھرا رہتا ہے جس میں جرثوما (Bacteria) کی موجودگی ہر وقت جما لگتے رہتے ہیں نیپنتھیز میں بھی ہضمی رس نکلتا ہے جسے پیپسن (Pepsin) کہتے ہیں جب کیڑے پانی میں گر کر ڈوب جاتے ہیں تب اس رس کے اثر سے ہضم ہوتے ہیں۔ اس قسم کے پودے ملایا

میں بہت ملتے ہیں لنکا اور کھاسیا پہاڑیوں میں بھی ہوتے ہیں

سیراسینیا کی جگ نما پتیاں

اول تو بہت ہی خوش رنگ اور خوبصورت ہوتی ہیں اس کے علاوہ جگ کے دہانے پر کچھ غدود ہوتے ہیں جن سے شہد نکلتا ہے۔ اسی وجہ سے کیڑے پتیوں پر آکر بیٹھتے ہیں پتیوں کا رنگ بہت خوبصورت سبز ہوتا ہے جس پر تیز سرخ اور گہرے گلابی رنگ کی دھاریاں ہوتی ہیں جب کیڑے پتیوں کے کناروں پر آکر بیٹھتے ہیں تو ان کو شہد کی خوشبو آتی ہے۔ چنانچہ اس کی تلاش میں بیچارے ان رنگین دھاریوں پر چلتے ہیں اور جگ کے دہانے پر شہد کی خوشبو زیادہ تیز آنے کی وجہ سے اندر گھس جاتے ہیں ایک مرتبہ اندر جانے کے بعد پھر ان غریبوں کو باہر لوٹ کر آنا نصیب ہی نہیں ہوتا کیونکہ اندر جگ کے اطراف میں نیچے کو جھکے ہوئے بہت سخت قسم کے بال ہوتے ہیں۔ جو کیڑوں کے باہر نکلنے میں مانع آتے ہیں۔ بیچارے ان بالوں میں الجھ ہاتھ پاؤں مارتے مارتے تھک جاتے ہیں اور نیچے پانی میں گر پڑتے ہیں یہیں پڑے پڑے انکا خاتمہ ہوجاتا ہے

سیراسینیا میں خمیر نہیں ہوتا بلکہ کیڑے کا جسم جرثوما کے اثر سے پانی میں پڑے پڑے سڑ جاتا ہے اور تحلیل ہونے لگتا ہے اور پتیاں اس کو جذب کرلیتی ہیں اس قسم کے پودے بالخصوص امریکہ ہی میں ملتے ہیں

پچر پلانٹس میں جگ کے اوپر بہت شوخ رنگ کا ایک ڈھکنا بھی ہوتا ہے جس کی خوبصورتی سے متاثر ہوکر کیڑے آتے ہیں ان ڈھکنوں میں حرکت کرنے کی قوت نہیں ہوتی چنانچہ ایک مرتبہ کھل جانے کے بعد پھر بند نہیں ہوسکتے۔ ہمیشہ کھلے ہی رہتے ہیں۔ اس نسل کے بہت سے پودے کیڑوں کے علاوہ چھوٹی چھوٹی چڑیوں تک کو بھی اسیطرح کھا جاتا ہے۔

بہت سے کرم خور پودوں میں بھی کافی کلوروفل موجود ہوتا ہے جس کی وجہ سے وہ حسب ضرورت نامیاتی غذا تیار کرسکتے ہیں اور اسی وجہ سے اگر ان کو کیڑے کھانے کو نہ بھی ملیں تو بھی زندہ رہ سکتے ہیں۔ البتہ کیڑے سڑا ہوا گوشت یا ابلے ہوئے انڈے وغیرہ ملجانے سے پودے بہت زیادہ بشاش رہتے ہیں۔ ان کا جوش نمو بہت بڑھ جاتا ہے پھول اور پھلیوں سے لد جاتے ہیں۔ ناظم صدیقی

بی اے بی ٹی آصف آباد

کتب خانہ انجمن اساتذہ بلدہ

اراکین انجمن اساتذہ بلدہ نے اسٹیشن نام پلی کا وہ نظارہ فراموش نہ کیا ہوگا جب کہ عالی جناب محمد حسین جعفری صاحب نائب ناظم تعلیمات اور عالی جناب سید علی اکبر صاحب کو لندن کی شاہی تعلیمی کانفرنس میں شرکت کے لئے رخصت کیا گیا تھا جس عقیدت سے صاحبان موصوف کو رخصت کیا گیا اُسی عقیدت کا اظہار صاحبان ممدوح کی مراجعت اور کامیاب نمائندگی پر کرنے کا ارادہ تھا، چنانچہ بطیب خاطر چندے کئے گئے اور خاصی رقم جمع بھی ہوگئی۔ مگر حضرات ممدوح نے بجائے گل پوشی اور ضیافت میں روپیہ صرف ہونے کے اُس کا بہترین مصرف یہ تجویز فرمایا کہ مجتمعہ رقم سے اراکین انجمن اساتذہ بلدہ کے استفادہ کے لئے فن تعلیم پر اُردو اور انگریزی کتابیں خریدی جائیں۔ یہ تجویز ایسی معقول اور مفید تھی کہ سب کو سر تسلیم خم کرنا پڑا۔ اس طرح انجمن اساتذہ بلدہ کے کتب خانہ کے قیام کی بنا پڑی بڑی خوشی کی بات ہے کہ انگریزی اور اردو کتابوں کا کافی ذخیرہ فراہم کرلیا گیا ہے۔ نواب رُستم جنگ بہادر ناظم کروڑگیری نے از راہ مہربانی انسائیکلو پیڈیا بریٹانکا کی پوری جلدیں عنایت فرمائیں۔ دفتر عالیہ نظامت تعلیمات سے بھی خریدی کتب کے لئے رقم منظور ہونے والی ہے۔ یقین ہے کہ بہت جلد فنی کتابوں کا کافی ذخیرہ مدرسین کے استفادہ کے لئے فراہم ہوجائے گا۔ مجتمعہ رقم سے جتنی کتابیں انگریزی کی خریدی گئیں اُس کی فہرست حیدرآباد ٹیچر کے حصہ انگریزی میں چھپ چکی ہے۔ ذیل میں ہم اُردو کتابوں کی فہرست بھی بغرض اطلاع درج کرتے ہیں:-

	نام کتاب	نام مصنف		نام کتاب	نام مصنف
۱	۲	۳	۱	۲	۳
۱	فلسفہ تعلیم	مترجمہ خواجہ غلام الحسنین صاحب پانی پتی	۷	طلسم تقدیر	ابوالبرکات سید غلام محی الدین زور
۲	معین مشاہدۂ فطرت	شیخ عبدالحمید صاحب	۸	امور خانہ داری و تربیت اولاد	مترجمہ ای۔ سی۔ نندا
۳	مبادی فلسفہ	سید حسن الدین صاحب	۹	تاریخ ہند حصہ دوم	مترجمہ شیخ عبدالحمید صاحب ایم اے
۴	بصارت طلبہ	مترجمہ لالہ بہاری لال صاحب	۱۰	رہنمائے تعلیم	مترجمہ غلام حسین صاحب قریشی صدیقی
۵	باغبانی و زراعت کا رسالہ	رائے بہادر پنڈت نتھو رام صاحب	۱۱	انتخاب سودا	ابو محمد صاحب ثاقب کانپوری
۶	طریقہ تعلیم ابجد خوانان	لالہ تلسی رام بی اے۔ بی ٹی	۱۲	شاہ ہنری چہارم	مترجمہ سید وقار احمد صاحب

نمبر	کتاب	مصنف / مترجم
۱۳	فرسٹ ایڈ ٹو دی انجرڈ	ڈاکٹر مرزا کریم خاں صاحب نذیر جنگ
۱۴	معلومات دیہی حصہ اول	غلام رسول صاحب
۱۵	” ” حصہ دوم	” ” ” ”
۱۶	تسہیل التعلیم حصہ اول	سید اصغر علی صاحب بی۔اے۔ بی ٹی
۱۷	رسالہ باغات مدرسہ	مترجمہ لنگا کسرن و اما صاحب
۱۸	اسکوٹ ماسٹر ہینڈ بک	ایچ ڈبلیو ہاگ مولوی کرامت اللہ صاحب
۱۹	جدید رہنمائے علم التعلیم	سردار گوبند سنگھ صاحب گوہر
۲۰	رہنمائے مدرسین لوئر پرائمری	دینا ناتھ شرما
۲۱	اساس التعلیم	محمد عبدالحق صاحب
۲۲	پہلواڑی	لالہ دیوان سنگھ صاحب
۲۳	فلسفہ اجتماع	عبدالماجد صاحب بی۔اے
۲۴	رفیق المعلمین	یس انوار نبی قریشی
۲۵	سالنامہ جامعہ عثمانیہ ۱۳۳۵ و ۱۳۳۶ ف	
۲۶	سیرت و کردار	عبدالرحمن صاحب رئیس
۲۷	سیرۃ المحمود	مولوی محمد عزیز مرزا صاحب
۲۸	تندرستی	محمد واجد علی قادری
۲۹	جاپان اور اس کا تعلیمی نظم و نسق	مترجمہ محمد عنایت اللہ صاحب بی اے
۳۰	وضع اصطلاحات	مولوی سید وحید الدین صاحب سلیم
۳۱	فطرت اطفال	مترجمہ منشی فاضل مولوی حامد حسن صاحب قادری
۳۲	رہنمائے تعلیم	پنجاب ٹیکسٹ بک سوسائٹی انارکلی لاہور
۳۳	اسلامی تہذیب اور قومی تعلیم	مترجمہ محمد سلیم صاحب ایم۔اے
۳۴	مادر زاد گونگوں اور بہروں کی تعلیم	خان صاحب ڈاکٹر حافظ فضل احمد صاحب
۳۵	حساب کے سبقوں پر اشارے	لالہ بہاری لال
۳۶	تعلیمی علم النفس	نظیر احمد صاحب بی۔اے
۳۷	اصطلاحات جغرافیہ بطرز جدید	مولفہ پروفیسر قاضی جلال الدین صاحب مرادآبادی
۳۸	روح جاپان (ایک لکچر)	سید الیاس مسعود صاحب (مسعود جنگ)
۳۹	زرعی افلاس ہند	ڈاکٹر جعفر حسن صاحب
۴۰	تاریخ مغربی یورپ جلد اول	مترجمہ محمد یحییٰ صاحب تنہا
۴۱	طالب علم کی زندگی	آغا صفدر
۴۲	فن تعلیم و طریقہ تعلیم کی کتاب	چودھری فیض محمد خاں صاحب
۴۳	تاریخ التعلیم	ڈاکٹر ضیاء الدین احمد
۴۴	مبادی علم انسانی	مترجمہ عبدالباری صاحب ندوی
۴۵	مکالمات برکلے	عبدالماجد صاحب بی۔اے
۴۶	نفسیات ترغیب	مولفہ سید وہاج
۴۷	فلسفہ جذبات	عبدالماجد بی۔اے
۴۸	اصول و طریقہ تعلیم حساب حصہ اول و دوم	لالہ بہاری لال صاحب
۴۹	ابتدائی مدارس ہند میں تعلیم	مترجمہ مہدی حسن صاحب زبیری
۵۰	برگ سبز	محمد حسین صاحب فاضل
۵۱	ہمارے رسول	خواجہ محمد عبدالحی صاحب فاروقی
۵۲	روح تنقید	ابوالحسنات سید غلام محی الدین صاحب زور
۵۳	مذکرات سال اول	(تخلص حسرت)
۵۴	تعلیم بالغان	سید علی اکبر صاحب ایم اے (کنٹب)
۵۵	تعلیم روزگاری	محمد سجاد مرزا صاحب ایم اے (کنٹب)
۵۶	منظر الکرام	سید منظر علی صاحب اشہر
۵۷	تاریخ الامت حصہ ہفتم	محمد اسلم صاحب جیراجپوری
۵۸	التربیت الاستقلالیہ	عبدالسلام صاحب ندوی
۵۹	گلزار نونہال	لالہ خزان چند جاولہ بی۔اے
۶۰	اطوار بازیچہ	ایچ ٹی نولٹن صاحب
۶۱	اصول تعلیم	
۶۲	اشاعۃ القواعد	عبدالخالق صاحب بھیرانوی
۶۳	مطالعہ قدرت و علمی جغرافیہ	لالہ رتن لال ایم اے
۶۴	میوزک فار آل	رائے بہادر لالہ اتما رام صاحب
۶۵	ابتدائی تعلیم حصہ دوم	شیخ اللہ رکھا صاحب
۶۶	پلے فار آل	رائے بہادر لالہ اتما رام صاحب
۶۷	ابتدائی تعلیم	شیخ اللہ رکھا صاحب
۶۸	اشارات جغرافیہ	مولفہ مولوی عبدالخالق صاحب بھیرانوی
۶۹	رسالہ تعلیم و تربیت	شیخ عبدالرؤف صاحب صدیقی

تنقید و تبصرہ

نورس عبدالحق نمبر | اورنگ آباد انٹرمیڈیٹ کالج کا دو ماہی رسالہ نورس تقریباً چار سال سے مولوی وہاج الدین صاحب کی نگرانی میں شائع ہو رہا ہے اور اپنے مضامین کی عمدگی و ترتیب میں اپنے معاصر رسالوں سے گوئے سبقت لے گیا ہے ہمارے پیش نظر اس رسالہ کا عبدالحق نمبر ہے۔ مولوی عبدالحق صاحب بی۔ اے کے نام نامی سے حیدرآباد کیا ہندوستان کا بچہ بچہ واقف ہے۔ اردو صحافت کی دنیا کا اگر موسس کہا جائے تو بجا ہے۔ ادبی اور تصنیفی خدمات سے قطع نظر، اورنگ آباد کالج کی صدارت کا زمانہ ناقابل فراموش ہے اور اسی زمانہ کی یادگار قائم کرنے کے واسطے یہ نمبر نکالا گیا ہے جو موصوف کی خدمات کا عقیدت مندانہ اعتراف ہے۔

رسالہ ۱۸۷ صفحات پر مشتمل ہے۔ ابتدائی ۱۶۰ صفحون میں ملک کے لائق ادیبوں کے قلم سے لکھے ہوئے ۱۲ بلند پایہ مقالے میں جو مولوی عبدالحق صاحب کی علمی و عملی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہیں باقی ۲۷ صفحوں میں سپاسنامے اور وداعی نظمیں درج ہیں۔ شروع میں دو فوٹو دئے گئے ہیں ایک مولانا کا رنگین فوٹو اور دوسرا مولوی سید محی الدین صاحب بی۔ اے بار ایٹ لا موجودہ پرنسپال صاحب کا ہے۔ سرورق پر کالج کی خوبصورت عمارت کی تصویر ہے۔ ہم اس نمبر کی اشاعت پر مولوی وہاج الدین صاحب کو مبارکباد دیتے ہیں۔ اور توقع کرتے ہیں کہ یہ موقر رسالہ اپنی شاندار روایات کو قائم رکھے گا۔ (رسالہ کا چندہ درج نہیں ہے۔

پیام دیہات سدھار | یہ مختصر کتاب مولوی سید خورشید حسن صاحب بی۔ اے۔ بی ٹی کی تصنیف ہے جو نورمل سکول کے طلبہ کی ہدایت کے لئے لکھی گئی ہے۔ نظری طور سے مدرسین کا حلقہ اثر بہت وسیع سمجھا جاتا ہے اور یہ عام طور پر خیال ہے کہ اگر کسی تحریک کو بارآور کرانا مقصود ہو تو اس کی داغ بیل مدرسین کے مبارک ہاتھوں سے ڈالی جائے۔ اسی نظریہ کی عملی شکل اس کتاب میں بیان کی گئی اور بتایا گیا ہے کہ دیہات کی حالت کو سدھارنے میں دیہات کے مدرسین کیا مہتم بالشان حصہ لے سکتے ہیں۔

زبان بہت صاف و ستھری ہے اور خیالات نہایت دلچسپ پیرایہ میں ظاہر کئے گئے ہیں شروع میں پروپگنڈا کے فوائد پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے اور ضمیمہ کے طور پر چند ہندی نظمیں درج کی گئی ہیں جن کا پرچار کر کے عوام کو سدھارا جا سکتا ہے۔ (حجم ۱۸۴ صفحہ۔ لکھائی چھپائی اچھی ہے قیمت ۶ کلدار۔

طلبہ اوران کی صحت | یہ دوسرا رسالہ بھی منشی طالب علی صاحب پابند توکشی مالک و منیجر اخبار تعلیم لاہور کا شائع کیا ہوا ہے۔ اس کے مصنف پنجاب کے فاضل ادیب مولوی نور احمد صاحب نور مرحوم و مغفور ہیں یہ کتاب آٹھ بابوں پر مشتمل ہے۔ جن میں مدرسہ میں داخل ہونے کی عمر، محنت میں اعتدال، ورزش بدنی، خوراک نیک چلنی، عادات کا

بنانا اور سان کی غفلت پر نہایت مفید اور دلچسپ بحث کی گئی ہے۔ آخر میں مدرسہ کے ماسٹروں سے التجا کی گئی ہے کہ وہ بچوں کی صحت سے غافل نہ رہیں۔

آج کل طلبہ کی صحت کا مسئلہ نہایت اہم مسئلہ بن گیا ہے۔ اور اس پر نہایت سنجیدگی کے ساتھ غور کیا جا رہا ہے۔ ایسے زمانہ میں ہمارے خیال میں اس کتاب کا مطالعہ فائدہ سے خالی نہ ہوگا۔

حجم ۸۰ صفحہ لکھائی چھپائی پاکیزہ قیمت ۵ر

منتخبات نظم ہندی ہندی اور اردو زبان میں کچھ حقیقی مغائرت نہیں ہے لیکن اختلاف رسم الخط کی وجہ سے دو بہنوں میں لامحدود بے گانگی پیدا ہوگئی ہے۔ اسی کو دور کرنے کے واسطے جامعہ عثمانیہ کے لائق پروفیسر ڈاکٹر جعفر حسن صاحب پی۔ ایچ ڈی نے ہندی نظموں کا انتخاب بنام منتخبات نظم ہندی شائع کیا ہے اس نوعیت کی یہ پہلی کوشش نہیں ہے۔ اس کے پہلے ہی اکثر ہندی داں حضرات نے کلام ہندی کا تعارف اردو خوانوں سے کرایا ہے۔ جذبات بھاشا ایسی کوششوں کا معروف نمونہ ہے لیکن سابقہ تصانیف پر اس کتاب کو فوقیت و برتری اس وجہ سے ہے کہ اس میں ڈاکٹر صاحب نے نہ صرف عاشقانہ دوہے درج کئے ہیں جو عام طور سے اس قسم کی کتابوں میں بھرے پڑے ہوتے ہیں بلکہ کھوج کرکے فلسفیانہ اور اخلاقی نکات کے متعلق بھی دوہے وغیرہ شامل کردئے ہیں۔ جو ہندی شاعری کو نئی روشنی میں پیش کرتے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب اس جدت طرازی پر قابل مبارکباد ہیں۔

دوہوں کو ناگری اور فارسی دونوں خطوں میں لکھا گیا ہے لیکن اکثر مقامات پر دونوں تحریروں میں فرق ہوگیا ہے اردو تحریر میں اعراب ٹھیک نہیں لگائے گئے اس لئے جو شخص ناگری سے ناواقف ہو وہ دوہوں کو صحیح نہیں پڑھ سکتا ہے۔

دوہوں کے مطالب سمجھانے کی بھی کوشش کی گئی ہے لیکن اکثر دوہوں کے لفظی معنی پر اکتفا کی گئی ہے اور بعض دوہوں کا مفہوم واضح کرنے کے لئے صفحے کے صفحے سیاہ کئے گئے ہیں۔

یہ بات بار بار کھٹکتی ہے کہ مطالب میں عمرانی مسائل پر ضرورت سے زیادہ زور دیا گیا ہے اور جابجا انگریزی الفاظ جو غیر ضروری ہیں توس میں دئے گئے ہیں دوہوں کا انتخاب اچھا ہے لیکن اگر بجائے سنے سنائے دوہوں پر قناعت کرنے کے ڈاکٹر صاحب خود بھی چھان بین کرتے تو ہمیں یقین ہے کہ انتخاب بہتر ہوتا۔

لکھائی چھپائی صاف اور جلد بندی نفیس ہے۔ نفس مضمون کا لحاظ کرتے ہوئے کتاب کا حجم بہت زیادہ اور قیمت بے حد گران یعنی (عہ ۱۲) ہے۔

ناشر دی حیدرآباد بک ڈپو چادرگھاٹ حیدرآباد دکن

ضروری اطّلاع

برائے طلبائے مدارس تحتانیہ وسطانیہ وفوقانیہ چونکہ ٹکسٹ بک کمیٹی
نے نئے سال تعلیمی سے مختلف جماعتوں اور درجوں کے کتب نصاب میں اہم
تغیرات فرمائے ہیں اس لئے ہم نے طلبائے مدارس کی سہولت کے لئے
ان تمام جدید کتب کا کافی اسٹاک فراہم کرلیا ہے جن میں سے اکثر
مطبع ہذا کی مطبوعہ بھی ہیں یا جن کی ایجنسی کتب خانہ ہذا نے حاصل کرلی ہے
خصوصاً انجمن ترقی اردو اورنگ آباد کی مرتبہ کل اردو ریڈرس (پہلی سے
ساتویں تک) جو شریکِ نصاب ہوئی ہیں وہ جماعت صغیر سے تھرڈ فارم تک
کے واسطے ہیں ان تمام ریڈرس کی ایجنسی بھی کتب خانہ ہذا نے حاصل کرلی ہے
جدید منظورہ نصاب کتب کی فہرست کتب خانہ ہذا نے طبع کرائی ہے جو طلب کرنے
پر مفت روانہ کی جاتی ہے امید ہے کہ مدرس صاحبان مدارس طلبہ کو خریدی
کتب میں بموجب نصاب جدید ہدایات فرماکر قدیم کتب کی خریدی سے
احتیاط کرنے کی مناسب تدابیر اختیار فرمائیں گے۔

المشتهر

سید عبدالقادر تاجر کتب و مالک اعظم اسٹیم پریس گورنمنٹ ایجوکیشنل پرنٹر چارمینار حیدرآباد دکن

position of women in Moslem society. We agree with him that Purdahas an institution in India is doomed, and we consider that he has done a signal service to his community by drawing attention to the need for preparing children for the new conditions of life which they will have to face when they grow up and by sounding a note of warning against aping western ways and manners. If the Moslem community desires to make its real contribution to Indian civilisation, it must develop its own culture according to the demands of modern life.

The Hyderabad Teacher.

ADVERTISEMENT RATES.

Space.	Whole year.		Six months.		Per issue.	
	B. G.		B. G.		B. G.	
	Rs.	As.	Rs.	As	Rs.	As
Full page ...	10	0	5	0	3	0
Half page ...	5	0	2	12	1	8
Quarter page	2	8	1	6	0	12
Per line ...	0	10	0	8	0	6

SUBSCRIPTION RATES.

For the Nizam's Dominions O. S. Rs. 3 annually, (including potage).
For British India B. G. Rs. 3 a year (including postage).
Single copy O. S. As. 12 for H. E. H. the Nizam's Dominions.
Single copy B.G. As. 12 for British India.

The Urdu Section is published separately also. Subscripton Re. 1-14 As. a year.

S. M. KHAIRATH ALI, MANAGER,
Hyderabad Teacher,
Gun Foundry, Hyderabad-Deccan.

in schools. In this connection, we should like to invite attention to the following passage in the eloquent speech made by Mr. A. H. Mackenzie, Director of Public Instruction, United Provinces, while opening the educational exhibition, which was organised along with the All-Asia Educational Conference at Benares last December.

شاخ عابد بلڈنگ حیدرآباد دکن

تقریب

از جناب سید محمد ہادی صاحب ایم۔ اے (کنٹب) ڈائرکٹر بائے اسکاوٹس

یہ نہایت خوشی کی بات ہے کہ ہمارے ملک میں تعلیم ورزش جسمانی اور کھیل میں گورنمنٹ اور عوام کی جانب سے کافی دلچسپی کا اظہار ہونے لگا ہے۔ اور اُن کی اہمیت سب پر روشن ہو چلی ہے حقیقت یہ ہے کہ اب تک جو تعلیم ہمارے مدارس اور کالجوں میں دی جاتی تھی وہ ادھوری ہوتی تھی کیونکہ صرف دماغی تعلیم پر زور دیا جاتا تھا لیکن اب جب کہ تعلیم کے ہر دو شعبوں کو ترقی دینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ہم کو امید ہے کہ ہماری تعلیمی ترقی نہ صرف تیز رفتار ہو گی بلکہ جو نتائج اس سے حاصل ہوں گے وہ دیرپا بھی ہوں گے۔

گورنمنٹ نے فزیکل ایجوکیشن کالج کی بنیاد ڈال کر اس مضمون کی اہمیت اور اپنی دلچسپی کا اظہار کیا ہے اور عوام کی خواہش اور رحجان کا خیال کرتے ہوئے اس مرتبہ حیدرآباد ٹیچر کا نمبر فزیکل ایجوکیشن کے مضامین کے لیئے مختص کر دیا گیا ہے۔ جو مضامین اساتذہ و دیگر حضرات کی خدمت میں پیش کیئے جا رہے ہیں وہ نہ صرف دلچسپ بلکہ کارآمد اور سبق آموز بھی ہیں جس سے ہم اُمید کرتے ہیں کہ تعلیم ورزش جسمانی کی اہمیت استاد اور والدین دونوں کے ذہن نشین ہو جائے گی اور اس کی نسبت جو غلط فہمیاں پھیلی ہوئی ہیں دور ہو جائیں گی۔

ہم اُن تمام حضرات کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے مضامین لکھ کر اس نمبر کو شاندار بنایا ہے۔

جسمانی نشوونما

از جناب سید محمد ہادی صاحب ایم۔ اے (کنٹب) ڈائرکٹر برائے اسکاوٹس و ورزش جسمانی

(گذشتہ سے پیوستہ ملاحظہ ہو جلد ۴ شمارہ ۴)

کسرت دو قسم کی ہوتی ہے۔ تفریحی و تعلیمی۔

تفریحی کسرت سے مراد وہ تمام کھیل اور اسپورٹس ہیں جو عموماً مدارس میں کھلائے جاتے ہیں جو بچوں کے جسم کو بہتر بناتے اور اُن کے اخلاق کو درست کرتے ہیں۔ ان کھیلوں کا عمدہ اثر جو نوجوانان قوم کے اخلاق پر پڑتا ہے۔ اس کا اندازہ کرنا مشکل ہے۔

اگرچہ تفریحی کسرت نہایت مفید اور کارآمد ہے لیکن اس سے جسم نہ تو کامل طور پر ترقی پاتا ہے اور نہ وہ اس کو تندرست و توانا رکھ سکتی ہے۔ تفریحی کسرت کا اصلی مقصد یہ ہے کہ انسان میں پھرتی پیدا کرے اور اس کو تفریح حاصل ہو۔ اس قسم کی کسرت میں ایک اہم نقص ہے۔ جب انسان کوئی کھیل کھیلتا ہے تو اُس کے جسم کا صرف ایک حصہ جس سے اُس کھیل کا تعلق ہے زیادہ کام میں لایا جاتا ہے اور وہی ترقی پاتا ہے دوسرے حصوں پر کوئی اثر نہیں پڑتا اور وہ اپنی حالت پر رہتے ہیں۔ مثلاً وہ لوگ جو فٹبال کھیلتے ہیں اُن کے جسم کا نیچے کا حصہ بہ نسبت اوپر کے حصے کے زیادہ بنا ہوا ہوتا ہے۔ ٹینس بھی نیچے کے جسم کو اور اوپر کے سیدھے جانب کے حصے کو ترقی دیتا ہے اور بائیں جانب کا حصہ اپنی حالت پر قائم رہتا ہے۔ بس تفریحی کسرت سے صرف جسم کے وہی حصے ترقی پاتے ہیں جن سے کام لیا جاتا ہے اور دوسرے حصے کمزور رہ جاتے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ تفریحی کسرت اگر کافی طور پر کی جائے تو تندرستی و توانائی کو قائم رکھتی ہے لیکن یہ اُن تمام ضروریات کو پوری نہیں کرتی جو بڑھتے ہوئے بچوں کے لئے چاہئے۔ لہذا اسی سبب سے تعلیمی کسرت کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔

تعلیمی کسرت اس قدر مقبول عام نہیں جس طرح کہ تفریحی کسرت ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ جو فوائد اول الذکر کسرت سے حاصل ہوتے ہیں اُن سے عوام پوری طرح واقف نہیں ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ اس کسرت کی بدولت صرف جسم کے پٹھے مضبوط بنتے ہیں لیکن وہ نہیں جانتے کہ انسان کا تمام جسم اُس سے فائدہ اُٹھاتا ہے اور دوران خون بھی درست ہوتا ہے۔ اگر لوگ یہ جاننے لگیں کہ تعلیمی کسرت کے سبب جسم کے ساتھ دماغ بھی ترقی پاتا ہے اور انسان اپنے کاروبار کو بہتر طریقہ پر انجام دے سکتا ہے

تو وہ ضرور اس جانب توجہ کریں گے ۔
مدارس میں اکثر طلبہ ایسے نظر آتے ہیں جن کے جسم میں کوئی نہ کوئی خامی پائی جاتی ہے جو ذرا ہی توجہ کے ساتھ خاص کسرت کرنے سے دور ہو سکتی ہے۔ مثلاً بعض طلبہ کے سینہ سامنے جھکے ہوئے دکھائی دیتے ہیں اور بعض کے شانے ڈھلے ہوئے ہوتے ہیں۔ ان نقائص کے پیدا ہونے کے کئی اسباب ہوتے ہیں جن میں کالی کھانسی اور گو بری بھی ہے جو ہندوستانی بچوں کو زمانہ طفولیت میں اکثر ہوتی ہے۔ نیز کمسن بچوں کو تنگ لباس پہنانے سے بھی ان کے جسم کو نقصان پہنچتا ہے لہذا اس قسم کے نقائص کو دور کرنے اور دماغ اور جسم کو قوت پہنچانے کے لئے تربیتی کسرت کی ضرورت ہے جو بچوں کو اُن کے زمانہ تعلیم میں مدارس میں دی جانی چاہیئے کیونکہ اسی عمر میں وہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اکثر صدر مدرین کا یہ خیال ہے کہ ورزش جبراً نہ کرائی جانی چاہیئے بلکہ طلبہ کی مرضی پر چھوڑنا بہتر ہے۔ اس طرح عمل کرنا غلطی ہوگی کیونکہ کمسنی کے سبب طلبہ یہ تصور نہیں کر سکتے کہ ورزش سے انہیں کس قدر فوائد حاصل ہو سکتے ہیں۔ ہمارے یہاں اکثر ایسے طلبہ ہیں جو ورزش کے نام سے بھاگتے ہیں۔ لہذا اگر ان کی مرضی پر چھوڑ دیا جائے گا تو وہ کبھی ورزش نہ کریں گے اگر کوئی لڑکا بیمار ہو جائے تو کیا ہم علاج کو اس کی مرضی پر چھوڑ دیتے ہیں؟ اگر کوئی لڑکا ایسی غذا کھاتا ہو جس سے اُس کی صحت کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو کیا ہم اُسے منع نہیں کرتے اور اُس کی طبیعت پر چھوڑ دیتے ہیں؟ ایسا نہیں ہوتا ہے اسی لئے مدارس میں تعلیم ورزش کو لازمی بنانے کی بھی ضرورت ہے تاکہ طلبہ بچپن ہی سے اُس کی اہمیت کو جاننے لگیں۔
یہ کہنا بے موقع نہ ہوگا کہ موجودہ طریقہ تعلیم ورزش جسمانی میں "پیرالل بار وہار یزنٹل بار" کو اہمیت نہیں دی جاتی ہے اس کا سبب یہ ہے کہ ان آلات سے جو کسرتیں کی جاتی ہیں وہ دشوار ہوتی ہیں اور جب تک کہ خاص قواعد کے مطابق اور ایک ماہر فن کی نگرانی میں یہ کام نہ کیا جائے تو طلبہ کو بجائے فائدہ پہنچنے کے نقصان ہونے کا اندیشہ ہے کیونکہ ان ورزشوں سے جسم پر بہت زیادہ بار پڑتا ہے۔ جو طلبہ کے لئے مضر ہے۔ یوں تو اکثر دیکھا گیا ہے کہ بچے "پیرالل بار" پر بے طور، و رکسی کی نگرانی بغیر کسرت کر کے اپنے ہاتھ پیر توڑ لیتے ہیں۔ ہڈی کا ٹوٹنا کوئی خوف کی بات نہیں کیونکہ دوبارہ جوڑ دی جا سکتی ہے لیکن پیرالل بار پر بے قاعدہ کسرت کرنے سے جو نقصان تمام جسم کو پہنچتا ہے اُس کی تلافی نہیں ہو سکتی اس لئے مناسب یہی ہے کہ اس قسم کی کسرت کی بچوں کو ترغیب بھی نہ دی جائے۔
اکثر اساتذہ کہا کرتے ہیں کہ مدارس میں اس قدر مضامین پڑھائے جاتے ہیں کہ سالانہ کورس

ختم کرنے کے لئے وقت نہیں ملتا اگر اس پر ہفتہ میں تین گھنٹے تعلیم ورزش جسمانی کے لئے مقرر کیے جائیں تو اور بھی وقت پیش آئے گی۔ ان حضرات کو جاننا چاہیئے کہ تعلیم ورزش جسمانی طلبہ کے لئے اتنی ہی اہم ہے جتنی کہ دماغی تعلیم اس کے خصوصیات اور اس کی اہمیت کو تفصیل سے بتایا جاچکا ہے اگر ہفتہ میں ستائیس گھنٹے دماغی تعلیم پر صرف کئے جائیں اور تین گھنٹے جسمانی تعلیم کے لئے دینے سے انکار کیا جائے تو یہ نہایت تعجب اور افسوس کی بات ہے۔ اگر "کورس" زیادہ اور سخت رکھا جاتا ہے تو اُن حضرات کو چاہیئے کہ اس کے کم کرنے کی کوشش کریں نہ یہ کہ اس کی خاطر بچوں پر ضرورت سے زیادہ بار ڈالیں اور عمر بھر کے لئے اُن کی صحت کو برباد کردیں۔

بعض صدر مدرسین کا خیال ہے کہ کھیل کے وقت یا بجائے کھیل کے ڈرل کرائی جانی چاہیئے۔ اس پر عمل کرنا نہایت نامناسب ہوگا۔ اگر ہمارا مقصد یہ ہے کہ طلبہ ڈرل سے فائدہ حاصل کریں تو تعلیمی اوقات سے ایک گھنٹہ کم کردیا جائے اور اس کو ڈرل کے لئے مقرر کیا جائے۔ صرف اسی صورت میں بچے ڈرل میں دلچسپی لیں گے اور اس سے فائدہ اُٹھائیں گے۔

کھیل اور کسرت دونوں کو ایک سمجھنا غلطی ہے کیونکہ ہر دو کے خصوصیات جدا ہیں کھیل نہ صرف تفریحی ورزش ہے بلکہ اس کی بدولت لڑکوں میں اطاعت جیسی خصلت پیدا ہوتی ہے۔ خود غرضی دور ہوتی اور انصاف کی عادت پیدا ہوتی ہے۔ کھیل کے ذریعہ ایک قابل اور ذی فہم استاد بچوں کے چال چلن اور دماغ کو بھی ترقی دے سکتا ہے۔

کسرت جسم کے نشو ونما کے لئے ضروری اور اہم ہے اس کی بدولت صحت درست رہتی ہے اور بچوں میں پھرتی پیدا ہوتی ہے۔ جسمانی نقائص مثلاً کُوب یا ڈھلے ہوے شانے دور کئے جاسکتے ہیں۔

پس کسرت اور کھیل اسی قدر اہم ہے جس قدر کہ دماغی تعلیم۔ طلبہ کے والدین اور اساتذہ کو اُن کی اہمیت سے آگاہ ہونا چاہیئے اور وہی طریقہ اختیار کرنا چاہیئے، جو بچوں کے دماغی اور جسمانی ترقی کے لئے مناسب اور لازمی ہے۔

لڑکیوں کے لئے تربیت جسمانی کی ضرورت

از جناب سید محمد رضا صاحب اسکول آف فزیکل ایجوکیشن مدراس

ہندوستانی مدارس کی لڑکیوں کی تعلیم جسمانی پر غور کرنے سے پہلے بعض اہم سوالات توجہ طلب ہیں۔

(۱) کیا ہم عام تعلیم کی خاطر اپنی زیادہ تر جدوجہد بے فائدہ ضائع نہیں کر رہے ہیں ؟ کیا وہ روپیہ جو ایک کمزور جسم کے لئے اچھی غذا فراہم کرنے میں زیادہ مفید ہوتا بطور فیس مدارس کی نذر نہیں کر رہے ہیں ؟ کیا ہم ہر سال ایسی لڑکیوں کی زیادہ تعداد کو جو جسمانی طور پر اس کی اہل نہیں ہیں شریک مدارس نہیں کرتے ہیں ؟ جب کوئی لڑکی مدارس میں داخلہ چاہتی ہے تو اس کی تعلیمی حالت کو بہت احتیاط سے جانچا جاتا ہے لیکن صحت اور جسمانی حالت کا مطلق خیال نہیں کیا جاتا۔ ہر مدرسہ یا جامعہ میں بہت سی ایسی لڑکیاں ہیں جو جسمانی حالت کے لحاظ سے ہرگز اس قابل نہیں کہ وہاں رہ سکیں تاہم ہر قسم کی کوشش کی جاتی ہے کہ ان کی علمی قابلیت بڑھائی جائے لیکن جسمانی حالت کے سدھارنے کی جانب بہت کم توجہ کی جاتی ہے۔

(۲) جب ہم یہ جانتے ہیں کہ بہت سی لڑکیاں روزمرہ کی زندگی میں بالکل ناکامیاب رہتی ہیں تو کیوں تعلیمی کوشش کو ان پر ضائع کیا جائے۔ جب ہم انجن میں پٹرول ڈالتے ہیں اور وہ حرکت سے قاصر رہتا ہے تو ہم کہتے ہیں کہ ہماری کوشش رائگاں گئی، پھر کیوں ہم ایسی لڑکیوں کو جو لگاتار دماغی محنت کو برداشت نہیں کر سکتیں تعلیم دینے کی خطرناک غلطی کا اعتراف نہیں کر لیتے بہت کم لڑکیاں اتنی خوش قسمت ہوتی ہیں جو امتحانات میں کامیابی حاصل کرتی ہیں اور صحت کے لحاظ سے بھی غنیمت ہوتی ہیں جو بعد میں مدرسہ کے معلمات کی فہرست میں شریک ہو جاتی ہیں اور اُن کو اپنی ملازمت کے جانے کا اتنا خوف ہوتا ہے کہ وہ کوئی حقیقی کام نہیں کر سکتیں یا وہ شادی کر کے کمزور بچوں کی مائیں بن جاتی ہیں۔ اُن میں اکثر ایسی ہوتی ہیں جن کی زندگی کا خاتمہ چالیس برس کی عمر سے پہلے ہو جاتا ہے۔ فی الحقیقت ان تمام المناک صورتوں کا ذمہ دار مدرسہ ہے۔ اس لئے

نہیں کہ لڑکیوں کے دماغ پر زیادہ بار ڈالا جاتا ہے۔ بلکہ اس لئے کہ اُن کے جسم سے بہت کم کام لیا جاتا ہے۔ اگر ہم لڑکیوں کی عام قابلیت کے بڑھانے میں کئی برس گذردیں اور ان کی صحت کو قائم رکھنے کا مطلق خیال نہ کریں تو یقیناً ہم سخت بازپرس کے قابل ہیں۔

عام طور پر ہندوستانی لڑکیوں کا مستقبل شادی شدہ ہونا اور مائیں بننا ہے۔ کیا ہم اُن کو اس قابل بنانے کے لئے کسی قسم کی مدد دیتے ہیں۔ لڑکوں کو تو ہم اُن کے پیشوں مثلاً قانون۔ طب وغیرہ کے لئے نہایت احتیاط سے تیار کرتے ہیں لیکن لڑکیوں کے۔ لئے جن پر آئندہ نسل کی صحت کا دارومدار ہے مقابلتہً کچھ بھی توجہ نہیں کرتے۔ لڑکیوں کو شاعروں کی سوانح حیات یا سائنس کی تدریجی ترقی، اور ریاضی کے جدید ترین اصولوں سے کیوں واقف کرایا جائے جب ہم جانتے ہیں کہ اُن میں سے اکثر کو علم ہندسہ کے بجائے چھوٹے بچوں کے بخار کے علاج کی واقفیت کی زیادہ ضرورت ہوگی۔

کمزور اور ضعیف بچوں کی مائیں زندگی کا حقیقی لطف حاصل نہیں کر سکتیں۔ کیونکہ وہ اس تعلیم سے بہرہ ور نہیں ہو سکتیں جو اُن کو مدرسہ میں دی جاتی ہے۔ مدرسہ کی تعلیم لڑکیوں کی ثانوی خواہش یعنی معلمہ بننے کے شوق کو تو پورا کرتی ہے لیکن آئندہ عملی زندگی کے لئے اُن کو تیار نہیں کرتی۔ جب واقعات یہ ہیں تو کیا یہ مناسب نہیں ہوگا کہ ہم طریقہ تعلیم میں ترمیم کا مطالبہ کریں۔

ہمارے موجودہ طریقہ تعلیم کا ایک اور بنیادی نقص خیال کی پستی اور خوش و خرم زندگی کا فقدان ہے ہندوستان کے مدارس و جامعات میں شاذ ہی ترقی کی روح اور طالب علمانہ چہل پہل نظر آتی ہے۔ برخلاف اس کے دوسرے ممالک میں تعلیم گاہیں بے فکری، خوشی، اور جوش کا منظر پیش کرتی ہیں اور یہی وہ چیزیں ہیں جو طلبہ کو عملی زندگی میں اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کے قابل بناتی ہیں۔

طلبہ کو سرکاری امتحانات کا اتنا خوف ہوتا ہے کہ کتابیں اُن کے ہاتھ سے نہیں چھوٹتیں ہمارا اعتراض کام کی نوعیت پر نہیں بلکہ طلبہ کے دماغی میلان پر ہے اگر ہم ایک خوش آئند طریقہ تلاش کریں تو یقیناً لڑکیوں کا دماغی بار بڑی حد تک کم ہو جائے گا۔ تفریح کا ایک مناسب طریقہ اس کا بہترین علاج ہے۔

عوام کی اکثریت تعلیم جسمانی کو ابتک "ڈرل" ہی سمجھ رہی ہے۔ حقیقی ڈرل در اصل خوف ناک چیز ہے۔ لیکن لڑکیوں کی تعلیم میں اُس کا بہت کم حصہ ہونا چاہئے۔ لڑکیوں کو اپنے جسم کے حالات کا معلوم کرنا بہت ضروری ہے۔ اس کے لئے تحتانیہ مدارس کے نصاب تعلیم میں جہاں لڑکیوں کی زیادہ تعداد تعلیم پاتی ہے انسانی جسم کے متعلق آسان اور عام فہم رسالہ کا شریک

کیا جانا بہت مفید ہوگا۔

عموماً سب کے لئے لیکن خصوصاً لڑکیوں کے لئے یہ معلوم کرنا بھی بہت اہم ہے کہ جسم کا بیرونی ماحول سے کیا تعلق ہے۔ ہندوستان میں کئی امراض ایسے ہیں جو ابتدائی اصول کی واقفیت اور معمولی توجہ سے دور ہوسکتے ہیں۔ آب نوشیدنی کی عدم نگرانی اور صفائی کے فوائد سے عوام کی ناواقفیت۔ ملیریا، ہیضہ اور پیچش وغیرہ کئی بیماریوں کا باعث ہے۔ بیماریاں کم وبیش جاری رہیں گی لیکن اگر کوشش کی جائے تو جسم بیماریوں کے مقابلہ کے قابل بن سکتا ہے۔

تعلیم کامیاب نہیں کہی جاسکتی جب تک کہ وہ لوگوں کی صحت اور عام حالت کو بہتر نہ بنائے اور یقیناً ہماری موجودہ تعلیم اس لحاظ سے قابل تعریف نہیں کہی جاسکتی کیونکہ اس میں جسمانی حالت اور ایک حد تک دماغی حالت کا مطلق خیال نہیں رکھا گیا اور کہا جاسکتا ہے کہ اس کے متعلق زیادہ محنت رائگاں جاتی ہے۔

ہندوستان میں تعلیمی اصلاحات کی رفتار بہت سست رہی ہے وجہ یہ ہے کہ یہاں مصلح اپنی ان تھک کوششوں سے تعلیمی نقائص دریافت کرتے ہیں۔ اس میں اصلاح اور ترقی کی جانب قدم اٹھاتے ہیں لیکن کتنے افسوس کا مقام ہے کہ عین وقت پر ان کی صحت اتنی خراب ہو جاتی ہے کہ وہ کوئی کام نہیں کرسکتے۔ یا ہمیشہ کے لئے اس دنیا سے چل بستے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ آئندہ نسلوں کو پھر انہی مشکلات سے دوچار ہونا پڑتا ہے مختلف ممالک کی اوسط عمر پر غور کرنے سے پتا چلتا ہے کہ انگلستان میں اوسط عمر ۴۶ سال، ممالک متحدہ امریکہ میں ۵۶ سال، اور سویڈن میں اس سے بھی زیادہ لیکن ہندوستان میں صرف ۲۳ سال ہے گذشتہ دس سال میں امریکہ کی اوسط عمر دس سال بڑھ گئی اور یہ زیادہ تر اس میں حفظان صحت کے اصولوں کی پابندی کا نتیجہ ہے۔ اگر تعلیمات کے حکام مقتدر اس کی جانب توجہ فرمائیں تو جو کچھ دوسری جگہ ہوسکا یہاں بھی ممکن ہے۔

فزیالوجی اور حفظان صحت کے متعلق ہدایات اور کھیل و تفریح کے مناسب طریقے اس کوشش میں بہت بڑی حد تک مدد دے سکتے ہیں لیکن اس کے لئے اتحاد عمل کی سخت ضرورت ہے۔ بغیر اس کے کوئی ملک پوری طرح ترقی نہیں کرسکتا۔ اتحاد عمل اور دوسروں کی جانب ہمدردانہ خیالات کھیل اور تعلیم جسمانی ہی سے حاصل ہوسکتے ہیں۔ لڑکیوں کو اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ کیونکہ ان ہی پر ہندوستان کے خوش آئند مستقبل کا دارومدار ہے۔

کھیل کا فلسفہ

ابتدائے آفرینش سے بنی نوع انسان کے لئے "کھیل" ہمیشہ مرکز دلچسپی رہا ہے اس لئے کہ اصولاً کھیل اگر وسیع معنوں میں لیا جائے تو اُس سے مراد وہ اشغال یا افعال ہیں جو انسان کی حرکت پر عائد کئے جا سکتے ہیں بشرطیکہ اُن میں کسی بیرونی جبر و تعدی کا مطلق دخل نہ ہو بلکہ وہ تمام تر میلانِ طبع اور ذاتی خواہش کا نتیجہ ہوں ۔ انسانی زندگی کا بہترین مطالعہ اُس وقت ہو سکتا ہے جب کہ کسی شخص یا قوم کے کھیلوں کا جائزہ لیا جائے کہ وہ اپنے فرصت کے وقت کیا مشاغل رکھتے ہیں یا کن کھیلوں میں حصہ لیتے ہیں تاکہ اُن کی ذہنیت اور طبیعتوں کا اندازہ ہو سکے ۔

عامیانہ نقطۂ نگاہ سے کھیل اُس کو کہتے ہیں جب کہ انسان فارغ البال، دنیاوی فکروں سے دور اور ہر طرح سے مطمئن ہو پھر اس فرصت کے وقت میں اپنی مرضی کے مطابق دل بستگی اور تفریح کے سامان مہیا کرے جس سے اُس کو فرحت حاصل ہو۔ یہی وقت اُس کی آزمائش کا ہے۔ چونکہ اب اُس کو بہت زیادہ آزادی میسر ہوتی ہے اور وہ اپنی فرصت کا بجا یا بے جا صرف نکال سکتا ہے برخلاف اس کے دوسرے اوقات میں وہ کسی نہ کسی بندش میں رہتا ہے اس لئے اس وقت اس کو مکمل آزادی نہیں رہتی یعنے دوسرے بیرونی اثرات کے تحت وہ اپنے کام انجام دیتا ہے۔ اس سے یہ مراد ہے کہ وہ کھیل میں اپنے اصلی رنگ میں نظر آتا ہے ۔ اور دوسرے اوقات میں اُس کی طبیعت کا اندازہ نہیں ہو سکتا۔ اُس کا یہ لازمی نتیجہ ہے کہ کھیل میں انسان کی سیرت کا مظاہرہ ہوتا ہے۔ چونکہ کھیل خوشی کا سودا ہوتا ہے اور اُس میں اُسے پوری آزادی حاصل رہتی ہے اس لئے اس وقت وہ جو کچھ بھی کام کرے وہ نہایت گہری دلچسپی اور مرضی کے مطابق ہوتا ہے۔ یہی سبب ہے کہ کھیل اس کے لئے زیادہ مرغوب ہوتا ہے اور اس کا اثر اس کی فطرت اور اس کے عادات و اطوار پر بہت گہرا پڑتا ہے ۔

خواہشات کا تلاطم عہد طفولیت سے عالم ضعیفی تک ہمیشہ برپا رہتا ہے اور یہی زیادہ تر انسان کی رہبری کرتا ہے جس سے بعض اوقات نقصان بھی پہونچتا ہے یہ خواہشات روز افزوں بڑھتی جاتی ہیں۔ اور یہی اُس کی ترقی کا بھی باعث ہوتی ہیں۔ اس سے ہم یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ کھیل کی ترقی انسان کی جسمانی ترقی ہی کے لئے مفید نہیں ہوتی بلکہ اس کی ذہنی اور اخلاقی کیفیتوں پر بھی اُس کا بے حد اثر پڑتا ہے۔

یہ عام مشاہدہ ہے کہ جب کبھی آپ چھوٹے بچہ کو پکڑنے کے لئے بھاگتے ہیں وہ بھی بھاگنے کی

کوشش کرتا ہے چاہے وہ دو تین برس ہی کا کیوں نہ ہو۔ اور تھوڑی دور جا کر تھک کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ اور پھر آپ اُس کے پیچھے دوڑئیے وہ بھی دوڑنا شروع کرتا ہے۔ اگر آپ خاموش ہو جائیں تو اُس بچہ کی یہی خواہش ہوتی ہے کہ پھر ایسا کیا جائے۔ اس کے لئے بہ ظاہر کوئی معقول سبب نظر نہیں آتا کہ بچہ اس طرح کیوں دوڑے اور بے تحاشا دوڑے جب کہ اُس کا باپ ہی پکڑنے کے لئے اُس کے پیچھے بھاگے درآں حالیکہ وہ یہ جانتا ہے کہ اُس کا باپ اُس کو ایذا نہیں دے گا اور اُس کے قبل اس کو اس قسم کا تجربہ ہی نہیں تھا جو وہ اس طرح کرتا۔ یعنے بھاگنا بچوں کی جبلت میں داخل ہے دنیا کے مختلف حصوں میں یہ دیکھا گیا ہے کہ بچہ کھیل میں چھوئے جانے سے خائف اور چھونے سے خوش ہوتے ہیں۔ یہ چیز عموماً ہر ملک کے بچوں میں پائی جاتی ہے اور یہی دو خواہشیں چھونا اور چھوئے جانے سے بچنا اس قدر زبردست ہیں کہ اُن کی توجہ انسانی قوت کو ممکنہ طور پر دوڑنے اور چکمے دینے کی طرف مائل کرتی ہے اور ان ارادوں اور خواہشات کی جھلک تمام عمر میں دکھائی دیتی ہے۔ یعنے نقصان سے بچنا خواہش کی چیزوں کی کوشش اور اس کی کامیابی کی خوشی حسیت کی بیداری اور اس میں اضافہ اکثر لوگوں میں کھیل کی بدولت ہوتا ہے آخرش یہ چیز دوسرے راستوں پر لگائی جاسکتی ہے اور اُن سے دوسرے کام لئے جاسکتے ہیں لیکن کھیل اُن کی ابتدائی صورت میں اُن کی ترقی کا باعث ہوتا ہے۔ یہ عموماً دیکھا گیا ہے کہ لڑکے اور لڑکیوں کے کھیل میں بیّن فرق ہوتا ہے۔ لڑکے مشکل اور نئے نئے کھیل سیکھتے جاتے ہیں لیکن لڑکیاں اپنی گڑیوں اور آسان کھیل میں مشغول رہتی ہیں سخت اور مشکل کھیلوں کی طرف رُخ تک نہیں کرتیں۔ یہ بات اُن کی جبلت میں داخل ہے۔ اور اسی طرح بچہ گھروندے بناتے ہیں اور کھانے اسی کی مناسبت سے پکاتے ہیں۔ اسی قسم کے کھیل بچوں کے لئے آئندہ زندگی میں مدد و معاون ہوتے ہیں۔ اور وہ اپنی زندگی کامیابی کے ساتھ بسر کرسکتے ہیں۔

بچے کھلونے بناتے ہیں اور اپنے آپ کو اس کا مالک اور ان چیزوں کو خود کا ایک جزو خیال کرتے ہیں جب وہ بستر پر جاتے ہیں وہ سب چیزوں کو اپنے ساتھ لیجاتے ہیں اور اگر اس میں کسی چیز کی کمی پاتے ہیں تو رونے لگتے ہیں۔ اور جتنی زیادہ چیزیں اُن کے پاس رہتی ہیں وہ اسی قدر خوش ہوتے اور اپنے ساتھیوں کو بتا کر فخر کرتے ہیں یہ چیز اُن کی شخصیت میں اضافہ کا باعث ہوتی ہے جس بچہ کی کوئی ذاتی چیز نہیں ہوتی وہ ایک غیر ذمہ دار سا شخص ہوتا ہے۔ ذمہ داری کا احساس بچوں میں ذاتی ملکیت کی وجہ سے کھیلوں کے ذریعہ سے پیدا ہوتا ہے جو آگے چل کر اُن کو ترقی کی راہ پر گامزن کردیتا ہے۔ بچوں میں کھیلنے کا جذبہ فطری اور بہت قوی ہوتا ہے۔ موجودہ زمانہ میں جب کہ تعلیم و تربیت

سی بچوں کے حق میں ناگوار چیز کو بہت ہی خوشنما اور دلکش کر دیا گیا ہے۔ بچے برابر کھیل کی طرف مائل ہیں۔ چنانچہ متمدن ممالک میں باوجود ابتدائی تعلیم کے دلچسپ طریقہ پر رائج ہونے کے بچے برابر گلی کوچوں اور سڑک کے کناروں پر کھیلتے رہتے ہیں۔ موٹروں کی آمد و رفت کے حادثات کو روکنے کے لئے وہاں کی کوتوالی بچوں کو اس طرح کھیلنے سے روکتی اور بعض صورتوں میں سختی سے سزا بھی دیتی ہے باوجود اس کے بچے ہیں کہ انہماک سے کھیلتے جاتے ہیں اور کسی قسم کی فہمائش اور تنبیہ انہیں اس قدرتی عادت سے پورے طور پر باز نہیں رکھ سکتی۔

ظاہر ہے کہ جو چیز بالذات کتنی عمدہ اور مفید ہی کیوں نہ ہو اگر بے قاعدگی کے ساتھ برتی جائے تو اس کا فائدہ نہ صرف کم ہی ہوگا بلکہ الٹے نقصان کا اندیشہ یقینی ہے۔ یہی حال کھیل کا ہے۔ اگر نہایت عمدہ میدان تیار کر دیئے جائیں کھیلنے کا ضروری سامان فراہم کر دیا جائے اور کھیلنے والوں کو ہر طرح آزادی دے دی جائے تو باوجود ان تمام سہولتوں کے جو مفید نتائج برآمد ہونے چاہیں۔ ان کی بہت کم توقع کی جا سکتی ہے۔ چنانچہ متمدن ممالک میں جہاں نہایت عمدہ گلشن اطفال اور بازی گاہیں موجود ہوتی ہیں وہاں بھی یہ بات تجربہ سے ثابت ہو چکی ہے کہ جب تک ایک نگران کار مقرر کر کے ان کے کھیلنے کے طریقوں اور آپس کے برتاؤ وغیرہ کو قابو میں نہ رکھا جائے گلشن اطفال اور بازی گاہیں بیکار ہیں بلکہ کم و بیش ویسے ہی برے نتائج پیدا کر رہی ہیں جیسے کہ قدیم زمانہ کے بازاری کھیلوں میں پیدا ہوتی تھیں۔ ہمارے شہر میں بھی کھیل کو منظم کرنے کی کوششیں بحمد للہ شروع ہو چکی ہیں۔ متعدد مقامات پر گلشن اطفال بن چکے ہیں۔ نونہالان وطن ان سے پوری دلچسپی کا اظہار کر رہے ہیں لیکن ہمیں اس طرف خاص توجہ مبذول کرنے کی ضرورت ہے ان کے کھیل پر نگرانی نہ ہونے سے کہیں ان میں بری خصلتیں نہ پیدا ہو جائیں جس سے نہ صرف وہ خود بد اخلاق بن جائیں بلکہ سرے سے گلشن اطفال کے وجود کو بے مصرف بنا دیں۔

سعید احمد خاں
متعلم فزیکل ایجوکیشن کالج

تعلیم جسمانی اور اُس کا مقصد

فزیکل ایجوکیشن کا موضوع اگرچہ عامیانہ نقطہ نظر سے کوئی جدید چیز نہیں ہے۔ لیکن علمی حیثیت سے اس پر بہت کم غور کیا گیا ہے۔ اور جو اہمیت آج اس چیز کو دی جا رہی ہے کبھی اس سے قبل نہیں دی گئی۔ کیونکہ مفہوم عام میں فزیکل ایجوکیشن کو محض ورزش جسمانی کا مترادف سمجھا جاتا رہا۔

فزیکل ایجوکیشن علمی حیثیت سے ایک وسیع بحث ہے۔ لیکن مختصراً اس کا ایک خاکہ ذیل میں پیش کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

فزیکل ایجوکیشن کا مفہوم اور اُسکی وسعت

عموماً تعلیم جسمانی سے مراد اور اُس سے مفہوم قوائے جسمانی کو مضبوط بنانا اور صحت کو برقرار رکھنا لیا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ "ہلت ایجوکیشن" اور فزیکل ایجوکیشن کو عموماً مخلوط کر دیا جاتا ہے۔ اور کوئی واضح فرق ہر دو کے درمیان قائم نہیں کیا جاتا۔ حالانکہ فزیکل ایجوکیشن کی وسعت "ہلت ایجوکیشن" سے کہیں زیادہ ہے۔

ہلت ایجوکیشن انسانی زندگی کے صرف ایک شعبہ یعنے صحت سے ہے۔ اور فزیکل ایجوکیشن میں شعبہ صحت کے علاوہ مجموعی طور پر ہر شخصی ارتقا شامل ہے۔

فزیکل ایجوکیشن کا تعلق دیگر علوم کیساتھ

جس طرح طب کی بنیاد اناٹومی۔ فزیالوجی وغیرہ پر مبنی ہے بالکل اسی طرح سے فزیکل ایجوکیشن کی بنیاد بھی فطرت انسانی کے اُن حقایق پر مبنی ہے، جو علوم نفسیات۔ اناٹومی۔ فزیالوجی اور سوشیالوجی (عمرانیات) سے بطور اصول اساسی مستخرج کئے جاتے ہیں۔

فزیکل ایجوکیشن کا تخیل زمانہ قدیم وجدید میں

جس طرح ہر علم کی تاریخ کی ابتدا یونان و روما ہی سے شروع ہوتی ہے۔ اسی طرح فزیکل ایجوکیشن کی ابتدائی تاریخ اور اس کے تخیل کے معلوم کرنے میں بھی ہمیں یونان و روما ہی سے مدد ملتی ہے۔ یونان میں جمناسٹک اور موسیقی کو بڑا دخل حاصل تھا اور یونانی جسمانی ترقی کے لئے ان چیزوں کو ازبس ضروری خیال کرتے تھے رومی بھی جسمانی تربیت کو فوجی اغراض کے لئے مفید تصور کرتے تھے اور اُن کا مقصد اس سے اچھے فوجیوں کو پیدا کرنا تھا۔ اسپارٹا کے لوگ تو اس قدر اہمیت دیتے تھے کہ اپنے کمزور اور بیمار

بچوں کو پہاڑوں کی چوٹیوں پر نذر اجل کر دیتے تھے لیکن رفتہ رفتہ جسمانی ترقی کی بجائے دماغی نشو و نما کا خیال بڑھتا گیا اور دونوں کے آپسی انحصار کی لاعلمی کی وجہ سے ایک کو نظر انداز کر کے دوسرے کی طرف توجہ کی جانے لگی۔ اور جسمانی انحطاط، دماغی انحطاط کا باعث ہوا۔ بالآخر آج ہم جسمانی ترقی پر بھی اتنی ہی توجہ مبذول کرنے پر مجبور ہوئے جتنی کہ دماغی نشو و نما کے لئے۔

حقیقت یہ ہے کہ عقل کا مقام دماغ ہے اور دماغ کی ترقی نظام عصبی میں مضمر ہے۔ نظام عصبی کی کارکردگی میں اضافہ عضلات کی ترقی پر منحصر ہے۔ پس ظاہر ہے کہ جسمانی ترقی ذہنی و دماغی ترقی کے مناسب نشو و نما کے مترادف ہے جس کو اسٹانلی ہال نے اس طرح بیان کیا ہے "فزیکل ایجوکیشن بجائے خود کوئی مقصود نہیں۔ اس کی غایت دماغی اور اخلاقی تربیت ہے اس سے احساسات اور دل و دماغ کی بالیدگی ہوتی ہے"۔

فزیکل ایجوکیشن کا مقصد فزیکل ایجوکیشن کے مقاصد بیان کرنے سے قبل اس کا ذکر کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ مقصد کے تعین کی تعلیم میں کس قدر ضرورت ہے اصول تعلیم کا یہ ایک مسلمہ امر ہے کہ کسی کام میں انسان کو اس وقت تک دلچسپی نہیں ہو سکتی جب تک کہ اس فعل کا اس کی زندگی سے کوئی تعلق اور اس کی ضرورت کا احساس نہ کرایا جائے۔ آج کل جدید اصول تعلیم میں اس کا خاص طور پر لحاظ رکھا گیا ہے۔ اور ترقی یافتہ ممالک میں تو پراجکٹ میتھڈ جیسے نئے طریقے روشناس کئے گئے ہیں۔ فزیکل ایجوکیشن کے مقاصد کو متعین کرنے میں ہمیں حسب ذیل اصول کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے

۱ ۔ فزیکل ایجوکیشن کے اغراض و مقاصد۔ نفسیات۔ حیاتیات۔ عمرانیات کے مسلمہ مسائل پر مبنی ہوں۔

۲ ۔ فزیکل ایجوکیشن کے مقاصد۔ انفرادی خصوصیات اور اجتماعی ضروریات کے حامل ہوں۔

۳ ۔ اس کا مقصد نقائص کی اصلاح یا جسمانی ورزش ہی تک محدود نہ ہو۔

ان اصول کی بنا پر فزیکل ایجوکیشن کے مقاصد دو قسم کے ہو سکتے ہیں۔ جسمانی اور تعلیمی۔ اس لحاظ سے اس کے مقاصد ذیل کے مختلف عنوانوں میں تقسیم کئے جاتے ہیں۔

جسم کو حرکت دے کر عضویاتی نظام کو ترقی دی جائے۔ یہاں اس کے ذکر کرنے کی چنداں ضرورت نہیں معلوم ہوتی کہ جسم کی مشنری میں نظام عصبی کی کیا اہمیت ہے۔ اور اس کے پرداخت میں غور و خوص کس قدر ضروری ہو۔ ایک اعتراض یہ ہو سکتا ہے کہ عضویاتی نظام کی عمدگی خود صحت کی بنیاد ہے۔ جس سے یہ اشتباہ پیدا ہو سکتا ہے کہ تعلیم جسمانی کا مقصد عین صحت ہی کی ترقی ہے لیکن

یہ خیال اسی طرح غیر درست ہے جس طرح کہ تعلیم کے متعلق یہ قرار دینا کہ اس کا مقصد صرف روزی کمانا ہے ۔ صحیح طور پر مختصراً یہ کہا جاسکتا ہے کہ فزیکل ایجوکیشن صرف صحت ہی کے لئے نہیں بلکہ ان نظامات کے ارتقا کے لئے ہے۔

تعلیم جسمانی کا دوسرا مقصد عصبی عضلاتی نظام (نیورو مسکولر سسٹم) کا ارتقا ہے ۔ بالخصوص ان نظامات کا ارتقا جس سے انفرادی خاص صلاحیتیں نشو ونما پاتی ہیں۔ اس قسم کی صلاحیتیں ایک دوسرے سے مختلف ہوا کرتی ہیں۔ مثلاً بعض اقسام کے ناچ اور پیراکی کی مہارت اگرچہ اس میں مہارت حاصل کرنا بظاہر غیر مفید معلوم ہوتا ہے لیکن اس سے متذکرہ صدر نظام نشو ونما پاتا ہے۔

تیسرا مقصد اُن رجحانات کا ارتقاء ہے ۔ جو جسمانی فعلیتوں (Activities) کے جانب مائل ہوتے ہیں۔ اور بالخصوص کھیل کے جانب۔ کھیل صحت کے لئے یا اعصاب کی کمزوری رفع کرنے کے خاطر ہی نہیں کھیلا جاتا۔ بلکہ اس لئے کہ کھلاڑی کو اس سے ایک مسرت حاصل ہو مثال کے طور پر ٹینس کے دو کھلاڑیوں پر غور کیا جائے ۔ جن میں سے ایک تو محض اس لئے کھیلتا ہے کہ وہ اپنی غیر معمولی جسامت کو گھٹائے ۔ اور دوسرا محض کھیل کی خاطر۔ ظاہر ہے کہ آخر الذکر کو کھیل کا نسبتاً زیادہ لطف حاصل ہوگا ۔

فزیکل ایجوکیشن کا چوتھا مقصد سیرت و کردار کا ارتقا ہے ۔ اس کی نمایاں مثال کھیل کے میدان میں بہ آسانی مل سکتی ہے ۔ جہاں ایک کھلاڑی بعض قواعد کے تحت اپنے ساتھیوں کے ساتھ باہمی تعاون کرنا سیکھتا ہے ۔ اور بالواسطہ اس کو ضبط نفس۔ اطاعت۔ راست بازی وغیرہ کی تعلیم حاصل ہوتی ہے ۔

اختتام فزیکل ایجوکیشن کو موجودہ زمانہ میں عام تعلیم کا ایک لازمی جزو قرار دیا گیا ہے اس لئے تعلیم کی دیگر اقسام کی طرح اس کو بھی حالات زندگی کی تبدیلیوں کے مطابق ہونا چاہئے اگرچہ یہ اعلیٰ تصوری زندگی کا مقصد اعلیٰ نہیں ہوسکتا تاہم عام تعلیم کے مسلمہ اغراض کے حصول میں ممد ومعاون ہے۔ اس لحاظ سے مدرسہ کے ایک مضمون کی حیثیت سے اُس کے چند خاص رغایات ہیں۔ اولاً اُس کو ایسا ماحول مہیا کرنا چاہئے جس سے لڑکے کو ایسی جسمانی فعلیتوں میں مشغول ہونے کا موقع ملے۔ جو بجائے خود تشفی و مسرت بخش ہوں۔ ثانیاً اُس کو ایسے حالات فراہم کرنا چاہئے۔ جس سے لڑکوں کو ایسے افعال کے ذریعہ جس سے اُس کی ذات کا اظہار ہوتا ہو دماغی ترقی کا موقع ملے۔ ثالثاً فزیکل ایجوکیشن کا یہ بھی مقصد ہوگا کہ لڑکے کو ایسے مواقع بہم پہونچائے۔ جن میں وہ بحیثیت سماجی فرد (سوشل فرد) کے ترقی کرسکے۔

محمد عبدالقادر صاحب بی۔ اے۔ بی ٹی۔ کالج آف فزیکل ایجوکیشن

تعلیم جسمانی

یہ تبلانا کہ تعلیم جسمانی کی ابتدا اور ضرورت کیونکر ہوئی بہت ہی دشوار ہے۔ کیونکہ ہمارے پاس کوئی ایسا مواد موجود نہیں جس کی بنا پر ہم اپنے خیالات کی بنیاد قائم کر سکیں۔ تعلیم جسمانی کے محقق کو صرف اُن ہی بیانات پر اکتفا کرنا پڑتا ہے جو اُس کو ماہرین طبقات الارض اور ماہرین عمرانیات سے ملے ہیں۔ اور ان ہی بیانات پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس علم کی ابتدا اور ضرورت انسانی زندگی اور اُس کی پیدائش کے ساتھ ساتھ ہوئی۔ انسان اپنی ابتدائی زندگی میں اُن تمام ضروریات کو جو زندگی کے لئے ضروری ہیں جسم کی حرکت اور اعضاء کے استعمال سے پورا کرتا تھا۔ مثلاً چلنا پھرنا۔ کودنا۔ تیرنا۔ شکار وغیرہ۔ اس زمانہ میں ان حرکات کو کسی باضابطہ صورت میں ظاہر نہیں کیا گیا۔ مگر جوں جوں تہذیب کی وسعت کے ساتھ انسانی زندگی میں ترقی ہوئی جسم کی حرکت اور رگ پٹھوں کے استعمال کو بھی ایک مکمل فن سمجھا جانے لگا۔ تاریخ شاہد ہے کہ یونانیوں نے سب سے پہلے اس فن کے میدان میں قدم رکھا اور جسمانی حرکت کو ایک علم اور فن کی صورت میں ترتیب دیا۔ تہذیب و تمدن کے ساتھ ساتھ اس علم و فن کو اتنا فروغ ہوا کہ موجودہ زمانہ میں جہاں کہیں تعلیم جسمانی کا ذکر آتا ہے یونانی مجسمے بطور مثال پیش کئے جاتے ہیں۔ تعلیم جسمانی سے یونانیوں کا اصلی مقصد جسمانی تناسب خوبصورتی اور ذہنی ترقی تھا۔ یونانی زوال کے بعد رومی عہد میں اس علم کے بالکل ہی جداگانہ معنے لیے جانے لگے۔ اس دور میں تعلیم جسمانی فوجی تعلیم کا ایک حصہ بن گئی۔ اہل رومہ کا اصلی مقصد اس تعلیم کے ذریعہ پوری دنیا کا فتح کرنا تھا اس لئے یہ علم اُن کی مطلب برآری کا ذریعہ بن گیا۔ اس دور میں بجائے ترقی کے یہ علم منجملہ اور خرابیوں کے زوال کا باعث ہوا۔

رومی زوال کے بعد مدت تک یہ علم مغرب سے بالکل ہی غائب رہا۔ پندرھویں صدی عیسوی میں جب نشاۃ جدیدہ کا دور شروع ہوا اور دیگر علوم کی ترقی شروع ہوئی تو ارباب حل وعقد نے مرد۔ عورت اور بچوں کی تندرستی اور صحت کے لئے اس علم کی ابتدا کی اور بلحاظ ضرورت اس علم کو سائنٹفک اصول پر ترتیب دیا۔ کچھ عرصہ بعد یہی اصول انگریزی' جرمانی' اور امریکی طریقوں کے نام سے موسوم ہوئے۔ جنگ عظیم کے بعد سے جرمنی۔ امریکہ اور دیگر مغربی ممالک میں اس علم کو دیگر علوم کے مساوی سمجھا جا رہا ہے۔ اس علم کو تشریح بدن' عضویات' حیاتیات اور علم الانسان وغیرہ سے گہرا تعلق ہے۔ باوجود ان تمام تعلقات کے ہم دیکھتے ہیں کہ ایک ملک کی تعلیم جسمانی دوسرے ملک کی ضروریات اور ماحول کے تحت مکمل نہیں کہی جا سکتی۔ مثلاً

ڈنمارک کی تعلیم جسمانی امریکہ کے عوام کو نہیں دی جاسکتی اس لئے کہ امریکہ کا ماحول اور تمدن ڈنمارک سے
بالکل جداگانہ ہے اور ضروریات مختلف ہیں۔

تعلیم جسمانی وہ تعلیم ہے جو انسان کی جسمانی اور دماغی قوت میں اضافہ کرتی اور اُس کی کارکردگی
کو بڑھاتی ہے یوں کہا جاسکتا ہے کہ تعلیم جسمانی انسان کو روزمرہ کے کاموں میں دوسرے اعضاء کو نقصان
پہونچائے بغیر قوت اور راحت بخشتی ہے۔ ماہرین فن نے موجودہ تعلیم جسمانی میں ایسے مشاغل شامل کئے
ہیں جو انسان اپنی ابتدائی زندگی میں کیا کرتا تھا جس سے نہ صرف اُس کی ضروریات زندگی پوری ہوتی تھیں
بلکہ روحانی خوشی بھی حاصل ہوتی تھی۔ مثلاً چلنا پھرنا۔ کودنا۔ تیرنا۔ کشتی۔ گھوڑ بازی۔ وزن اندازی۔ شکار
وغیرہ۔ ان مشاغل میں موجودہ تعلیم کا لحاظ کرتے ہوئے کوئی شغلہ ایسا نہیں ہے جس سے انسانی قامت
اور اعضاء کو نقصان پہونچے برخلاف اس کے وہ تمام جسم کو تقویت بخشتی ہے اس کے علاوہ دل اور شش
کو بھی سانس کے اندر لینے اور باہر چھوڑنے سے ورزش ہو جاتی ہے۔ کیونکہ انسانی زندگی کا دارومدار زیادہ
تر ان دونوں کی صحت پر ہے

ایسے علوم جن کا انسانی زندگی سے گہرا تعلق ہے بتلاتے ہیں کہ انسانی جسم کسی نہ کسی ورزش کے لئے
بنایا گیا ہے اور اسی وجہ سے جسم میں مختلف قسم کے بڑے اور چھوٹے رگ و پٹھے پائے جاتے ہیں کہ ہر ایک
اپنی ضروریات کے لحاظ سے کام کرے۔ یہ ایک قدرتی قانون ہے کہ جو اعضاء کام نہیں کرتے وہ کچھ عرصے کے
بعد بالکل بیکار ہو جاتے ہیں۔ اس قانون کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے اور روزمرہ کی زندگی میں کسی ایک حصہ پر زور
دیا جاتا ہے اور دوسرے حصے بے کار چھوڑ دیئے جاتے ہیں۔ اگر دماغ پر زیادہ زور دیا جاتا ہے تو دوسرے
اعضاء بیکار رہ جاتے ہیں اور رگ و پٹھوں کا زیادہ استعمال ہوتا ہے تو دماغ سے کوئی کام نہیں لیا جاتا۔
ایسی حالت میں ورزش یکطرفہ رہ جاتی ہے اور اندیشہ لگا رہتا ہے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ انسانی قامت اور
قدرتی قانون میں نقص پیدا ہو جائے۔

اس نظریہ کو مدنظر رکھتے ہوئے تعلیم جسمانی کا ایسا نصاب ہونا چاہیئے جس میں حسب ذیل امور کا خیال
رکھا جائے۔

(الف) ایسے کھیل و تماشے جس میں زیادہ تر قواعد و ضوابط نہ ہوں۔ (ب) ایسی تعلیم جس کا
ہدایات صحت عمل صحت اور انسانی کردار سے تعلق ہو۔ (ج) ڈرل اور ایسے کھیل جس میں زیادہ جسمانی
اور دماغی محنت شامل ہو۔ (د) چال چلن پھرتی تیزی تحمل اور خود داری پر زور دیا جائے۔ اس سے
زیادہ کھیل اور دوڑ وغیرہ کے مقابلوں پر زور دیا جائے۔ کیونکہ تعلیم جسمانی اُس وقت تک مکمل نہیں کہی جاسکتی

جب تک کہ اس میں کمیل کے سامان مہیا نہ ہوں جب تعلیم میں اس امر کو ملحوظ رکھا جائے ہر چھوٹے بڑے کے لئے یکساں مفید ہے۔

اب دیکھنا چاہئے کہ جو تعلیم جسمانی ہندوستانی مدارس میں دی جا رہی ہے آیا وہ اصول کے مطابق ہے یا نہیں۔ واقعات سے ظاہر ہوتا ہے کہ اُن اصول پر بہت کم عمل ہو رہا ہے۔ کیونکہ مدارس میں بچوں کو اس علم کی طرف بالکل ہی کم رغبت ہے اور وہ اس کام میں بہت کم حصہ لیتے ہیں۔ موجودہ مدارس کی تعلیم جسمانی بچوں کی دلچسپی اور ترقی کا باعث نہیں ہوتی بلکہ اُن پر زبردستی عائد کی جاتی ہے۔ اس کی اصلی وجہ یہ ہے کہ ہندوستان میں کسی خاص قسم کی تعلیم جسمانی مقرر نہیں ہے۔ اکثر مقامات میں ہندوستانی ورزش ڈنڈ بیٹھک پر مشتمل ہوتی ہے۔ بلحاظ عمر بچوں کے لئے یہ ورزش بہت زیادہ ہے جس کی وجہ سے اُن کو بجائے فائدہ کے نقصان پہنچ رہا ہے۔ جو اُستاد اس قسم کی تعلیم کے لئے مقرر کئے جاتے ہیں وہ ناخواندہ ہوتے ہیں اور اُن کو بچوں کی تربیت کا کوئی خیال نہیں ہوتا۔ مدرسہ کے علاوہ ہندوستان میں اکھاڑے بھی اس کام میں مدد دیتے ہیں لیکن ان میں ایسے بدوضع لڑکے جمع ہوتے ہیں کہ بجائے درستگی کے بچوں کی عادت میں خرابی پیدا ہوتی ہے۔ بعض مقامات پر جمناسٹک اور فوجی ڈرل پر زیادہ زور دیا جاتا ہے اُن کا اصل مقصد بچوں کو فوجی تعلیم دے کر فوجی بنانا ہوتا ہے۔ اور بعض مقامات ابھی اسی تذبذب میں ہیں کہ ہندوستان میں کس طریقہ کی تعلیم جسمانی دی جانی چاہئے۔ آیا جرمنی۔ انگریزی۔ امریکن یا ولندیزی۔ مگر یہ خیال نہیں کیا جاتا کہ ہندوستانی طلبہ کس چیز کے زیادہ تر خواہشمند ہیں اور اُن کی ضروریات کس قسم کی ہیں۔ اگر ہم مغربی ممالک کی تعلیم جسمانی یہاں رائج کریں تو ہمیں یقین ہے کہ ہندوستانی طلبہ کا میلان اُن کی طرف نسبتاً اپنی گھریلو ورزش کے کم ہوگا۔ اور اگر گھریلو ورزش اختیار کی جائے تو نقصان اور خرابیاں پیدا ہونے کا احتمال ہے۔ ہم کو چاہئے کہ صرف اپنی گھریلو ورزش پر قانع نہ رہیں بلکہ اور مقامات سے جہاں اس تعلیم کو زیادہ ترقی دی گئی ہے کچھ فائدہ اُٹھائیں۔ اور ایک ایسی تعلیم جاری کریں جو ہماری گھریلو اور غیر مقامات کی ورزش کا مجموعہ ہو اور بچوں کی عمر کا لحاظ کرتے ہوئے ایسا جماعت واری نصاب مقرر ہو جس میں تدریجی ترقی ملحوظ رہے۔ اور یہ تعلیم علم الابدان، عضویات اور نفسیات پر مبنی ہو تاکہ طلبہ میں علاوہ صحت اچھی ہونے کے اطاعت، ضبط، خودداری حب الوطنی اور سچائی وغیرہ پیدا ہو۔ کیونکہ یہ عادات نہ صرف بچپن ہی میں فائدہ مند ہوتے ہیں بلکہ آئندہ زندگی میں قومی فلاح و بہبود کا باعث بھی ہوتے ہیں۔

ہندوستانی مدارس و جامعات کے اعداد شمار سے پتا چلتا ہے کہ جب طالب علم پہلے سال مدرسہ میں شریک ہوتے ہیں تو اُن میں ورزش اور کھیل کود کی طرف زیادہ رغبت ہوتی ہے اور جب وہ ترقی کرتے

اونچی جماعتوں میں پہنچتے ہیں تو یہ خواہش نسبتاً کم ہوتی جاتی ہے اور جسمانی قامت میں خرابی پائی جاتی ہے۔ کیونکہ لڑکے کئی گھنٹوں تک ایک ہی حالت میں بیٹھے رہتے ہیں۔ اور بہت کم وقت اُن کو تفریح کے لئے ملتا ہے۔ ۹۹ فیصدی تعداد ایسی ہے جن کے قامت میں خرابی ہوتی ہے اور اُس کے دور کرنے کے لئے ڈرل* ہی ایک ذریعہ ہوسکتی ہے۔ اس ڈرل میں گردن۔ ہاتھ۔ پاؤں۔ سینہ اور دیگر اعضاء پر زور پڑتا ہے اور جسمانی نقص دور ہوسکتا ہے۔ اس میں اور بھی کئی خوبیاں مضمر ہیں جن کا عام صحت پر اثر پڑتا ہے۔ اگر یہ ڈرل نہ کرائی جائے تو اکثر خرابیاں جو غلط طریق سے بیٹھنے۔ کھڑے رہنے۔ لکھنے اور پڑھنے سے پیدا ہوتی ہیں اور جس کا اثر بازوؤں کی گولائی پیٹ اور ریڑھ کی ہڈیوں کی خرابی میں ظاہر ہوتا ہے بڑھ جائنگی۔ کم از کم ایسی ڈرل بیس (۲۰) یا پچیس (۲۵) منٹ روزآنہ کرائی جانی چاہیئے۔ اس ڈرل کے بعد کم از کم ادھ گھنٹہ کھیل کی طرف متوجہ کرانا چاہیئے۔ اور تمام کھیلوں کے سامان مدارس میں مہیا ہونے چاہیئے۔ کیونکہ کھیل سے اسپورٹ مین شپ اور دیگر عمدہ عادات پیدا ہوتے ہیں۔ ماہرین نفسیات نے یہ بتلایا ہے کہ جوں جوں لڑکے اعلیٰ جماعتوں میں ترقی کرتے جائیں دماغی کام کم ہو اور کھیل اور تفریح کے سامان زیادہ۔ چنانچہ جرمنی، امریکہ اور مغربی ممالک میں اس پر بہت زور دیا جارہا ہے۔ جنگ عظیم کے بعد جرمنی نے جو ڈرل اور کھیل میں ترقی کی ہے وہ قابل ذکر ہے۔ آج کل جرمنی میں گیمس، اتھلیٹک اسپورٹس، ہیراکی اور ڈرل پر زیادہ زور دیا جارہا ہے۔ اور تمام شہروں میں بازی گاہ تماشا گاہ اور تیرنے کے حوض وغیرہ بنائے گئے ہیں جن میں لوگ بعض تماشے کی خاطر اور بعض عملی حصہ لینے کے لئے جمع ہوتے ہیں۔ ملک جرمنی تمام دنیا کی اقوام میں اس میدان میں سبقت لے جارہا ہے اور یہ کہنا مناسب ہوگا کہ یہاں کی آبادی کھیل و تفریح میں دنیا کی آبادی سے بہت آگے نکل گئی ہے۔

اب ہندوستانی طلبہ کا لحاظ کرتے ہوئے زیادہ زور ڈرل اور کھیل پر دیا جانا چاہیئے۔ اکثر مقامات پر ہندوستانی طلبہ کو شاید ہی کہیں کھیل کا موقع ملتا ہے کیونکہ کوئی خاص مقام اور جگہ مقرر نہیں ہے جہاں تمام لڑکے جاکر کھیل سکیں اور جہاں کم جگہ دستیاب ہوتی ہے وہاں پر ایک اور خرابی یہ پیدا ہو جاتی ہے کہ جو کمزور مبتدی ہوتے ہیں اور جن کو کھیل کود کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے اکثر مرتبہ مایوس ہوکر تماشبین بن جاتے ہیں۔ پس تمام مدارس میں کم از کم ایک ایسا میدان ہونا چاہیئے جہاں لڑکے آسانی سے کھیل سکیں۔ اور تجربہ سے یہ معلوم ہوا ہے کہ کنڈرگارٹن مدارس میں کم از کم ۱۵۰ مربع فٹ تحتانیہ مدارس میں ۲۵۰ مربع فٹ۔ وسطانیہ مدارس میں ۵۰۰ مربع فٹ۔ فوقانیہ مدارس میں ۱۰۰۰ مربع فٹ اور جامعات میں ۲۵۰۰ مربع فٹ زمین فی طالب علم ہونی چاہیئے اور کم از کم ایک گھنٹہ

* Caisthenics

خاص طور پر کھیل کے لئے مقرر کیا جانا چاہیے۔ ان تمام کھیلوں پر خاص طور پر نگرانی ہونی چاہیے ورنہ لڑائی جھگڑوں کا اندیشہ ہے۔ آج کل ہندوستان میں کھیل اور اسپورٹس اکثر مقامات پر لڑائی جھگڑوں پر ختم ہوتے ہیں کیونکہ اُن میں کوئی باضابطگی نہیں پائی جاتی اور کھیل کے اصلی مقصد پر زور نہیں دیا جاتا بجائے برادرانہ محبت اور یک جہتی کے عناد پایا جاتا ہے۔ اس لئے نگرانی کے لئے ایسے تعلیم یافتہ استاد مقرر کیئے جائیں جو فن سے واقف ہوں۔

کروچ اسٹارٹ کی ابتدا

یہی ایک آغاز ہے جس کو بین الاقوامی مقبولیت نصیب ہوئی۔ اس سے پہلے بہت سے دوڑنے والوں نے اور کئی ایک ماہرین دوڑ نے بتعدد قسمیں ایجاد کیں لیکن کسی کو بھی اتنی مقبولیت نصیب نہیں ہوئی۔ آج کل (۱۰۰) سو گز سے لے کر چار سو چالیس (۴۴۰) گز کی دوڑ تک یہی آغاز مفید ثابت ہوئی ہے۔

اس کی ابتدا ۱۸۸۸ء میں چارلس۔ ایچ۔ شرل نامی ایک دوڑنے والے نے کی۔ درآں حالیکہ اس آغاز کا موجد ایک اور شخص میکل۔ سی۔ مرفی تھا۔

چارلس۔ ایچ۔ شرل۔ راکے ہنٹ کلب کی دوڑ میں شریک ہوتا ہے تماش بینوں سے لے کر مجیٹر تک کو غلط فہمی ہوتی ہے۔ سب کے سب یہ سمجھتے ہیں کہ شرل آغاز سے واقف ہی نہیں۔ اس کا مذاق اُڑایا جاتا ہے۔ مگر ان کو یہ معلوم کرایا جاتا ہے کہ شرل اسی ہیئت سے آغاز کرنا چاہتا ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ شرل اسی آغاز کی بدولت اس دوڑ میں اول آتا ہے۔

اس آغاز میں سامنے کا پیر خط آغاز سے کم از کم ۴ انچ اور زیادہ سے زیادہ ۱۲ انچ پیچھے رکھا جاتا ہے۔ ہر دوڑنے والے کو چاہیئے کہ ۴ سے ۱۲ انچ تک جو فاصلہ از روئے تجربہ مناسب سمجھا جائے اس پر عمل پیرا ہو۔ پچھلے پیر کا گھٹنا سامنے کے پیر کی ایڑی کے مقابل رکھے اور جسم کا بوجھ ہاتھ کی اُنگلیوں اور پیر کے پنجوں پر رہے۔

نگاہ آغاز کے وقت یا تو اُس مقام پر رہے جہاں پر کہ پہلا قدم رکھا جائے گا۔ یا خط آغاز سے تقریباً تیس فٹ (۳۰) کے فاصلہ پر رہے۔ یہ یاد رہے کہ اس دوڑ میں پہلے قدم کا فاصلہ

خط آغاز سے زائد از زائد (۱۸) انچ کا ہو۔

جسم کا پورا بوجھ ہاتھ کی انگلیوں پر اس طرح رہے کہ اگر دوڑنے والے کا ایک ہاتھ جائے قیام سے ہٹا دیا جائے تو وہ فوراً گر جائے بوقت قیام دونوں ہاتھوں کا درمیانی فاصلہ جسم کی جسامت کے لحاظ سے رکھا جائے۔ مگر عموماً یہ دیکھا گیا ہے کہ اگر دونوں ہاتھوں کا درمیانی فاصلہ (۲) فٹ سے زیادہ کا ہو تو سرعت سے آغاز کرنا دشوار ہو جاتا ہے۔ اور بسا اوقات ہاتھوں کا درمیانی فاصلہ زیادہ رکھنے سے دوڑنے والے کے گر جانے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ ہاتھ کی انگلیاں خط آغاز کے پیچھے اس طرح جمی رہیں کہ انگوٹھا اور انگشت شہادت تقریباً ایک ہی خط مستقیم میں ہوں اور ایک ہاتھ کا انگوٹھا دوسرے ہاتھ کے انگوٹھے کے ٹھیک مقابل ہو چونکہ بوقت آغاز پیر کے پنجوں اور ہاتھ کی انگلیوں پر بیٹھتے ہیں اس لئے دوڑ کی ابتدا کے قبل پیر کے مضبوط جمے رہنے کی غرض سے چھوٹے چھوٹے گڑھے بنائے جاتے ہیں۔ جن کی پچھلی دیواریں تقریباً عمودی اور مقابل کی دیواریں مائل ہونی چاہئیں۔ یہ گڑھے پنجوں کو ٹیکنے کے لئے بنائے جاتے ہیں جس کی وجہ سے پیر مضبوط جمے رہتے ہیں اور پیر کے پھسلنے کا کوئی اندیشہ نہیں رہتا۔

سو گز کی دوڑ ۔ اس دوڑ میں آغاز سب سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے۔ جہاں پر کہ اسپورٹس کا معیار بلند ہے۔ وہاں کی اوسط رفتار کے دوڑنے والے بھی سو (۱۰۰) گز کی دوڑ بآسانی ۱۱ یا ۱۲ ثانیوں میں ختم کر سکتے ہیں۔ لیکن اعلیٰ درجہ کے دوڑنے والوں نے دس سے کم ثانیوں میں بھی اس کو طے کیا ہے۔

سو گز کی دوڑ دس (۱۰) ثانیوں میں ختم کرنے کے یہ معنی ہیں کہ دوڑنے والا دس (۱۰) گز فی ثانیہ یا بیس (۲۰) میل فی گھنٹہ کی رفتار سے دوڑ سکتا ہے۔ ماہرین دوڑ کی یہ رائے ہے کہ اگر کوئی شخص معقول طریقہ سے آغاز کرے تو امید کی جاسکتی ہے کہ ۹ ثانیوں میں سو (۱۰۰) گز طے ہو سکیں گے۔

آج تک مشاہدہ سے جو بات ثابت ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ ۳۴ فٹ فی ثانیہ سے تیز تر دوڑنا محال سمجھا گیا ہے۔

دوڑ ۔ اس دوڑ میں پہلا قدم بہت بڑا ڈالنے کی کوشش کرنا خالی از اندیشہ نہیں۔ آغاز نہایت ہی سرعت کے ساتھ ہو لیکن ابتدائے دوڑ میں تیزی کے ساتھ لگاتار بڑے بڑے قدم ڈالنا قرین مصلحت نہیں ہے آغاز کی بعد رفتار میں بتدریج ترقی کی جائے۔ رفتار میں ایسی ہی ترقی چاہئے جیسی کہ ایک ریلوے انجن میں ہوتی ہے نہ کہ ایسی جیسی کہ ایک موٹر کی رفتار میں ہوتی ہے۔ آغاز کے ساتھ

ہی جسم کو دوڑ کی اصلی وضع میں نہ لانا چاہیئے۔ سامنے کی پیر کی حرکت میں اس بات کا لحاظ رکھا جائے کہ گھٹنا ہمیشہ اس قدر اونچا اٹھایا جائے کہ ران زمین سے تقریباً متوازی ہو جائے۔

دوڑ کی اصلی وضع سے مراد جسم کی وہ ہئیت ہے جس کی کہ جملہ ماہرین دوڑنے بلا استثنا سفارش کی ہے تجربہ سے یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ حسب ذیل طریقہ سے دوڑنے میں بے حد سہولت ہے۔

دوڑتے وقت جسم کسی قدر سامنے کو جھکا رہے اور سر جسم اور پچھلے پیر کی پنڈلی کا ایک ہی خط مستقیم میں رہنا بھی ضروری ہے۔ اور اس وقت سر دھڑ اور پچھلے پیر کی پنڈلی ایک ہی۔ مائل خط مستقیم میں ہوں۔

قدم کے فاصلے مختلف قد و قامت کے اشخاص کے لئے مختلف ہوں گے۔ بہت ہی اونچے اور اعلیٰ درجے کے دوڑنے والوں کے لئے بھی ۷ فٹ ۶ انچ سے زیادہ کا ایک قدم لینا نامناسب ہوگا۔ مگر عموماً ۶ اور ۷ فٹ کا درمیانی فاصلہ قدم مفید سمجھا گیا ہے۔

پاؤ میل یا ۴۴۰ گز کی دوڑ اس دوڑ کے واسطے بھی کروچ آغاز مفید سمجھی گئی ہے اس دوڑ میں پہلے ایک سو (۱۰۰) گز کا فاصلہ تیز رفتار سے اور آخری سو (۱۰۰) گز کا فاصلہ بہت زیادہ تیز رفتار سے دوڑنا چاہیئے۔ درمیانی دو سو بیس (۲۲۰) گز کے فاصلہ میں گہری سانس لینا اور قدم میں مساوات کا لحاظ رکھنا ضروری ہے اس دوڑ میں قدم کا فاصلہ اتنا زیادہ نہ ہونا چاہیئے جتنا کہ سو گز یا دو سو بیس گز والی دوڑیں ضروری ہے۔ جسم کا سامنے کو جھکا رہنا اور سر اور جسم کا ایک ہی خط مستقیم میں رہنا بھی ضروری ہے۔ اوسط[1] فاصلہ کی دوڑ میں ہاتھوں کو زیادہ حرکت دینے کی ضرورت نہیں۔ ہاتھوں کی حرکت میں اس بات کا لحاظ رکھا جائے کہ ہاتھ کہنیوں سے خمیدہ او رصرف سامنے اور پیچھے حرکت کرتے رہیں۔

اس دوڑ میں پیر کی حرکت میں اس بات کا خیال رکھا جائے کہ سامنے کا پیر کسی قدر گھٹنے سے خمیدہ ہو اور پچھلے پیر کی پنڈلی زمین سے تقریباً متوازی رہے۔ دوران مشق میں چھوٹے[2] کیلوں کا جوتا استعمال کیا جائے اور پہلے پندرہ روز تک آہستہ آہستہ دوڑنا قرین مصلحت ہے اور پہلے ہفتہ میں صرف تین روز کی مشق کافی ہے۔ دوسرے یا تیسرے ہفتہ میں ۳/۴ حصہ فاصلہ مقررہ کا آہستہ

---

[1] اوسط فاصلہ کی دوڑ سے مراد ۴۴۰ یا ۸۸۰ گز کی دوڑ ہے۔

[2] دوڑ کے جوتے خاص طور سے تیار کئے جاتے ہیں ان کے تلے میں صرف ۶ یا ۷ کیلے ہوتے ہیں جن پر پیر کا پورا بوجھ ہوتا ہے۔

اور $\frac{۱}{۴}$ حصہ تیزی سے دوڑنا چاہیئے جوں جوں مشق بڑھتی جائے تو نصف حصہ تیز اور نصف حصہ آہستہ دوڑنا مفید ہوگا۔

ٹٹی دوڑ[۱] اس دوڑ کے لیئے بھی کروچ آغاز مفید ہے۔ گو یہ ایک "راہی کرتب[۲]" ہے لیکن اکثر لوگ اُس کو غلطی سے "میدانی کرتب[۳]" تصور کرتے ہیں۔ یہ ممالک متمدنہ کی ایک نہایت ہی دلچسپ اور پسندیدہ دوڑ ہے۔ جہاں تک ہمیں معلوم ہے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ آج تک کسی نے بھی ۱۴ $\frac{۲}{۵}$ سکنڈ سے کم میں اُس کی تکمیل نہیں کی۔ اور وقت مندکرہ میں اس دوڑ کی تکمیل نہ صرف معمولی بات ہے بلکہ قابل ستائش ہے۔ اور آج تک ارل تھامسن ہی کو اس بات کا فخر حاصل ہے کہ اُس نے اس قدر قلیل عرصہ میں اس دوڑ کی تکمیل کی یہ ایک سو بیس (۱۲۰) گز کی دوڑ ہے۔ جس میں ٹٹیاں دس دس گز کے فاصلہ سے استادہ کی جاتی ہیں۔ اور راستہ کے ہر دو جانب یعنی خط آغاز سے پہلی ٹٹی تک اور آخری ٹٹی سے خط اختتامی تک پندرہ پندرہ گز کا فاصلہ خالی ہوتا ہے۔ اس میں ہر ٹٹی کی بلندی ۳ فٹ ۶ انچ اور عرض ۴ فٹ کا ہوتا ہے۔ اس دوڑ میں عموماً لمبے قد کے اشخاص کامیاب رہے ہیں۔

ہر ایک ٹٹی دوڑنے والے کو سب سے پہلے نپے ہوئے قدم سے دوڑنے کی ضرورت ہے اس لئے زمانہ مشق میں اس پر کافی وقت صرف کیا جائے۔ کیونکہ ماہرین کی یہ رائے ہے کہ ہر دو ٹٹیوں کا درمیانی فاصلہ ۳ یا ۵ قدم میں طے کیا جائے اور ابتدائی (۱۵) گز کا فاصلہ کل (۸) قدم میں طے کرنا چاہیئے۔ ظاہر ہے کہ ایک ٹٹی سے دوسری ٹٹی تک کا فاصلہ ۳۰ فٹ سے زیادہ کا نہیں ہوتا۔ اب اگر ۸ فٹ کا فاصلہ ۳ یا ۵ قدم میں طے کر لیا جائے تو صرف (۱۲) فیٹ کا فاصلہ بیچ رہے گا۔ جس کو حسب ذیل طریقوں سے طے کرنا مفید و مناسب ہے۔

جست کرنے کا مقام کا فاصلہ باڑ سے بہ نسبت اترنے کے مقام کے فاصلہ سے زیادہ ہونا چاہیئے، یعنی دوڑنے والا اس وقت جست کرنے کا ارادہ کرے جب کہ وہ ٹٹی سے ۶ یا ۷ فٹ کے فاصلہ پر ہو اور دوسری جانب اترنے کا مقام ٹٹی سے ۴ یا ۵ فٹ کے فاصلہ پر ہو اگر یہ فاصلہ ۴ یا ۵ فٹ سے بھی کم ہو تو مناسب ہے۔

---

1. Hurdle Race.
2. Track event.
3. Field event.

ظاہر ہے کہ بعض سیدھے اور بعض بائیں پیر سے اُچکنے کے عادی ہوتے ہیں اور جس پیر سے جست کی جاتی ہے وہ پیر یقیناً پیچھے رکھا جاتا ہے اور اُس کے مقابل کا پیر سامنے ہیں ٹٹی پر سے گذرتے وقت سامنے کے پیر کو تقریباً سیدھا رکھنا مناسب ہوگا لیکن پچھلے پیر کا ہر حصہ زمین سے متوازی اور ہر جوڑ سے زاویہ قائمہ کی شکل بنانا نہایت اچھا ہے یعنی ران جسم سے اور پنڈلی ران سے اور پنجہ پنڈلی سے اس قدر جھکا رہے کہ سامنے کا پیر اور جسم کے خم سے حرف (د) کی شکل نمودار ہو۔ جو پیر کہ ٹٹی پر سے گذرتے وقت سامنے ہوگا اس کے مقابل کا ہاتھ سامنے ہوگا اگر یہ فرض کیا جائے کہ سیدھا پیر ٹٹی پر سے گذر رہا ہے تو سیدھا ہی ہاتھ پیچھے ہوگا تاکہ جسم کا جھوک سنبھلا رہے۔

اس دوڑ میں خاطر خواہ کامیابی کے لئے اس قسم کی ورزش کرنی چاہیں جس سے پیٹ کے پٹھے زیادہ قوی ہوسکیں نہ صرف یہی بلکہ ٹٹی دوڑ والوں کو کئی ایک ایسی ورزشیں کرنی پڑتی ہیں جس کی بدولت اُن کے جوڑوں میں بآسانی مڑنے کی ایک خاص قابلیت پیدا ہو جائے۔

چند گُر

(۱) ہر چھوٹے فاصلہ کی دوڑ میں کہ جس کا راستہ سیدھا بنایا جاتا ہے دوندوں کو راستے کے بیچوں بیچ سے دوڑنے کی مشق کرنی چاہیئے۔

(۲) ہر بیضوی یا مدوری راستہ کی دوڑ میں دوڑنے والے کو راستہ کے بالکل کنارے سے دوڑنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔

(۳) ہر سیدھے راستے کے دوڑنے والے کی نظر اختتامی ڈوری پر ہونی چاہیئے۔

(۴) ہر دوڑنے والے کو چاہیئے کہ اختتامی ڈوری کو اپنے سینہ سے مس کرے۔

(۵) ہر دوڑنے والے کو یہ ہمیشہ کوشش کرنی چاہیئے کہ دوران دوڑ میں اس کا جسم کسی قدر سامنے کو جھکا رہے۔

(۶) ہر دوڑنے والے کو دوڑتے وقت ہرگز پیچھے پلٹ کر نہیں دیکھنا چاہیئے کیونکہ ½ ثانیہ کا وقفہ بھی بڑی بڑی دوڑوں میں ایک کثیر نقصان پیدا کر دیتا ہے۔

(۷) ہر دوندہ کا نقطۂ نظر یہ ہونا چاہیئے کہ اس کو اختتامی خط سے کچھ فاصلہ زیادہ بھی دوڑنا ہے۔ دوران مشق میں اس بات کا ضروری لحاظ رکھا جائے۔

(۸) دوڑ کے اختتام پر طولانی جست کرنا خالی از اندیشہ نہیں۔

(۹) مدوری راستہ کے دوڑنے والوں کو موڑ پر پوری تیزی سے مڑنے سے اپنے راستہ سے دور نکل جانے کا اندیشہ ہوتا ہے بدیں وجہ ایسے دوندوں کو صرف موڑ پر اپنے سیدھے پیر کے انگوٹھے کا رخ راستہ کے

خط کے اندرونی طرف رکھ کر دوڑنے کی مشق کرنی چاہئے تاکہ آسانی پوری رفتار سے مڑسکیں۔

(۱۰) دوڑیں ہمیشہ اس بات کا لحاظ رکھا جائے کہ گھٹنے جانبین میں ترچھے نہ اٹھیں بلکہ سیدھے

(۱۱) اوسط اور بڑی دوڑوں کے واسطے دوران مشق کم از کم تین (۳) ماہ کا ہونا چاہئے۔

(۱۲) بڑی دوڑوں اور تیز اوسط درجہ کی دوڑوں کی مشق بعد از طبی معائنہ شروع کی جائے۔

(۱۳) بڑی دوڑوں میں عمر کا ضروری لحاظ رکھا جائے یعنی کم عمر لڑکوں کو بڑی دوڑوں میں شریک ہونے کی اجازت نہ دی جائے۔

کھیل

لفظ کھیل منجملہ اُن کئی الفاظ کے ہے جس کے معنی کا اظہار دو چار جملوں میں مکمل طور سے نہیں ہوسکتا ماہرین فن اس کی تعریف مختلف پہلوؤں سے کر چکے ہیں لیکن کوئی ایک تعریف ایسی نہ ہوسکی جو لفظ کے پورے معنی پر حاوی ہو سکے "کارل ایل سی شور" کی تعریف "کھیل وہ ہے جس میں انسان اپنے آپ کو حقیقی طور پر ظاہر کرے" یا اون اور میچل کی تعریف "جو کام کھیل کے معنوں کو پورا کرے کھیل ہے" بعض بہترین تعریفوں میں شمار کی جاتی ہے۔

کھیل کی ابتدا انسانی زندگی کے ساتھ ہوئی ہے۔ چلنا، دوڑنا، کودنا، چڑھنا اور پھینکنا انسان کے فطرتی حرکات ہیں اور کھیل منحصر ہے ان ہی حرکات پر۔ اس لحاظ سے کہا جاسکتا ہے کہ کھیل انسانی زندگی کا لازمی جزو ہے۔

آثار قدیمہ جس حد تک دستیاب ہوئے ہیں شاہد ہیں کہ بابل اور مصر جیسے قدیم شہروں کے باشندے کھیل کے بے حد شائق تھے ملک چین میں بھی بہت سے کھلونے نقوش اور دوسری ایسی چیزیں پائی گئی ہیں جو قدیم باشندوں کے کھیل کے مذاق کو ظاہر کرتی ہیں۔

یہ بات سب جانتے ہیں کہ ابتداً سب چیزیں بھدی اور ناقص ہوتی ہیں۔ یہی حال کھیل کا ہے۔ ماہرین فن کا اندازہ ہے کہ بھاگنا، تعاقب کرنا، گرفتار کرنا اور رنبج نکلنا پہلے زمانہ کے عام و مقبول کھیل تھے۔ اس کے بعد ۷۷۶ ق م میں ہم یونان کے مشہور عالم "تنظیم یافتہ" "اولمپک گیمس" کا ذکر پاتے ہیں جن سے موجودہ زمانے کے اکثر ترقی یافتہ کھیلوں کو راست تعلق ہے۔ مندرجہ بالا تحریر سے مطلب یہ ہے کہ کھیل

کی تدریجی ترقی نہایت مختصر طور پر واضح کردی جائے۔

فی زمانا یہ میلان عام ہوگیا ہے کہ تعلیم کھیل کے ذریعہ دی جائے۔ ہر قسم کی تعلیم کے ساتھ ساتھ اس بات کا ضرور خیال کیا جاتا ہے اور ایسے طریقے دریافت کئے جاتے ہیں کہ بچے تعلیم کو کھیل کے پیرایہ میں حاصل کرسکیں۔ وجہ یہ ہے کہ کھیل بچوں کے فطرت میں داخل ہے اور یہ اُن کی دلچسپی کا باعث ہے اس لئے تعلیم میں دلچسپی پیدا کرنے کے لئے اس میں کھیل کا عنصر شامل کرنا نہایت ضروری ہے تاکہ بچے وہ دماغی تکان محسوس نہ کریں۔ جو معمولی طریقہ تعلیم کا لازمی نتیجہ ہے۔ یہ بات بھی کھیل کی ضرورت کو بہت بڑی حد تک ثابت کرتی ہے۔

مسٹر ڈین (پلاننگ افسر مدراس) اپنی ایک حالیہ تقریر کے سلسلے میں بیان کرتے ہیں کہ آج کل ہر شہر کی تنظیم میں دیگر اہم ضروریات کے ساتھ "بازی گاہوں" کا خیال رکھنا بے حد ضروری ہوگیا ہے متمدن ممالک اس کام کے لئے بے دریغ روپیہ صرف کر رہے ہیں۔ مدراس کی ایک نئی اسکیم کا نقشہ تبلاتے ہوئے صاحب موصوف نے ثابت کیا کہ بازی گاہیں شہر کو ہر لحاظ سے مکمل بنانے کے لئے کس قدر ضروری ہیں۔

اب اس بات پر غور کرنا کہ کھیل میں کونسی ایسی خوبیاں ہیں جس کے لئے اس کو اتنی اہمیت دی جائے نامناسب ہوگا۔

کھیل جسمانی قوت کو بڑھاتا ہے۔ آج کل شہری بچوں سے ورزش کا شوق اُٹھ گیا ہے اس کمی کو پورا کرنے کے لئے کھیل ہی ایک طریقہ ہوسکتا ہے۔ کھیل زیادہ تر اعضائے رئیسہ کو تقویت دیتے ہیں۔ اعضائے رئیسہ کی قوت جسمانی قوت سے بہت زیادہ اہم ہے۔ تقریباً تمام کھیل قدیم ہیں اور جسم کو حرکت دینا اُن کا لازمی جز ہے۔ ان میں سے اکثر دوڑنے پر مشتمل ہیں جو ہاتھ پاؤں اور دل کو تقویت دیتے ہیں۔

کھیل کود دماغی نشو ونما میں بہت بڑا دخل ہے وہ بچوں کے تجربہ کو بڑھاتا اور ان کے تجسس، قوت متخیلہ اور عام ذہنی قوتوں کو بیدار کرتا ہے۔

ڈاکٹر "سی شور" کا بیان ہے کہ "اعلیٰ دماغی قابلیتیں" حواس خمسہ اور عام جسمانی قوت کے استعمال کے ساتھ ساتھ ترقی کرتی جاتی ہیں۔ بچوں کے کھیل اُن کے اپنے اندرونی جذبات کو ظاہر کرتے ہیں اور یہ کھیل کا ایک دلچسپ پہلو ہے۔ بچے بہت زیادہ حساس ہوتے ہیں اور کھیل ہی ایک طریقہ ہے جس کے ذریعہ وہ اپنی حقیقت کو آزادی سے ظاہر کرسکتے ہیں۔ اُن کے خیالات

عمل کی صورت اختیار کرتے ہیں اُن کی ذہنی قوتیں متحرک ہوتی ہیں اور ان کی توجہ فطرت اور خصوصاً دیگر انسانوں کے بنائے ہوئے نمونہ جات کی نقل میں صرف ہوتی ہے۔ اُن میں ابھی باقاعدہ عادات کا نشوونما نہیں ہوتا لیکن اُن کی حساس طبیعت اپنی خواہشات کو پورا کرنے کے لئے آزاد ہوتی ہے۔ وہ سخت جد وجہد، بے تکان محنت اور مستقل مزاجی سے کام لیتے ہیں یعنی کھیل کے ذریعے مشکلات پر غالب آتے ہیں۔"

ڈاکٹر جے۔ ایم۔ ٹیلر اس کو اور زیادہ وضاحت سے بیان کرتے ہیں۔ اگر کسی نوعمر لڑکے کو کھیلتے ہوئے دیکھیں تو آپ اس کی حرکات کی تبدیلیوں اور دیگر امور کو دیکھ کر لطف حاصل کریں گے۔ ان میں سے اکثر اچھی ورزش کا باعث ہوتی ہیں لیکن جہاں تک کھیل کے نتیجہ کا تعلق ہے محض تضیع قوت ہیں۔ رفتہ رفتہ کھیل کی ترقی کے ساتھ وہ اُن چیزوں پر قابو پا جاتا ہے گویا قوت کے استعمال میں کفایت شعاری کو مدنظر رکھتا ہے۔ یہ اپنے آپ پر قابو رکھنے کا اولین اور بہترین سبق ہے۔ تربیت یافتہ کھلاڑی کے کھیل میں صفائی اور باقاعدگی اس کی قوت سے کچھ کم قابل تعریف نہیں۔ وہ تمام عمر قوت کی حفاظت کرتا ہے جب کہ دوسرے اُس کو بے نتیجہ جد وجہد میں ضائع کرتے ہیں۔

مختصر طور پر کہا جا سکتا ہے کہ کھیل سے حافظہ، قوت متخیلہ، قوت تمیز، اور قوت استقلال کی ترقی ہوتی ہے اور انسانی زندگی کو باقاعدہ کرتے میں اُس سے مدد ملتی ہے۔

کھیل سے معاشرتی فوائد بھی حاصل ہوتے ہیں۔ سی شور کے الفاظ میں "بچوں کے کھیل معاشرتی کشمکش کا اچھا نمونہ ہیں۔ جنگ اور محبت، لڑائی اور ایثار، فرمانبرداری اور رعونت، ترقی اور تنزل، گھریلو کاروبار اور بیرونی مہم کے جوش وغیرہ میں بچے اپنی حد تک کام کرتے ہیں اور بڑھتی ہوئی عمر کے ساتھ ان کی اصل کو سمجھتے جاتے ہیں۔ جوش اور سنجیدگی، عقلمندی اور بیداری غرض کتنی خوبیاں ہیں جو کھیل کے ذریعہ حاصل ہوتی ہیں اور آئندہ عملی زندگی میں فرائض اور ذمہ داریوں کو خوش اسلوبی سے انجام دینے میں معاون ہوتی ہیں۔

کھیل اس لحاظ سے بھی کہ اُن سے مقابلے، ایثار اور مساوات کی عمدہ صفات حاصل ہوتی ہیں۔ معاشرتی فوائد کے حامل ہیں۔

یہاں تک کھیل سے جسمانی دماغی اور معاشرتی فوائد پر مختصراً بحث کی جا چکی ہے۔ اب ہم انسانی زندگی کے ایک دوسرے اہم پہلو یعنی اخلاق کو لیں گے اور دیکھیں گے کہ کھیل اس کو سنوارنے کا کہاں تک ذمہ دار ہے۔

بعض لوگوں کا زاویہ نگاہ 'اخلاق' کے معنوں کے متعلق بہت تنگ ہے وہ اس کو صرف برائی کے مقابلے میں جانچتے ہیں لیکن دلیری، لگاتار کوشش، مہربانی، تہذیب، فرمانبرداری، اتفاق اور وفاداری وغیرہ سب اس کی تعریف میں شامل ہیں۔

صحت مند جسم و دماغ اخلاق کو وسیع کرتے ہیں۔ جسمانی تناسب اور دماغی قوت خود بخود اخلاقی صفات مثلاً روشن خیالی اور خود اعتمادی کی جانب رہبری کرتی ہیں۔ کھیل کے اس پہلو کو بہت عرصہ پہلے تسلیم کر لیا گیا ہے۔ انگلستان امریکہ اور دیگر متمدن ممالک میں کھیل کو اس لحاظ سے خاص اہمیت دی جاتی ہے کیونکہ تجربے سے یہ بات ثابت ہو گئی ہے کہ مدارس کے مضامین میں کوئی مضمون ایسا نہیں جو کھیل سے بڑھ کر لڑکوں کے اخلاق کو سنوارے۔

مرزا یوسف علی بیگ
اسکول آف فزیکل ایجوکیشن
مدراس

ورزش جسمانی

اگر کوئی طالب علم تعلیم میں اعلیٰ درجہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو ہمیشہ صحت برقرار رکھنے کی کوشش کرے۔ جب تک کامل طور پر صحت قایم نہ رہے گی اس وقت تک دماغی ترقی غیر ممکن ہے۔ دنیا میں انسان کے لئے صحت سے بڑھ کر کوئی دولت نہیں انسان کی زندگی کا دارومدار صحت ہی پر ہے اگر صحت نہ ہو تو دنیا کی تمام نعمتیں بے کار اور زندگی تلخ ہو گی۔ صحت سے مراد یہ ہے کہ ہر عضو جسمانی اپنے منصب کو جس کے لئے وہ بنایا گیا ہے پوری طور پر ادا کرے۔ یعنی جب جملہ قویٰ اور جذبات انسانی مل کر ہم آہنگی کے ساتھ کام کرتے ہیں تو اس حالت کو صحت کہتے ہیں بالفاظ دیگر صحت نام ہے اس حالت کا جس میں بدن کو کوئی دکھ درد نہ ہو اور نہ دل کو کوئی فکر رہے۔ صحت، خوبصورتی اور مستعدی۔ پاکیزگی اور تقدس، خوشی اور ترقی کا سرچشمہ ہے تندرست شخص وہ ہے جو مندرجہ ذیل خصوصیات سے متصف ہو:۔

اعضا میں بدرجہ اتم تناسب ہو۔ بدن میں چستی اور کام میں دلی شوق اور مستعدی ہو۔ شیریں مزاجی اس کی طبیعت کا خاصہ ہو اور وہ دوسروں کی سود و بہبود میں ساعی رہے یہ اسی وقت ممکن ہے جب کہ تمام قویٰ کے افعال باقاعدہ اور منظم ہوں یہی وہ حالت ہے جس کی ہر ایک کو تمنا کرنی چاہئے اور اس کے

حصول کے لئے کوشاں رہنا چاہئے۔ سوال یہ ہے کہ قیام صحت کے لئے انسان کو کیا تدابیر اختیار کرنے کی ضرورت ہے اس کا مختصر جواب ورزش ہے بقول شخصے کہ ؎

دوا کوئی ورزش سے بہتر نہیں
یہ نسخہ ہے کم خرچ بالا نشیں

ورزش جسمانی تمام اعصاب کو طاقت بخشتی ہے اسی وجہ سے اعضا میں چستی اور مستعدی پیدا ہو جاتی ہے اور بدن کے ناقص اجزا فنا ہوتے ہیں اعصاب، قلب اور شرائین کو مجبور کرتے ہیں کہ جلد جلد خون تمام اعضا میں پہونچائیں اور فنا شدہ اجزا کے بجائے نئے اجزا پیدا کریں جس سے بدن میں خون صالح پیدا ہوتا ہے، بھوک بڑھ جاتی ہے ہاضمہ قوی ہوتا ہے۔ چونکہ خون تیزی کے ساتھ پھیپھڑوں میں جاتا ہے اور جلد جلد دم لینا پڑتا ہے اس لئے سینہ خوب پھیلتا ہے۔ پھیپھڑے بخوبی بڑھتے اور دماغ میں کثرت کے ساتھ خون پہونچاتے ہیں۔ دماغ اور اعضاء جسمانی کا تعلق مسلمہ ہے۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے ٹیلیفون ایکسچینج اسی طرح خون بھی دل و دماغ سے ہو کر تمام اعضاء جسمانی میں پہونچتا ہے جب ہر عضو جسمانی کا تعلق دماغ سے گہرا ہے تو پھر کوئی وجہ نہیں کہ جسمانی ترقی کے ساتھ جسمانی ترقی نہ ہو اسی لئے ہماری فیاض گورنمنٹ نے طلبہ کے لئے ترقی تعلیم کے ساتھ ساتھ ورزش جسمانی کا انتظام بھی اعلیٰ پیمانہ پر کیا ہے۔ اب میں اُن ورزشوں کا ذکر کروں گا جو جسم و دماغ کو ترقی دیتی ہیں۔ ایسی چار جنرل ورزشیں ہیں۔

(۱) بازوؤں کی ورزش (۲) ٹانگ کی ورزش (۳) گردن کی ورزش (۴) دھڑ کی ورزش۔

(۱) بازوؤں کی ورزش اُن پٹھوں کو بڑھاتی ہے جن سے بدن کے اُٹھانے اور دھکا دینے کا کام ہوتا ہے کندھوں کے جوڑ طاقتور ہوتے ہیں اور ریڑھ اور پیٹ کے پٹھوں پر زیادہ قابو رکھنا آتا ہے۔ کندھوں اور کہنیوں کے جوڑ کی لچک بڑھتی ہے جسم کا اوپری حصہ سیدھا اور ٹھیک ہوتا ہے اور بازوؤں کے پٹھے مضبوط ہوتے ہیں۔

(۲) ٹانگوں کی ورزش سے پنڈلی اور پیر کے پٹھے مضبوط ہوتے ہیں اور چپٹے نہیں ہونے پاتے گھٹنوں کے جوڑوں میں لچک پیدا ہوتی ہے وہ پٹھے جو ران کے جوڑوں کو جھکاتے ہیں طاقتور ہوتے ہیں اور اُن پر قابو حاصل ہوتا ہے۔ اس سے دماغ میں روانی پیدا ہوتی ہے اور جیٹ پٹ سوچنے اور کام کرنے کی طاقت بڑھتی ہے۔ طبیعت میں ایک قسم کا جوش پیدا ہوتا ہے۔

(۳) گردن کی ورزش سے سر اور ریڑھ کا اوپری حصہ سیدھا اور ٹھیک ہوتا ہے اور اس کا بڑا اثر پسلی اور سینہ پر پڑتا ہے۔ حلق اور کھوپری کی بیٹھک کے پٹھے مضبوط ہوتے ہیں گردن کی

ریڑھ کی لچک بڑھتی ہے اور پٹھے مضبوط ہوتے ہیں۔

(۴) دھڑ کی ورزش دھڑ کے اگلے پچھلے اور بغل کے پٹھوں کو ٹھیک طرح سے بڑھاتی ہے۔ وہ پٹھے جو ریڑھ کو گھماتے ہیں مضبوط ہوتے ہیں اور اس سے ہضم کرنے والے نلوں کو بھی فائدہ پہونچتا ہے۔ کمر کی ریڑھ کا حصہ لچک دار ہوتا ہے اور ان کے پچھلے حصے کے پٹھے پھیلتے ہیں۔ ریڑھ سیدھی ہوتی ہے۔ پسلیوں کے اٹھنے سے سینہ ابھرتا ہے اور پھیپھڑوں میں زیادہ سانس رکتی ہے۔

مندرجہ بالا ورزشوں سے یہ فوائد اس وقت حاصل ہو سکتے ہیں جب کہ ورزش اعتدال سے متجاوز نہ ہو۔ ورزش کرنے میں باقاعدگی برتی جائے اور مقام ورزش ہوا دار ہو۔

عموماً لڑکے بہت بری طرح سانس لیتے ہیں جس سے پھیپھڑوں کو کافی غذا میسر نہیں آتی اور وہ کمزور ہو جاتے ہیں۔ کیونکہ ہوا اُن کے لئے بمنزلہ غذا کے ہے اس لئے ہر ایک طالب علم کو کم از کم (۱۵) منٹ سانس کی ورزش سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔ یہ ورزش سانس لینے والے عضلات کو مضبوط کرنے کے لئے بے حد مفید ہے اس سے سینہ بخوبی پھیلتا ہے۔ پھیپھڑے ہوا سے پُر ہوتے ہیں اور اُن میں حیرت انگیز قوت آتی ہے اس سے کئی ایک بیماریاں خود بخود دفع ہو جاتی ہیں۔

ورزش جسمانی کے بغیر بھی بعض ایسے ذرائع ہیں جن سے ہم اپنی صحت کو قایم رکھ سکتے ہیں مثلاً غذا اور پانی میں احتیاط، سویرے اٹھنا، غسل کرنا، جسم کی صفائی، چہل قدمی و تفریح، ترکت سوسائٹی۔ نیک خیالی وغیرہ یہ ایسی چیزیں ہیں جس سے صحت پر خاص اثر مترتب ہوتا ہے۔

ڈرل ماسٹروں کا تعلق زیادہ تر طلبہ کی ورزش اور اُن کے جسمانی و دماغی نشو و نما سے ہے اس لئے انہیں چاہئے کہ طلبہ کو اصول ورزش اور اُس کے فوائد ذہن نشین کراتے جائیں۔ ان کا طرز بیان ایسا دلچسپ ہو کہ طلبہ میں خود بخود اُن اصولوں پر کاربند رہنے کا دلی شوق پیدا ہو نیز ورزش میں جہاں تک ہو سکے دلچسپ کھیلوں کا عنصر بھی ضرور شامل رہے تاکہ طلبہ خوشی سے ورزش کے گھنٹے کا انتظار کریں

ورزش اور کھیل بچوں کی عمر اُن کی طاقت اور ضروریات کے لحاظ سے مناسب و موزوں ہوں۔ جن طلبہ کے اعضا کمزور ہوں اُن کی طرف زیادہ توجہ کرنی چاہئے۔ اور اُن سے اس قسم کی ورزش لی جائے جو ان کی تقویت کا باعث ہو۔ تاکہ مدرسہ کی ورزشوں کا اثر ہر طالب علم کی آیندہ زندگی میں عرصہ دراز تک باقی رہے ورزش اور جسمانی تفریح کی عادت جو مدرسہ کی چار دیواری میں سیکھی جائے وہ آیندہ زندگی کا بنیادی پتھر ثابت ہو۔

اگر ڈرل ماسٹروں کے علاوہ معلمین و صدر معلمین اس میں دلچسپی لے کر طلبہ کے آتش شوق کو تیز کر دیں اور ڈرل ماسٹروں کا ہاتھ بٹائیں تو یقینی طور پر کہا جاسکتا ہے کہ ورزش جسمانی کا مقصد پوری طور پر حاصل ہو سکتا ہے۔ بہرحال سب کچھ طریقہ تعلیم اور عمل پر موقوف ہے۔ بغیر اس کے ورزشوں کا کوئی نصاب خواہ وہ کیسا ہی قیمتی اور اعلےٰ درجہ کا کیوں نہ ہو، پوری طرح کامیابی حاصل نہیں کر سکتا اگر تربیت جسمانی کے صحیح طریقے ٹھیک طور پر برتے جائیں تو اس تربیت سے نئی قسم کے طالب علم پیدا ہوں گے جو زیادہ چست و چالاک زیادہ سمجھ دار اور زیادہ ذہین ہوں گے۔

مرزا یوسف علی بیگ

ڈرل ماسٹر مدرسہ وسطانیہ چیتاپور

کھیل اسپورٹس نشانات و حدود

مجلس انتظامی اسپورٹس کو بازی گاہ کے انتخاب میں امور ذیل کا ملحوظ رکھنا ضروری ہے شرطیں جو انہیں کرنی ہیں اس کے لئے کس قدر جگہ درکار ہے۔ عوام اور شرکائے اسپورٹس کو کس مقام پر زیادہ سہولت پہنچ سکتی ہے۔

یہ بات مشاہدہ سے ثابت ہو چکی ہے کہ عوام عموماً بہ نسبت دور دراز مقامات کے قریب ترین مقامات پر تماشہ بینی کے لئے زیادہ شوق و اشتیاق سے جاتے ہیں لہذا ضرورت ہے کہ شرطیں بشرط امکان آبادی کے کسی درمیانی میدان میں ہوں۔ عوام کا زیادہ اجتماع مستقبل کی شاندار شرطوں کا پیش خیمہ ہے۔ لہذا بازی گاہ میں عوام کے ہر طبقہ کو آرام و سہولت پہونچانے کا کافی بند و بست کیا جائے۔

منتظمین اسپورٹس و پیمائش کنندگان کو بازی گاہ میں شرطوں کے لئے نشانات و حدود اندازی کرنے میں حسب ذیل امور کا لحاظ رکھنا ضروری ہے۔

مدعو ناظرین کی نشست کے لئے ایک ایسی جگہ مختص کی جائے جہاں سے وہ تمام شرطیں آسانی دیکھ سکیں اور تمام شرطوں کی ابتدا اور اختتام انہی کے روبرو ہو۔

ایسی شرطیں جن میں ضرر کا احتمال ہو انہیں عوام و دیگر مقابلہ کنندگان کی پہونچ سے دور لیکن مدعو ناظرین کی نظر میں رکھنا چاہئے۔ مثلاً ہتوڑا (Hammer) قرص (Discus)

برچھی (Hammer) وغیرہ مدعو ناظرین کی موٹروں۔ بگیوں۔ اور سیکلوں کے ٹھیرانے کی علحدہ جگہ مقرر ہو۔

شرطیں ایسے موسم میں نہ مقرر کی جائیں جب کہ ہوا کثرت سے چلتی ہو کیونکہ زیادہ ہوا مقابلہ کنندگان کے لئے نقصان دہ ہوتی ہے۔ ہوا دوڑنے والے کے مخالف رخ چل رہی ہے تو مقابلہ کنندہ زیادہ وقت میں اختتام پر پہونچے گا۔ اگر موافق ہو تو جلد۔ لہذا صحیح وقت کا تعین نہیں ہو سکتا۔ دوسرے موسموں میں بھی اس بات کا خیال رکھا جائے کہ کبھی ہوا مقابلہ کنندہ کے مخالف یا موافق نہ چلے اگر بازووں سے چلے تو مضایقہ نہیں۔

نشان اندازی میں خیال رکھیں کہ سورج شرکا اسپورٹس کے دوران کرتب میں مقابل نہ ہو۔ دوڑ اور رسہ کشی کے لئے زمین زیادہ نرم ہو نہ بہت زیادہ سخت بلکہ اوسط ہو۔ اوسط زمین نہ ہونے کی صورت میں سخت زمین کو نرم زمین پر ترجیح دی جائے۔

مقابلہ کنندگان کے لئے ایک جگہ ایسی مقرر ہونی چاہیے جہاں وہ اپنی ضروریات سے بھی فارغ ہو سکیں

مقابلہ کنندگان کے لئے مدعو ناظرین کی نظروں سے دور یعنی اُن کی نشست گاہ کے پیچھے ایک ایسی جگہ ہونی چاہیے جہاں وہ اپنی شرط میں شریک ہونے سے قبل مشق کریں تاکہ اکڑے ہوئے رگ و پٹھے کھل جائیں۔

وقت اور پروگرام کی پابندی کے لئے ایک ایسی گھڑیال کی ضرورت ہے جس سے تمام کو وقت معلوم ہو سکے۔

شرط کے اختتام پر عوام کے معلومات کے لئے ہر شرط کے نتیجہ کا اعلان کرنا ضروری ہے۔

شمار کنندہ یا وقائع نگار (Scorers) کا خیمہ گھڑیال گھر کے قریب ہو۔ اور اسی گھڑیال کے قریب تختہ نتائج ہو۔

اونچی جست، دراز جست اور چوب چھلانگ وغیرہ کے لئے اٹھارہ یا بارہ انچ گہرے گڑھے میں باریک ریت اور لکڑی کا بورا ہونا ضروری ہے۔ تاکہ ریت کافی نرم ہو اور کودنے والے کو ریت میں ضرر کا احتمال نہ ہو اور وہ آزادی سے جست لینے کی کوشش کرے۔

نشان سفید ہوں اور دو انچ کی چوڑائی سے زاید نہ ہوں۔

سیدھی دوڑ میں مقابلہ کنندہ کے لئے چار فٹ کی گلی از ابتدا تا اختتام قائم کر دی جائے۔

محمد امجد علی خاں
معلم گورنمنٹ فزیکل کالج

عہدہ داران اسپورٹس اور ان کے فرائض

متمدن اقوام کا ہمیشہ یہ مطمحِ نظر رہا ہے کہ انہوں نے دل و دماغ کی بالیدگی کے ساتھ ساتھ جسمانی نشو ونما کا بھی خاص طور پر لحاظ رکھا۔ چنانچہ کسی متمدن قوم کو لیجئے اور اُس کی حالت پر غور کیجئے تو معلوم ہوگا کہ دماغی و ذہنی ترقی کے دوش بدوش جسمانی ترقی بھی اپنے منازل طے کر رہی ہے اور یہی وجہ ہے کہ وہ قوم دن دونی رات چوگنی ترقی کر رہی ہے۔ تاریخ اس بات کی شاہد ہے اور زمانہ کا تجربہ بہ بانگ دہل یہ کہہ رہا ہے کہ ایسی اقوام جنہوں نے دماغی و جسمانی ترقی کو ایک دوسرے کا لازم و ملزوم نہ گردانا وہ کبھی اپنے عروج کے نصف النہار تک نہ پہنچ سکیں۔ یونانیوں کا مقولہ "صحیح جسم کے ساتھ ساتھ صحیح ذہن ہوتا ہے" بالکل صحیح اور درست ہے۔ جس کے یہ معنی ہو سکتے ہیں کہ تندرست شخص کا دماغ بھی اچھا رہ سکتا ہے اور حقیقت بھی یہی ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ اعضا جسمانی کا ایک دوسرے سے اس قدر مضبوط رشتہ اور ایسا گہرا تعلق ہے کہ ایک دوسرے کے ضعف و قوت کا اثر ایک دوسرے پر پڑے بغیر نہیں رہتا۔ ایسی صورت میں اگر ہماری جسمانی حالت ناقص اور کمزور رہے تو ہمارا دماغ کسی طرح بھی کارہائے نمایاں انجام نہیں دے سکتا۔

اس کے بیان کرنے کی ضرورت نہیں کہ ہمارے ہاں دماغی و ذہنی ترقی کی داغ بیل پڑ چکی ہے اور بہت سے نوجوان جن پر ملک و قوم کی فلاح و بہبود کا انحصار ہے بڑی بڑی ڈگریاں حاصل کر رہے ہیں لیکن جسمانی حالت کے مدنظر وہ اس قابل نہیں ہیں کہ میدان عمل میں آکر ایسا کام کریں جو ملک اور قوم کی اصلاح میں اکسیر ثابت ہو۔ اسی نقص کو دور کرنے اور نونہالان ملک کی جسمانی حالت سنوارنے اور انہیں ملک اور قوم کے لئے مفید اور موثر بنانے کے لئے حال ہی میں فزیکل ایجوکیشن کی تحریک کامیاب ہوئی اور کالج آف فزیکل ایجوکیشن قائم کیا گیا جس کا مقصد اعظم طلبہ کی جسمانی ترقی ہے۔ اس کالج کے اور بھی بہت سے مقاصد ہیں جن کا اظہار اس موقع پر طول عمل ہوگا۔ نفس مضمون کے متعلق کچھ عرض کیا جائے۔

کھیل کے جلسے:۔ جہاں کہیں بھی اور جس قدر اس قسم کے جمگھٹے ہوتے ہیں اور جہاں تک ہمارا مشاہدہ ہے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ اُن میں بہت کچھ نقائص پائے جاتے ہیں جن کی اصلاح

کی فی زمانہ سخت ضرورت ہے ۔ غور کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان نقائص کا باعث اصلی مجلس انتظامی اور اسپورٹس کے دیگر عہدہ داروں کی اپنے اپنے فرائض منصبی سے بے خبری اور لاعلمی ہے اور یہی ایسی چیزیں ہیں جو کسی صورت میں بھی کسی جلسہ کو کامیاب نہیں بنا سکتیں اور واقعہ بھی ہے ۔ جب مشین کے کل پُرزے ہی کام نہ دیں تو مشین کا چلنا معلوم ۔ بعینہٖ یہی حالت ہماری اسپورٹس کے جلسوں اور اُن کے عہدہ داروں کی ہے ۔

بنا بریں مناسب یہ سمجھا گیا کہ عہدہ داران اسپورٹس اور اُن کے فرائض سپرد قلم کئے جائیں جو مندرجہ نقص کے دور کرنے میں ایک حد تک محدود معاون ہو سکیں ہمارے مضمون کا ماخذ مسٹر تیج ۔ سی ۔ بک ۔ یم ۔ پی ۔ ٹی کی کتاب ہے   اس بات کی حتی الوسع کوشش کی گئی کہ انگریزی اصطلاحات اُردو میں ڈھالے جائیں لیکن بصد افسوس اظہار کرنا پڑتا ہے کہ اس میں خاطر خواہ کامیابی نصیب نہ ہوئی ۔ اس لئے ہم اس اہم مسئلہ کو اُن حضرات پر رکھ چھوڑتے ہیں جن کو وضع اصطلاحات میں خاصہ ملکہ حاصل ہے ۔

اسپورٹس کے جلسوں کو کامیاب بنانے اور کامیابی کے ساتھ انجام دینے کے لئے مختلف عہدہ داروں کی ضرورت ہوتی ہے جن کے تفویض مختلف خدمات کی جاتی ہیں ۔ البتہ معمولی جلسوں میں چند عہدہ داروں ہی سے کام چل جاتا ہے ۔ بڑے بڑے جلسوں کا مندرجہ ذیل عہدہ داروں کے بغیر کامیابی کے ساتھ اختتام کو پہونچنا ایک دشوار امر ہے ۔

۱۔ مجلس انتظامی اسپورٹس — [illegible]
۲۔ رفری یا حکم — Referee
۳۔ اختتامی جج یا نگراں کار — [illegible]
۴۔ میدان نگران کار — Field judge
۵۔ راہ نگران کار — Track judge
۶۔ ناظر — Inspector
۷۔ گھڑیالی — Timer
۸۔ چال نگران کار — [illegible]
۹۔ رہبر — [illegible]
۱۰۔ وقائع نگار — Scorer
۱۱۔ مجیز — [illegible]
۱۲۔ پیمائش کنندہ — [illegible]
۱۳۔ مُعلن — [illegible]
۱۴۔ ڈاکٹر — Doctor
۱۵۔ نامہ نگار — Press Steward

مجلس انتظامی اور اُس کے فرائض :— ہر اسپورٹس میٹنگ کے لئے مجلس انتظامی کی سخت ضرورت

ہے۔ اس میں ایک میر مجلس اور حسب ضرورت اراکین مقرر کئے جاتے ہیں۔ اس مجلس کے فرائض حسب ذیل ہیں۔

(الف) بازی گاہ کا انتخاب (ب) بازی گاہ میں انتظام نشان اندازی (ج) دستور العمل کی تیاری اسپورٹس کے لوازمات کی فراہمی اور بازی گاہ کی آرائش۔ (د) عہدہ داروں کا انتخاب (ط) اسپورٹس کی ترتیب (ی) ٹیموں کی شرکت و عدم شرکت (ک) مقابلوں کی تنظیم (ح) ایسے امور کا تصفیہ جن کے متعلق اسپورٹس کے قواعد خاموش ہیں۔

مُنصری یا حکم۔ یہ شخص تمام عہدہ داران اسپورٹس کا صدر ہوتا ہے۔ اس کے فرائض میں امور ذیل داخل ہیں۔

الف۔ ان تمام اعتراضات کا جو قواعد سے متعلق ہیں یا جن کا قواعد میں ذکر نہیں تصفیہ کرنا۔ اس کا تصفیہ قطعی اور ناطق ہوگا۔

ب۔ اسپورٹس کی نگرانی۔ اس سے یہ مراد ہے کہ آیا تمام اسپورٹس اپنے اپنے اوقات معینہ پر ہو رہے ہیں یا نہیں۔

ج۔ عہدہ داروں کی نگرانی

د۔ تمام نشانات کی جانچ پڑتال یعنی جس قدر نشانات بازی گاہ میں پیمائش کے بعد لگائے گئے ہیں وہ صحیح اور درست ہیں یا نہیں۔

اختتامی نگران کار۔ ان کو راہ نگرانکار بھی کہتے ہیں۔ نگران کار کے علاوہ اور مددگار ہوتے ہیں جن کی تعداد چھ یا چھ سے زائد ہوتی ہے۔ اُن کے اختیارات و فرائض دوڑ کی شرطوں تک ہی محدود ہیں۔ ان کا کام یہ ہے کہ خط اختتام کی سیدھ میں دس میٹر کے فاصلہ پر کھڑے رہیں اور دوڑ میں اول دوم اور سوم آنے والوں کا تصفیہ کریں۔ بصورت اختلاف آپس کی کثرت رائے سے تصفیہ کریں۔ ان کا فیصلہ اٹل ہوگا۔

میدان نگران کار۔ نگران کار کے علاوہ مددگاروں کی تعداد تین یا تین سے زاید ہوتی ہے۔ ان کا تعلق اُن تمام شرطوں سے ہوتا ہے جن کا شمار دوڑ کی شرطوں میں نہیں ہوتا مثلاً۔ وزن اندازی چھلانگ، پھلانگ اور چوبی اُڑان وغیرہ وغیرہ نگران کار کا فرض ہے کہ وہ مقامات متعلقہ کی آرائش و ترتیب اور شرائط کے متعلق ضروری اشیاء کا اچھی طرح معائنہ کرے کہ آیا وہ تمام چیزیں حسب قواعد اسپورٹس مرتب اور مہیا کی گئی ہیں یا نہیں اور ساتھ ہی ساتھ اس کا بھی خیال رکھے کہ

تمام شرائط بخوبی اور اوقات مقررہ پر انجام پا رہے ہیں یا نہیں۔

مددگاروں کا فرض ہے کہ وہ ہر شریک ہونے والے کی جست کا فاصلہ اور بلندی ناپے اور اسی طرح دیگر متعلقہ شرائط کا بھی ریکارڈ رکھے۔ امور بالا کے متعلق اُن کا فاصلہ قطعی اور ناطق ہوگا۔

اسی طرح راہ نگران کار کے فرائض بھی وہی ہوں گے جو اختتامی نگران کار کے ہیں۔

ناظر:۔ ان کا فرض ہے کہ صدر نگران کار کے نشان دادہ مقام سے دوڑ میں حصہ لینے والوں کی کافی نگرانی اثنار دوڑ میں کریں۔ اگر شرکا میں سے کسی سے کوئی ایسی حرکت سرزد ہوئی ہو جو قواعد کے خلاف ہے تو اس کی اطلاع صدر نگران کار کو دیں۔ اُن کو کسی قسم کے فیصلہ کا اختیار نہیں۔ ان کی تعداد کم از کم چار ہوتی ہے۔

گھڑیالی:۔ ہر دوڑ کی شرط کے لئے تین گھڑیالیوں کی ضرورت ہوتی ہے ان کا فرض ہے کہ ہر دوڑ کا وقت رکھیں۔

الف۔ ایسی صورت میں جب کہ دو گھڑیاں متفق الوقت ہوں اور تیسری گھڑی اُن سے مطابقت نہ کرے تو پہلی دو گھڑیوں کا وقت مستند تسلیم کیا جائے۔

ب۔ اگر تینوں گھڑیاں مختلف الوقت ہوں تو درمیانی وقت مستند ہو گا۔

ج۔ اگر ایک گھڑی رُک جائے اور دو گھڑیوں میں اختلاف ہو تو طویل وقت لیا جائے گا۔

اُن کے فرائض میں یہ بھی داخل ہے کہ شرط کا آغاز پستول کی آواز پر کریں۔

چال نگران کار:۔ ان کو اختیارات کلّی حاصل ہیں کہ شرکا شرط کی رفتار کے متعلق تصفیہ کریں بصورت قواعد شکنی پہلی مرتبہ خاطی کو تنبیہ کریں اگر دوسری بار بھی کوئی بات خلاف قواعد پائی جائے تو اُس کو اس شرط سے خارج کر دیں۔ آخری چار سو میٹر (۴۰۰ گز) کے فاصلہ میں اگر کسی شریک شرط سے کوئی بات خلاف قواعد (خواہ وہ پہلی مرتبہ کیوں نہ ہو) عمل میں آئی ہے تو اُسے فوراً شرط سے خارج کر دیا جا سکتا ہے۔ اُن کا فیصلہ اٹل ہوگا۔

رہبر:۔ اس کا کام ہے کہ وہ تمام شرکا کی اسم داری فہرست اپنے پاس رکھے اور اُن سب کو تاکید کر دے کہ ہر دوڑ کے آغاز سے (۵) منٹ قبل خط آغاز پر پہونچ جایا کریں۔ اس کا یہ بھی کام ہے کہ وہ شرکا کو اُن کے نشان یا نمبر کے مطابق کھڑا کرے۔

وقائع نگار:۔ اس کا فرض ہے کہ شرکا کی کامیابی کے سلسلہ نشانات کو با تفصیل مع فاصلہ، بلندی، اور وقت کے درج رجسٹر کیا کرے۔ حسب ضرورت مددگار بھی رکھ سکتا ہے۔

مجیسٹر:۔ تمام شرائط متعلقہ دوڑ اور ٹیم دوڑ کا آغاز اسی شخص کے تفویض ہوتا ہے۔ ہر دوڑ کے

آغاز سے قبل تمام شرکا، بالکلیہ اسی کے اختیار میں ہوتے ہیں۔ اس کا فرض ہے کہ اختتامی نگران کار
کی اطلاع پر تمام متعلقہ شرکاء کو اپنے اپنے مقام پر کھڑے ہو جانے کے لئے کہے اور اُن سے
متعلق باتیں اُنھیں بخوبی سمجھا دے۔ آغاز شرط کے الفاظ ذیل استعمال کرے "On your mark"
جس کے یہ معنی ہیں کہ اپنے اپنے مقام پر کھڑے ہو جاؤ، تھوڑے وقفہ کے بعد "Ready"
کہے۔ جس کے یہ معنی ہیں کہ دوڑ کے لئے تیار ہو جاؤ۔ اور اس کے دو سکنڈ بعد پستول چلائے۔

آغاز کے متعلق جملہ امور کے تصفیہ کا حق اُسی کو حاصل ہے اس کا فیصلہ قطعی ہوگا۔

پیمائش کنندہ:۔ اس شخص کے فرائض میں داخل ہے کہ وہ آغاز سے قبل تمام نشانات کی تنقیح کرے
اور اُن کے صحت اور عدم صحت کی اطلاع مجلس انتظامی یا صدر نگران کار کو دے۔

مُعلن:۔ اس کا کام ہے کہ شرط کے ختم ہوتے ہی اول، دوم، سوم آنے والوں کے نام اور شروع
ہونے والی شرط کا اعلان کرے۔ اس کی آواز پختہ، صاف اور بلند ہونی چاہئے۔

ڈاکٹر:۔ اس کا یہ کام ہے کہ ایسی چند ضروری ادویہ اپنے ہمراہ لے آئے جن کی ایسے مقامات
پر ضرورت لاحق ہوتی ہے۔ اثنائے دوڑ یا شرط میں کسی کے چوٹ آجائے یا کوئی ناگوار حادثہ پیش
آجائے تو فوراً اس کا علاج کرے تاکہ کوئی نقصان دہ بات پیدا نہ ہو جائے۔

نامہ نگار:۔ اس کا کام ہے کہ تمام شرکار کے نام اور کامیابی کے نتائج عہدہ داران متعلقہ
سے بالتفصیل حاصل کر کے محفوظ رکھے اور مطبع کو جلسہ کی جملہ کاروائیوں سے پوری طرح
باخبر رکھے۔

منتظم بازی گاہ:۔ منتظم کی خدمت گویا پولیس کی خدمت ہوتی ہے اس کا کام ہے کہ اپنے
مددگاروں کے ذریعہ بجز عہدہ داران اسپورٹس اور شرکار کے کسی کو احاطۂ بازی گاہ میں
داخل نہ ہونے دے اور اس کا بھی خیال رکھے کہ تماشائیوں میں کسی قسم کی بدنظمی پیدا نہ ہونے پائے۔

عبداللہ بن محمد
متعلم کالج آف فزیکل ایجوکیشن (حیدرآباد)

چند دلچسپ شرطیں

رسّا کشی

زمانہ قدیم سے انسان اپنی قوت کا مظاہرہ رسّے کے توسط سے کئی کاموں میں کرتا رہا ہے۔ آج کل رسّا کشی منجملہ اور تفریحی کرتب کے ہے۔

قواعد ہر ایک جماعت میں رسا کشوں کی تعداد مساوی لازمی ہے۔ رسّے کا قطر کم ازکم چار انچ ہو اور اُس کی لمبائی اس قدر ہو کہ دونوں جماعتوں کے درمیان ۲۴ فٹ اور دونوں سروں پر بارہ بارہ فٹ اور ہر دو رسّا کشوں کے درمیان ۴ فٹ کا فاصلہ ہو۔ مثلاً ۸ رسّا کشوں کے جماعت کے لئے کم ازکم ۱۰۴ فٹ لمبے رسّے کی ضرورت ہے۔ رسّے کے درمیانی نقطہ سے ہر دو جانب ۶ فٹ کے فاصلہ پر فیتہ باندھا جائے اور زمین پر بھی اسی طرح نشان لگائیں۔ اور رسّا کشی کے شروع سے پیشتر یہ تینوں نشانات رسّے کے فیتوں سے مطابق ہوں۔ رسّا کشی کی کامیابی ۱۲ فٹ کی کھینچائی یا پہلے آدمی کے پیر کا کوئی حصہ زمین کے درمیانی خط کو مس کرنے یا عبور کرنے پر تصور کی جاتی ہے۔ اور جو جماعت اس سے کم فاصلہ کھینچے تو کامیاب نہیں تصور کی جاتی بلکہ ایسی صورت میں دوبارہ رسا کھینچنا پڑتا ہے۔

رساکش دستانے یا اور کوئی ایسی چیز جو اُس کے گرفت میں مدد دے استعمال نہیں کرسکتا۔ رساکش سوائے اپنے قدموں کے اور کوئی حصہ اپنے جسم کا عمداً دوران رساکشی زمین سے نہیں لگاسکتا۔ اُس کی خلاف ورزی کرنے والے کو نگران کار رسّا کشی سے علیحدہ کردیتا ہے۔ رساکش اپنے جوتوں کے تلوں اور ایڑیوں میں کسی قسم کی اُبھری ہوئی چیز نہیں لگاسکتا۔ اور نہ اپنے لئے زمین میں رساکشی کے ابتدا سے پہلے کوئی سوراخ بناسکتا ہے۔ لنگر انداز رسے کے ایک حصہ کو دوسرے پر نہیں ڈال سکتا۔

طریقہ رساکشی اس سے پہلے کہ طریقہ عمل پر روشنی ڈالی جائے یہ کہہ دینا ضروری ہے کہ جس طرح ہاکی فٹ بال وغیرہ میں تمام افراد کا مجموعی کام کھیل کے حسن قبیح کو ظاہر کرتا ہے۔ اسی طرح رساکشی

میں بھی جو کچھ کام کیا جائے مجموعی طور سے ایک ساتھ ضروری ہے۔

رسے کی گرفت تجربہ کار رساکشوں نے صرف دو گرفتوں پر زور دیا ہے۔ پہلا طریقہ تین گرفتوں کا مجموعہ ہے یعنے دونوں ہاتھ اور بغل کی گرفت۔ دوسرا طریقہ دونوں ہاتھوں کے گرفت کے علاوہ ہے گو کلائی اور کہنی کے درمیانی حصے کے نیچے لے کر کمر کے ساتھ دبا رکھیں۔ آخر الذکر گرفت بہتر نہیں تصور کی جاتی ہے مگر اس کے لئے بے حد مشق کی ضرورت ہے۔ ہر دو طریقوں میں رساکش کا تمام وزن رسے پر پڑنا ضروری ہے۔

پیر و جسم و سر کی وضع قدموں کو تقریباً ۶ انچ سے ۸ انچ تک ایک دوسرے سے دور رکھو۔ پیر گھٹنوں سے اور اوپر کا دھڑ کمر سے خمیدہ نہ ہو۔ جسم کا پورا وزن رسی پر ہو اور جب کھینچنے کا اشارہ ہو تو اس وقت سر کو پیچھے کی طرف لٹکا دو۔ اس وقت مجموعی طور رسے رسّا اور رساکش میں تقریباً ۴۵° کا زاویہ ہو اگر سر کمر اور گھٹنے مذکورہ بالا طریقہ سے نہ رکھے جائیں تو رساکش کا ایک حد تک رسے پر سے وزن کم ہو جائے گا۔

لنگر انداز کی وضع لنگر انداز رسے کا ایک حصہ اپنے کولھے پر سے لے اور بقیہ حصہ اسی کا بغل میں سے لے کر کندھے پر ڈالے۔ لنگر انداز کا تمام وزن کولھے کی جانب ہو۔

ہدایات جب کوئی جماعت دوسری جماعت کو کھینچ رہی ہو تو ہرگز بڑے بڑے قدم پیچھے کی جانب نہ ڈالے بلکہ چھوٹے چھوٹے قدم ہوں۔ بڑے قدم پیچھے لینے سے رساکش کے گرنے کا احتمال ہے۔ اس کا ضروری خیال رہے کہ دوران رساکشی رسے کی وضع مستقیم ہو بالفاظ دیگر رسے میں کجی نہ ہو۔ بعض اوقات رساکشوں کی جماعت ضابط (Break) یا چینج (Change) یا جھٹکے (Heave) دیتی ہے ان تمام چیزوں کے لئے جماعتی کام (Team work) کی ضرورت ہے۔ ان تینوں چیزوں کے لئے ضروری ہے کہ مخالف جماعت اس وقت کا انتظار کرے جب کہ دوسری جماعت اپنی گرفت اور وزن کو رسے پر سے ہٹاتی ہے۔ یعنی اس وقت مخالف جماعت اپنا مجموعی زور لگائے (زور صرف سر کے وزن کو رسے پر جھٹکے کے ساتھ ڈالنے سے پڑ سکتا ہے) تو ضروری ہے کہ دوسری جماعت ایک دو قدم کھینچ جائے۔ بہر حال رساکشی کے تمام گر کسی تفصیلی مضمون میں شائع کئے جائیں گے۔ مذکورہ بالا طریقہ ہر ایک رساکشی کے داؤ کے مدافعت کے لئے کافی و وافی ہے۔

پیہ دوڑ یہ دوڑ حقیقت میں ڈاک دوڑ کی بگڑی ہوئی صورت ہے۔ جو بطور نمائش اور تفریح کے آج کل مروج ہے۔

ٹیپہ جماعت (Relay team) کم از کم چار دوڑنے والوں پر مشتمل ہوتی ہے۔ یہ دوڑ دو طرح سے دوڑی جاتی ہے۔ ایک میں ہر ایک دوڑنے والا مساوی فاصلہ مدوری راستہ پر دوڑتا ہے۔ دوسرے میں ہر ایک دوڑنے والا ایک خاص فاصلہ دوڑتا ہے جس کو متوسط "ٹیپہ دوڑ" کہتے ہیں۔ مثلاً ایک میل کی "ٹیپہ" دوڑ ہو تو اگر پہلا دوڑنے والا ۴۴۰ گز دوڑے تو دوسرا ۲۲۰ گز تیسرا ۸۸۰ گز اور چوتھا ۲۲۰ گز یہ چیز قابل غور ہے کہ ٹیپہ دوڑ مدوری راستہ پر دوڑی جاتی ہے۔

قواعد اس دوڑ میں جماعت کا ہر ایک دوڑنے والا دوسرے کو ایک لکڑی کا بیلن جس کی لمبائی ۱۱،۸۱ انچ اور وزن ۱۰،۷۶ اونس ہوتا ہے۔ ایک مستطیل احاطہ میں سے جس کی لمبائی ۲۰ میٹر (۶۵،۶۱ فٹ) ہوتی ہے دست بدست دیتا ہے۔ بیلن کا تبادلہ صرف اسی احاطہ کے اندر واقع ہونا ضروری ہے۔ اور کوئی طریقہ بجز مذکورہ بالا کے ممنوع قرار دیا گیا ہے۔

ترتیب دوندگان اس دوڑ میں دوڑنے والوں کی ترتیب دو طرح سے ماہر فن دینے کا مشورہ دیتے ہیں

(۱) دوڑ سست رفتار سے شروع کی جائے اور تیز رفتار پر ختم ہو۔

(۲) سب سے پہلے دوم درجے کے دوڑنے والے سے دوڑ شروع کرائی جاتی ہے۔ اس کے بعد متوسط دوڑنے والے رکھے جاتے ہیں۔ اور آخر میں تیز رفتار کو رکھا جاتا ہے۔

بیلن کے سپردگی کا طریقہ ہر دوڑنے والا بیلن اپنے حسب دلخواہ دوسرے کے حوالے کرسکتا ہے مگر ایسا طریقہ جس میں کم وقت لگے اور دوڑنے میں تسلسل رہے ذیل کے طریقہ سے ہوسکتا ہے۔

پہلی دوڑ والے کو چاہئے کہ وہ بیلن بائیں[۱] ہاتھ میں رکھ کے دوڑے جب وہ دوسرے دوڑنے والے کے قریب آنے لگے تو موخرالذکر کو چاہئے کہ اپنا سیدھا ہاتھ پشت کی جانب ہتیلی کھلی رکھ کر دراز کرے اور اس طرح دوڑے کہ بیلن لانے والا اس کو بیلن مستطیلی احاطہ کے اختتام تک حوالہ کرسکے۔

بیلن لینے والے کا فریضہ ہے کہ وہ بیلن کو بہ حفاظت تمام لانے والے سے حاصل کرے کیوں کہ بیلن لانے والا تھکا ہوا ہوتا ہے۔ بیلن حاصل کرنے کے بعد یہ شخص اپنے سیدھے ہاتھ کا بیلن بائیں ہاتھ میں تقریباً ۵ گز کے اندر ہی منتقل کرے کیونکہ اس کو بھی وہی طریقہ عمل اختیار کرنا ہے جس طرح کہ پہلے بیلن لانے والے نے کیا۔

---

[۱] چونکہ دوڑنے والے کے بائیں جانب مدوری شکل ہوتی ہے یعنے جس شکل کے اطراف اُس کو دوڑنا پڑتا ہے اس لئے بائیں ہاتھ میں بیلن رکھ کر بلا کمی رفتار دوسرے کے ہاتھ میں بیلن دے سکتا ہے۔

شٹل پٹہ دوڑ :- اور پٹہ دوڑ میں صرف اس قدر فرق ہے کہ پٹہ دوڑ میں مدوری راستہ ہوتا ہے اور شٹل میں مستقیمی۔ ہر ایک دوڑنے والے کے لئے ایک راستہ مختص کر دیا جاتا ہے۔ جس کے باہر وہ نہیں ہو سکتا مثلاً ایک دوڑنے والا ایک مسافت طے کر کے دوسرے کو بیلن دیتا ہے یا صرف چھو دیتا ہے۔ جوں ہی دوسرا دوڑنے والا بیلن حاصل کرتا ہے وہ اپنے مختص راستہ پر دوڑ کر تیسرے کو بیلن پہونچاتا ہے۔ پھر اُسی طرح طریقہ عمل جاری رہتا ہے۔

میر اسد علی

گولا اندازی، قرص اندازی و نیزہ بازی

گولا اندازی :- گولا اندازی کی ابتدا اسکاٹ لینڈ سے ہوتی ہے۔ اسکاٹ لینڈ کی تاریخ سے ثابت ہے کہ پہلے گولا اندازی پتھر پھینکنے سے تعبیر کی جاتی تھی۔ گولے کی بناوٹ یہ ہے کہ پیتل کے خول میں شیش بھری ہو یا صاف لوہے کا بنا ہوا ہو۔ اس کا وزن ۸ - ۱۲ - ۱۶ پونڈ تک ہونا چاہیئے (۸) پونڈ کا گولا مڈل اسکول کے لئے، ۱۲ پونڈ کا ہائی اسکول اور (۱۶) پونڈ کا کالج کے لئے ہوتا ہے۔ گولا اندازی کے دائرے کا قطر ۷ فٹ کا ہوتا ہے۔ اس کا قدم روک ۴ فٹ لانبا ۴½ انچ چوڑا ۴ انچ اونچا ہوتا ہے۔ جو سفید رنگ کیا ہوا قوس کی شکل میں دائرہ کے محیط پر جس رُخ گولا پھینکا جاتا ہے نصب کر دیا جاتا ہے۔

ہر گولا انداز کو تین موقعے دئے جاتے ہیں اور چھ منتخب گولا انداز کو تین اور موقعے دیئے جاتے ہیں۔ گولا اندازی کے فاصلہ کا لحاظ کرتے ہوئے اول، دوم اور سوم قرار دیئے جاتے ہیں۔ گولا ہاتھ میں رہنے پر گولا انداز کے جسم کا کوئی حصہ خط یا بیرون محیط زمین کو نہ چھونا چاہیئے اگر گولا چھوٹ کر بیرون دائرہ گر جائے تو ناقص پھینک تصور کی جائے گی۔ پیمائش تختہ کے اندرونی کنارے سے گولے کے ابتدائی نشان تک جو گرنے سے بنتا ہے ہوگی۔ اس کے پھینکنے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک ہاتھ سے گردن اور کندھے کے قریب سے پھینکا جائے گا۔

گولا انگلیوں کے درمیانی جوڑوں میں پکڑا جائے اور اُس ہاتھ سے نہ اُٹھایا جائے جس سے پھینکا جاتا ہے۔ گولا شمال کی جانب پھینکا جا رہا ہو تو گولا انداز کا رُخ مشرق کی سمت ہونا چاہیئے۔

یعنے جس سمت میں پھینکا جا رہا ہو۔ گولا انداز کو چاہیئے کہ وہ قدم روک کے مخالف سمت میں دائرہ کے محیط کے اندر کھڑا ہو بایاں پیر سامنے اور پیچھے ہلائے اور تمام جسم کا وزن دہنے پیر پر دے کر بایاں پیر ایک جھٹکے سے سامنے کی طرف لے جائے اور فوراً دائرہ کے اندر دہنے پیر سے پھاند کر دونوں پیر دائرے میں لے آئے جوں ہی پیر زمین کو مس کریں بائیں پنجے پر پھیرتے ہوئے گولے کو بازو کی قوت کے ذریعہ ڈھکیلا جائے۔ اور دہنا پیر قدم روک کے بازو اس طرح رکھے کہ گولا انداز کا رُخ مغرب کی سمت میں ہو۔

قرص اندازی: ۔ اس فن کی ابتدا یونان سے ہوئی ہے۔ یہ ۱۸۹۶ء میں امریکہ کے اسپورٹس میں شریک کیا گیا۔ اس کا وزن ۴ پونڈ ۶ء ۴ اونس ہوتا ہے اور دائرہ کا قطر ۸ فٹ ۲ ½ انچ ہوتا ہے۔

ہر قرص انداز کو تین موقعے اور چھ منتخب قرص اندازوں کو تین اور موقعے دئے جائیں گے۔ پھینک کے فاصلہ کا لحاظ کرتے ہوئے اول و دوم قرار دیے جائیں گے۔ اس کے قواعد بھی وہی ہیں جو گولا اندازی کے ہیں۔

قرص انگلیوں کے آخری جوڑوں میں اس طرح پکڑی جائے کہ انگوٹھا انگلیوں سے زاویہ قائمہ بنائے۔ قرص انداز کا رُخ قرص پھینکنے کی سمت ہو اور وہ قرص کو اوپر نیچے لے جائے اور گھٹنوں میں خم رکھ کے بایاں پیر آگے کی جانب بڑھا کر اسی پنجہ پر پھر جائے۔ جوں ہی دہنا پیر زمین سے مس کرے اسی پر پھیرتے ہوئے قرص ہاتھ سے چھوڑے اور پھر بائیں پیر کو زمین پر رکھتے ہی دہنا پیر آگے کی طرف بڑھائے۔ اس صورت میں قرص انداز کا رُخ جدھر قرص پھینکی جائے اُسی طرف ہو اور ہر پنجہ کی پھیرت ۱۸۰ درجہ کی ہو۔

نیزہ بازی: ۔ یہ فن بہت قدیم ہے ۱۹۰۶ء میں امریکہ کے اولمپین گیمس میں شامل کیا گیا۔ اس کی لمبائی ۵ و ۸ فٹ ہو۔ وزن ۶ء ۱ پونڈ اور گرفت ۳ء ۶ انچ۔ تختہ علامت کی لمبائی ۱۲ فٹ؛ چوڑائی ۲ ¾ انچ زمین سے ہو جو سطح رکھا جائے۔

ہر پھینک تختہ کے پیچھے سے ہوگی۔ نیزہ کی نوک قبل اس کے کہ نیزہ کا کوئی دوسرا حصہ زمین کو چھوئے نشان بنانا چاہیئے۔ نیزہ کی گرفت مضبوط نہ ہو۔ دوڑ ۵۰ سے ۶۰ فٹ تک ہوتی ہے۔ دوڑتے ہوئے۔ دہنے پیر سے جست کریں اور بایاں پیر دہنے پیر کے مقابل میں رکھیں۔ اور پھر دہنا پیر بڑھاتے ہوئے نیزہ کو پھینکے۔ نیزہ انداز کے جسم کا وزن پھینکنے سے پہلے دہنے پیر اور پھینکتے وقت بائیں پیر پر اور پھینکنے کے بعد دونوں پیر پر ہونا چاہیئے۔ ورنہ پھینک بے قاعدگی کی وجہ سے

زیادہ دور نہیں جائے گی۔ ہر ٹیبینک میں خواہ وہ گولا اندازی کی ہو یا قرص وینزہ کی پیروں کی پھرتی ازبس ضروری ہے۔

شریف حسن

شذرات

جلسہ تقسیم اسناد مدرسہ وسطانیہ لنگسگور خواجہ حسین صاحب معتمد انجمن اساتذہ مدرسہ مذکور اطلاع دیتے ہیں کہ بتاریخ ۲۳ ؍ اسفندار ۱۳۴۰ ف عالی جناب مولوی سید حسین صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی صدر مہتمم تعلیمات صوبہ گلبرگہ شریف نے مدرسہ کا معائنہ فرمایا۔ دوسرے دن بورڈنگ کے پر فضا میدان میں اعلیٰ اہتمام کے ساتھ جلسہ تقسیم انعامات منعقد ہوا۔ مقامی عہدہ دار، وکلا، معززین اور اولیائے طلبہ مدعو کئے گئے تھے۔ صدر مہتمم صاحب کی تشریف آوری پر طلبہ نے باقاعدہ سلامی دی۔ جلسہ کا آغاز قرأت سے ہوا اس کے بعد مولوی عبد الرحیم خاں صاحب بی۔ اے صدر مدرس نے تحریک صدارت پیش کی اور صدر مہتمم صاحب کے کرسی صدارت پر متمکن ہونے کے بعد صدر مدرس صاحب نے مدرسہ کی سالانہ مختصر و جامع رپورٹ سنائی جس میں مدرسہ کی ترقی کا ذکر فرماتے ہوئے قیام میٹرک کی ضرورت بتائی۔ اس کے بعد مولوی جمال احمد صاحب منصف نے ایک دلچسپ تقریر فرمائی۔ صدر جلسہ نے اپنے دست مبارک سے طلبائے مدرسہ کو انعامات تقسیم فرمائے۔ ختم تقسیم پر ممدوح نے ایک عالمانہ اور پرجوش تقریر کی اور مدرسہ کی ترقی پر اظہار خوشنودی فرماتے ہوئے، طلبہ کو راست بازی اور بلند حوصلگی کی نصیحت فرمائی جس کا طلبہ اور سامعین پر گہرا اثر پڑا۔ معزز صدر نے حضرت سلطان العلوم کی بوح سرائی فرماتے ہوئے کہا کہ دنیا کی کوئی گورنمنٹ ہماری ریاست کے برابر تعلیم پر روپیہ صرف نہیں کر رہی ہے۔ آپ نے پبلک کو گہری دلچسپی لینے کے لئے خاص توجہ دلائی۔ ختم تقریر پر جناب صدر مدرس صاحب نے صدر جلسہ اور معزز حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔ جس کے بعد جلسہ نہایت ہی کامیابی کے ساتھ برخاست ہوا۔

مدرسہ تحتانیہ مہاگاؤں مولوی محمد عبد الکریم صاحب صدر مدرس مدرسہ مہاگاؤں اطلاع دیتے ہیں کہ مدرسہ ہذا کا تعلیمی جلسہ بتاریخ ۱۶ اسفندار ۱۳۴۰ ف زیر صدارت مولوی سید معین الدین صاحب مہتمم تعلیمات ضلع گلبرگہ شریف منعقد ہوا۔ شرکا کی تعداد ایکہزار سے زیادہ تھی۔ تقریباً دو گھنٹے

مختلف عنوانوں پر تقریریں ہوئیں جس کے بعد صدر مدرسہ نے پور فنڈ کی تحریک پیش کی۔ صدر جلسہ نے انعامات تقسیم کئے اور رعایا کی ہمدردی کا ذکر مسرت کے ساتھ کرتے ہوئے برکات عثمانی کا ذکر کیا۔ اور شاہ جم جاہ کے عمر و اقبال کی دعا فرمائی۔ جلسہ کامیابی کے ساتھ برخاست ہوا۔ شب میں طلبہ نے دو ڈرامے بھی کئے۔

مدرسہ تحتانیہ پٹن مدرسہ تحتانیہ پٹن تعلقہ و ضلع گلبرگہ شریف کا تعلیمی جلسہ زیر صدارت مولوی سید معین الدین صاحب مہتمم تعلیمات ضلع گلبرگہ شریف منعقد ہوا۔ تاریخ پٹن میں اس نوعیت کا یہ پہلا جلسہ ہے۔ مدرسہ تحتانیہ کرگنجی و ساولگی و مدرسہ بلکندہ کے اساتذہ صاحبان و طلبہ بھی شریک جلسہ تھے مدرسہ ہذا کے طلبہ اور دیگر مدارس کے طلبہ میں اسپورٹس ہوئے جس کے بعد صدر محترم نے اپنے دست مبارک سے انعامات تقسیم فرمائے۔

شب میں ۹ سے ۱۲ بجے تک طلبہ نے اُردو مکالمہ و دلچسپ ڈرامہ کیا ختم ڈرامہ پر مولوی سید امین الدین صاحب صدر مدرس نے رپورٹ مدرسہ سناتے ہوئے تعلیم کی ضرورت پر موثر تقریر فرمائی اس کے بعد صدر نشین صاحب نے تعلیم کے فوائد پر بلیغ تقریر کی جس کا اثر حاضرین پر اچھا پڑا۔

دنیا کے مشہور کتب خانے اور کتابوں کے اعداد

برٹش میوزیم لندن	۳۰	لاکھ سے اوپر کتابیں ہیں۔
کانگرس لائبریری واشنگٹن	۳۲ ½	” ” ”
نیشنل لائبریری پیرس	۴۰	” ” ”

جرمنی میں کتب خانوں کا نظام سب سے اچھا ہے پورے ملک میں کتب خانوں کا جال پھیلا ہوا ہے۔ ۱۶۰۰ پبلک کتب خانے ہیں اور کتابوں کی تعداد ۳ کرور ہے۔ فرانس میں ۱۱۱ کتب خانے اور کتابیں دو کرور ہیں۔ برطانیہ کے حدود میں ۱۰۱ کتب خانے اور کل کتابیں ۱ کرور ۸۰ لاکھ ہیں۔

دنیا میں نئی کتابیں ہر سال تقریباً ۲ لاکھ ۸۳ ہزار کی تعداد میں چھپتی رہتی ہیں :-

نفسیات تعلیمی :- یہ کتاب محمد عثمان صاحب۔ بی۔ اے۔ ٹی۔ ڈی (لندن) کی تازہ تصنیف ہے۔ جو چودہ باب پر مشتمل ہے اخیر کا باب جدید العصری تحریکات اور ترقیوں کے لئے مختص کیا گیا ہے جس میں ذہنی پیمائش، قدیم اور جدید مقاصد امتحان اور نفس لاشعوری سے بحث کی گئی ہے۔

یوں تو خالص نفسیات اور نفسیات تعلیمی پر کئی کتابوں کے ترجمے ہو چکے ہیں۔ مگر تعلیمی نفسیات پر اردو زبان میں یہ اپنی نوعیت کی پہلی کتاب ہے جو مستقل تصنیف کی حیثیت رکھتی ہے۔ فاضل مصنف نے مستند علمائے نفسیات کی تصانیف سے پوری طرح استفادہ کر کے جدید معلومات اور تحریکات کا اضافہ کیا ہے۔ جس سے پتہ چلتا ہے کہ موصوف لگاتار کوشش اور عرق ریزی کے بعد اس کتاب کو عام فہم اور سلیس زبان میں ملک کے سامنے پیش کر سکے۔

جن حضرات کو نفسیات یا نفسیات تعلیمی پر کسی کتاب کے ترجمہ کرنے کا موقع ملا ہو وہ محمد عثمان صاحب کی اَن تھک کوشش، عزم و استقلال کا اندازہ کر سکتے ہیں۔ زیر تنقید کتاب مستند اور جامع ہونے کے علاوہ ملک کی شدید ضرورت کو پورا کر رہی ہے، جو نو پیشہ مدرسین اور مدرسین زیر ٹریننگ کے لئے نہایت مفید اور کارآمد ہے۔ اکثر مصنف کے وضع کردہ اصطلاحات سے ہمیں اختلاف ہے۔ مگر یہ کام اکیلے ایک شخص کے بس کا بھی نہ تھا۔ جس کا اعتراف تمہید میں خود مصنف نے کیا ہے۔ لکھائی چھپائی اور کاغذ اچھا ہے۔ قیمت فی جلد سے ر روپیہ سکہ عثمانیہ شائقین مصنف، یا مکتبہ ابراہیمیہ اسٹیشن روڈ سے طلب فرمائیں۔

انگریزی افسانے ۔ دنیا کے شاہکار افسانوں کا سلسلہ زیر ادارت مولوی عبد القادر صاحب سروری ایم۔اے، ایل ایل۔بی شائع ہو رہا ہے ”انگریزی افسانے“ اس طویل سلسلہ کی تیسری کتاب ہے جو ملک کے سامنے پیش کی جا چکی ہے۔ باقی حصے زیر طبع ہیں یا زیر ترجمہ۔

سروری صاحب کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ صرف اس قدر کہہ دینا کافی ہے کہ آپ کا شمار اُن افراد میں ہے، جو اردو کی خدمت گزاری میں ہمہ تن مصروف ہیں۔

یورپ میں مختصر افسانہ نگاری کا بڑا رواج ہے۔ بڑی وجہ یہ ہے کہ معاشی مصروفیتوں اور مشاغل کے ساتھ ساتھ چھوٹے چھوٹے قصے لکھنا علمی ذوق کے برقرار رکھنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ امریکہ میں سب سے زیادہ اس کا رواج ہے اردو ادب میں اس قسم کے افسانوں کی سخت کمی تھی، جسے پورا کرنے کا بیڑہ سروری صاحب نے اُٹھایا ہے۔

زیر تنقید کتاب انگلستان کے مشہور اور چوٹی کے انشا پردازوں کے مختصر افسانوں پر مشتمل ہے۔ قصوں کے انتخاب پر نظر ڈالنے سے ذوق سلیم کا پتا چلتا ہے۔ اکثر قصے دلچسپ، سنسنی خیز اور سبق آموز ہیں۔ مگر کاتب صاحب کی عنایت سے اس قدر غلطیاں موجود ہیں کہ سارا لطف کرکرا ہو گیا۔

لکھائی چھپائی متوسط اور سرورق دیدہ زیب ہے۔ مکتبہ ابراہیمیہ اسٹیشن روڈ سے دستیاب ہو سکتی ہے۔

کے ڈی عبدالغفور اینڈ سنس

حیدرآباد فرخندہ بنیاد میں بہترین سامان اسپورٹس اور ورزش کی سب سے قدیم اور مشہور دوکان جس میں ٹینس، بیڈمنٹن، فٹ بال، ہاکی، پولو، گولف، اور انڈور گیمس پنگ پانگ، فنگر بلیرڈ، بورڈ جمناسٹک اور ورزش کے پیرلیل بار، ہاری زنٹل بار، والٹنگ ہارس، ہیرز کے سامان مثلاً رسٹ گریپ، چسٹ اکسپانڈر، ڈمبلس وغیرہ وغیرہ کا

تازہ اسٹاک

کثیر تعداد میں موجود ہے جو دوسروں کے مقابلے میں نہایت ارزاں اور مضبوط ہونے کی حیثیت سے گیارنٹی پر مل سکتا ہے، خاص کر ٹینس، بیڈمنٹن، بیٹ کی ریگٹنگ نہایت خوش اسلوبی سے کی جاتی ہے۔ مکمل تفصیل کے لئے فہرست کارخانہ طلب فرمائیے۔

کے ڈی عبدالغفور اینڈ سنس جمس اسٹریٹ

سکندرآباد

شاخ
متصل سینٹ جارجز گرامر اسکول حیدرآباد دکن

انجمن امداد باہمی

مکتبہ ابراہیمیہ اسٹیشن روڈ حیدرآباد دکن

امداد باہمی (Cooperateon) کے اصول پر دکن میں

اُردو مطبوعات کا پہلا وسیع اور قابل اعتماد

ہر حصہ (۱۰۰) حالی جو بیس ماہ میں فی قسط ۵ کے حساب سے ادا شدنی ہے منافع بعد ادائی زکوٰۃ دس فیصدی تقسیم ہو رہا ہے

تھوڑے حصے باقی رہ گئے ہیں

خریدار جلدی کریں

۱۔ **فروخت کتب** ۔ اردو زبان کی تمام کتابیں ملسکتی ہیں کمیشن پر فروخت کی جاتی ہیں۔
۲۔ **مطبع** ۔ بہترین ماہر فن لیتھوگرافر کی نگرانی میں کام کر رہا ہے۔ ہر قسم کی طباعت بہترین۔
۳۔ **دارالاشاعت** ۔ مولفین کی بیس سے زیادہ کتابیں شائع کی گئی ہیں۔

day problems, that of Correct Posture, in the schools of Hyderabad State and yet, to a very great extent on the successful solving of which depends the health and well-being of our school-going youth, the future citizens of our premier State. A short article on "Posture" precedes several sets of rhymes, "An Ode to Posture" by L. Drew, "Posture Precepts" and "Posture Exercises" by the technical editor. The latter is intended to serve the practical purpose of getting teachers and students started doing Posture exercises. Following this is a Posture Development Chart which should prove useful in showing the various effects of each of these exercises.

In closing this page, our sincere gratitude is here expressed to all who have, kindly and ably, contributed in any way to bring this issue to light.

F. Weber.

of Play and games in their various educational aspects, I asked these students to write on some self-chosen aspect of this great field of educational influence. It may be acknowledged here that these students were permitted to incorporate ideas and materials from outside sources. Some of them have very freely availed themselves of this allowed freedom, but occasionally without quoting their authorities. However, I am allowing these articles to go into this issue as they are, because I am satisfied that the matter as here presented will prove of immense practical value to our teachers of Hyderabad State, who would, otherwise, not have been brought into contact with these borrowed ideas and materials at all.

The Table of Contagious Diseases common in School Children in India presented by Dr. Hai, L. M. & S., a member of the College teaching staff, will it is expected, be of definite practical value to the class-room teacher in detecting such diseases as are shown in the table with their accompanying symptoms and serve to guide the teacher in his action towards having the affected child properly isolated and cared for and in adequately protecting the rest of the children in his class-room and school. It is suggested that this table should be hung up in the class-room or some other conspicuous place in the school and to be consulted by the teachers as a ready reference.

An article entitled, "A Brief History of Physical Education" is in outline form and is contributed by Mr. Kishandas J. Kadve, B. A., a member of the present Senior student group in the Government College of Physical Education. The technical editor of the present issue has contributed two articles, the leading article is an effort at showing first, what should be the guiding posts along the educational road and second, that Physical Education is true education—a method of education—and does not consist merely in the movement of muscles and end there. His second article deals with one of the most neglected present-

the Company of the second brother of H. E. H. the Nizam, very kindly served as the Editor of the Urdu Section.

Eight of the articles in the Urdu Section were contributed by the same number of students of the Government College of Physical Education. Five of these articles treat of various phases of Track and Field Sports, one of Tug of War, one of the Philosophy of Play, and one of the Aims of Physical Education. In addition to these eight articles, two others are contributed by as many students while undergoing the course of training in the National Y. M. C. A. School of Physical Education at Madras. Mr. Hadi has contributed a Foreword and an article on "The Growth of the Body." Notes and Reviews appear as usual from the Editorial Staff. The articles and their authors are listed below as follows :—

Foreword	(By Mr. S. M. Hadi, M. A., Director of Boy Scouts and Physical Education in Schools.
The growth of the Body	(By do do)
How to run Sprint races and Hurdle races	(By Mr. Sanaullah Khan, F. A.)
Long Jump, High Jump and Pole Vault.	(By Mr. Yousufuddin Ahmed B. A.)
Shot Putt, Discuss Throw, Javelin Throw.	(By Mr. Shareef Hussain, F. A.)
The Duties of Track and Field Officials	(By Mr. Abdulla Bin Mohammad, B. A.)
How to Organise a Track and Field Sports Meeting	(By Mr. Amjad Ali Khan, F. A.)
Coaching a Tug of War Team	(By Mr Mir Asad Ali, B. A.)
Physical Education and Its Aims.	(By Mr. Abdul Kader, B. A., B. T.)
Philosophy of Play.	(By Mr. Mirza Yousuf Ali Baig, F. A.)
The Need of Physical Education for Girls	By Mr. Syed Mohammad Raza. B. A.)
The Exercises of the Body	(By Mr. Mirza Yousuf Ali Baig, F. A.)

Of the articles in the English section, six were contributed by former students of ours who were members of one of our voluntary classes in Physical Education. As they were, at the time these articles were written, studying the subject

Editorials.

The idea of a complete Physical Education number of the "Hyderabad Teacher" originated in the mind of Mr. Ali Akbar, the resourceful Editor-in-Chief of this Journal. If putting this idea into actuality merits any credit, he richly deserves it. For whatever faults the issue may contain, however, we are to be held responsible. We wish to record our appreciation to the Editor for this opportunity of utilising a full number for Physical Education.

It is most regretted on our part that the number comes off the press so late. But this is due to a combination of circumstances, not the least of which is that of the Editor-in-Chief being called upon to accompany H. E. H. the Nizam's brother on a tour of Europe just at the time when he would have been taking the articles for this issue in hand as the logical intermediary link between ourselves and the printing establishment. In the absence of the Editor-in-Chief the work of seeing the issue through the press fell to the hands of the Associate Editor, Mr. Philip. But he, too, left the country for a period of several months The work then devolved on Mr Syed Zahur Ali, acting Editor-in-Chief in view of the absence from India of both the permanent Editors of the Journal. Fortunately for us that such an able and experienced person as Mr. Syed Zahur Ali appeared to fill the double breach, for inspite of his numerous and time-absorbing duties in the capacity of Acting Chief Inspector of Schools he has proved to be an invaluable aid in the form and composition of the articles as well as a directing force.

Both sections, *i. e.* the English and the Urdu, of the present number consist entirely of articles on Physical Education. Mr. S. M. Hadi, before leaving for Europe in

Posture Development Chart.

Name of Exercise.	Muscular Effects.	Bodily Effects.	Organic Effects.
Position.	Develops muscles of shoulders, upper back, chest.	Corrects round and uneven shoulder and chest.	Improves air and blood circulation by aiding heart and lung action.
Organs.	Strengthens muscles of abdomen and lower back.	Reduces fat of abdomen.	Vitalises abdomenal organs. Relieves dyspepsia and constipation.
Sides.	Strengthens muscles of side of trunk.	Reduces fat of trunk, especially of sides.	Corrects torpid liver. Relieves billiousness.
Thorax.	Develops muscles of thorax and diaphragm.	Gives elasticity and depth to chest.	Relieves chest pressure on heart and lungs.
Upright.	Strengthens muscles of foot arch, calf, thigh, trunk.	Improves carriage through development of erecter muscles of the trunk.	Gives much needed freedom to all vital organs for proper functioning.
Respiration.	Increases muscular co-ordination.	Tones up the whole body.	Increases lung capacity and stimulates blood circulation.
Elongation.	Develops stretching quality in the muscles of trunk.	Develops bodily litheness.	Salubrious effect on spine and nervous system.

(By F. W.)

The School Teacher's share in the Prevention of the spread of some of the Diseases common in Schools.

By **M. A. HAI, L. M. & S.,** *Lecturer, Govt. College of Physical Education.*

The school is a source for the spread of infection, not only among the school children but also among the members of their families. As medical aid is not always available it is essential that the teachers should be acquainted with the main outlines of the more important diseases common in schools. This knowledge will not only help the children affected to be taken care of immediately, but will also help the authorities concerned (health officer if any) to take the necessary steps to protect other children and their families. Teachers should immediately notify the health officer of any infection as below; otherwise isolate the child from other children to prevent its spread and bring due notice of the affected children to their parents.

No.	Name of Disease.	Early symptoms.	Order of appearance of Rash or Eruption.	Character of Rash or Eruption.	Period of isolation of the infected child.	Period of isolation of children of same house.
1.	Small pox	Sudden onset of fever, shivering frontal headache, pains in the back, vomiting & temperature.	Red papules which are like small round shots to the touch.	Back of the wrist then on the trunk, arms & lastly on the legs.	For 4 weeks. after appearance of disease.	Two weeks.
2.	Chicken pox	Slight fever, general malaise & furred tongue.	Consist of rosy spots which soon grow & fill with a turbid fluid.	First on neck & chest then quickly spreads all over.	Until scales completely fall off.	Two weeks.
3.	Measles	Smart fever, sneezing, running at the nose, watering and redness of the eyes and cough.	Faintly raised, dark-red pimples; coalescing into patches and give a velvety feeling to touch.	First at the root of hair, on face, next on neck, trunk and limbs.	Four weeks from the onset.	Three weeks.
4.	Scarlet fever	High fever, soreness of the throat, Vomiting, pains in the back, limbs and headache.	Appears like uniform scarlet blush, but consists of small red spots.	No definite appearance, but the skin round mouth escapes.	Six weeks.	Four weeks.
5.	Diptheria	General malaise, slight fever, stiffness of the neck, swelling of glands at the angle of the jaw.	No rash but formation of a white membrane in the throat and on the uvula.		For at least 3 weeks after the throat has cleared.	Two weeks.
6.	Mumps	Pain below one ear, soreness of of neck & jaw. Fever and finally a swelling appears below ear and spreads round neck.	No rash but swelling of the glands round the neck.	Swelling starting on one side and of the neck and finally extends from one end to another.	Three weeks.	Three weeks. only those who have not had the disease.
	Whooping cough	To begin with it resembles ordinary cough, but after about 7 to 10 days a series of short coughs or expiratory puffs with no intervening inspiration followed by a deep crowing inspiration—the whoop.			6 weeks. or in some cases as long as the cough persists.	Two weeks. only for those who have had not the disease.

Posture Exercises.

7 LETTERS SPELL OUT POSTURE,
EXERCISES EACH DAY.
MINUTES APPLICATION,
WILL DRIVE THAT SLOUCH AWAY.

Name of Exercise.	The Exercise.	Time.	Pinagrams.
P-OSITION.	Arms straight sideward, palms up On level with your head, Make hands circle twelve inches, Ten back then ten ahead.	1 min.	
O-RGANS.	Place hands on back of neck With fingers end to end, Press head and elbows back Trunk forward downward bend.	1 ,,	
S-IDES.	Left arm straight up, right down Bend trunk well to right side; Change the arms positions, And bend trunk to left side.	1 ,,	
T-HORAX.	Arms fling straight out sideward, Then thumbs upon your chest; Arms again as line one Only with greater zest.	1 ,,	
U-PRIGHT.	Arms straight front, rise on toes And bend knees front and deep; Straighten knees and body And steady balance keep.	1 ,,	
R-ESPIRATION.	Arms front, inhale through nose, Arms sides, and still inhale, Arms overhead, breathe lungs full; Arms down and now exhale.	1 ,,	
E-LONGATION.	Lock fingers high overhead, Stretch to full height, after Nearly touching the sky. Bend slowly left then right.	1 ,,	
		Total 7 minutes.	

(By F.W.)

Posture Precepts.

PREAMBLE.

Look! Posture precepts have
Their place with girls and boys;
And to obey them strict
Adds on to life new joys.

ONE

" Head up chin in give one "
Form dignity and grace;
And just as important,
A bright and happy face.

TWO

" Chest high, abdomen flat,"
The organs keep in place,
Increase lung pow'r too,
To keep one in the race.

THREE

" The shoulders back and down "
Relations right in bone;
Enhance one's app'arance
And give muscular tone.

FOUR

